Posted On Kitab Nagri

# میرے درد سے بے خبر

## از قلم صبا مغل

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ اندھا دھند بھاگ رہی تھی اس سنسان سڑک پر بس اس سے بچنے کا یہی ایک راستہ تھا وہ اس کی پہنچ سے دور ہو جانا چاہتی تھی پر پلٹ کر دیکھنے سے ڈر رہی تھی کہیں اس کا حوصلہ نہ ٹوٹ جائے۔۔۔ یہ اس کا حوصلہ تھا جو اپنی عزت بچانے کے لیے بغیر پرواہ کے بھاگ رہی تھی یہ جانے بغیر کہ وہ ان کی نظر سے اوجھل ہونے میں کامیاب ہوئی کہ نہیں۔۔۔

"تم نے کیوں سانس روک لی ہے ہاتھی میرے ساتھی بچ جائے گی ہیروئن جو ہے۔۔۔

"ایمان چپ کر جاؤ۔۔۔ جب میں ڈرامہ دیکھوں مجھے ڈسٹرب نہ کیا کرو۔۔۔

اس کی انکھیں ٹی وی پر مرکوز تھیں اور بول ایمان سے رہی تھی۔۔۔

"او سنو۔۔۔ ایمان نے گھبرائی آواز میں کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"ششششش چپ دیکھنے دو۔۔۔انشاء نے ٹوکا۔۔۔ساڑی میں بھاگتی ہیروئن اس کی نظر کا محور تھی۔۔۔

اسی وقت کسی نے ایل ای ڈی بند کی۔۔۔۔

"کیا بکواس ہے ایمان۔۔۔انشاء نے غصے سے کہا پر اگلے لمحے اس کی زبان کو بریک لگا۔۔۔وہ شاک میں اگئی۔۔۔
اب سہی معنٰی میں اس کی سانس تھمی۔۔۔۔

" کتنی دفعہ کہا ہے تم دونوں سے کہ انڈین ڈرامہ اور فلم نہ دیکھا کرو کہ تم دونوں کے لگتا ہے سمجھ میں بات ہی نہیں آتی۔۔۔

عیان نے غصے سے کہا۔۔۔

"بھائی وہ ہاتھی میرے ساتھی نے کہا دیکھنے کو اس کی فرینڈ نے بتایا اسے۔۔۔

"نہیں عیان بھائی ساری غلطی اس ایمان کے بچے کی ہے۔۔۔انشاء نے سب الزام ایمان پر رکھا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"نہیں ساری غلطی اس ہاتھی میرے ساتھی کی ہے۔۔۔ایمان نے کہا۔۔۔

"چپ کر جاؤ دونوں آواز نہ نکلے دونوں کی جاؤ اپنے اپنے کمروں میں۔۔۔اس نے غصے سے کہا۔۔۔

دونوں نظریں جھکائے اپنے کمروں کی طرف بھاگے۔۔۔عیان ان کو جاتا دیکھ رہا تھا۔

@@@@

Posted On Kitab Nagri

"کیا بات ہے عیان وہ دونوں نہیں آئے کھانے پر۔۔۔

بابا جان نے پوچھا۔۔۔یہ اس گھر کا رول تھا رات کا کھانا ساتھ میں کھایا جاتا۔ایمان اور انشاء کی غیر موجودگی کو محسوس کیا انہوں نے۔۔۔

"زینب بی بی۔بلائیں دونوں کو۔۔۔عیاں نے اس گھر کی پرانی ملازمہ سے کہا۔۔۔

" وہ عیان بیٹے نے ڈانٹا تھا دونوں کو اس لیے انشاء بیٹی تو سو گئی باقی ایمان بیٹے نے منع کر دیا ہے۔

"کیوں ڈانٹا دونوں کو ان دونوں کے دم سے رونق ہے گھر میں اور تم دونوں پر رعب ڈالتے رہتے ہو ہر وقت۔۔۔

بابا جان نے منہ کہا۔۔۔

"ان کی بھلائی کے لئے کرتا ہوں میں ,

"وہ دونوں بڑے ہیں اپنی بھلائی سمجھ سکتے ہیں تم اتنا رعب نہ ڈالا کرو۔۔۔

جی بابا جان۔۔۔اتنا کہہ کر اٹھنے لگا تو اسی وقت انہوں نے پوچھا اب تم کہاں جا رہے ہو۔۔۔

" بابا جان ایمان کو بلانے جا رہا ہوں۔۔۔

اور پھر واقعی کچھ دیر میں وہ اسے منا کر لے کر آ گیا۔۔۔دونوں بھائی ساتھ آ رہے تھے۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

عیان انشاء کو بھی ساتھ لے کر آنا تھانا۔۔۔ بابا نے کہا۔۔

"وہ سو گئی تھی بابا جان ورنہ اسے بھی لے کر آتے۔۔۔ عیان نے جواب دیا۔۔

" بابا جان آپ کو پتہ ہے نہ وہ ہاتھی میری ساتھی کتنا ڈرتی ہے عیان بھائی سے اور ان کے خوف سے سو گئی۔۔۔

ایمان بتا کر ہسنے لگا۔۔۔

"چپ کر جاؤ ایمان، ڈاکٹر بننے والے ہو پر ہو بچے کے بچے ہی یہ بھی کمال تمہارا ہے جو تم نے اسے مجھ سے اتنا ڈرایا ہوا ہے۔۔۔

"ارے بھائی میں نے نہیں، یہ اپ کے خود کے کمالات ہیں، کیوں بابا جان۔۔

"اب چپ کر جاؤ اور کھانا کھاؤ جلدی سے۔۔۔

اور پھر واقعی خاموشی سے کھانے لگے دونوں۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کچھ دیر کے بعد قہوہ کا دور چلا، حیدر شاہ کی عادت تھی وہ کھانے کے بعد قہوہ ضرور پیتے اور یہ عادت ان کی اہلیہ نے ان میں ڈالی تھی کیونکہ ان کا کہنا تھا کھانے کے بعد قہوہ پینے سے بہت بیماریوں سے انسان بچ جاتا ہے اور تیزابیت کا شکار بھی نہیں ہوتا ہے۔۔۔ بس تو یہی عادت حیدر شاہ نے اپنے بچوں میں منتقل کی تھی۔۔۔ پر فارن رہنے کے بعد عیان کی عادت چھوٹ گئی تھی جبکہ انشاء اور ایمان اج بھی ان کا ساتھ دیتے تھے۔۔۔ جبکہ عیان کافی پینے لگا تھا

۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

ایک طرح یہ ٹائم ان کا فیملی ٹائم تھا جس میں کوئی بھی ضروری بات کرنا ہو کر لیا کرتے تھے۔۔۔

اس وقت زینب بی بی نے حیدر شاہ اور ایمان کو قہوہ دیا اور عیان کو کافی دے کر چلی گئی۔۔۔

اور وہ اپس میں باتیں کرنے لگے۔ عیان نے دو گھونٹ پی کر کافی چھوڑ دی جس پر بابا جان ٹوکا تو جواب میں اس نے کہا۔۔۔

" آج مزا نہیں کافی میں اس لی ئے۔۔۔

"بابا جان ان کو تو ہاتھی میرے ساتھی کے ہاتھ کی پسند۔۔۔۔

ایمان ہنستے ہوئے اور کچھ کہنے لگا پر عیان نے اس کی بات کاٹ کر کہا۔۔۔

"بس کرو ایمان اس طرح نہیں بلاتے کسی کو اور وہ بھی خاص کر لڑکیوں کو, ہاتھی میرے ساتھی یہ بھی کوئی نام ہوا بھلا, کل اس کی شادی ہو گی اگلے گھر جائے گی کیا مناسب لگتا ہے تم اسے ایسے ناموں سے پکارو۔۔۔

عیان نے تھوڑا رعب سے کہا کیونکہ اسے سخت ناگوار گزرا تھا اس طرح انشاء کو پکارنا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ایمان اس کی بات سن کر شاک ہوا اور کچھ دیر تو اس سے بولا نہ گیا۔۔۔

"انشاء کی شادی اگلے گھر۔۔۔ایسا کیسے ہو سکتا ہے۔۔۔وہ خود سے بولا۔۔۔

"سوری بھائی مجھے سوچنا چاہی ئے تھا۔۔۔

"ہمم عیان ہنکارا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

کچھ دیر میں ایمان تو اٹھ گیا پر بابا جان بھی گم صم بیٹھے رہے گ ئے۔۔۔

"آپ کو کیا ہوا بابا جان۔۔۔ عیان نے ایمان کے جاتے باپ سے پوچھا۔۔۔

" بس باپ کے سامنے کوئی بیٹی کی شادی کی بات کرتا ہے تو ان کو اپنی زمیداری کا احساس جاگ جاتا ہے۔۔۔

تو بابا جان ہمیں ہی کرنی ہے اس کی شادی اب بیس کی ہو گئی ہے میرا خیال ہے ہمیں کوشش کرنی چاہی ئے۔۔۔

"پر بیٹا تم بتیس کے ہو گ ئے ہو پہلے تمہارا سوچنا ہے پھر انشاء کا۔۔۔

" بابا جان میں نے پہلے کہے دیا مجھے شادی نہیں کرنی اپنا بزنس سیٹ کروں گا پہلے پھر دیکھوں گا۔۔۔

"پر عیان تمہاری عمر میں میں دو بچوں کا باپ بن گیا تھا۔۔ مجھے دیکھ کر کوئی مانتا نہیں اتنے بڑے بیٹے ہیں۔۔۔

"بس بابا جان وہ دور ایسا تھا۔۔۔ اج بھی اپ بہت ہینڈسم ہیں میرے تو بڑے بھائی لگتے ہیں۔۔۔

www.kitabnagri.com

وہ مسکرا ئے اور دراز قد خوبرو بیٹے کو دیکھا اور کہا۔۔۔

"تو مان جاؤ نا شادی کے لی ئے رونق لگے تمہارے بچوں کو گود میں کھلاؤں۔۔۔

انہوں نے حسرت سے کہا۔۔

بابا جان میری چھوڑیں ایمان کی کروادیں ویسے بھی سب اس کا ہی تو ہے, میں اپنا بزنس کروں گا ابھی ایک دو سال رہنے دیں اپ ایمان کی کروادیں۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"تم نہیں مان رہے وہ کیا مانے گا ہے تو تمہارا ہی بھائی,انشاء کی نہیں کرواؤں گا ورنہ میرے گھر کی رونق بھی چلی گئی پھر تو میں اکیلا ہو جاؤں گا۔۔۔

انہوں نے اداس لہجے میں کہا۔۔۔

"اف بابا جان اپ بھی نا,بس ایمان کی کروا دیتے ہیں شادی۔۔۔

"عیان ایک بات کہوں۔۔۔انہوں نے سرے سے اس کی بات نظر انداز کرتے ہوئے تشویش بھرے لہجے میں کہا۔۔۔

"بیٹا مجھے انشاء بہت عزیز ہے تم جانتے ہو۔۔۔

"جی بابا جان جانتا ہوں۔۔۔تو۔عیان نے سوالیہ انداز میں کہا۔

"بس اسی لیئے میں انشاء کی شادی تم سے کروانا چاہتا ہوں۔۔۔

"واٹ۔۔۔عیان نے شاک بھرے لہجے میں کہا۔۔۔

"واٹ...شاک لہجے میں عیان نے کہا۔۔۔

"کیوں اس میں اتنا حیران ہونے کی کیا بات ہے۔۔۔ان کا انداز نارمل ہی تھا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

" بابا جان, وہ مجھ سے اتنا چھوٹی ہے میں نے ہمیشہ اسے ایمان کی طرح سمجھا اس نظر سے تو میں کبھی سوچ ہی نہیں سکتا۔۔اور پلیز آئندہ یہ بات مت کہیے گا۔۔۔

اب کے عیان کے لہجے میں سختی تھی اور شاید اسے سخت ناگوار گزرا ہو جیسے اس کے چہرے کے تاثرات گواہی دے رہے تھے اس بات کی۔۔۔

"پر بیٹا, وہ میری ذمیداری ہے۔۔۔

"تو آپ نبھائیں ذمیداری اس کی شادی ایمان سے کر دیں, دونوں ایک دوسرے کو میچ بھی کریں گے۔۔میرا خیال ہے۔۔۔

اس نے پر سوچ انداز میں کہا۔۔۔

"جہاں تک میرا خیال ہے شاید دونوں ایک دوسرے کو پسند بھی کرتے ہوں۔۔۔

"ارے واقعی یہ خیال تو مجھے ایا ہی نہیں۔۔۔بس ہر باپ کی طرح میں نے پہلے بڑے بیٹے کو سوچا, ہممممم ایمان اور انشاء کا جوڑ ٹھیک رہے گا۔۔۔وہ بے ساختہ ہنسے اور عیان بھی ان کے ساتھ مسکرایا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"تو بس ٹھیک ہے بابا جان, ایمان اور انشاء اگر مانے تو ان کی شادی کر دیں گے جلدی پھر تو اس گھر کی رونق بڑھ جائے گی۔۔۔

"یہ سہی رہے گا, میرا دل خوش ہو گیا ہے اگر یہ سب ممکن ہو جائے, میری بیٹی اسی گھر میں رہے اس سے بڑی خوشی کی کیا بات ہو۔۔

Posted On Kitab Nagri

"بسسس بابا جان ہو جائے گا, میری شادی کا فی الحال سوچیے گا بھی نہیں۔۔۔مجھے میرے کیریئر پر فوکس کرنا ہے۔۔۔

عیان نے ٹھوس لہجے میں کہا۔۔۔

"اچھا میرے باپ نہیں کہوں گا, اج تک تم سے کچھ منوا سکا ہوں جو اج مانو گے۔۔۔۔

انہوں نے کہا جس پر عیان نے انکھیں سکوڑیں اور کہا۔۔۔

"بابا جان اپ کا بھی وقت آئے گا ایک دن ائے گا جو اپ کی بات یہ بیٹا مانے گا۔۔۔

"اللہ ہی خیر کرے اب تو اثار بھی نہیں رہے جو ایسا وقت ائے جو زبردستی کوئی بات تم سے میں منوائوں۔۔۔

انہوں نے ہنستے ہوئے کہا جس پر عیان بھی ہنسا اور کہا

"آئے گا آئے گا اپ کا بھی وقت ائے گا۔۔۔

دونوں باپ بیٹا کم دوست زیادہ لگ رہے تھے اور ان کا تعلق ایسا ہی تھا۔۔۔

ایسا تھا محبتوں بھرا یہ گھر۔۔۔ جس میں ہر روز یونہی گھر میں ایک دوسرے محبت کا تعلق نبھایا جاتا تھا۔۔۔

@@@@@@@@@@@

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

حیدر شاہ اور ان کی اہلیہ نائلہ بیگم جن کو اللہ نے شادی کے ایک سال بعد اپنی نعمت سے نوازا ان کا پہلا بیٹا عیان ۔۔۔۔

دونوں میاں بیوی بے انتہا خوش تھے۔۔۔حیدر شاہ اور نائلہ بیگم اپنے ماں باپ کی اکلوتی اولاد تھے اس لئے ان کو خواہش تھی کہ ان کو ڈھیر سارے بچے ہوں۔۔دونوں کا تعلق گاؤں سے تھا پر حیدر شاہ بہت زیادہ پڑھ کر اپنا بزنس کرنا چاہتے تھے نہ کہ زمین سنبھالیں۔۔۔اس لیے اپنے چچا کے بیٹوں کو بیچ کر اپنے حصے کی زمینین, خود شہر میں آ کر ابسے۔۔۔جب تک ماں باپ زندہ تھے تب تک گاؤں سے تعلق رکھا پھر اہستہ وہ تعلق بھی کم ہوتا گیا۔۔ نائلہ ان کی پھپھو کی اکلوتی بیٹی تھی۔۔۔نائلہ بیگم کے ماں باپ کے گزرنے کے بعد وہ تعلق بھی کم ہو گیا۔۔۔ اب صرف دکھ سکھ کے موقع پر ہی ملنا رہتا تھا گاؤں والوں سے۔۔۔

عیان ان دونوں کی آنکھوں کا نور تھا۔۔۔بہت محبت سے پال رہے تھے دونوں۔۔۔ان کا بزنس دن بدن ترقی کے مراحل سے گزر رہا تھا۔

زینب بی بی بہت کم عمری میں بیوہ ہو گئی تھیں اس کی ماں نائلہ بیگم کی اماں کے گھر کام کرتی تھیں۔۔عیان کی پیدائش کے وقت زینب کو گاؤں سے شہر لے کر آئیں تھیں نائلہ بیگم کی سھولت کے لیئے۔۔۔زینب بی بی نے نہ صرف گھر سنبھالا بلکہ عیان کو بھی بہترین طریقے سے سنبھالا۔۔۔جس سے متاثر ہو کر نائلہ بیگم نے مستقل

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

رکھ لیا۔۔۔زینب کو زینب بی بی عیان نے کہنا شروع کیا تو یوں ان کا نام زینب بی بی پڑ گیا۔۔۔کہنے کو ملازمہ تھی پر گھر کے فرد سی حیثیت اختیار کر گئیں۔۔۔

حیدر شاہ نے بھی ان کو بہن کا مقام دے دیا تھا یوں زینب بی بی گھر کی ملازموں کی ہیڈ بن گئیں تھیں۔۔۔

نائلہ بیگم ایک بہترین بیوی تھیں جو بچے کے پیچھے اپنے شوہر کو بھولتی نہیں تھیں بلکہ ہر وقت شوہر کو ان کا مکمل ٹائم دیتی ہے۔۔۔حیدر شاہ ان پر جان چھڑکتے تھے۔۔۔

عیان چار سال کا ہو گیا پھر بھی کوئی خوشخبری ان کی زندگی میں نہ آئیں تو ڈاکٹر کو دکھایا علاج کروایا پر کوئی فائدہ نہ ہوا۔۔۔دعا بھی کروانے لگے پر بس اللہ کے کاموں میں کون کیا کر سکتا ہے اس کی مصلحت وہی جانے۔۔۔

یہ غم اندر ہی اندر نائلہ بیگم کو کھائے جا رہا تھا۔۔۔عیان سات سال کا بھی ہو گیا پر کوئی خوشخبری نہ ائی۔۔۔حیدر شاہ سمجھاتے رہتے پر وہ دکھی رہنے لگی تھیں۔۔۔علاج کروانا دعا کروانا بند کر دیا انہوں نے۔۔۔اب کسی سے بھی کچھ نہ کہتی۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

پھر انہی دنوں ان کی طبیعت گرنے لگی پر وہ خود سے لاپرواہ ہو گئیں تھیں حیدر شاہ نے زبردستی ڈاکٹر کو دکھایا جس پر معلوم ہوا وہ دوبارہ ماں بننے والی ہیں۔۔۔یہ لمحہ ان کی زندگی کا سب سے خوبصورت لمحہ تھا جب ساری امیدیں ٹوٹ گئیں تو اللہ نے ان کو یہ خوشخبری سنا دی۔۔

Posted On Kitab Nagri

پھر تو بس حیدر شاہ اور زینب بی بی نے ان کو ہتھیلی کا چھالا بنا کر رکھا۔۔ ہر وقت ارام اور ان کو ریلیکس رکھا جانے لگا۔۔ پھر آخر کار وہ وقت بھی آ گیا جب انہوں نے ایک اور بیٹے کو جنم دیا۔۔ پر اسے پیدا کرنے کے ساتھ وہ خود اس دنیا سے چلی گئیں کچھ پیچیدگیوں کے بعد۔۔ وہ لمحہ کسی قیامت سے کم نہ تھا حیدر شاہ کے لیے۔۔

اس وقت زینب بی بی نے ہی اس بیٹے کو سنبھالا۔۔ حیدر شاہ تو گم صم ہو کر رہ گ ئے تھے۔۔۔ یہاں تک بیٹے کا نام رکھنا ان کو یاد نہ رہا۔۔ رشتیداروں کے احساس دلانے پر انہوں نے اپنے بیٹے کا نام ایمان رکھا یہ نام نائلہ بیگم کو پسند تھا۔۔ وہ اکثر حیدر شاہ سے کہتی "بچے کا نام ایسا سوچنا چاہیئے جو لڑکا لڑکی دونوں پر رکھا جاسکے تو حیدر شاہ نے کہا" تو ممتاز نام کیسا رہے گا لڑکا لڑکی دونوں پر رکھا جا سکتا ہے۔۔۔

"یہ کیا بکواس نام ہے پرانے زمانے کا, میں نے سوچ لیا ہے ایمان نام رکھیں گے لڑکا ہو یا لڑکی دونوں پر رکھا جاسکتا ہے۔۔

یوں ان کے دوسرے بیٹے نام ایمان رکھا گیا۔۔ وقت کے ساتھ لوگوں نے کہا سب نے کہا زینب بی بی یہاں تک عیان خود نے اپنے بابا سے کہا پر وہ نہ مانے دوسری شادی کے لیئے کیونکہ وہ نائلہ بیگم کی جگہ کسی کو دے ہی نہیں پا رہے تھے۔۔

وہ مر کر بھی ان کے اندر زندہ تھیں اور انہوں نے اپنے دونوں بیٹوں پر اپنی زندگی نچھاور کرنے لگے اور ان میں ہی اپنی خوشیاں دیکھنے لگے۔۔

Posted On Kitab Nagri

وقت کا کام گزرنے کا تھا جو گزر رہا تھا تھک کر دوستوں نے سب نے کہنا بند کر دیا دوسری شادی کا۔۔۔

دو بیٹوں نے ان کی زندگی کو مکمل کر دیا تھا پر ایک بیٹی کی کمی شدت سے ان کو محسوس ہوا کرتی تھی۔۔۔پر سوائے صبر کے وہ کر ہی کیا سکتے تھے۔۔۔

@@@@@@@@

عیان 15 سال کا ہو گیا تھا اور میٹرک کے اگزام کے دن تھے اس کے اور ایمان 7 سال کا تھا۔۔۔ایک دن حیدر شاہ ایک خوبصورت بچی کا ہاتھ تھام کر آ رہے تھے۔۔۔ایمان بے انتہا خوش ہوا اس گڑیا کو دیکھ کر اتنی خوبصورت گڑیا جو کسی کا بھی دل موہ لے۔۔۔وہ موٹو اور گپو سی تھی سنہری بال بڑی انکھیں خم دار پلکین جیسے واقعی کسی ڈول کا گمان ہو۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"ایمان یہ انشاء ہے اس کو اپنے کھلونے دکھاؤ۔ یہ ہمارے ساتھ ہی رہے گی اب سے۔۔

" سچی پاپا مجھے تو یہ بہت پسند ہے گڑیا۔۔۔اب یہ بنے گی میری ساتھی ہر گیم میں۔۔۔بہت مزا آئے گا۔۔۔

ایمان نے خوش ہو کر اس کا ہاتھ تھاما اور اسے چلنے کا کہا۔۔۔پر وہ تو حیرت سے ٹکر ٹکر دیکھے جا رہی تھی گھر کو ۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"انشاء جاؤ دیکھو بھائی ہے یہ تمہارا۔۔۔حیدر شاہ نے کہا پر پھر بھی وہ گلابی فراک پہنے گڑیا وہیں جمی رہی۔۔۔

"نہیں بابا جان میں آس کا بھائی نہیں ہوں اس کا دوست ہوں اور یہ میری ساتھی ہے۔۔۔

"اوکے اوکے بیٹا۔۔جاؤ اسے گھر دکھاؤ۔۔

زینب بی بی اور عیان تو حیران ہی تھے اسے دیکھ کر۔۔۔ایمان نے اس کا ہاتھ پکڑ کر کھینچا تاکہ اسے لے جا سکے اور گھر گھمائے پر وہ ٹس سے مس نہ ہوئی کیونکہ وہ کافی موٹی تھی جبکہ ایمان ایک دبلا پتلا بچہ تھا۔۔۔

"بابا جان یہ تو ہاتھی ہے دیکھیں ہل ہی نہیں رہی چلو ناہاتھی میرے ساتھی۔۔۔

ایمان کے انداز پر سب ہنس پڑے۔۔۔

"ارے ایسے نہیں کہتے۔۔۔حیدر شاہ نے ٹوکا۔۔

پھر حیدر شاہ کے سمجھانے پر وہ گئی گھر گھومنے۔۔۔کچھ دیر میں ہی دونوں دوست بن گ ئے۔۔۔ایمان کو ہر کھیل کے لی ئے اپنا ساتھی مل گیا تھا وہ بے انتہا خوش تھا۔۔

ان دونوں کے جانے کے بعد حیدر شاہ نے زینب بیبی اور عیان سے کہا۔۔۔

"انشاء میرے دوست کی بیٹی ہے۔۔ان دنوں میں پریشان تھا تو اسی وجہ سے تھا۔۔۔میرے دوست اور ان کی بیوی کا کار ایکسیڈنٹ میں انتقال ہو گیا اور یہ ان کی اکلوتی بیٹی ہے۔۔۔ان کو گزرے دو مہینے ہو گ ئے ہیں اج ویسے

Posted On Kitab Nagri

ہی گیا اس بچی کا حال پوچھنے کہ اب اس کی زمیداری کون لے رہا ہے وغیرہ اس بارے میں معلومات لینے۔۔۔ وہاں دیکھا کہ پھپھو نے گھر پر قبضہ کیا ہوا ہے اور اس معصوم کے ہاتھ میں جھاڑو تھا چار پانچ سال کی بچی سے کام لیا جارہا ہے۔۔۔ بس اسی وقت فیصلا کر لیا اور اسے لے ایا۔۔۔

انہوں نے کم لفظوں میں سب ان دونوں کے گوش گزار دیا۔۔۔ زینب بی بی تو حیران رہ گئیں اتنی معصوم بچی کے ساتھ یہ ظلم۔۔۔

ساری دولت اس کی تھی پر وہ پرانے کپڑوں میں ملبوس تھی جن کا حق نہ تھا وہ عیش کر رہے تھے وہاں۔۔۔ پر حیدر شاہ جانتے تھے کہ اگر وہ انشاء کی پراپرٹی بچانا چاہیں گے تو اس کے رشتہ دار کبھی بھی اس کو حوالے نہیں کریں گے ان کے۔۔۔ حیدر شاہ کو تو کوئی دولت کی کمی نہ تھی اسی لیۓ انہوں نے اس کے بہتر مستقبل کے لئے اس پراپرٹی کو رشتہ داروں کے حوالے کر دیا اور خود آج انشاء کو لے کر آ گئے تھے۔۔۔ ان کو یقین تھا جو یتیم کا مال کھاۓ گا وہ اپنے لیۓ جھنم کی اگ جمع کرے گا۔۔۔ اسی لئے انشاء کے رشتے داروں کا فیصلہ انہوں نے اللہ پر چھوڑ دیا۔۔۔

اس وقت جو لباس انشاء کے تن پر تھا وہ بھی انہون نے خود خریدا تھا۔۔۔ سوائے انشاء کے لیگل ڈاکومنٹس کے علاوہ انہوں نے اس گھر سے کچھ نہ لیا۔۔۔ انشاء کی پرواہ کسی کو بھی نہیں تھی اس صورت حال میں انہوں نے خوشی خوشی حوالے کر دیا ان کی سرپرستی میں۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

یوں اللہ نے ان کو ایک بیٹی سے بھی نواز دیا۔۔۔وہ بے انتہا اللہ کے شکر گزار تھے جس نے اس گھر کو رحمت سے بھی نواز دیا۔۔۔اور وہ لیگل سرپرست بن گئے کیونکہ وہ پکا کام کرنے کے قائل تھے۔۔۔تاکہ کل کو کوئی اس کا حقدار بن کر نہ اجائے۔۔۔

@@@@@@@@@@

"عیان میں امید کرتا ہوں جس طرح تم نے ایمان کو ہمیشہ پڑھائی میں گائیڈ کرتے ہو اس کی تربیت کی ہے اسی طرح انشاء بھی تمہاری زمیداری ہے۔۔۔

"جی باباجان, میں اس کا بھی خیال کروں گا بلکل چھوٹی بہن کی طرح۔۔۔۔

"شاباش میرے بچے۔۔۔مجھے یہی تم سے امید تھی۔۔۔اور وہ مطئمن ہوگئے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

چند دنوں میں وہ گھر میں گھل مل گئی زینب بی بی اسے بھی پالنے لگی۔۔۔زینب بی بی کے وجود سے ہی حیدر شاہ کو تسلی تھی کہ انشاء کی پرورش میں کوئی کمی نہیں رہے گی۔۔۔

یوں ایمان کے ساتھ اس کے اسکول میں ایڈمیشن ہو گیا اس کا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

پہلے پہلے عیان کو بہت فکر رہا کرتی تھی ایمان کی کیونکہ وہ اکیلا ہوتا تھا گھر میں تو وہی اس کے ساتھ کھیل لیا کرتا تھا اب انشاء کے انے سے ایمان کو اس کا کھیل کا پارٹنر مل گئ تھی۔۔۔اس لیۓ اب بے فکر ہو کر اپنی اسٹڈیز پر توجہ دینے لگا۔۔۔

ایمان اور انشاء شرارتوں میں گھر کو سر پر اٹھا لیتے حیدر شاہ کو اب گھر مکمل سے لگنے لگا اسی قسم کی رونق وہ گھر میں چاہتے تھے۔۔۔پر عیان کو کوفت ہوتی تھی ان کی شرارتوں سے کیونکہ وہ کم عمری میں ہی ایک میچور لڑکا تھا۔۔۔ وہ چاہ کر بھی کچھ کہے نہیں پاتا تھا دونوں کو۔۔۔۔۔

ان کی شرارتوں کے زد میں زینب بی بی اجاتی تھیں۔۔۔عیان جو کبھی ہر وقت ایمان کا خیال کرتا تھا اب دونوں سے بے پرواہ ہو گیا تھا کیونکہ ایمان خوش تھا تو بس عیان بھی ریلکس ہو گیا تھا۔۔۔

عیان فرسٹ ایئر میں تھا اس کے نوٹس اسٹڈی ٹیبل پر پڑے تھے اور وہ کچھ دیر دوستوں میں گیا۔۔۔ایمان اور انشاء کھیل کھیل میں اس کے کمرے میں چلے گئے اور انشاء سے غلطی سے اس کے نوٹس پر سیاہ انک گر گئی اور اسی وقت عیان دونوں کے سر پر پہنچ گیا۔۔۔پھر جو ڈانٹ لگائی اس نے انشاء کو۔۔۔وہ رو پڑی پر عیان کا غصہ کم ہونے کا نام نہ لے رہا تھا۔۔۔اس دن جو ڈر اس کے دل میں بیٹھ گیا عیان سے پھر وقت کے ساتھ بڑھنے لگا۔۔۔عیان نے کبھی کوشش ہی نہیں کی اس ڈر کو کم کرنے کی۔۔۔

یہی وجہ تھی کل رات بھی وہ اس کے ڈر سے سو گئی تھی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

عیان نے کبھی اس پر کوئی خاص توجہ نہ دی۔۔۔اور وقت کے ساتھ دونوں پر رعب رکھنے لگا وہ۔۔وہ دونوں عیان کے سامنے شرارت نہ کرتے تھے ورنہ گھر میں ادھم چوکڑی مچاۓ رکھتے۔۔۔

عیان کے لیۓ اس گھر میں اس لڑکی کا وجود کوئی معنٰی نہ رکھتا تھا۔۔۔وہ ایسا ہی تھا اپنے کام سے کام رکھنے والا۔۔

@@@@@@@@

"اف ایمان کے بچے چھت پر کیا گھورے جا رہے ہو اٹھو یونیورسٹی نہیں جانا کیا۔۔۔

انشاء نے کمر پر ہاتھ ٹکا کر لڑاکا عورتوں کے انداز میں پوچھا۔۔۔

"ہمم اٹھنے لگا تھا۔۔۔ایمان نے مری آواز میں کہا۔۔۔

"تو اٹھو جاؤ دیر ہو رہی ہے۔۔۔۔انشاء نے کہا۔۔۔

"اوۓ!!!ایک منٹ۔۔۔انشاء نے اس کا بازو پکڑ کر اسے خود کی طرف موڑ کر کہا۔۔کیونکہ ایمان تو جلدی سے واش روم میں جانا چاہ رہا تھا تاکہ اپنی بے چینی اور پریشانی انشاء سے چھپا سکے۔۔۔

" یہ تمہاری آنکھوں کو کیا ہوا ہے یہ سوج کیوں رہی ہیں کیا ساری رات جاگتے رہے ہو, کیا تمہارے اس کھڑوس خرانٹ بھائی نے ڈانٹا پھر سے اس کی تو۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

انشاء نے چڑ کر کہا پر ایمان نے اس کے آخری لفظوں کو کاٹ کر اس سے بھی زیادہ تیز لہجے میں کہا۔۔۔

" چپ کر جاؤ انشاء, یہ کونسا طریقہ ہے تمہارا, جو منہ میں ایا بولے جا رہی ہو وہ بڑے بھائی ہیں ہمارے اور یہ کیا تم ہر وقت میرے کمرے میں منہ اٹھا کر آجاتی ہو اور دروازہ بھی ناک نہیں کرتی اور اس طرح بازو سے دبوچنا یہ کوئی صیح طریقہ ہے, پلیز لمٹس میں رہا کرو لڑکیوں کو یہ طریقے زیب نہیں دیتے۔۔۔۔

انشاء ہکا بکا ہو گئی اس کا یہ انداز دیکھ کر وہ سوچ بھی نہیں سکتی تھی کہ کبھی ایمان اس سے اس طرح بات کرے گا ۔۔۔وہ شاک ہی تو ہو گئی تھی اس کے اس انداز پر۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ حیرت سے ایمان کو دیکھنے لگی۔۔۔

"انشاء آئندہ خیال رکھنا ان باتوں کا۔۔۔اتنا کہے کر وہ ڈریسنگ روم کی طرف بڑھ گیا اور انشاء اسے جاتا دیکھتی رہی ۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

اسے اس کے روڈ رویے کا دکھ اپنی جگہ تھا پر جتنا اس کا انشاء بلانے کا تھا کیونکہ وہ تو اس کی ساتھی تھی۔۔۔انشاء تو غیر اور اجنبیت سا لگا اس کے منہ سے کتنا غیر شناسا سا لگا تھا اس کو۔۔۔

"ایسا کیا ہو گیا ہے جو اس طرح بات کر رہا ایمان مجھ سے۔۔۔اس نے دکھ سے سوچا۔۔۔اور اس کے کمرے سے جانے لگی۔۔۔ابھی وہ لاؤنج میں پہنچی تھی کہ عیان کی آواز نے اس کے قدم جکڑے۔۔۔

"انشاء۔۔۔عیان صوفے پر بیٹھا کوئی فائل دیکھ رہا تھا۔۔

"جی عیان بھائی۔۔۔اس نے گھبرائے لہجے میں کہا۔۔۔

"ایک گلاس پانی۔۔۔عیان نے بارعب لہجے میں کہا۔۔۔

"جی۔۔۔وہ حکم ملتے ہی پانی لینے فریج کی طرف بڑھی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

وہ گلاس بھر کے اس کے سامنے آئی پر وہ اپنی فائل میں بزی رہا اور اسے پکارنے کی ہمت نہیں کر پا رہی تھی۔۔۔وہ ہمیشہ ایسی روہانسی ہو جاتی تھی۔۔۔اول عیان اسے کبھی اپنا کوئی کام نہ کہتا تھا اور اگر کبھی کہے دیتا وہ بگڑ ہی جاتا۔۔ اس وقت بھی انشاء کو جلدی تھی کیونکہ کالج جانا تھا ایمان کے ساتھ وہ اسے ڈراپ کرتا ہوا جاتا تھا۔۔

کئی منٹ گذر گئے پر وہ خاموش کھڑی رہی گلاس تھامے۔۔۔عیان کی فائل پر سے نظر ہٹی تو اس کے پاؤں پر پڑی تو اس نے ہاتھ بڑھایا گلاس تھامنے کے لیے۔۔۔وہ اپنے خیال میں تھی اور گلاس اس نے پہلے چھوڑ دیا اور گلاس زمین بوس ہو گیا۔۔۔پانی کی کچھ چھینٹیں عیان پر تو کچھ انشاء کو لگے۔۔گلاس تو چھنا کے سے ٹوٹ گیا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"نانسینس, یہ کیا بے وقوفی کی ہے, اب تک ایک گلاس پانی کے دینے کی تمیز نہیں آئی تم میں۔

عیان کا غصہ عروج پر تھا اور انشاء سہمی نظروں سے اسے دیکھنے لگی۔

Posted On Kitab Nagri

"انشاء بیٹا تم جاؤ میں صاف کر دوں گی۔۔۔اسی وقت زینب بی بی نے اکر جلدی سے کہا۔۔۔انشاء نے جانے کے لی ئے قدم بڑھائے اسی وقت عیان کی غصیلی آواز نے اس کے قدم روکے۔۔

"رک جاؤ, وہ سوالیہ نظروں سے عیان کو دیکھنے لگی۔۔۔

"زینب بی بی اپ نہیں یہ خود کرے گی اج تک اپ نے ہی اس کے بگڑے کام کی ئے ہیں اب خود کرنا سیکھے۔۔۔ جلدی صاف کرو انشاء۔۔۔

عیان نے غصے سے کہا۔۔۔زینب بی بی رک گئیں۔۔۔ بابا اور ایمان بھی لاؤنج میں اگ ئے۔۔۔پر عیان کے سامنے کوئی کچھ کہنے کی ہمت نہ کر سکا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ڈر کے مارے انشاء نے جلدی سے انگلیوں کے پوروں سے کانچ چننے لگی۔۔۔

ایک دم عیان نے اس کا ہاتھ پکڑ لیا اور کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"پاغل ہو کیا, زینب بی بی اپ ہی کر لیں یہ کام, بابا دیکھیں اپ کی بیٹی کے کام اور اس کی عقل گھاس چرنے گئ ہے , ہم اس کی شادی کا سوچ رہے ہیں اور بچپنا دیکھیں اس کا۔۔۔

"چپ کر جاؤ بس بولے جا رہے ہو میری بیٹی کو ڈرا دیا تم نے۔۔۔ جاؤ ایمان فرسٹ ایڈ باکس لاؤ۔۔۔

عیان نے اسے صوفے پر بٹھایا اپنے ساتھ۔۔۔ بابا جان اس کے دوسرے طرف بیٹھے۔۔۔ایمان جلدی سے باکس لایا اور مہارت سے اس کی پٹی کر دی۔۔۔

"چلو دودھ کے ساتھ یہ دوائی کھا لینا۔۔۔ایمان نے بڑھائی گولی جو اس کے سامنے دوزانو بیٹھا تھا۔۔۔

"میں دودھ نہیں پیتی ایمان۔۔۔اس نے روتے ہوئے کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

" زینب بی بی دودھ کا گلاس لائیں۔عیان نے حکمیہ لہجے میں کہا اور زینب بی بی دو منٹ میں گرم دودھ لے کر آگئی ۔۔۔

"باباجان۔۔۔انشاء نے رونی صورت بنا کر کہا۔۔۔ابھی بھی وہ عیان اور باباجان کے بیچ بیٹھی تھی۔۔۔

"شاباش دودھ کے ساتھ دوائی لو اور ارام کرو, کل چلی جانا کالیج سمجھی۔۔۔

عیان نے دوٹوک لہجے میں کہا اس کے ایک ہاتھ میں دودھ کا گلاس اور دوسرے میں کچھ گولیان تھیں۔۔۔اب انشاء نے مدد طلب نظروں سے سب کو دیکھا پر سب نے نظرین پھیر لیں۔۔۔اب کوئی چارہ نہ تھا سوائے پینے کے ۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"اب جلدی کرو سب کو اپنے کام پر جانا ہے, ہری اپ۔ تین گھونٹ میں ختم کرنا۔۔ عیان نے بچوں کی طرح بچکارا اسے۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

ڈر کے مارے اس نے جلدی سے گولیاں لے کر اوپر سے دودھ پی لیا۔۔۔ایمان اور باباجان ایک دوسرے کو دیکھ کر مسکرائے کیونکہ انشاء صرف عیان کی مانتی تھی۔۔۔زینب بی بی کو بھی ہنسی آئی اس کے انداز پر۔

عیان کے حکم پر وہ کمرے کی طرف چلی گئی۔۔۔مریل قدموں سے۔۔۔

"عیان اتنا کیوں کرتے ہو اس کے ساتھ۔۔۔باباجان نے کہا۔۔۔

"میں نے صرف ایک گلاس پانی مانگا, میرا سارا وقت خراب کر دیا اس لڑکی نے۔۔۔وہ اپنی فائل بریفکیس میں ڈالتا اٹھ کھڑا ہوا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"چلتا ہوں دیر ہو رہی ہے اپ بھی آفیس ائی ئے گا آج۔۔۔

"او کے بیٹا۔۔۔وہ اپنے خوبرو بیٹے کو جاتا دیکھنے لگے۔۔۔جو بلا کا ہنڈسم اور مغرور مشہور تھا اپنے سرکل میں۔۔۔ بہت لڑکیوں کا کرش تھا پر اج تک اسنے کسی کو ایک نظر نہ دیکھا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

@@@@@@

"میری بیٹی کیسی ہے اب۔۔۔دن کو آفیس سے انے کے بعد بابا جان اس کے کمرے میں آئے اس کو پوچھنے۔۔۔

"بابا جان میں تو ٹھیک ہوں پر عیان بھائی سے پوچھین میں اب اٹھ جاؤں۔۔۔

انشاء نے منہ بنا کر پوچھا۔۔اسی وقت ایمان ایا جو اس کی بات سن چکا تھا بابا کے کچھ کہنے سے پہلے بول پڑا۔۔۔

"تم بھی حد کرتی ہو انشاء بھائی نے کچھ دیر ارام کو کہا تھا تم تو بیڈ ریسٹ پر چلی گئی۔۔۔ چھوٹی چوٹ ہے چل پھر سکتی ہو۔۔۔

"پھر عیان بھائی غصہ نہ ہو جائیں۔۔۔انشاء نے کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"کچھ نہیں ہوتا آؤ چلو۔۔۔پھر وہ باہر آگئی بابا جان اور ایمان کے ساتھ۔۔۔

"زینب بی بی کھانا لگا دیں سب ساتھ میں کھائیں گے۔۔۔بابا جان نے کہا۔۔۔

وہ بابا کے سینے پر سر رکھے تھی۔۔۔

"کیا بات ہے انشاء بیٹی, کسی بات پر اداس ہو۔۔۔انہوں نے محبت سے لبریز لہجے میں کہا۔۔وہ محسوس کر رہے تھے وہ کچھ بے چین ہے۔۔۔

"نہیں بابا جان۔۔بس خود سے دور مجھے مت کیجیئے گا پلیز۔۔۔انشاء اور شدت سے رونے لگی۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ سمجھ گئے وہ عیان کی باتوں پر پریشان ہو رہی تھی۔۔۔

"میں کبھی اپنی بیٹی کو خود سے دور نہیں کروں گا۔۔۔بابا جان نے اس کے انسو پونچھ کر کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"پر کھانا کھاؤ پہلے۔۔۔ بابا جان نے محبت سے لبریز لہجے میں کہا۔۔۔

"جی بابا جان۔۔۔انشاء نے کہا۔۔۔

آج خاموشی تھی ورنہ ہر وقت شور رہتا انشاء اور ایمان کی موجودگی میں اور خاص کر عیان نہ ہو تو اور ہنگامہ برپا کرتے رہتے۔۔۔

صرف دن کو ہی نہیں رات میں بھی بابا جان نے محسوس کیا اس خاموشی کو۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

@@@@@

رات کے کھانے کے بعد خاموشی سے انشاء نے قہوہ دیا اور کافی دی عیان کو جانے لگی۔

"کہاں جا رہی ہو بیٹھو۔۔۔عیان نے کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

انشاءاس کے حکم پر بیٹھ گئی۔۔۔ایمان نے بھی انشاء کے اداس چہرے کو دیکھا دونوں کے بیچ بات چیت بند تھی تین دن سے۔۔۔پہلی دفعہ تھا دونوں ایک دوسرے کو بتانے سے قاصر تھے نہ انشاء نے وجہ پوچھی نہ ایمان نے پوچھی۔۔۔سرد مہری دونوں کے تعلق میں اگئی تھی۔۔۔خاموشی سے ساتھ جاتے اور واپسی میں اتے ساتھ پر بلا وجہ بغیر ضرورت کے ایک لفظ نہ بولتے ایک دوسرے سے۔۔

"بھئی تم دونوں کے بیچ کیا ہوا ہے جو اتنی شدید ناراضگی ہو گئی ہے ایک دوسرے کو دیکھنے کے روادار نہیں۔۔۔ہم نے کچھ اور سوچا ہوا تھا پر اب تم دونوں ہمیں کچھ اور سوچنے پر مجبور کر رہے ہو۔۔۔

عیان نے دونوں کو دیکھ کر کہا۔۔۔انشاء بابا کے ساتھ بیٹھی تھی جبکہ دوسری طرف ایمان بیٹھا تھا جبکہ عیان سامنے والے صوفے پر بیٹھا تھا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"ایسا کچھ نہیں۔۔۔دونوں نے ایک اواز کہا۔۔ باباجان مسکرائے اور کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

میں تو چاہتا ہوں میری بیٹی اسی گھر میں رہے ہمیشہ اس لیئے تم دونوں کو ایک خوبصورت رشتے میں باندھ دوں پر تم دونوں کی ناراضگی اب مجھے کچھ اور۔۔۔۔

"نہیں بابا جان ہم میں کوئی لڑائی نہیں۔۔۔پھر دونوں نے ایک ساتھ کہا اور چپ بھی ہو گئے۔۔۔اب کے عیان نے جاندار قہقہہ لگایا اور کہا۔۔۔

"تو تم دونوں نے یہ ڈرامہ اس لیئے رچایا ہوا ہے کہ ہم اس طرف غور کریں۔۔۔انشاء نے نظریں جھکا لیں جبکہ ایمان کھل کے مسکرایا اور بابا کو گلے لگایا اور عیان کو بھی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

پر ایمان میں تو اب تم دونوں کی خاموشی پر کچھ اور سوچنے۔۔۔

پلیز بابا جان جو آپ نے پہلے سوچا وہ بلکل ٹھیک فیصلہ ہے۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

انشاء اٹھنے لگی اس چہرہ گلاب کی طرح لال ہو گیا تھا شرم سے اور عیان نے دلچسپی سے دیکھا اور پہلی دفعہ عیان نے کسی لڑکی کو اتنا شرماتے ہوئے دیکھا تھا۔۔۔ بابا جان نے انشاء کا ہاتھ پکڑ کر دوبارہ بٹھا لیا اور اسے دیکھا جس کا سرخ سفید رنگت چہرہ شرم سے لال ہو رہا تھا گلابی ہونٹ کپکپا رہے تھے ایمان نے محبت سے دیکھا اسے۔۔۔ ایمان عیان کے ساتھ بیٹھ گیا تھا اور دونوں بھائی اب باپ بیٹی کو دیکھنے لگے۔۔۔

"ایمان کا تو پتا چل گیا اب اپنا فیصلا سناؤ انشاء.... انہوں نے کہا۔۔۔ "جواپ کا فیصلا وہی میرا ہے بابا جان۔۔۔ اتنا کہے کر وہ بھاگ گئی۔۔۔

سب ہنس دی ئے۔۔۔ ایمان بھی اس کے پیچھے گیا۔۔۔ عیان نے کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

" دیکھا اپ نے بابا جان دونوں کتنے چھپے رستم نکلے۔۔۔

"تم نے بلکل سہی کہا تھا, بس اللہ دونوں کو ساتھ خوش رکھے۔ آمین۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"آمین۔۔۔عیان نے کہا۔۔۔

اور اگے کی پلاننگ کرنے لگے۔۔۔۔

@@@@@@@

اس سے پہلے وہ دروازہ بند کرتی ایمان اس کے پیچھے اگیا پاؤں رکھ کے کھڑا ہو گیا۔۔۔۔

"جاؤ یہاں سے ایمان کے بچے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

انشاء نے کہا اور منہ پھیر لیا۔۔۔

"نہیں جاؤں گا۔۔پہلے دیکھنے دو مجھے یہ خوبصورت چہرہ۔۔۔وہ گلنار ہوتا اس کا چہرہ دیکھنا چاہ رہا تھا۔۔۔جو وہ اس سے چھپانے کی بھرپور کوشش کر رہی تھی۔۔۔

وہ بے انتہا خوش تھا ایسا لگا سر سے کوئی بوجھ اترا ہو۔

Posted On Kitab Nagri

"ہا تھی میرا ساتھی شرماتی بھی ہے۔۔ایمان نے چھیڑا۔۔

"نہیں ہوں تمہاری ساتھی,اب انشاء کہنا مجھے۔۔اس نے روٹھے لہجے میں کہا۔۔۔

پُرسکون تو انشاء بھی ہوئی تھی۔۔۔اسے یقین نہیں ارہا تھا بابا جان اسے بہو بنائیں گے بھی کبھی۔۔وہ دل ہی دل میں اللہ کا شکر ادا کر رہی تھی جس نے بغیر رکاوٹ کے ان کو ملا دیا۔۔۔

"قطعی نہیں اب تو پکی میری ساتھی بنو گی۔۔۔

ایمان نے کہا۔۔۔وہ بھاگ کر ڈریسنگ روم جانے لگی۔۔۔ایمان نے کہا۔۔۔

"رکو تو سہی میری ساتھی۔۔۔۔وہ اس کا ہاتھ تھام چکا تھا۔۔وہ رک گئی تھی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

" ساری عمر چاہتا رہوں گا میری آخری سانس تک , تم سے محبت کرتا رہوں گا, خدا سے ابھی مانگنا شروع کیا تھا پر بن مانگے میری جھولی بھر دی اللہ نے, بہت مہربان ہے میرا رب۔۔۔

وہ دل سے اظہار کر رہا تھا اور انشاء کا دل اس کی محبت میں دھڑکنے لگا۔۔

" بے شک۔۔۔ایمان میں بھی اج بہت خوش ہوں۔۔۔اپنے رب کی شکر گذار ہوں۔۔۔

"ایسے ہستی مسکراتی رہنا, میری ہنسی خوشی سب تم سے ہے انشاء تم ہی میری ہمسفر اور ہاتھی میری ساتھی ہو۔۔۔

"اف ایمان اب تو سلم ہو گئی ہوں پھر بھی ہاتھی کہتے ہو۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اس نے کمر پر ہاتھ رکھ کر کہا اور گھوری سے نوازا۔

"مجھے تو اج تک وہ موٹو یاد ہے جسے ہلانے میں, میں ناکام ہو گیا تھا۔۔۔

ایمان کے بچے بہت ماروں گی اگر سب کے سامنے اب ہاتھی کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"ایمان کے بچے پیدا کرنے کے بعد تم نے ہاتھی ہو ہی جانا ہے۔ایمان نے شرارتی انداز میں کہا۔۔۔

" بابا جان دیکھیں کیا کہے رہا ہے مجھے ایمان۔۔

انشاء نے ایک دم کہا, جس پر گھبرا کر اس کا ہاتھ چھوڑا اور ایمان نے دروازے کی طرف دیکھا اور انشاء ہنستی ہوئی ڈریسنگ روم گئی اور دروازہ لاک کرلیا۔۔۔پھر دونوں کے قہقہوں سے کمرہ گونجنے لگا۔۔

"اج تو یہ فاؤل کر گئی آئندہ نہیں کرنے دوں گا۔۔ایمان نے وارننگ انداز میں کہا۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"دیکھ لیں گے۔۔۔اندر سے آواز آئی۔۔۔

"ہمم دیکھیں گے۔۔۔اور وہ چلا گیا۔۔جانتا تھا اب اس کے جانے بعد ہی انشاء نکلے گی۔۔۔

@@@@@@

Posted On Kitab Nagri

اگلے دن سے ہی تیاریاں شروع کردی تھی زینب بی بی نے۔۔۔اور سب رشتیداروں میں مٹھائی بانٹ کر سب کو بتادیا گیا اس رشتے کے بارے میں۔۔۔گاؤں سے بھی مبارکباد کی کالیں آئیں۔۔۔

اب تو گھر میں یہی ایک موضوع رہ گیا تھا۔۔۔

اس وقت بھی عیان اور باباجان کی بات اسی ٹاپک پر ہورہی تھی۔۔۔

"انشاء کا کالیج کمپلیٹ ہوجائے پھر شادی کردیں گے فلحال تب تک مگنی ٹھیک رہے گی اور ایمان کی بھی پڑھائی مکمل ہوجائے گی۔۔۔کیا خیال ہے عیان۔۔۔

"پر باباجان مجھے لگتا ہے نکاح کردیتے ہیں پھر رخصتی کردینگے دونوں کی پڑھائی مکمل ہوجانے کے بعد۔۔۔

"بات تو ایک ہی ہے۔۔۔انہوں نے کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

"نہیں باباجان بات الگ الگ ہے کیونکہ منگنی ناپائیدار رشتہ ہے, اس میں لمٹس ہونی چاہیۓ, پر نکاح کر دیں گے تو دونوں ایک دوسرے کے محرم ہو جائیں گے پھر اس فیز کو انجوائے کریں گے تو اپ کو اعتراض بھی نہیں ہو گا

۔۔

عیان کی بات پر چپ ہو گۓ تھے حیدر شاہ۔۔۔

"ٹھیک ہے۔۔۔کل تم اور زینب بی بی لے جانا انشاء کو اس کے نکاح کا سوٹ دلوانے۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"میں کیوں باباجان, ایمان اور وہ اپنی پسند کا لیں۔۔۔میرا کیا کام۔۔۔عیان نے کہا۔

" عیان تم ہماری روایات کیوں بھول رہے ہو, انشاء میری بیٹی ہے مجھے بیٹی کے باپ کی طرح سوچ اتی ہے۔۔۔ باباجان نے کچھ سرد لہجے میں کہا, عیان کو اس وقت وہ بالکل ایک بیٹی کے روایتی باپ کی طرح لگے۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

پر عیان بھی ان کا بیٹا تھا اور اسی انداز میں کہا۔۔۔

" تو مجھے ایمان کے باپ کی طرح کے خیالات اتے ہیں اس لیئے نکاح کی تجویز رکھی میرے پیارے بابا جان ایمان اج کا لڑکا ہے وہ ان لمحوں کو انجوائے کرنا چاہے گا اور ہمیں اس کا بھی سوچنا ہے پیارے بابا جان۔۔۔عیان نے بھی اسی انداز میں جواب دیا۔۔۔

"عیان تم تو۔۔۔۔بابا جان کی بات کاٹ کر عیان نے جلدی سے کہا۔۔۔

" بسس ٹھیک ہے بابا جان جواپ کا حکم کل میں خود لے جاؤں گا انشاء اور زینب بی بی کو نکاح کا جوڑا لینے کے لیئے ۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

" ہمم یہی ٹھیک رہے گا۔۔۔بابا جان نے کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ عیان کی موجودگی میں پریشان ہو رہی تھی۔۔پر زینب بی بی کے ساتھ سے تسلی ہو رہی تھی۔۔۔

مال پہنچ کر انشاء اس کے پیچھے چل رہی تھی اہستہ اہستہ۔۔۔

"اب یہ کیا مری ہوئی چال سے چل رہی ہو۔۔۔ جلدی کرو انتارش ہے۔۔۔عیان نے اسے گھورتے ہوئے کہا ۔۔۔ویسے بھی وہ بے انتہا بے زار لگا دونوں کو۔۔۔

"عیان بیٹے,اس طرح نہیں کہتے۔۔۔زینب بی بی نے کہا۔۔

وہ ان کو ملازمہ کم گھر کا فرد سمجھتے تھے اس لیۓ انہوں نے تنبہی کی اور عیان کے چہرے کے زاویۓ کچھ نرم ہوئے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"سوری زینب بی بی۔۔۔اپ جانتی ہیں میں وقت کے ساتھ چلتا ہوں۔۔اس کی سلومار جن میرا وقت برباد کرے گی۔۔۔

انشاء نے نظرین جھکالیں اور زینب بی کا ہاتھ تھام لیا۔۔۔چلنے لگی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"اب اس جلاد ہلاکو کے ساتھ میں اپنے نکاح کا جوڑ الوں, کیا مصیبت ہے, سمجھ نہیں اتا یہ مصیبت وقت کے ساتھ چلتا ہے یا وقت اس کے ساتھ چلتا ہے۔۔۔ بابا جان کس مصیبت میں پھنسا دیا۔۔۔

وہ منہ ہی منہ میں منمنائی۔۔زینب بی کو کچھ سمجھ ایا کچھ سمجھ نہیں ایا۔۔پر عیان نے ایک دم کہا۔۔۔

"کیا کہا تم نے پھر سے کہو ذرہ۔۔۔ جلاد ہلاکو اور کیا کہا۔۔۔

اب انشاء کو لگا وہ گئی کام سے۔۔۔ عیان کا غصہ اور اپنی جان نکلتی سی محسوس ہوئی۔۔۔اس سے پہلے دونوں کے بیچ بات بڑھتی کسی نے عیان کے کندھے پر ہاتھ رکھا وہ پلٹا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ اس کے گلے لگا۔۔۔

"تھینک یو سوچ بھائی۔۔۔۔یو آر بیسٹ۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

عیان مسکرایا ایمان کی بات پر اور کہا۔۔۔۔

"بس جلدی شاپنگ کر و دونوں اور جیسے فری ہو مجھے بتانا میں پک کر لوں گا ان کو۔۔۔

"پلیز زینب بی, بابا جان کو پتا نہیں چلنا چاہئے ورنہ ان کو برا لگے گا۔۔۔عیان نے کہا۔۔۔ایک سلگتی نظر انشاء پر ڈالنا نہ بھولا وہ جو خوش تھی جان بچی لاکھوں پائے پر جلدی سے نظریں جھکا گئی۔۔۔

"کوئی بات نہیں بچوں, یہ ہماری اپس کی بات ہے ہمارے بیچ ہی رہے گی۔۔وہ مسکرائیں۔۔۔

Kitab Nagri

عیان چلا گیا۔۔ایمان اور انشاء نے مل کے شاپنگ کی۔۔ان دونوں کا معصوم انداز دیکھ کر وہ دونوں کی نظر دل ہی دل میں اتارتی رہیں۔۔۔دونوں ایک دوسرے کے ساتھ بہت خوبصورت لگ رہے تھے۔۔۔انشاء کا چہرہ گلنار ہو گیا تھا اس کی سنگت میں۔۔۔

www.kitabnagri.com

"اللہ بری نظر سے بچائے دونوں کو۔۔آمین۔۔اور ان دونوں پر ایتوں کا ورد کر کے پھونکا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

ایسا لگ رہا تھا جیسے دونوں ایک دوسرے کو مکمل کر رہے ہیں, مال میں کئی لوگوں نے پلٹ کر اس کپل کو دیکھا

۔۔۔

کافی دیر بعد۔۔۔

"جلدی کرو دونوں گھر انتظار کر رہے ہونگے تمہارے بابا جان۔۔۔

زینب بی نے کہا۔۔۔دونوں نے ساتھ "جی کہا۔۔۔اسی وقت ایمان کے موبائل کی گھنٹی بجی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"لین عیان بھائی کا بھی فون آگیا۔۔۔ایمان نے کال ریسو کر کے مال کی ایکزٹ کی طرف جانے لگے۔۔۔سامنے عیان ہی کھڑا تھا اور دونوں پر نظر ڈالی, دل ہی دل میں "ماشاءاللہ کہا دونوں ساتھ میں اتنے خوبصورت لگ رہے تھے۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

انشاء کا چہرہ دمک رہا تھا کچھ نیا پن لگا عیان کو اس پر ڈائمنڈ کی نوز پن کی چمک جو ایک الگ ہی تاثر دیا عیان کو۔۔۔ شاید پہلی دفعہ اس نے اتنی غور سے دیکھا تھا اس زیور کو۔۔۔

"بھائی دیکھیں, مجھے اچھی لگی یہ نوز پن ڈائمنڈ کی تو لے لی انشاء کے لیئے۔۔ایمان نے چہک کر کہا۔۔۔

"ہممم اچھا کیا۔۔۔ عیان نے اہستہ سے کہا۔۔

"اب بابا کے سامنے بات سنبھال لیجیئے گا پلیز۔۔اس نے ریکوئیسٹ کی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"بے فکر ہو جاؤ ان کو پتا نہیں چلے گا۔۔۔ عیان نے تسلی دی۔۔

"اور بھائی کیسی لگ رہی ہے یہ انشاء پر۔۔۔

" اچھی لگ رہی ہے,اب جاؤ, ہمیں بھی گھر پہنچنا ہے بابا پوچھ رہے ہیں۔۔ عیان نے ہنس کر کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

انشاءاور زینب بی کو لے کر وہ گاڑی کی طرف بڑھا۔۔۔

@@@@@@

آخرکار خوشیوں بھری وہ رات اگئی جس کا بے صبری سے سب کو انتظار تھا۔۔۔ شہر کا سب سے مہنگا بینکوئیٹ بک کیا تھا عیان نے۔۔۔اعلیٰ کوالٹی کی ڈیکوریشن ان کی امارت کا منہ بولتا ثبوت تھی۔۔۔ بہترین کھانے کا انتظام تھا۔ایک ایسا شخص نہ تھا جس نے تعریف نہ کی ہو اس انتظام کی یا پھر دولہے دلہن کی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نکاح کا انتظام بھی اسٹائیلش طریقے سے کیا گیا تھا۔۔۔ سفید پردہ لگا کر دولہے دلہن کو جدا بٹھا کر ایک دوسرے کے سامنے بلکل لکھنوی انداز میں نکاح پڑھایا گیا۔۔۔اس انداز کو سب نے سراہا۔۔۔ایمان کی طرف عیان اور اس کا بہترین دوست عمر ساتھ میں ایمان کے کئی دوست بیٹھے اور انشاء کی طرف باباجان اور زینب بی ساتھ کچھ فیملی فرینڈز بھی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

بابا جان انشاء کے ساتھ بیٹھ کر اسے باپ کی کمی محسوس نہ ہونے دی۔۔۔حیدر شاہ نے خود کو بیٹی کا باپ ثابت کیا ۔۔۔انشاء کتنی دیر ان کا ہاتھ تھام کر روپڑی۔۔۔کتنا عزیم تھا یہ شخص جس نے اپنی اولاد سے بڑھ کر اسے چاہا ۔۔۔

انکھ میں انسو کئی لوگوں کے اگ ئے محبت کے اس انداز پر۔۔۔پھر مشکل سے عیان نے چپ کروایا اور کہا۔۔۔

"ابھی رخصت نہیں ہوئی اپ کی بیٹی بابا جان۔۔۔۔

بات میں دوسرا لقمہ ایمان نے دیا۔۔اور وہ ہنس پڑے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"اور بے فکر ہو جائیں اپ کے گھر ہی انا ہے جب رخصت ہو گی۔۔

"ہمم اب چلو دونوں اسٹیج پر۔۔۔بابا جان نے خود کو سنبھال کر کہا۔۔۔پھر ایمان اور انشاء کو ساتھ بٹھایا گیا اور سب کے سامنے مگنی کی رسم ادا کی گئی۔۔۔ایمان نے انشاء کو اور انشاء نے اسے رنگ پہنائی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

@@@@@@

"ماشاءاللہ بہت خوبصورت کپل لگ رہا ہے دونوں کا کیوں عیان۔۔۔

عمر نے اس کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر اسٹیج کی طرف دیکھا اور کہا۔۔۔

"ماشاءاللہ۔۔۔سہی کہا تم نے۔۔۔اللہ نظر بد سے بچائے دونوں کو آمین۔۔۔عیان کے کہنے پر عمر نے کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

" آمین۔۔۔

"یار کتنا اچھا ہوتا اگر اس محفل میں تمہارے بچے اپنے چاچا چاچی کو تنگ کر رہے ہوتے تو کتنا مکمل لگتا یہ فنکشن ۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"اور ہاں میں ان کو تمہارے حوالے کرتا اور وہ تمہارے بچے کچے بالوں کو کھینچ کر گنجا کر رہے ہوتے تم کو, تو مجھے اور بھی مزا ا رہا ہوتا۔۔۔

"عیان کتنی بار کہا ہے بالوں کا مذاق نہیں۔۔۔ عمر کو اپنے بالوں سے بڑا لگاؤ تھا جس کی جتنی فکر کرتا اتنے گرتے اور عیان کے گھنے بالوں کو دیکھ کر عمر چڑ جاتا۔۔۔

"تو عمر یار میں نے کتنی بار کہا مجھ سے شادی کا مذاق نہیں۔۔۔ عیان نے کہا۔

"اوکے اوکے یار رہنے دو تمہیں سمجھانا بے کار ہے۔۔۔ عمر نے شانے جھٹکے اب دونوں تینتیس کے ہونے لگے تھے۔۔ عمر کے دو بچے تھے اسے عیان کا کنوارا پن کھٹکتا تھا جیسے ان کی سر کل کی لڑکیوں کو۔۔۔اس وقت ان کے سر کل میں سب سے ڈیمانڈ نگ لڑکا عیان تھا۔۔۔ عمر یا بابا جان کے پوچھنے پر ہمیشہ اس کا یہی جواب ہوتا۔۔۔

"ابھی نہیں سہی وقت انے پر کر لوں گا۔۔ اتنا دو ٹوک انداز کسی کی ہمت نہ ہوتی دوبارہ کہنے کی۔۔۔

"تو پھر بے کار کی کو ششیں نا کرو۔۔۔ عیان نے کہا بے پروائی سے۔۔۔اور ادھر ادھر دیکھنے لگا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"میری دعا ہے تجھے شدت والی محبت ہو اور تو شادی کرے اور مجھے چاچا کہنے والے اجائیں۔۔۔

عمر کا بھی اپنا دکھ تھا چار بہنوں کا اکلوتا بھائی اور اکلوتا بیسٹ فرینڈ بھی کنوارا۔۔۔

"محبت کو چھوڑو, باقی چاچا بنائیں گے تم کو ایک دو سال صبر میرے یار۔۔۔

دونوں ہنسنے لگے۔۔۔اسی وقت بابا جان دونوں کی طرف بڑھے۔۔

"عیان تم چھوڑ آؤ انشاء کو گھر۔۔۔اب مہمانوں کی واپسی ہو رہی ہے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"میں۔۔۔۔پر بابا ایمان لے جائے, مجھے یہاں سے سب مہمانوں کو رخصت کر کے بلز کلیئر کرنے ہیں۔۔۔
میری بہت مصروفیات ہیں۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

عیان نے سوچے سمجھے منصوبے کے تحت کہا۔۔۔وہ باپ تھے عیان بھی ان کا بیٹا تھا۔۔۔ایمان کے اترے منہ کو دیکھا اس نے۔۔وہ جانتا تھا اس کا بھائی ان خوبصورت لمحوں کو اپنی بیوی کے ساتھ گزارنا چاہتا ہے جو غلط بھی نہ تھا ۔۔

"اوکے میں خود لے جاتا ہوں, جانتا ہوں تمہاری سب چالاکیاں۔۔

بابا جان نے کہا۔۔۔

عمر منہ پر ہاتھ رکھے یہ فیملی ڈرامہ دیکھنے لگا جس میں سب سے زیادہ قابل رحم حالت ایمان کی تھی۔۔۔ہنسی ضبط کرنا مشکل لگا عمر کو۔۔۔وہ ان کے گھر اتا جاتا رہتا تھا اور ہر بات سے واقف تھا۔۔عیان نے گھورا عمر کو اور بابا کے قریب ہو کر کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"بابا ایک منٹ میری بات سنیں۔۔۔وہ سائیڈ لے جا کر ان کو سمجھانے لگا۔۔۔کچھ دیر بعد دونوں ساتھ ائے۔ ایمان کے کندھے طپر عمر کا ہاتھ تھا۔۔۔ایمان نے مدد طلب نظرون سے عیان کو دیکھا۔

Posted On Kitab Nagri

"ہمم انشاء کو تم لے جاؤ ایمان, پر دھیان سے جلدی گھر انا۔۔ایمان کا دل چاہا یاہو کا نعرہ لگائے پر کنٹرول کر کے کہا

۔۔۔

"جی بھائی۔۔۔

زینب بی انشاء کو چادر اوڑھائیں اور ایمان کی گاڑی میں بٹھائیں۔۔۔

زینب بی اور نازیہ بھابھی (عمر کی بیوی) نے مدد کی اس کی گاڑی میں بٹھایا۔۔اور گاڑی روانہ ہوئی۔۔۔

@@@@@@

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

چاندنی رات میں دونوں گاڑی میں بیٹھے آئیسکریم کھا رہے تھے۔۔۔

"میری زندگی کا سب بہترین دن ہے اج کا, ہمارے نام جڑ گ ئے, ایسا لگتا ہے مکمل ہو گئی میری زندگی, کبھی کوئی گلہ نہیں رہے گا اب زندگی سے۔۔۔ایمان نے محبت سے لبریز لہجے کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"میں بھی اج بہت خوش ہوں, میری زندگی کا خوبصورت ترین دن ہے۔۔اس نے دوپٹا سر پر لیا جو سرکنے لگا تھا, اسے عیان کی تنبیہ یاد تھی جو گاڑی میں بیٹھنے کے بعد عیان نے دی تھی انشاء کو۔۔۔

"یہ دوپٹا سر سے سرکنا نہیں چاہی ئے اور دونوں جلدی گھر انا۔۔۔

اخری لفظ ایمان سے کہے تھے۔۔۔ جس پر دونوں نے اثبات میں سر ہلایا۔۔

"اف یہ عیان بھائی کی سختی بھی نا۔۔۔انشاء نے کہا۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جس پر ایمان مسکرایا اور کہا۔۔

" فکر نہ کرو وہ ہم دونوں سے بہت پیار کرتے ہیں ہماری پرواہ ہے اس لی ئے۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"رہنے دو تمہارے بھائی ہیں اور صرف تمہاری پرواہ ہو گی۔۔۔انشاء نے ہمیشہ کی طرح منہ بنایا اور ایمان نے کھل کے مسکرا کر کہا۔۔۔

"تمہاری بے اعتباری میرے پیارے بھائی پر,اج کی خوبصورت رات کے لمحے اس بات پر ضایع نہیں کر سکتا میری جان,یہ ہمارے لمحے ہیں صرف ہمارے۔۔۔ جنہیں صرف تم پر نچھاور کرنا چاہتا ہوں۔۔۔

اتنا کہے کر اس نے خوبصورت ڈائمنڈ کا بریسلیٹ نکال اس کی کلائی کی زینت بنایا۔۔۔اور دونوں نے سرشار ہو کر ایک دوسرے کو دیکھا اور گاڑی اسٹارٹ کی گھر کی طرف روانہ ہونے کے لی ئے۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

@@@@@@@

وقت تیزی سے گزرنے لگا۔۔۔گھر میں دونوں سے بہت سی خوشیاں اور رونقین ہونے لگیں انشاء اور ایمان کی شرارتوں سے۔۔۔بابا جان اب بھی عیان کو کہتے رہتے شادی کا پر وہ نہیں مانتا۔۔۔اب وہ اپنا بزنس اسٹارٹ کر چکا تھا عمر اور وہ دونوں پارٹنر تھے۔۔

Posted On Kitab Nagri

اب رخصتی کی باتیں ہونے لگیں تھیں تاریخ بھی طے تھی۔انشاء کی ڈگری مکمل ہو گئی تھی اور ایمان کی ہاؤس جاب چل رہی تھی۔۔۔اب وہ ڈاکٹر ہونے کے فرائض نباہ رہا تھا پر گھر میں بلکل بچہ بنا رہتا۔۔

حیدر شاہ چاہتے تھے اب عیان کی بات بھی کہیں پکی ہو جائے اس کی عمر بڑھ رہی تھی۔۔۔پر عیان بلکل لاپرواہ تھا خود سے۔۔۔

اب شادی میں کچھ دن رہ گئے تھے۔۔۔عیان اپنے خیال میں جا رہا تھا۔اچانک سامان سے بھرا تھال جو انشاء لا رہی تھی اس سمیت عیان سے ٹکرائی۔۔۔سب سامان بکھر گئے تھے زمین پر۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"دیکھ کر نہیں چل سکتی انکھیں ہیں یا بٹن۔۔۔عیان نے ازلی غصہ بھرے انداز میں کہا پر اج انشاء ہمیشہ والے انداز میں گھبرائی بلکل نہیں اور ارام سے کہا۔۔

"سوری عیان بھائی۔۔۔غلطی سے ہو گیا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"دیکھ کے چلا کرو سارا وقت برباد کر دیا۔۔ عیان کو اب بھی غصہ تھا اس لیۓ اس کا لہجہ تیز تھا پر انشاء کے تاثرات میں ردی برابر فرق نہ ایا وہ پر سکوں ہی تھی۔۔

"اب دو منٹ میں کونسی دنیا بھاگنی ہے اور اتنا غصہ کس لیۓ, چلیۓ اب میری اٹھانے میں مدد کروائیں, مجھے بھی بہت سے کام ہیں, میرا بھی ٹائم ضایع ہوا ہے۔۔۔

وہ حیرت سے دیکھنے لگا اسے, اس کے اندر کی تبدیلی پر حیران تھا جسے وہ اتنے مہینوں میں محسوس نہ کر سکا۔۔۔ یہ تو وہ انشاء رہی نہ تھی جو عیان کو غصے میں دیکھ کر سانس روک لیتی تھی۔۔۔ یہ تو کوئی اور انشاء لگی اسے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

پھر اس صدی کا حیرت انگیز واقعہ ہوا عیان نے جھک کر اسے سامان اٹھوانے میں ہیلپ کی۔۔۔ انشاء جو کہنے کو اسے اس طرح کہے تو گئی پر اب تھوڑا گھبرائی تھی پر اس کا بات کا حوصلہ ایمان کا ہی دیا ہوا تھا۔۔۔ جو اکثر اسے سمجھاتا تھا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"اف۔۔ہاتھی میرے ساتھی, تم بھائی کو غلط سمجھتی ہو وہ جتنی میری پرواہ کرتے ہیں اتنی تمہاری بھی, بس انداز ان کا الگ ہے تم جتنا گھبراتی ہو اتنا تمہیں ڈرا کے رکھتے ہیں جس دن تم نڈر ہو کر بات کرو گی تو دیکھنا تمہاری سنیں گے بھی اور مانیں گے بھی۔۔۔

"اوہ بھول ہے تمہاری۔۔۔ تمہارا جلاد ہلا کو بھائی, سب کو ڈرا کے رکھتا ہے, دیکھ لو بابا کی مانتے کم اور منواتے زیادہ ہیں, ان کا رویہ مجھ سے بدلے ناممکن ہے۔۔۔

"بھائی بہت اچھے, بس تم یہ ڈرنا چھوڑو, پھر دیکھنا, وہ ڈری سہمی مخلوق کو سخت ناپسند کرتے ہیں۔۔۔اکثر دونوں کے بیچ عیان بھائی ڈسکس ہوتا تھا۔۔۔کیونہ ایمان کی یہی کوشش ہوتی گھر کا ماحول بنا رہے اور انشاء کی غلط فہمی دور ہو جائے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

عیان کی ہیلپ کے بعد وہ تھال تھامتی "تھینکس عیان بھائی, کہے کر جلدی بھاگی, کہیں عیان کا مخصوص انداز لوٹ نہ آئے۔۔۔ڈر تو تھا ہی اندر اس کے۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

عیان اس کے انداز پر حیران ہوتا ہوا مڑا۔۔۔سامنے زینب بی کو دیکھا جو مسکرا رہی تھیں۔۔۔

" دیکھا زینب بی اپ نے انشاء کو کس طرح مجھ سے بات کی اس نے۔۔۔یہ انداز پہلی دفعہ دیکھا ہے میں نے اس کا ۔۔ورنہ مجھے تو اس کا وہ ڈرا سہما انداز ہی یاد پڑتا ہے یہ کایا کیسے پلٹی۔۔۔

وہ ہنسی اس کے حیرت بھرے تبصرے پر اور کہا۔۔۔

"عیان بیٹے, یہ شوہر کا دیا اعتماد اور پیار ہے۔۔۔اب وہ سب پر اپنا حق سمجھتی اور تم سے ڈرتی بھی نہیں۔۔۔سارا کمال ایمان کا ہے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

" کیا واقعی, شوہر کا دیا اعتماد اتنی معنی رکھتا ہے۔۔۔عیان نے پوچھا۔۔۔اس کے امداز میں سادگی تھی۔۔۔

" عیان تم تو بلکل ہی بے خبر رہتے ہو ہر بات سے, بلکل ایسا ہی ہوتا ہے, شوہر کا اعتماد بیوی کو مضبوط کرتا ہے, جس کی مثال تم نے دیکھی انشاء کی صورت۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

" ائی ایم امیزڈ۔۔۔۔وہ بڑبڑاتا ہوا چلا گیا اور زینب بی اسے جاتا دیکھنے لگی۔۔۔

@@@@@@

جتنا شاندار نکاح کا فنکشن تھا اس سے بڑھ کر شادی کا فنکشن تھا۔۔۔بہت لوگوں کو مدعو کیا گیا۔۔ہر چہرے پر مسکراہٹ اور خوشی تھی۔۔۔

گاؤں سے بھی رشتیدار آئے تھے۔۔۔شاندار انتظام ان کا اسٹیٹس سنبل تھا۔۔۔اج بابا جان کے چہرے پر خوشی کا نور تھا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کئی مہمانوں نے حیدر شاہ سے عیان کی شادی کا پوچھا۔۔جسے وہ عیان کی بزنس کے لگن اور مصروفیات پر ڈال کر ٹال دیتے۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"دیکھ لو میرا بھائی کسی پرنس سے کم نہیں لگ رہا,اج میں بہت خوش ہوں۔۔۔عیان نے قہقہ لگاتے ہوئے عمر سے کہا۔۔۔

"ہاں وہ تو ہے پر اج کی شادی میں میرے یار کے بھی چرچے کم نہیں۔۔۔عمر نے اس کے لکس کو دیکھ کر کہا۔۔۔ جو بلیک کمپلیٹ میں بھر پور مردانہ وجاہت لیے ہوئے تھا۔۔۔

"بات ایمان کی کر رہا ہوں اور تو مجھے کیوں بیچ میں لا رہا ہے۔۔۔

"کیسے نہ لاؤں یار,اب اتنی لڑکیوں کا کرش ہے تو کسی ایک سے منسوب ہو جاتا کہ یہ مسئلا بھی حل ہو جائے, سب لڑکیوں کی امید ٹوٹ جائے کم سے کم,بیچارے حیدر انکل کو دیکھ لو۔۔۔۔عمر نے افسوس کی بھر پور ایکٹنگ کرتے ہوئے کہا جس پر عیان نے کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"اب تمہارے حیدر انکل کا اس معاملے میں کیا ذکر بھلا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

عمر نے کہا۔۔۔

"جواب تو ان کو دینا پڑ رہا سب کو, اخر بڑے بیٹے کی جگہ چھوٹے کی کیوں کروا رہے ہیں۔۔۔صفائیاں تو وہی دے رہے ہیں سب کو۔۔۔تو مزے سے چھوٹے بھائی کی شادی انجوائے کر رہا ہے۔۔۔۔

"یہ تو ہے۔۔۔بس سیٹ ہو جائے میرا بزنس شادی بھی کر ہی لوں گا۔۔۔

اسی وقت کسی کے بلانے پر وہ دونوں اسٹیج کی طرف بڑھے۔۔۔

فوٹو گرافی کا دور شروع ہو گیا۔۔۔ایمان اور انشاء ایک دوسرے کو مکمل کر رہے تھے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

@@@@@@

وہ کمرے میں ایا کئی رسموں کے بعد, کمرہ خوبصورتی سے سجا تھا۔۔۔گولڈن اور ریڈ کا مبینیشن شرارے میں ملبوس انشاء حسین دلہن لگ رہی تھی۔۔۔ایمان نے اسے بھرپور نظر سے دیکھا۔۔۔اس نے ہلکہ سا گھونگھٹ لیا

Posted On Kitab Nagri

تھا جسے لمحے کی دیر کے بغیر اسے الٹ دیا۔۔اس کا چاند سا حسین چہرہ اسے مبہوت کر گیا۔۔ہاتھوں میں کنگن پہنائے اور اس کے ہاتھ تھام کر کہا۔۔

"اج کی رات, مجھ سے وعدہ کرو تا عمر ہنستی مسکراتی رہو گی خوش رہو گی چاہے میں رہوں نہ رہوں, اداس نہ دیکھوں تمہیں۔۔

وہ اس کا ہاتھ تھامے کہے رہا تھا پر اچانک اس کے ہونٹ پر ہاتھ رکھ لیا انشاء نے۔۔

" ایمان کے بچے ایسے نہ کہنا پھر کبھی, میری ساری خوشی تم سے ہے صرف تم سے۔۔۔آئی سمجھ۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

دلہن بنی ساری شرم بالا طاق رکھ کے بولی اور غصے سے اسے گھور رہی تھی۔۔۔

"میری جان, فکر مت کرو, اج کی رات ہی میری کوشش ہو گی جلد ایمان کے بچے اس دنیا میں ائیں اور اس گھر کی رونقیں بڑھائیں۔۔۔کیوں ہاتھی میرے ساتھی دو گی نہ میرا بھرپور ساتھ۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ اسے نثار ہوتی نظروں سے دیکھنے لگا اور شوخ لہجے میں کہا تھا۔۔۔اس کے ہاتھ پر اپنا لمس چھوڑا۔وہ شرما گئی اسے ہلکی سی بازو پر چمٹ لگائی انشاء نے اور کہا۔۔۔

"ایمان تم بھی نہ۔۔۔

" دیکھ لینا جلد ہی ایسا ہو گا۔۔۔ورنہ مت ماننا اس ڈاکٹر کو۔۔ایمان نے ہنستے ہوئے کہا۔۔۔

اج کی رات دونوں کی زندگی کی خوبصورت رات تھی۔۔۔جسے ایک دوسرے میں گم ہو کے گزاری دونوں نے ۔۔۔

@@@@@@@

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

شادی کے بعد دونوں کو ہنی مون پر بھیجا حیدر صاحب نے۔۔پندرہ دن گھوم پھر کے واپس اگ ۓ پر دونوں کا محبت بھعا انداز سب کو مسکرانے پر مجبور کرتا۔۔ایمان کے انے کا ٹائم ہوتا ہسپتال سے وہ دروازے پر نظر جماۓ سج سنور کے اس کا روز انتظار کرتی۔۔۔

شام کی چاۓ حیدر صاحب اور عیان پی رہے تھے,اسے دو دفعہ کہے چکے تھے پر انشاء ہر بار انکار کر دیتی۔۔۔

"بیٹا دیر ہو گئی ہے اسے, تم بیٹھ جاؤ چاۓ پی لو۔۔۔اب کے زینب بی نے کہا۔۔۔

"نہیں زینب بی, ایمان اجاۓ پھر اس کے ساتھ چاۓ لوں گی۔۔۔اس نے کہا تھا اجاۓ گا۔۔اس کی نظرین ہنوز دروازے پر جمی تھی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اس کے معصوم انداز پر سب مسکرا اٹھے۔۔۔عیان دلچسپی سے دیکھ رہا تھا اس کی بے چینی, ایمان اور انشاء کے انداز اسے مسکرانے پر مجبور کر دیتے۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

دروازے کی گھنٹی بجی پھر ملازم نے دروازہ کھولا اور عمر اور نازیہ کو دیکھ کے وہ مایوس ہوئی۔۔۔عیان مسکرایا اس کے انداز پر اور اپنے دوست کے گلے لگا اور نازیہ بھابھی کو سلام کیا۔۔۔

" بچے کہاں ہیں۔۔۔حیدر صاحب نے پوچھا۔۔۔

" اپنے نانو کے گھر ہیں انکل۔۔۔ان سے مل کر عمر نے کہا۔۔۔

انشاء بھی ملی نازیہ سے۔۔۔

"کیا بات ہے ہمیں دیکھ کے اتنی مایوسی انشاء کے چہرے پر۔۔نازیہ بھابھی نے کہا۔۔۔

" یہاں ایمان کا انتظار ہو رہا ہے,اب رونق ایمان کے انے پر ہو گی۔۔۔۔عیان نے ہنستے ہوئے کہا۔۔۔

" ارے واقعی, یہ بات ہے کیا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

" دیکھ لیجئے گا۔۔۔ پھر اس کے چہرے پر ٹیوب لائیٹ جلتی بھی دیکھ لجی ئے گا۔۔۔ عیان نے کہا اور انشاء شرمائی

"اب ایسی بھی بات نہیں۔۔ انشاء نے کہا۔۔۔

عمر اور نازیہ گھر کے فرد ہی طرح تھے اس لی ئے لاؤنج میں بیٹھ گ ئے صوفوں پر۔۔۔ سب باتوں میں مصروف ہوئے۔۔۔

کچھ دیر میں ایمان داخل ہوا اور انشاء ایک جست میں دروازے کی طرف لپکی بغیر کسی کی پرواہ کے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ دونوں ایک دوسرے کو دیکھ کے مسکرائے۔۔۔ اس کے ہاتھ سے ایپرن انشاء نے لیا۔۔۔

"سوری جان, کنسلٹینٹ راؤنڈ نے لیٹ کر دی۔۔۔ ایمان نے ہلکی اواز میں کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"چلیں چائے پیتے ہیں اپ کا ہی انتظار تھا مجھے۔۔۔انشاء نے کہا۔۔۔

دونوں کی نظریں ایک دوسرے میں گم سب سے بے خبر سے لگے۔۔۔

"سوری عمر بھائی۔۔۔ میری نظر نہیں پڑی۔۔۔ایمان نے ایک نظر لاؤنج میں دیکھا اور ان پر نظر پڑتے معذرت بھرے انداز میں کہا۔۔۔

"کوئی بات نہیں, سنا تھا اج دیکھ لی تم دونوں کی دیوانگی۔۔۔ پکے لیلا مجنوں ہو۔۔ عمر نے کہا۔۔۔ عمر کے انداز پر سب ہنسے, نازیہ کو عیان کی بات بھی سچ لگی انشاء کے چہرے پر چمک سی اگئی تھی ایمان کو دیکھ کر۔۔۔

"ویسے انکل اپ سچ بتائیں, یا عیان اپ کا بیٹا نہیں یا پھر ایمان, کیونکہ اتنا بڑا نمایاں فرق دونوں بھائیوں میں, ایک اتنا سڑا مذاج جسے اس عمر تک کسی لڑکی نے اتنا امپریس کیا ہو اور دوسرا ایسا جو دنیا بھول کر گم ہو جائے ایک اسے دیکھ کر۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

عمر نے پوچھا جس پر عیان نے انکھیں دکھائیں پر عمر تو سرے سے اگنور کر کے بڑے غور سے حیدر صاحب کو دیکھ رہا تھے کہ جیسے اس سے ضروری کوئی بات نہ ہو۔۔۔ جس پر سب مسکرائے اور انشاء شرمائی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"بابا جان, سوال دس کروڑ کا ہے, جلدی جواب دیں۔۔۔ایمان نے مذاحیہ انداز میں کہا۔۔۔

"دونوں میرے ہی ہیں, میں بھی اتنا کیریئر کو سریس لیتا تھا جتنا عیان کرتا ہے اور جب ان کی ماں میری زندگی میں ائی تو میں ایمان جیسا بی ہیو کرتا تھا۔۔۔اس لیے عمر بیٹا یہ دونوں میری ہی کاپی ہیں۔۔۔حیدر صاحب نے دونوں بیٹوں کو محبت سے دیکھا۔۔۔عمران کے جواب پر ہنسا۔۔۔

" ویسے بچت ہو گئی عیان کی ورنہ مجھے یقین تھا یہ اپ کا بیٹا بلکل نہیں لگتا سڑو سا۔۔۔۔عمر نے چڑایا اس سے پہلے کچھ اور کہتا عیان زینب بی اگئی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

زینب بی نے چائے سرو کی کچھ ناشتے کے سامان کے ساتھ۔۔۔

سب باتوں میں مصروف ہوئے۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

@@@@@@@

"بابا میں سوچ رہا ہوں انشاء کا یونی میں ایڈ میشن کروانا چاہی ئے۔۔تاکہ کچھ مصروفیات ہو جائے اس کی۔۔ورنہ سارا دن دروازے کے چکر لگانے میں اس کا دن گزرتا ہے۔۔عیان نے چائے دیتی انشاء کی طرف دیکھ کر کہا۔۔۔

"سچ کہے رہے ہو, سارا دن ایمان کی غیر موجودگی میں بولائی پھرتی ہے۔۔۔بابا جان نے تائیدی انداز میں کہا۔۔

انشاء نے ایمان کی طرف دیکھا۔۔۔کہ جیسے کہے رہی ہو تم منع کرو۔۔پر ایمان نے نظر پھیر لی جیسے کہے رہا ہو ۔۔۔میں کچھ نہیں کہے سکتا۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"یہ تم دونوں کی انکھوں انکھوں کی لڑائی ختم کرو۔۔۔تم کہو ایمان کیا کہتے ہو۔۔۔

"میں کیا کہوں بھائی, جو اپ کو مناسب لگے۔۔۔مجھے بھی ایسا فیل ہو رہا ہے کچھ مصروفیات اس کی ہونی چاہی ئے ۔۔۔ایمان نے کہا۔۔

Posted On Kitab Nagri

شادی کو دو مہینے ہو گ ئے تھے اور انشاء کا فارغ پن دیکھ کر سب نے یہی سوچا۔۔۔

" نہیں عیان بھائی مجھے نہیں پڑھنا بس۔۔۔ مجھے گھر میں مصروف رہنا اچھا لگتا ہے۔۔۔ انشاء نے جلدی سے کہا ۔۔۔ اس کا انداز دو ٹوک تھا۔۔۔

" دیکھ لیں بابا جان, اپ کی بیٹی بدل گئی ہے, کیسے دو ٹوک جواب دینے لگی ہے مجھے, اب یہ اپ کی معصوم بیٹی نہیں بلکہ ایمان کی خرانٹ بیوی ہو گئی ہے۔۔۔ تبدیلی اگئی ہے بابا جان۔۔۔۔ وہ مسکرایا۔۔ جس پر انشاء نے نظرین جھکا لیں۔

"یہ تو میں نے بھی محسوس کیا ہے انشاء میری بیٹی کم, ایمان کی بیوی زیادہ لگتی ہے۔۔۔ حیدر شاہ نے چھیڑا جس پر انشاء نے کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

" بابا جان اپ بھی ان کے ساتھ مل گ ئے۔۔۔ وہ ان کے پاس بیٹھ گئی۔۔۔۔ ہلکہ سا روٹھے لہجے میں تھی انشاء ۔۔۔

" بابا جان چھیڑ رہے ہیں تم کو۔۔۔ ایمان نے کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"پہلے بابا کی بیٹی پھر ان کے بیٹے کی خرانٹ بیوی ہے انشاء۔۔۔ایمان نے مزے سے کہا۔۔۔دونوں بھائیوں نے قہقہ لگایا جس پر اس نے بابا جان کو دیکھا۔۔۔

"بس کرو تم دونوں میری بیٹی کو چھیڑنا۔۔۔

"بس اللہ نظر سے بچائے میرے بچوں کو، یونہی ہنستے مسکراتے رہو۔۔۔آمین۔۔۔حیدر شاہ نے اپنے بچوں کو دیکھ کر کہا۔۔۔جس پر سب نے آمین کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

@@@@@@

ناشتے کے وقت انشاء کسی کام سے جا رہی تھی کچن کی طرف اس کو چکر ایا اور اس نے بر وقت صوفے کو تھام کر اس پر بیٹھی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"کیا ہوا انشاء۔۔۔ایمان سب سے پہلے اس کی طرف لپکا۔۔۔ بابا اور زینب بی بھی فکر سے دیکھ رہے جس کا چہرہ زرد سا ہو رہا تھا۔۔۔

"بس ذرہ سا چکر آیا ہے تم فکر نہ کرو تم جاؤ ہاسپیٹل جاؤ, میں ٹھیک ہوں اب۔انشاء نے خود کو نارمل کرتے ہوئے کہا ۔۔۔

"ایسے کیسے, پہلے انشاء کی طبیعت پھر کام, جاؤ ڈاکٹر کو دکھاؤ۔۔۔ بابا نے کہا۔۔۔

"بابا جان میں خود ڈاکٹر ہوں۔۔۔ایمان نے ان کو یاد دلایا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"پر بیٹا اسے تمہاری نہیں زنانی ڈاکٹر کی ضرورت ہے۔۔۔زینب بی نے کہا۔۔۔

جن کی بات پر سب چونکے۔۔۔

"انشاء تیار ہو جاؤ پہلے تمہیں دکھا کر آؤں پھر دوسرے کام۔۔۔ایمان نے جلدی سے کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

@@@@@@@

گھر میں جیسے بہار سی اگی اُس خبر سے کہ گھر میں نیا مہمان ارہا ہے۔۔۔

بس ایسا لگ رہا تھا جیسی سب ہو دو جہان کی خوشی مل گئی ہو۔۔۔شام کو اتے ہوئے عیان ڈھیر سارے کھلونے لیتا ہوا ایا۔۔۔ باباجان نے کہا۔۔۔

"یہ کیا عیان تم تو لگتا ہے پورا دکان اٹھا لائے ہو۔۔۔

"بس باباجان, سمجھ نہیں ارہا تھا کیا لوں کیا چھوڑوں, بس پھر کیا, سب اٹھا لیا۔۔۔ خوشی بھی تو ایسی ہے۔۔۔

اس کے ہر انداز سے خوشی جھلک رہی تھی۔۔۔وہ جو کم مسکرایا کرتا تھا اج دل کھول کے ہنس رہا تھا۔۔۔

انشاء کے ہاتھ میں ٹرے دیکھ کر۔۔۔ عیان نے جلدی ے اس سے لی اور کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"آئندہ سے کوئی کام نہیں کرنا تمھیں, زینب بی اور ملازم رکھ لیں گے, اپ اسے کسی کو کام ہاتھ نہیں لگانے دین گی, کوئی رسک نہیں لینا ہمیں۔۔

اس کے انداز پر ایمان اور بابا تو ہنسے پر انشاء بھی حیران تھی۔۔۔وہ جو ہمیشہ سوچتی تھی عیان اسے کبھی اس گھر کا حصہ نہیں سمجھتا سوائے اس کے سب کے لیۓ احساسات رکھتا ہے۔۔۔

آج اس کے کیئرنگ انداز پر اس کی انکھین نم ہوئیں۔۔۔

" ایسے کیا دیکھ رہی ہو, کیا ہوا۔۔۔عیان کو حیرت ہوئی اس کی انکھوں کی نمی پر۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"کچھ نہیں, بس یہ خوشی کی نمی ہے۔۔۔انشاء نے کہا۔۔۔

"تھینک یو عیان بھائی۔۔۔انشاء نے خوشی سے کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"وہ کس لی ئے۔۔۔عیان نے پوچھا۔۔۔

"آپ نہیں سمجھیں گے۔۔۔انشاء نے دھیرے کہا۔۔

" اچھا تم ارام سے بیٹھو۔۔۔اسے بٹھا کر, دوبارہ گویا ہوا۔۔۔

زینب بی جیسا آپ سے کہا ہے بالکل ویسا کرنا ہے اسے کسی کام کو ہاتھ مت لگانے دینا اور ہاں ایمان تم بھی تمہیں بھی بے انتہا خیال رکھنا ہے انشاء کا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

زینب بی نے ہاں کہا۔۔۔

"جی بھائی بلکل, ویسے اپ کے ہوتے ہوئے مجھے کیا پرواہ, اب اپ ہی خیال رکھیں اس کا۔۔

"زیادہ ذمیداری تمہاری ہے, ایمان مجھے تمہاری طرف سے کوئی کمی نہ ملے۔۔

Posted On Kitab Nagri

"جو آپ کا حکم بھائی۔۔۔۔ایمان نے کہا۔۔۔

"اللہ کا جتنا شکر کروں کم ہے, جو ہم پر اس قدر مہربان ہوا۔۔۔حیدر شاہ نے کہا۔۔۔

@@@@@@@@

رات کے اس پہر تم دونوں یہاں کیا کر رہے ہو۔۔۔عیان نے رات کو گیارہ بجے دونوں کو لاؤنج میں دیکھ کر کہا ۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

انشاء نے منہ پھیر لیا جب کہ ایمان اس پر ایک نظر ڈال کر کہا۔۔۔

"بھائی اس کے کام دیکھو یہ وقت ناراضگی کا ہے۔۔۔ایمان کا انداز شکایت لیے ہوئے تھا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"ویسے تمہیں کہا تھا مجھے انشاء ہر وقت ریلیکس نظر آئے اور تم نے اس کو ناراض کیا ہوا ہے۔۔۔عیان نے سرزش کی۔

"بھائی آپ میری بات سنے بغیر اس کا سائیڈ لے رہے ہیں۔۔۔ایمان نے کہا۔۔۔

" اب تمہاری کوئی اہمیت نہیں رہی ایمان کے بچے۔۔۔سب نے میری سننی ہے کیوں عیان بھائی۔۔۔انشاء نے چڑاتے ہوئے اسے ٹھینگا دکھا کر کہا۔۔۔

اس کے معصوم انداز پر عیان کو بے ساختہ ہنسی ائی اور عیان نے اس کا ساتھ دیتے ہوئے کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"ہاں یہ تو ہے ,اب تو تمہاری چلنی ہے اس گھر میں۔۔بتاؤ ایمان نے کیا کیا۔۔

"بھائی یہ فاؤل ہے ,میری جگہ پہلے ہے ,ایمان نے دکھی ہونے کی بھرپور ایکٹنگ کرتے ہوئے کہا۔۔۔

اب انشاء کی اہمیت کو چیلینج نہیں کر سکتے تم۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"ہائے یہ بھی دن دیکھنا تھا مجھے ایک میرا بھائی تھا گھر میں جس کو بھی چھین لیا تم نے ظالم۔۔۔اب وہ بھی تمہاری ٹیم میں, ہائے میرا بیٹا ہو گا جو میرے ساتھ ہو گا, باقی سب کو تو بس اس کی پرواہ ہے۔۔۔۔

ایمان کا انداز ڈرامائی سا تھا, اپنے جھوٹ موٹ کے انسو صاف کرنے لگا۔۔۔

"بند کرو یہ ڈرامہ اور صاف بتاؤ کیا پرابلم ہے انشاء کی۔۔۔ عیان نے کہا اس کے کاندھے پر دھمو کا مار کر۔۔۔

جس پر سنجیدہ ہو کر ایمان نے اصل بات بتائی۔۔۔

" بھائی اسے رات کے اس پہر آئس کریم کھانی ہے اب میں اسے یہی سمجھا رہا تھا۔۔۔ یہ وقت مناسب نہیں۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

انشاء مدد طلب نظروں سے عیان کو دیکھنے لگی۔۔۔

عیان نے ایک نظر اسے دیکھ کر کہا۔۔۔۔

"سہی تو کہے رہی ہے اس حالت میں, تمہیں اس کی خوشی دیکھنی چاہیئے۔۔۔ جاؤ دونوں کھا کر آؤ۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

انشاء نے اسے انگھوٹھا دکھایا۔۔۔"تھینک کیو عیان بھائی کہا۔۔۔

"اف بھائی, اپ نے بھی اس کی ٹیم جوائن کرلی۔۔۔

"بھئی اب میں مضبوط پارٹی کے ساتھ ہوں۔۔۔ عیان نے کندھے اچکائے۔۔۔

اب ایمان کے پاس سوائے جانے کے کوئی راستہ نہ تھا۔۔۔

"اب چلو جلدی سے, ایسا نہ ہو میرا من بدل جائے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"اف تمہارے نخرے۔۔۔ایمان نے کہا جس پر انشاء اکڑی اور دونوں کی ایک نئی جنگ شروع۔۔۔ عیان نے دونوں کو مسکرا کر دیکھا جن کے بیچ نئی نوک جھونک شروع ہو چکی تھی۔ان دونوں کے دم سے رونق تھی گھر میں ۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

@@@@@

"ایمان ناشتہ تو کرتے جاؤ۔۔۔عیان نے کہا جو جلدی جلدی جا رہا تھا۔۔۔

"نہیں بھائی لیٹ ہو رہا ہوں ہاسپٹل میں کرلوں گا ڈاکٹر اکرم کے راؤنڈ میں لیٹ پہنچنا افورڈ نہیں کر سکتا۔۔۔

"کچھ نہیں ہوتا ناشتہ کر لو ایمان۔۔۔اب بابا جان نے کہا۔

"نہیں بابا جان بہت لیٹ ہوں۔۔اس نے گھڑی دیکھ کر کہا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

زینب بی انشاء کو دیکھیں۔۔۔ بابا نے کہا زینب بی سے۔ان کی بات پر پلٹ کر ایمان نے جلدی سے کہا۔۔۔

"بابا اسے سونے دیں رات لیٹ سوئی تھی طبیعت ذرہ خراب تھی۔۔۔جاتے جاتے ایمان نے کہا۔۔۔اللہ حافظ بابا بھائی اور زینب بی, انشاء کا خیال رکھیے گا پھر شام میں اس کو ڈاکٹر کو دکھاؤں گا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

سب نے اسے اللہ حافظ کہا اور وہ سب پر ایک نظر ڈال کر مسکریا۔۔۔اور چلا گیا لمبے ڈگ بھرتا ہوا۔۔۔

@@@@@@

وہ سیڑھیوں سے اتر رہی تھی بابا جان صوفے پر بیٹھے تھے۔۔انشاء کو دیکھ کر بابا جان نے پوچھا "اب میری بیٹی کی طبیت کیسی ہے۔۔

وہ ارام سے سیڑھیاں اترتی تھی یہ سب کی خاص انسٹریکشن تھی اسے۔۔اس نے سنبھل کر ٹھر کر کہا۔۔۔ "میں ٹھیک ہوں بابا جان۔۔۔

"بابا میں افیس چلتا ہوں عیان نے کہا۔۔۔وہ کھڑا ہوا اپنا بریفکیس اٹھایا۔۔اسی وقت موبائل پر رنگ ہوئی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

"دیکھ لیں, ایمان کی بھی کال اگئی اس کی طبیعت کا پوچھنے کے لی ئے۔۔۔ عیان کا اشارہ انشاء کی طرف تھا جو اہستہ اہستہ اتر رہی تھی سنبھل کر۔۔۔

ہنس کر اس نے موبائل پر کال ریسو کر کے کان سے لگایا۔۔انشاء نے بغور اسے دیکھا سیڑھیوں سے اترتے ہوئے ۔وہ جو کھڑا تھا ایک دم لڑکھڑایا اس کا ہنستا چہرہ تاریک سا سایہ لہرایا سامنے سے بات سن کر۔۔۔

اس کے تاثرات دیکھ کر جلدی سے حیدر صاحب نے کہا۔۔۔

"کیا ہوا عیان۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ دکھ اور صدمے سے باپ کو دیکھنے لگا۔۔۔

"کیا ہوا عیان۔۔۔۔حیدر صاحب نے اس کی بدلتی رنگت دیکھ کر کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

" بابا۔۔۔اس کی زبان لڑکھڑائی۔۔۔

"کہو عیان کیا ہوا۔۔۔۔بے چینی بے بسی کیا ہوتی ہے اج پتا چلا تھا۔۔۔

"بابا ایمان کا ایکسیڈنٹ ہوا ہے ٹرک سے۔۔۔حیدر صاحب کو شاک ہی لگا پر اصل صدمہ تو اسے لگا جو اہستہ قدم سیڑھیوں سے اتر رہی تھی۔۔۔

اتنا سننا اور انشاء کا پاؤں پھسلا۔۔۔ایک قیامت سے ابھی یہ لوگ سنبھلے نہ تھے انشاء کا گرنا ایک اور قیامت برپا کر گیا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

@@@@@@

ایمان چند سانسیں بھی نہ لے سکا اور دنیا سے منہ موڑ گیا۔۔۔سب کو ساکت ہی تو چھوڑ گیا تھا۔۔۔اور اس کی انے والی اولاد بھی اس کے ساتھ اس دنیا سے چلی گئی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

اس دوہرے دکھ نے حیدر صاحب کی کمر ہی توڑ دی تھی۔۔بیٹا اور اس کی آخری نشانی دونوں نہیں رہی۔۔۔کون کس کو سنبھالے یہ سمجھنا ہر کسی کے لیۓ مشکل تھا۔۔۔عیان باپ کو کیا سنبھالتا وہ خود درد سے چور تھا بھائی کو کھونا کسی صدمے سے کم نہ تھا۔۔۔انشاء نے اپنا سب کچھ کھو دیا تھا پر اسے سنبھالنے والا کوئی نہ تھا۔۔وہ اپنا سب کچھ گنوا چکی تھی۔۔۔کئیں دن ہسپتال رہی زینب بی اس کے ساتھ ہی تھی۔۔۔شاید کوئی ایسے الفاظ نہ تھے جو اس کے درد کو کم کر سکتے۔۔۔

ایسے کڑے وقت میں کئی غیر تھے جنہوں نے اپنوں سے بڑھ کر ساتھ دیا جوان کا غم بانٹنے آتے رہتے جن میں عمر اور نازیہ نے بھرپور ساتھ دیا مسٹر وحید حیدر صاحب کے گہرے دوست ان کی فیملی نے بھی بھرپور ساتھ دیا اور ان کا غم بانٹنے کی کوشش کی۔۔۔کچھ پڑوسی تھے جنہوں نے پڑوسی ہونے کا حق ادا کر کے ایسے وقت میں ساتھ کھڑے رہے عیان کے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کوئی کچھ بھی کر لے پر ایمان کی کمی کو پورا کوئی نہ کر سکتا تھا۔۔۔سب کے لبوں کو قفل لگ گۓ تھے ایک خاموشی نے سارے گھر کو اپنی لپیٹ میں لے لیا تھا وحشت سی ہونے لگتی تھی گھر میں رہ کر عیان کو, وہ دیر سے گھر آنے لگا تھا۔۔۔حیدر صاحب کمرے تک محدود ہو کر رہ گۓ تھے۔۔

Posted On Kitab Nagri

انشاء چپ چاپ کمرے میں پڑی رہتی اس کی عدت کے دن تھے۔ زینب بی کھانا دیتی تو کھالیتی ورنہ اسے خود سے بھوک پیاس کا احساس ختم ہو گیا تھا۔۔۔

عیان کا اپنا بزنس ایمان کے ہوتے ہوئے شروع ہو چکا تھا پر اب کامیابیوں کو چھونے لگا پر وہ جذبہ اور جنوں اس کے اندر تھا وہ ختم ہو گیا تھا۔۔۔اب کوئی لمحہ اسے وہ سچی خوشی نہیں دے سکتا تھا جو ایمان کے ہونے سے تھی۔۔۔

شاید ایک ایمان ہی تھا جو ڈوری کی مانند تھا جس نے سب کو جوڑ کر رکھا تھا اب تو سب موتی بکھر کر رہ گئے تھے ۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ایک چپ ایک خاموشی اور سناٹا سا ہو گیا تھا اس محل نما گھر میں۔۔۔ویسے بھی کم مکین رہتے تھے پر زندگی کا احساس سا لگا رہتا تھا زندگی کو بھرپور انداز میں جیتے تھے پر جو زندگی کا احساس اب مفلوج ہو گیا تھا۔۔۔کہنے کو تو سب سانس لے رہے تھے پر زندگی کی رمق نہ رہی تھی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

@@@@@@@

"عمر بیٹھ جاؤ اس فائل پر کچھ ڈسکس کر لیتے ہیں۔۔۔عیان نے کہا فائل کو بغور دیکھ رہا تھا۔ عمر نے غصے سے اس ربوٹ نما شخص کو دیکھا۔۔۔غصہ تو بہت ارہا تھا پر ضبط کیا اور اس کے ہاتھ سے فائل چھینی جھپٹنے کے انداز میں اور کہا۔۔۔

"بس یہی رہ گیا ہے زندگی میں عیان۔۔۔اس نے فائل کی طرف اشارہ کیا۔۔

"کیا۔۔۔عیان نے سوالیہ پوچھا۔۔۔اور فائل لینا چاہی پر وہ اس کی پہنچ سے دور کر چکا تھا۔۔۔دونوں نا صرف بہترین دوست بلکہ بزنس پارٹنرز بھی تھے۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"کیا کیا، یہی کہ کام کو ہی تم نے اوڑھنا بچھونا بنا لیا ہے۔۔۔تم نے افس کو گھر بنا لیا ہے رات کے گیارہ بجے تک بیٹھنے کی کوئی تک ہے بھلا بتاؤ ذرہ۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

عمر نے تیز لہجے میں کہا۔۔اسے عیان جیسے میچور بندے سے اس رویے کی توقع نہ تھی۔۔۔دونوں ایک دوسرے کو گھور رہے تھے۔۔۔

"کیا بتاؤں, فائل دو واپس, ضروری کام ہے ڈسکس کرنا ضروری ہے۔۔۔عیان نے کہا۔۔۔

" شٹ اپ مسٹر عیان, کام کی اڑ میں اپنے درد کو چھپانے کی ضرورت نہیں۔۔۔میں دوست ہوں تمہارا یار کا حالِ دل نہ سمجھا تو پھر بے کار ہے یہ تعلق۔۔۔

عمر نے چڑ کر کہا۔۔۔گہرے دوست تھے دونوں اندر تک ایک دوسرے کو سمجھتے تھے۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"میں کچھ نہیں چھپا رہا۔۔۔عیان نے نظر پھیر کر کہا۔۔۔

"اچھا, تو پھر تم کب احساس کرو گے اپنے باپ کا جس نے ایک بیٹا کھو دیا ہے اور دوسرا بیٹا چھپتا پھر رہا ہے۔۔۔کیا مطلب سمجھوں اس بات کا بتاؤ۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

عمر نے تند لہجے میں پوچھا۔۔۔

"بس اتنا سمجھ لو بابا جان نے مجھ سے بولنا کچھ کہنا چھوڑ دیا ہے, گھنٹوں ایک دوسرے کے سامنے بیٹھ کر ہم نے خاموشی کو برقرار رکھا ہوا ہے۔۔۔اب ہماری بیچ صرف خاموشی ہی رہ گئی ہے, شاید ایمان ہی ہمارے بولنے کی وجہ تھا۔۔۔سب ختم ہو گیا لمحوں میں عمر, ایمان ہماری زندگی میں بسنے والا ایک انسان نہ تھا بلکہ وہ ہماری زندگی جینے کی وجہ تھا, وجہ ختم جینا ختم۔۔۔۔

عیان کے لہجے کا درد عمر کو مارنے لگا۔۔۔پر لمحوں میں خود کو سنبھالا کیونکہ وہ جو اسے سمجھانا چاہتا تھا اس کے لیے اتنی مایوسی اچھی نہ تھی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"چپ کر جاؤ, تم بھی ایسی باتیں کرتے ہو, تم بڑے بیٹے ہو حوصلہ دو, بجائے حوصلہ دینے کے تم بھاگ رہے ہو, ایمان کو گئے چھ مہینے گزر گئے اور تم لوگوں نے بس وہیں فل اسٹاپ لگا دیا ہے۔۔۔۔ایسا نہیں ہوتا۔۔۔ زندگی کو جینا ہی پڑتا ہے۔۔۔۔سب کو زندگی کی طرف تمہیں ہی لانا ہے۔۔۔

عمر کا انداز دوٹوک تھا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"اٹھو گھر جاؤ,اج کے بعد جلدی گھر جاؤ گے پہلے کی طرح سب ساتھ میں کھانا کھاؤ پھر رات کی گپ شپ لگاؤ ۔۔۔دوبارہ زندگی کی طرف لوٹنا ہے تم سب کو۔۔۔اب یہ مایوسی طاری نہ کرنا خود پر ورنہ انکل کو کون سنبھالے گا ۔۔۔اگر یہ مایوسی کا ماحول رہا گھر میں تو انکل نہیں جی پائیں گے۔۔۔

عمر کی بات پر عیان نے سر ہلایہ تائیدی انداز میں پر کہا تو بس اتنا۔۔۔

"پر عمر۔۔۔عمر سمجھ رہا تھا وہ فائل کی بات دوبارہ کرنے لگا ہے پر اسے ٹوک کر عمر نے کہا۔۔۔

"پر ور کچھ نہیں ابھی بہت وقت ہے اس فائل کو کل ڈسکس کر لیں گے۔۔۔میرے یار انکل کا بہت خیال رکھنا ان کو اپنے دوسرے بیٹے کی بھی ضرورت ہے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کچھ یاد انے پر عمر دوبارہ بولا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"انشاء بہن کو بھی تم سب کی ضرورت ہے ان کا بھی خاص خیال کرنا ان کی کل کائنات اجڑ گئی ہے۔۔۔نازیہ مجھے بتاتی رہتی ان کے بارے میں۔۔۔

"ہمممم۔۔۔عیان سیٹ سے اٹھا اس کی بات پر صرف ہنکارا۔۔۔وہ اٹھ کر چلا گیا عمر اسے جاتا دیکھتا رہا۔۔۔

@@@@@@@

عیان رات کے بارہ تک گھر پہنچا۔۔۔ بابا کے کمرے تک گیا وہ سو چکے تھے۔۔۔پر ایک ملازم اس کے لیے جاگ رہا تھا جو کھانا گرم کر کے دے سکے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"صاحب کھانا لگا دوں۔۔۔رحیم نے کہا۔۔۔جو ڈرائیوری بھی کرتا تھا گھر کی اور اس طرح کے کام بھی۔۔۔

"بابا نے کھانا کھایا۔۔۔اس سے پہلے رحیم کچھ کہتا زینب بی لاؤنج میں آئی اور کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"یاد آگئی بابا کی عیان بیٹے۔۔۔وہ ان کے طنز کو خوب سمجھ رہا تھا۔۔۔رحیم کواٹر کی طرف چلا گیا۔۔۔اسے مناسب نہ لگا اب وہاں کھڑے ہو کر ان کی گفتگو سننا۔۔۔

"ہاں پر شکر ہے دیر نہیں ہوئی انے میں۔۔۔زینب بی بتائیں انشاءاور بابا نے کھانا کھایا۔۔۔عیان نے افسوس سے کہا۔۔۔

"ہان کھایا دونوں نے پر اپنے کمروں میں,اب ڈائینگ ٹیبل پر رونق نہیں لگتی عیان بیٹے۔۔۔

انہوں نے دکھ سے کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"کل سے میں جلدی آؤں گا پھر مل کر کھانا کھائیں گے,جانتا ہوں ایمان کی کمی کوئی نہیں پوری کر سکتا پر صرف سانس لینے کے لیۓ سب زندہ رہیں,یہ بھی نہیں ہونے دوں گا۔۔۔سب ہو زندگی کہ طرف دوبارہ لوٹنا ہی پڑے گا۔۔۔عیان نے ایک عزم سے کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"اچھی بات ہے بیٹا کسی کو تو ہمت کرنی پڑے گی, اس درد سے باہر نکلنے کی۔۔۔زینب بی نے دکھ سے کہا۔۔۔

"کھانا گرم کر دوں۔۔۔اس سے پوچھا پر جواب میں عیان نے کہا۔۔۔

"نہیں کھا کر ایا ہوں۔۔۔

اتنا کہہ کر وہ اپنے کمرے کی طرف بڑھ گیا۔۔۔

" جھوٹ بولنا تم کب سیکھو گے عیان۔۔۔ تمہیں تو سہی سے جھوٹ بولنا بھی نہیں آتا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

زینب بی نے اسے جاتا دیکھ کر سوچا۔۔۔۔

@@@@@@@@

Posted On Kitab Nagri

اگلے دن سب کو ناشتے پر اکھٹا کیا عیان نے۔۔۔زینب بی انشاء کو بلالائیں۔۔۔حیدر صاحب کو زبردستی عیان صبح کی واک پر لے گیا خاموشی ہنوز ان کے بیچ تھی واک کے دوران۔۔۔

صبح کی تازی ہوا نے حیدر صاحب پر اچھا اثر ڈالا تھا۔۔۔اب ناشتے پر بھی عیان زبردستی ان کو ڈائینگ پر لا یا اور زینب بی کو انشاء کو بلانے بھیجا۔۔۔

اس وقت انشاء کو اتا دیکھ عیان کو یقین نہ ایا یہ وہی انشاء ہے جو ایمان کی موجودگی میں چڑیا کی طرح چہکتی تھی اب ہڈیوں کا ڈھانچہ بن گئی تھی بے رنگ لباس میں سفید چہرہ زرد ہو کر رہ گیا تھا۔۔۔جن ہونٹوں سے ہنسی کبھی جدا نہ ہوتی تھی وہ ہونٹ سوکھے سے لگ رہے تھے۔۔۔ویران انکھیں درد کی لہر اپنے اندر اٹھتی ہوئی محسوس ہوئی عیان کو۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

چھ مہینوں بعد اج اسے غور سے دیکھا تھا وہ تو اپنے غم میں اس ہستی کو بھول کر ہی رہ گیا تھا۔۔

"زینب بی انشاء کو ریڈی کیجیۓ گا اج شام کو ڈاکٹر کو دکھانا ہے۔۔۔اپ بھی ساتھ چلیں گی۔۔۔عیان نے کہا ۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"مجھے کیا ہوا ہے میں ٹھیک ہوں۔۔۔انشاء نے اپنے نام پر چونک کر جلدی سے کہا۔۔۔

"میں نے تم سے کچھ پوچھا نہیں ہے۔۔۔ یہ میرا حکم ہے۔۔۔ عیان نے سرد لہجے میں کہا۔۔۔

"اور ہاں دھیان سے ناشتہ کرو۔۔۔ عیان کے سرد انداز پر بابا نے بھی چونک کر دیکھا۔۔۔

عیان نے اس کی پلیٹ بنائی جس میں مناسب غذا ڈالی اور اس کے سامنے رکھی ساتھ میں دودھ کا گلاس۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"جلدی ختم کرو سب۔۔۔ کچھ بھی بچنا نہیں چاہی ئے۔۔اس نے حکم دیا انشاء کو۔۔۔اس کے غصے کے تاثرات دیکھ کر جلدی سے ناشتہ کرنے لگی۔۔۔ ویسے بھی کچھ وقت کے لی ئے اس سے ڈرنا چھوڑا تھا ورنہ حقیقت میں وہ اس کے غصے سے بچپن میں بھی ڈرتی تھی۔۔۔ وہ ڈر آج بھی قائم تھا۔۔۔۔

زینب بی خوش ہوئی عیان کے اس انداز پر۔۔۔ کیونکہ وہی ایک تھا جس سے وہ ڈرتی تھی۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ اس کی کھانے کی رفتار پر مسکرایا پھر ایک دم اپنے لب سکوڑے اور سوچا۔۔۔

"تم سے اتنا غافل نہیں ہونا چاہی ئے تھا ہم سب کو۔۔۔۔

سب نے ناشتہ ختم کیا۔۔۔انشاء اٹھ کر چلی گئی سب سے پہلے۔۔۔سب اسے جاتا دیکھنے لگے۔۔۔

@@@@@@@

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

افیس جانے سے پہلے وہ بابا کے کمرے میں ایا۔۔۔بابا نے حیرت سے ٹائم دیکھا کہ دس بج گ ئے تھے جبکہ وہ نو بجے جاتا تھا۔۔۔

" بیٹا آج بہت لیٹ کر دی ہے۔۔۔انہوں نے جتایا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"نہیں بابا, لیٹ نہیں پر اب جا کر لائن پر ایا ہوں۔۔۔ باس ہوں اتنا تو میرا حق ہے۔۔۔وہ زبردستی ہی سہی پھیکی ہنسی ہنسا۔۔۔شاید اس گھر کے لوگ اصل ہنسی بھول چکے تھے۔۔

"کیا مطلب۔۔۔

"مطلب چھوڑیں۔۔۔اپ کے ڈاکٹر کی نیکسٹ اپائمینٹ اج ہی ڈاکٹر سے لوں گا کافی وقت ہو گیا ہے اپ نے ڈاکٹر کو دکھایا نہیں۔۔۔جبکہ ڈاکٹر نے تین منتھ کا فالواپ چیک اپ کا کہا تھا جبکہ سات مہینے ہو چکے ہیں ہمیں ڈاکٹر کو دکھائے۔۔۔۔عیان نے کہے کر ان کو یاد دلایا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

حیدر صاحب ہائیپر ٹینشن کے پیشینٹ تھے ان کا فالواپ ضروری ہوتا ہے ایمان کے جانے کے بعد وہ خود سے غافل ہوئے تھے۔۔۔

"ٹھیک ہے دکھا دیں گے۔۔۔۔انہوں نے کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

کچھ یاد آنے پر انہوں نے دوبارہ کہا" تمہیں انشاء سے اس طرح بات نہیں کرنی چاہیے تھی۔۔۔

" باباوہ اسی زبان میں سمجھتی ہے اور آپ جانتے ہیں ایمان کے جانے کے بعد وہ ہماری ذمہ داری ہے۔۔۔ایمان اس سے کتنی محبت کرتا تھا اور میرے لیۓ وہ ایمان کی نشانی ہے جس کا خیال اب میں خود پر واجب سمجھتا ہوں ۔۔۔

عیان کے لہجے میں کتنا درد تھا اپنے بھائی کے لیۓ۔۔۔۔

" باباوہ اپ کی بیٹی بھی تھی اپ کو اس سے اس طرح لاپرواہ نہیں ہونا چاہیۓ تھا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

عیان نے ان کو احساس دلایا کہ وہ کتنا غافل ہو چکے تھے اس سے۔۔۔ عیان کے لفظوں نے ان کو ان کی لاپرواہی کا احساس دلایا۔۔۔

"ٹھیک کہے رہے ہو تم۔۔۔۔ میں اپنی بیٹی سے غافل ہی تو ہو گیا تھا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"بابا, ایمان کے بعد میں ہوں اپ کے پاس پر ایک دفعہ سوچیں انشاء سے اس کے دو انمول رشتے کھو گ ئے ہیں وہ تو بلکل اکیلی تنہا ہو کر رہ گئی ہے۔۔۔ پھر اپ کیسے بھول گ ئے اسے وہ تو اپ کی لاڈلی بیٹی ہے نا, ہم سے بڑھ کر چاہتے تھے اسے اپ۔۔۔اب اپ کو اس کا پہلے سے زیادہ خیال ہونا چاہی ئے تھا۔۔

"عیان تم ٹھیک کہتے ہو, میں تو اپنے بیٹے کے غم میں نڈھال ہو گیا تھا اور بیٹی کو بھول بیٹھا۔۔۔اچھا ہوا تم نے مجھے احساس دلا یا اس کا۔۔۔

عیان ان کے گلے لگا, انہوں نے ڈھیروں دعائیں دی اسے۔۔۔اور وہ خوش ہوا تھا اپنی اس کوشش پر۔۔۔ کبھی کبھی انسان خود کو ناکارہ سمجھ کر اپنے غم میں ختم ہونے لگتا ہے پر اگر اس انسان کو یہ احساس دلا یا جائے کہ وہ ناکارہ نہیں ابھی کئیں کام اس کے ذمے ہیں جسے اسے پورا کرنا ہے تو اس سے اس کے اندر جینے کی امید بڑھ جاتی ہے وہ اسی ذمیداری کے احساس سے زندگی جینا شروع کر دیتا ہے۔۔۔ یہ امید ہی ہے جو انسان کو زندہ رکھتی ہے۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

یہی سب سوچ کر عیان نے حیدر صاحب کو ایک مقصد دے دیا جینے کا ورنہ جس طرح کی روٹین ان دنوں انہوں نے اپنائی ہوئی تھی اس سے ان کا بیمار ہونا یقینی تھا پر اب نا صرف حیدر صاحب اپنا سوچیں گے بلکہ انشاء کی فکر میں مصروف بھی رہیں گے۔۔۔یہ سب انشاء اور حیدر صاحب کے لیے ضروری تھا۔۔۔

"یاد سے انشاء کو دکھانا شام میں ڈاکٹر کو۔۔۔ بابا نے یاد کروایا اسے۔۔۔

"جی بابا یاد ہے۔۔۔عیان نے اللہ حافظ کہا اور کمرے سے باہر نکلا۔۔۔

جاتے جاتے زینب بی کو بھی کہا عیان نے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

@@@@@@

شام میں وہ گھر آیا تو بابا سر تھامے لاؤنج میں بیٹھے تھے۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"کیا ہوا بابا۔۔

اس سے پہلے بابا کچھ کہتے زینب بی ہانپتی سیڑھیوں سے اتری اور کہا۔۔

"عیان بیٹے انشاء نے دروازہ لاک کر دیا ہے اور کہتی ہے ڈاکٹر کے پاس نہیں جائے گی کیونکہ وہ ٹھیک ہے۔۔

یہ بات سن کر عیان کو بے انتہا غصہ ایا۔۔۔اور وہ غصے سے سیڑھیاں چڑھ گیا اور ایمان کے کمرے کے باہر کھڑا ہوا ۔۔۔

"انشاء پانچ منٹ میں باہر نکلو ورنہ چھٹے منٹ میں جو میں کروں گا وہ یاد کرو نگی ہمیشہ۔۔۔مجھے غصہ نہ دلاؤ۔۔۔

عیان نے سرد دوٹوک لہجے میں کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

عیان کے غصے کرنے کی دیر تھی,اس کی وارننگ پر, لمحے میں انشاء نے دروازہ کھولا اور کہا۔۔

"مجھے نہیں جانا گھر سے باہر کہیں بھی۔۔۔

وہ نظریں جھکائے کھڑی تھی۔۔۔اس کا چہرہ اس کے رونے کی گواہی دے رہا تھا۔۔۔

"بھائی نہیں ہوتا برداش مجھ سے اس کی انکھ میں آنسو پلیز اسے کچھ نہ کہا کریں اپ۔۔۔

اس کے کانوں میں اپنے پیارے بھائی کی آواز گونجی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

دل میں ٹیس سی اٹھی عیان کے۔۔۔

"پانچ منٹ میں کپڑے چینج کرو چلنا ہے۔۔۔اب دروازہ لاک کرنے کی غلطی مت کرنا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

عیان کے روڈ انداز پر وہ اسے دیکھتی رہی وہ نظر چراتا ہوا کمرے سے باہر چلا گیا۔۔۔

اور واقعی پانچ منٹ کے بعد وہ سیڑھیوں سے اتر رہی تھی۔۔۔

"اوہ ہاتھی میری ساتھی شوخ رنگ پہنا کرو بہت جچتے ہیں تم پر۔۔

عیان جو کبھی توجہ نہ دیتا تھا ان دونوں کی باتوں پر اج پتا چلا وہ لاشعوری طور پر دونوں کی باتیں سنتا بھی تھا اور اس کے بھائی کی باتیں اس کے ذہن پر دستک بھی دینے لگیں تھیں۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اس بے رنگ لباس میں وہ ایمان کی انشاء بلکل بھی نہیں لگ رہی تھی۔۔۔

"کیوں ہوا یہ سب۔۔۔ایک تمہارے جانے سے سب ختم ہو گیا ایمان۔۔۔ تمہاری کمی کوئی دور نہیں کر سکتا۔۔ اس گھر کی، ہم سب کی جان تھے تم۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

دل کے درد کو دباتا اس نے کہا تو بس اتنا کہ۔۔۔

"چلیں زینب بی۔۔۔

"ہاں بیٹا۔۔۔وہ چاہ کر بھی انشاء کو مخاطب نہ کر سکا۔۔۔

انشاء اور زینب سے کہے کر وہ بابا کے پاس ایا۔۔۔

"ٹھیک ہے بابا چلتے ہیں جلدی آئیں گے گھر۔۔۔

ان سے جھک کر پیار لیتا وہ بولا اس کے سر پر ہاتھ پھیر کر بابا نے کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

"انشاء کو کچھ چیزوں کی ضرورت ہو گی اسے شاپنگ بھی کرا دینا۔۔۔

"جی بابا جان۔۔۔عیان نے سعادت مندی سے کہا۔۔۔

ان کو لے کر باہر ایا۔۔۔

@@@@@

"تمہارا ڈرائیور نہیں ہوں اگے اجاؤ۔۔۔عیان نے انشاء سے کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"جاؤ انشاء اگے بیٹھو۔۔۔زینب بی نے کہا اس سے۔۔۔

"زینب بی اپ بیٹھ جائیں میں یہیں ٹھیک ہوں۔۔۔انشاء نے آہستہ سے کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

" انشاء تم اجاؤ۔۔۔عیان کے حکم پر وہ اگے اکر بیٹھ گئی۔۔۔

کچھ دیر میں وہ لوگ ڈاکٹر کے پاس پہنچ گ ئے۔۔۔

ڈاکٹر نے کچھ ٹیسٹ لکھ دیں اور ساتھ میں کھانے پینے ورزش اور خود کو مصروف رکھنے وغیرہ جیسی کئی ہدایت کیں۔۔

واقعی وہ خوراک کی کمی کا شکار لگی ان کو۔۔۔کچھ میڈیسن بھی لکھ دیں انہوں نے۔۔۔

لیباٹری سے ٹیسٹ کروا کر باہر نکلنے کے بعد انشاء نے کہا۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"گھر چلیں بہت تھک گئیں ہوں۔۔۔

"جانتا ہوں تمہارے بہانے ,لو جوس پیو پھر مال چلنا ہے۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

زینب بی کو اچھا لگ رہا تھا جس طرح کل سے اس نے خود کو چینج کیا ہوا تھا۔۔۔وہ اپنا درد چھپا کر جس طرح اب سب کی دلجوئی میں لگا ہے یہ ضروری تھا اس گھر کے لیئے ورنہ غم نے ڈیرے جمالیئے تھے اس گھر میں۔۔۔

اب ان کو تسلی تھی عیان سب سنبھال لے گا اور ابھی بھی جس طرح دھونس سے اس نے اپنی بات کہی تھی جس سے صاف ظاہر تھا وہ انشاء کی مانے گا نہیں بلکہ اپنی منوائے گا۔۔۔

عیان کے اس انداز پر وہ خاموش ہو گئی۔۔۔اس کی خاموشی کو رضامندی سمجھ کر اس نے گاڑی شاپنگ مال کے روڈ کی طرف موڑی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

@@@@@@

شاپنگ مال میں اکر ہر طرف اتنی رش اور گہما گھمی دیکھ کر وہ بوکھلا ہی گئی۔۔۔اس سے چلا نہیں جا رہا تھا۔۔۔

"کیا ہوا انشاء۔۔۔عیان نے فکرمندی سے کہا اس کے چہرے کے تاثرات تکلیف دہ تھے۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"پلیز مجھے گھر جانا ہے میرا دل گھبرا رہا ہے اس رش سے۔۔۔انشاء نے روہانسی ہو کر کہا۔زینب بی کو بھی وہ کچھ ٹھیک نہیں لگ رہی تھی۔۔۔

"چلو فوڈ کورٹ چلتے ہیں کچھ کھالو۔۔اگر شاپنگ کی ئے بغیر جائیں گے تو بابا جان کو تکلیف ہو گی۔

عیان نے فکر مندی سے کہا۔

"مجھے گھر جانا ہے بس۔۔۔انشاء نے ضدی لہجے میں کہا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"عیان بیٹا مجھے لگتا ہے ہمیں چلنا چاہی ئے۔۔۔زینب بی نے مداخلت کی آخر کار۔۔۔

"چلو یہ ڈرامے بند کرو جانتا ہوں تمہاری طبیعت کو کچھ نہیں ہوا سب ڈرامے ہیں۔

Posted On Kitab Nagri

عیان نے اس کے گھورنے کی پرواہ کی ئے بغیر کہا۔۔۔وہ اندازہ کر چکا تھا وہ بہانے ہی کر رہی تھی وہ اپنی ازلی ہٹ دھرمی کر رہی تھی تو سامنے بھی عیان تھا جو اس لڑکی کو ٹیکل کرنا خوب جانتا تھا۔۔

وہ خاموشی سے اٹھی اور شاپنگ کرنے لگی زینب بی اسے مشورے دے رہی تھی۔۔۔وہ سارے بے رنگ لباس لے رہی تھی۔۔۔عیان نے چند شوخ رنگ لی ئے اپنی پسند سے پیمنٹ کر کے باہر اگ ئے۔۔۔

انشاء نے کھانے سے انکار کیا تو وہ آئسکریم لے ایا۔۔جسے مجبورً وہ کھانے لگی۔۔

@@@@@@

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"باباجان کو دکھاؤ گی نہیں شاپنگ۔۔۔عیان نے کہا۔۔۔انشاء حیران ہوئی اس کے انداز پر۔۔

"اس میں اتنی حیرت کی کیا بات ہے پہلے بھی تو تم ساری شاپنگ بابا کو دکھانہ لو تم کو کب سکوں اتا تھا۔۔۔

عیان نے یاد دہانی کروائی ورنہ جان بوجھ کر ان کو دکھائے بغیر ہی وہ اوپر جا رہی تھی۔۔

Posted On Kitab Nagri

مرتی نہ کیا کرتی۔۔۔وہ دکھانے بیٹھی۔۔۔وہی ہوا جو عیان نے سوچا تھا۔۔بابا جان ناراض ہوئے۔۔

"یہ کیا اٹھالائی ہو ایسے بے رنگ لباس,اٹھاؤ دور کرو یہ سب۔۔۔

زینب بی نے بھی اسے کافی کہا تھا وہاں پر وہ اپنی ضد کی پکی تھی۔۔۔

"بابا جان اب یہی رنگ مجھے پسند ہیں۔۔سب میں نے اپنی مرضی سے لی ئے ہیں۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"یہ تمہاری پسند نہیں انشاء,میں جانتا ہوں۔حیدر صاحب نے کرب سے کہا۔

"وقت کے ساتھ سب کچھ بدل جاتا ہے,اور میں بھی بدلنے لگی ہوں اور میری پسند بھی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"میرا تمہارے لیے پیار نہیں بدلا انشاء, کل بھی میری بیٹی تھی اج بھی ہو, اور اس حال میں تمہیں دیکھنا میری برداشت سے باہر ہے۔۔۔

ان کی انکھیں نم ہوئیں, کیا سے کیا ہو گئی تھی ان سب کی لاپرواہی نے اسے کیا سے کیا بنا دیا تھا۔اج شام سے یہی سوچ حیدر صاحب کو اندر ہی اندر مار رہی تھی۔۔۔ شکر تھا سہی وقت پر عیان نے ان کو احساس دلا دیا ورنہ وہ تو اس لڑکی کو بھول بیٹھے تھے۔۔۔

وہ بس ان کو دیکھے جا رہی تھی کچھ کہنے کو نہ تھا اس کے پاس۔۔۔

اسی وقت کچھ شاپرز عیان نے بابا کے سامنے کیئے اور کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"یہ کچھ اپ کی طرف سے میں نے انشاء کے لیئے ہیں دیکھ لیں بابا جان۔۔۔

بہت سے خوبصورت رنگ کے کپڑے تھے جن کو دیکھ کر بابا جان خوش ہوئے اور انشاء سے کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"ان بد رنگ سادے کپڑوں کو زینب بی کو دو۔۔۔

اور زینب بی سے کہا۔۔۔

"یہ کپڑے انشاء کے سر کا صدقہ کر کے غریبوں میں بانٹ دو, میری بیٹی یہ کپڑے نہیں پہنے گی۔۔۔

"پر بابا جان۔۔انشاء کو کچھ نہ کہنے دیا اور اس کی بات کاٹ کر کہا۔۔۔

"بس میں نے کہے دیا۔۔۔اور وہ خاموش ہو گئی زینب بی نے کپڑے اٹھالی ئے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

پھر سب نے مل کر کھانا کھایا۔۔۔انشاء جانے لگی کھانے کے بعد پر عیان نے کہا۔۔۔

"سب کے لی ئے قہوہ بناؤ, پھر جانا آرام کے لی ئے اپنے روم میں۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

اس کا تھکن سے برا حال تھا پر عیان کی فرمائش پر اسے رکنا پڑا۔۔۔ پھر بڑے ضبط سے وہ کچن کی طرف جانے لگی تو پیچھے سے اس نے دوبارہ کہا۔۔۔

"اپنے لی ئے دودھ کا گلاس لانا دوائی لینی ہے تمہیں۔۔۔

وہ ایک دم مڑی دانت پیس کر کہا۔۔۔

"میں خود لے لوں گی اپ کو فکر کی ضرورت نہیں عیان بھائی۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"اب میں تم سے نہیں پوچھوں گا مجھے کیا کرنا چاہی ئے کیا نہیں, تم کو جو کہا جائے وہی کرو۔۔ عیان کے دوٹوک انداز پر وہ پاؤں پٹختی ہوئی کچن کی طرف گئی۔۔

پیچھے سے بابا نے کہا عیان سے۔

Posted On Kitab Nagri

"عیان اس طرح بات مت کرو اسے تکلیف ہو گی۔۔۔ان کے لہجے میں فکر تھی انشاء کے لیئے۔۔

"بابا وہ یہی زبان سمجھتی ہے,میں بھی اپ کی طرح ڈھیل دینے لگا تو یہ لڑکی اپنا حال کیا کر لے گی اپ سوچ بھی نہیں سکتے اپ مجھے اسے ڈیل کرنے دیں,ورنہ اسے زندگی کی طرف لانا مشکل ہو جائے گا۔۔۔

"تم ٹھیک کہے رہے ہو۔۔۔انہوں نے پر سوچ انداز میں کہا۔۔

@@@@@

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

عیان نے سمجھداری سے سب کو سنبھال لیا اب پھر سے گھر گھر لگنے لگا تھا۔۔۔پہلے کی طرح بریک فاسٹ اور ڈنر ساتھ میں کھانے لگے تھے۔۔۔وہ صبح جاتے ہوئے زینب بی سے اس کی دوائی لانے کو کہتا اور اپنی موجودگی میں کھلاتا اور رات کا ڈوز بھی اپنے سامنے ہی کھلاتا وہ کڑھتی رہتی پر عیان سے کچھ کہنے کی اس میں اتنی ہمت نہ تھی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

رپوٹس میں صرف خون کی شدید کمی بتائی باقی سب رپوٹس کلیئر تھیں۔۔اس کی دوائی ڈاکٹر نے لکھ دی تھی ساتھ میں فروٹس کے لی ئے خاص تلقین کی تھی۔۔

باباجان کی طبیعت بھی عیان خود دکھانے لے گیا۔۔۔ان کی میڈیسن ڈاکٹر نے چینج کی تھیں۔۔اب گھر اور آفس دونوں کو ٹائم دینے لگا تھا وہ۔۔۔ عمر اس کا بھرپور ساتھ دے رہا تھا۔۔۔واقعی اس نے ہمیشہ بہترین دوست ہونے کا حق ادا کیا تھا۔۔عیان اس معاملے میں خود کو خوش نصیب سمجھتا تھا۔۔۔

@@@@

Kitab Nagri

عیان کے کہنے پر وہ انشاء سے بات کرنے آئے تھے اس کے کمرے میں۔۔وہ ہلکی سی نوک کر کے کمرے میں آ گئے۔۔۔

www.kitabnagri.com

وہ ایمان کی تصویر کو لے کر رو رہی تھی اور کچھ بول بھی رہی تھی۔یہ بات ان کو عیان پہلے ہی بتا چکا تھا کہ وہ رات کو اکیلی باتین کرتی رہتی ہے بلکہ اکثر وہ محسوس کر چکا تھا یہ سب۔۔۔پر اس کا پوچھنا یا کچھ کہنا مناسب نہ تھا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

یہ حالات دیکھ کر ہی عیان نے فیصلا کیا تھا اسے یونی میں ایڈمیشن لینی چاہیئے تاکہ کچھ مصروف ہو سکے۔۔یہی بات کرنے وہ اس وقت آئے تھے اس کے پاس۔۔

"باباجان اس وقت آپ۔۔۔انشاء نے جلدی سے اپنے آنسو صاف کر کے کہا۔۔تصویر کو سائیڈ پر رکھا اور ان کے پاس آئی اور ان کا ہاتھ پکڑ کر روم کے صوفے پر بٹھایا اور خود ان کے پاس آ کر بیٹھی باباجان نے کچھ کہا تو نہیں پر اسے بغور دیکھتے رہے اور رو رو کر اپنی آنکھیں سجا چکی تھی۔۔۔اور ان کے اس طرح کے دیکھنے پر گڑ بڑ آ کر انشاء نے کہا۔۔

"کیا بات ہے باباجان کوئی کام تھا مجھے بلا لیتے۔۔آپ تو اتنی سیڑھیاں چڑھ کر نہ آتے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"بات مجھے کرنی تھی تو انا بھی مجھے چاہیے۔۔۔انہوں نے کہا۔۔

"جی کہیں۔۔۔انشاء نے کہا۔۔

Posted On Kitab Nagri

"بیٹا تم یونیورسٹی میں ایڈمیشن لے لو۔۔اس سے کچھ مصروفیات تمہاری بڑھ جائے گی۔۔۔

"نہیں بابا جان مجھ سے نہیں ہو گا۔۔انشاء نے سہولت سے کہا۔۔

"اور بیٹا یہ ضروری ہے ...

"نہیں بابا جان مجھے فورس نا کریں مجھ سے نہیں ہو گی پڑھائی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"تو بیٹا دوستوں سے ملا کرو,اپنی سہیلیوں کے گھر آیا جایا کرو۔۔ کبھی ان کو گھر پہ بلاؤ کبھی خود جایا کرو۔۔۔

انہوں نے کچھ سوچ کر کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"بابا میری کوئی سہیلی نہیں کیونکہ ایمان کے ہوتے ہوئے مجھے کبھی کسی دوست کی ضرورت نہیں پڑی اور اپ جانتے تھے وہ مجھے کالج میں اتنی دوستیان کہاں رکھنے دیتا تھا۔۔

وہ حیران ہی ہوئے واقعی ایسا تھا اس کی کوئی سہیلی گھر نہ آئی تھی کبھی۔۔۔

ان کے دل میں ٹیس سی اٹھی کتنی اکیلی تھی وہ پہلے نازیہ ایا کرتی تھی اس کے لی ئے پر وہ بھی کتنے دن یہ سب کرتی آخر اس کا اپنا گھر اور اپنی مصروفیات تھیں۔۔۔

"تو تمھیں یونی جانا چاہی ئے نئ سہلیاں بناؤ شوشل بنو تا کہ پر سکوں رہو۔۔

"بابا اب مجھے کہیں بھی سکون نہیں آئے گا۔۔ میں نہیں رہ سکتی ایمان کے بغیر۔۔۔ کیوں کیا اس نے میرے ساتھ ایسا مجھے کیوں اپنا اتنا عادی بنا دیا کہ اس کے بغیر کچھ بھی اچھا نہیں لگتا۔۔۔ میرا سب کچھ لے گیا ایمان بابا جان۔۔۔ میرا سکون صرف ایمان کے پہلو میں ہے, دعا کریں میں اپنے ایمان کے پاس چلی جاؤں, اب کہیں چین نہیں آئے گا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

وہ ان کی گود میں سر رکھ کے رو پڑی۔۔۔انہوں نے اس کے سر پر ہاتھ رکھا اور کہا۔۔۔

"ایسی باتیں نہ کرو انشاء, مجھ بوڑھے کے جانے کی عمر ہے تم لوگ ایسی باتیں کر رہے ہو۔۔۔

"بابا اپ کو کچھ نہ ہو اللہ سلامت رکھے اپ کو۔۔۔ان کی گود سے سر اٹھا کر انشاء نے کہا۔۔۔

"تو پھر ایسی باتیں نہ کرو۔۔۔

"نہیں کروں گی اب اپ بھی ایسی باتیں نہ کیا کریں۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"بس مجھے اپنا بابا جان دوست سمجھو ہر بات دل کی مجھ سے کو گی سمجھی۔۔۔

"جی بابا جان۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

باپ بیٹی دونوں نے ایک دوسرے کے آنسوں پونچھے۔۔۔

پھر کتنی دیر وہ ایمان کی باتیں کرتے رہے۔۔۔دونوں کے دلوں کو سکون مل رہا تھا۔۔

@@@@

دو مہینے گزر گئے پتا ہی نہیں چلا تھا۔۔۔ان دنوں بابا جان اسے کئی دفعہ کہے چکا تھے وہ حج پر جانا چاہتے ہیں کیونکہ ایمان کے بعد ان کو زندگی پر بھروسہ نہ تھا۔پر عیان ٹال دیتا کیونکہ عیان مطمئن نہ تھا ان کی صحت کی طرف سے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

پر عیان کو اندازہ نہ تھا کہ بابا جان بالا ہی بالا اپنا کام کروالیں گے۔۔۔جب ان کے کاغذ بن کرا گئے ٹکٹس تک کنفرم ہو گئی تھی۔۔۔انہوں نے عیان کو بتانے کی بھی ضرورت نہ سمجھی انہوں نے۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

ان کے دوست جواد کے بیٹے ٹکٹس دے کر گئے تھے۔۔جب تک حسن بیٹھا تھا وہ خود پر ضبط کرتا رہا۔۔وہ کتنی دفعہ حیرت سے بابا کو تک رہا تھا پر حیدر صاحب بھی اسے اگنور کر کے بیٹھے رہے۔۔۔ان کو اندازہ تھا عیان کے دل کی کیفیت کا۔۔

کچھ دیر میں تو حسن اٹھ کے چلا گیا عیان ان کو دروازے تک چھوڑنے گیا تھا۔۔۔جب واپس آیا تو وہ فون پر بات کر رہے تھے۔۔ جس طرح وہ بات کر رہے تھے عیان کو اندازہ ہو گیا وہ گاؤں بتا رہے تھے اپنے جانے کا۔۔

ان کے فارغ ہوتے ہی عیان نے کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

" بابا جان یہ ٹھیک نہیں کر رہے اپ۔۔اس طرح سے بغیر بتائے۔۔

"تمہیں کیا لگا تم ایک ہی ہو جو میرا کام کر سکتے ہو اور میری اپنی کوئی سورسز بھی نہیں۔۔۔

"وحید انکل کو پتا تھا۔۔۔عیان نے حیرت سے پوچھا۔۔

Posted On Kitab Nagri

"نہیں, وہ تم کو بتا دیتا اس لی ئے اس پر اعتماد بے کار تھا۔ بابا جان نے فخر یہ انداز میں کہا۔۔

عیان شاک ہی ہوا تھا۔۔اب کچھ کہنا بے کار تھا وہ پکا کام کر چکے تھے۔۔۔

"انشاء کو بتایا اپ نے۔۔۔عیان نے سنبھل کر پوچھا۔۔

"اپنی بیٹی کو اعتماد میں لے چکا ہوں میں۔۔۔بابا جان نے سکوں سے کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"ہاں بیٹی تو آپ کی سگی اولاد ہے میں تو سوتیلا بیٹا ہونا اسی لئے مجھ سے چھپایا۔۔۔

عیان نے چڑ کر کہا۔۔۔جس پر بابا جان نے بے ساختہ قہقہ لگایا۔۔۔بابا جان کے چہرے کی خوشی نے عیان کو چپ کروا دیا۔۔جو شخص ایمان کی زندگی میں خود کو ینگ سمجھتے تھے آج واقعی وہ بوڑھے لگنے لگے تھے اسی لیے شاید اپنے فرض پورا کرنا چاہتے تھے۔۔حج بھی ایک فرض ہی تھا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

@@@@@

اگلے دن ہی گاؤں سے صلاح الدین شاہ آ گئے تھے۔۔انہوں نے خوشی کا اظہار کیا۔۔انشاء اور زینب بی کھانے کے انتظام میں مصروف تھیں۔۔۔

حیدر شاہ اپنے کزن کے ساتھ خوش گپیوں میں مصروف تھے۔۔۔

کھانے کے بعد وہ پر سکون ہو کر بیٹھے تھے تو صلاح الدین شاہ نے کہا"تو کب کی فلائٹ ہے تمہاری۔۔

"دس دن بعد کی ہے۔۔۔

"ماشااللہ اللہ یہ دن سب کو نصیب کرے۔۔حج بھی ایک طرح کا فرض ہی تو ہے ہر مسلمان صاحب حیثیت پر

۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"اور میرا خیال ہے حیدر یار تمہیں ایک اور فرض پورا کر کے پھر جانا چاہی ئے۔۔۔حج پر جانے پر اصل سکوں تب ملتا ہے۔۔جب دنیاوی سارے فرض سے انسان سبکدوش ہو کر جائے, اصل مزا تو تب ہے۔۔۔

"میں سمجھا نہیں تمہاری بات کا مطلب۔۔۔حیدر شاہ نے حیرت سے کہا۔۔

"بیٹی کو اس طرح چھوڑ کر جا رہے ہو وہ بھی عیان کے آسرے پر کیا یہ مناسب ہے۔۔کیا یہ مناسب نہیں ہے کہ تم اپنی بیٹی کو اس کے گھر کا کر کے جاؤ۔۔میں تو حیران ہوں اس بات کی طرف تمہاری توجہ ہی نہیں گئی۔۔

"پر اتنا جلدی, ابھی انشاء کو مکمل سنبھلنے دینا چاہی ئے, ابھی تو ایمان کے غم سے نکلی نہیں میں اسے ایک اور اذیت نہیں دینا چاہتا۔۔۔حیدر شاہ نے دکھ سے کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

"میرے یار سمجھنے کی کرو, بیٹی کو اس طرح چھوڑ کر جا رہے ہو سوچو تمہارا جج کا قبول بھی ہو گا یا نہیں, ایک طرف خود ہی کہے رہے ہو زندگی کا بھروسہ نہیں ہے اور دوسری طرف خود اپنی ذمیداری سے منہ موڑ کے جا رہے ہو ۔۔ کمال کی بات ہے۔۔۔اس طرح اکیلے چھوڑ کے جانا مناسب نہیں عیان اس کا نا محرم ہے۔۔۔

صلاح الدین شاہ نے ان کے دل و دماغ کو جنجھوڑ دیا تھا۔۔۔چند لمحے کے لیے تو وہ ساکت ہو گئے تھے کہ وہ اس بات پر کیا رائے دیں۔۔۔ان کی خاموشی کو نوٹ کرتے ہوئے دوبارہ صلاح الدین شاہ نے کہا۔۔۔

"مجھے تمہارا احساس ہے حیدر یار, تمہاری بیٹی میری بیٹی کی طرح ہی ہے اسی لئے بھی اپنے ولید شاہ کا رشتہ مانگ رہا ہوں تم سے انشاء کے لیئے, جیسے تمہارے گھر میں راج کر رہی تھی ویسے ہی راج کرے گی میری حویلی میں ۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"ولید شاہ۔۔۔زیر لب حیدر شاہ نے کہا۔۔۔

وہ جانتے تھے ولید شاہ دو بچوں کا باپ ہے جس کی بیوی پچھلے سال انتقال کر گئی تھی ڈلیوری کے دوران۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"کیا کہتے ہو یار۔۔انہوں نے کہا۔۔۔

حیدر شاہ گم صم انداز میں ان کا چہرہ تکنے لگے۔۔۔

" اتنا کیا سوچ رہے ہو, میرے یار, ولید شاہ سے بہتر تمہیں کوئی رشتہ نہیں ملے گا۔۔صلاح الدین نے اس کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر کہا۔۔۔

" میں ابھی کچھ نہیں کہے سکتا یار, بیٹی کا باپ ہوں, کچھ وقت سوچنے کا لونگا۔۔انشاء ابھی ایمان کے جانے کے غم سے سنبھلی نہیں, اتنی بڑی آزمائش اس پر کیسے ڈالوں۔۔۔

حیدر شاہ نے دکھ سے کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"اس طرح نہ سوچو یہ اس کے لیٔے بہتر فیصلا ہو گا۔۔۔ چلو ٹھیک ہے, میں آج یہیں ہوں کل گاؤں سے سب اجائیں گے, تم ولید شاہ سے دوبارہ مل کے تسلی کر لو اپنی۔۔۔

شاید صلاح الدین سب سوچ کر بیٹھے تھے, اور انہیں یقین تھا ان کے بیٹے کو کوئی ریجیکٹ نہیں کر سکتا۔۔۔

اور وہ اپنی باتیں کرنے لگے۔۔۔ ابھی کچھ دیر ہی ہوئی ملازم ایا اور کہا۔۔۔

"صاحب, وحید صاحب آئے ہیں۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"یہیں لے کر آؤ ان کو۔۔۔ حیدر شاہ نے کہا۔۔۔

"جی ٹھیک ہے صاحب۔۔۔ ملازم اتنا کہہ کر باہر چلا گیا۔۔۔

@@@@@@

Posted On Kitab Nagri

کچھ لمحوں میں وحید صاحب آئے اور گلے لگ گ ئے حیدر شاہ کے اور سلام کیا اور پھر کہا۔۔۔

"مبارک ہو یار, اللہ کے گھر کا بلاوا خوش نصیبوں کو اتا ہے وہاں جا کر ہمارے لی ئے بھی دعا کرنا اگلے سال ہمیں بھی وہاں جانے کی سعادت نصیب ہو۔۔۔۔

سلام کا جواب دینے کے بعد انہوں نے کہا۔

"انشاءاللہ بلکل دعاؤں میں یاد ہو اور وہان جا کر تمہارے لی ئے ڈھیر ساری دعائیں کروں گا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

پھر وہ صلاح الدین سے ملے, وہ اکثر موقعوں پر ان سے مل چکے تھے۔۔۔ تھوڑی دیر باتوں کے بعد انشاء سر پر دوپٹا لی ئے آئی سلام کر کے اور وحید صاحب سے ملی انہوں نے اس کے سر پر ہاتھ رکھ کر دعا دی اور حال احوال پوچھا۔۔

Posted On Kitab Nagri

"کیسی ہے میری بیٹی۔۔۔ان کے لہجے میں اپنی اس پیاری بیٹی کے لی ئے محبت ہی محبت تھی۔۔۔

"ٹھیک ہوں انکل۔۔انشاء نے جھکی نظروں سے کہا۔۔وحید صاحب کے دل میں درد سا اٹھا اس معصوم لڑکی کو دیکھ کر۔۔۔جو کم عمری میں اتنی بڑی تکلیف سے گزر رہی ہے۔۔۔ملازم نے چائے اور لوزمات رکھے ان کے سامنے۔۔۔

"میں ارام کروں گا کچھ دیر۔۔۔صلاح الدین نے کہا۔۔

"ارے چائے پی کر پھر جاؤ۔۔حیدر صاحب نے کہا۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"نہیں یار بہت تھکا ہوں شام میں چائے پیوں گا۔۔۔ابھی بہت مھمان نوازی تم سے لوں گا فکر نہ کر یار۔۔صلاح الدین نے ہنستے ہوئے کہا انشاء کو دیکھ کر۔۔۔وہ مطمئن تھے اور ان کو یقین تھا ولید شاہ کے لی ئے انکار کر ہی نہیں سکتا حیدر شاہ۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

صلاح الدین کے مسکرانے پر حیدر شاہ پہلو بدل کر رہ گئے وہ سہی سے مسکرا بھی نہ سکے۔۔۔ان کی اس کیفیت کو وحید صاحب نے خوب سمجھا۔۔۔

"انشاء بیٹی چاچا کو ان کا کمرہ دکھاؤ۔۔جو ان کے لیے سیٹ کرنے کو کہا تھا میں نے۔۔۔حیدر شاہ نے کہا انشاء سے۔۔۔

"جی بابا جان۔۔انشاء نے ان کے حکم پر کہا۔۔۔

ان کے جانے کے بعد, وحید صاحب نے ان کے چہرے کو غور سے دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"کیا بات ہے, جتنا خوش میں تمہیں دیکھنا چاہ رہا تھا اتنا لگ نہیں رہے, حج کرنے جا رہے ہو اور چہرے پر اتنی مایوسی کیا بات ہے۔۔۔

واقعی سچا دوست کسی نعمت سے کم نہیں کیسے لمحوں میں دوست کے دل کا حال محسوس کر گئے تھے وہ۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"اتنا بے چین کیوں ہو شاہ, بولو بھی۔۔۔وحید نے دوبارہ پوچھا۔۔

"سمجھ نہیں ارہا کیسے کہوں۔۔۔انہوں نے پر سوچ انداز میں کہا پھر لمحے بھر کو ٹھر کر دوبارہ بولے۔۔

"صلاح الدین نے اپنے بیٹے ولید شاہ کا رشتہ مانگا ہے انشاء کے لیئے۔۔۔

"تو تم کیا کہتے ہو۔۔۔وحید صاحب نے پوچھا۔۔وہ پوری بات سنے بغیر تبصرہ کرنے کے قائل نہ تھے۔۔

"میرا دل نہیں مانتا, چالیس سالہ ولید شاہ ہی میری معصوم بیٹی کے لیئے رہ گیا ہے وہ گاؤں کے رہنے والے جاگیردارانہ روایتی سوچ رکھتے ہیں۔۔۔پر۔۔۔

"پر کیا۔۔۔وحید صاحب نے پوچھا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"پر حج پر جانے سے پہلے اپنے فرض سے سبکدوش ہو کر جانا چاہتا ہوں, میں اپنی بیٹی کو تا عمر ایمان کے نام پر نہیں بٹھانا چاہتا اور اتنی جلدی کرنا انشاء کے ساتھ زیادتی بھی ہو گی وحید۔۔۔

ایک لمحے کے لیے سانس لینے کو رکے اور دوبارہ کہا۔۔۔

" میں بہت مشکل میں ہوں دوست, اس طرح انشاء کو اکیلا چھوڑ کر میں اپنے فرض سے منہ موڑ کر, حج پر چلا جاؤں تو کیا میرا حج قبول ہو گا۔۔۔

اس فکر اور پریشانی نے ان کے دل کا سکوں ہی لوٹ لیا تھا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کتنا خوش تھے وہ حج پر جانے کے لئے, اب اس فکر نے, ان کی خوشی کو ملیامیٹ کر دیا۔۔۔ جس سکوں کے لیے وہ حج پر جا رہے تھے شاید اب وہ سکوں وہاں بھی نہ ملے۔۔۔

"حج قبول اور نا قبول اللہ کے ہاتھ میں ہے تم ایسا نہ سوچو شاہ۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"پر وحید ,اب وہ دل کا سکوں بھی نہیں ملے گا جس کے لیے میں حج پر جانے کا پروگرام بنایا تھا۔۔وحید کی بات سن کر دکھ سے حیدر شاہ نے کہا۔۔۔

" اس طرح کیوں سوچتے ہو,اب بھی چاہو تو انشاء کے فرض سے سبکدوش ہو کر جا سکتے۔۔۔

"میں ولید شاہ سے نہیں کروانا چاہتا وحید۔۔۔میں اپنی بیٹی کو خود سے دور نہیں کرنا چاہتا,ایک بیٹا کھو چکا ہوں اب بیٹی کو بھی اتنا جلدی جدا کر دوں خود سے یہ ممکن نہیں میرے لیے۔۔۔انہوں نے فکر مندی سے کہا۔۔

"میں ولید شاہ کی بات نہیں کر رہا,میں ہمارے بیٹے عیان کی بات کر رہا ہوں۔۔اس سے بہتر کوئی نہیں انشاء بیٹی کے لیے,گھر کی بیٹی گھر میں ہی رہ جائے گی۔۔۔اس طرح سے تم بیٹے اور بیٹی دونوں کے فرض سے سبکدوش ہو جاؤ گے شاہ۔۔۔پھر تو سکوں ہی سکوں ہو گا تمہارے اندر۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ شاک ہوئے وحید صاحب کی بات سن کر۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"کیا۔۔عیان, وہ نہیں مانے گا۔۔اج تک نہیں مانا شادی کے لی ئے, اور اب تو وہ بلکل نہیں مانے گا انشاء کے لی ئے وہ اس طرح سوچ بھی نہیں سکتا, میں جانتا ہوں اپنے بیٹے کو۔۔۔

حیدر شاہ نے کہا اور نفی میں سر ہلایا۔۔۔

"کیسے باپ ہو۔۔۔بیٹے کو منا نہیں سکتے, ہر وقت اس کی بات کو اہمیت دیتے ہو۔۔۔

"میں زبردستی کا قائل نہیں, اور اگر میں زبردستی پر آیا تو میرا بیٹا مجھے انکار نہیں کر سکتا۔۔حیدر شاہ نے کہا۔۔۔

"تو بس بات ہی ختم۔۔۔زبردستی کر کے منوالو عیان کو, کیونکہ انشاء کو کوئی نہیں سنبھال سکتا سوائے اس کے, تمہارے خود کے یہ لفظ تھے کچھ دن پہلے, اس گھر کے علاوہ وہ کہیں نہیں رہ سکے گی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کچھ لمحے کی خاموشی کے بعد وحید صاحب دوبارہ بولے۔۔۔وحید صاحب بولنے کے ساتھ ان کے چہرے کے تاثرات بھی بغور دیکھ رہے تھے۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"انشاء کے لی ئے تمہیں یہ کرنا ہے شاہ کیونکہ عیان کے سوا کوئی نہیں سمجھ سکتا انشاء کی حالت, اور اس کے احساسات ایمان کے لی ئے, ہم سب گواہ ہیں ان کی محبت کے, کوئی اور مرد انشاء بیٹی کی سوچوں میں بھی کسی کا دخل برداشت نہیں کرے گا جبکہ عیان ایمان کا بھائی ہے وہ کبھی عام مردوں کی طرح انشاء کے لی ئے نہیں سوچے گا, یہی بہتر فیصلا ہو گا تم سب کے لی ئے۔۔۔

وحید صاحب کی تفصیل سے کی بات نے حیدر شاہ کے دل پر گہرا اثر چھوڑا تھا۔۔۔

"تم ٹھیک کہے رہے ہو۔۔۔حیدر شاہ نے کہا۔۔۔

کافی دیر اسی ٹاپک پر بات کرتے رہے دونوں دوست۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

@@@@@@@

Posted On Kitab Nagri

رات کے کھانے کے وقت وہ جانے انجانے میں ان دونوں کو ایک ساتھ دیکھنے کی خواہش سے دیکھنے لگے اور ان کے اندر شدت پکڑی اس خواہش نے۔۔وہ اس نظر سے دونوں کو دیکھنے لگے۔۔۔ان جو وحید صاحب کا آئیڈیا بالکل ٹھیک لگا۔۔

رات کے کھانے کے بعد انشاء نے سب کو قہوہ دیا اور خود اپنے کمرے کی طرف چلی گئی۔۔

"بابا جان مجھے آفس کا کام ہے میں چلتا ہوں آپ چاچو سے باتیں کریں۔۔۔عیان نے قہوہ ختم ہونے کے بعد کہا ۔۔

"ٹھیک ہے بابا اور چاچو, میں چلتا ہوں۔۔۔اس نے کھڑے ہوتے ہوئے کہا بیک وقت دونوں سے کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"ٹھیک ہے بیٹا تم جاؤ۔۔۔اور عیان چلا گیا۔۔۔

کچھ لمحے خاموشی کے نظر ہوئے جسے حیدر شاہ کی آواز نے توڑا۔۔

Posted On Kitab Nagri

"صلاح الدین تمہارے احساس دلانے پر مجھے اپنی ذمہ داری کا احساس ہوا۔۔اس لئے بہت سوچنے کے بعد میں نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ میں حج پر جانے سے پہلے۔۔۔

صلاح الدین بہت غور سے حیدر شاہ کی بات سن رہے تھے اور اندر سے خوش بھی تھے کہ انہوں نے اس طرف ان کا دھیان دلوایا۔۔۔

"میں حج پر جانے سے پہلے عیان اور انشاء کا نکاح کروا کر اپنی ذمہ داری اور فرض پورا کروں گا تا کہ سکون سے اللہ کے گھر جا کر حج ادا کر سکوں۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اب کے شاک صلاح الدین کو لگا۔۔ایک لمحہ کو لگا کہ ان کو سمجھنے میں غلطی ہوئی ہو پر غور کرنے پر احساس ہوا کہ انہوں نے جو سنا وہی حیدر شاہ کہہ رہے ہیں۔

Posted On Kitab Nagri

"یہ تم کیا کہہ رہے ہو تم اپنی بیوہ بہو کی شادی اپنے کنوارے بیٹے سے کرواؤ گے۔۔۔ حد ہے, کیا عیان کے لیئے یہی ایک لڑکی رہ گئی ہے, کمال کرتے ہو تم حیدر یار, ایسی بھی کیا محبت اس یتیم لڑکی سے کہ اپنے کنوارے بیٹے کا خیال نہیں تمہیں۔۔۔

صلاح الدین کو حقیقتاً شاک لگا تھا اسی لئے ان کو احساس ہی نہیں تھا کہ وہ کیا بولے جا رہے ہیں۔۔ جو ان کے منہ میں آ رہا تھا وہ کہہ رہے تھے اور حیدر شاہ حیران تھے کہ اس طرح کی سوچ وہ انشاء کے لیے رکھتے ہیں۔۔۔ اب کے صدمہ حیدر شاہ کو لگا تھا ان کا بھائی, دوست اس طرح بات کرے گا ان کی بیٹی کے بارے میں وہ سوچ بھی نہیں سکتے تھے۔۔۔

اب ان کو ساری باتیں سمجھ آ گئی تھی کہ وحید کیا سمجھانا چاہ رہا تھا ان کو۔۔۔ بلکل ٹھیک کہا تھا وحید نے جو اہمیت اس گھر میں مل سکتی ہے انشاء کو وہ کہیں بھی کبھی بھی نہیں مل سکتی۔۔۔اور وہ اپنی بیٹی کی بے قدری نہیں ہونے دے سکتے تھے اور اب تو بلکل بھی نہیں۔۔۔

"انشاء میری بیوہ بہو بعد میں پہلے میری بیٹی ہے صلاح الدین, آئندہ کبھی اس طرح کی کوئی بات انشاء کے لیئے مت کرنا ورنہ میں بھول جاؤں گا تم سے میرا کیا تعلق ہے۔۔۔انہوں نے غصہ ضبط کرتے ہوئے کہا۔۔

Posted On Kitab Nagri

شاید ہر باپ اپنی بیٹی کے لیے ایسا ہی جذباتی ہوتا ہے جس طرح اس وقت حیدر شاہ ہو رہے تھے ان کے چند نفرت آمیز لفظ انشاء کے لیے ان سے برداشت نہیں ہو رہے تھے۔۔۔

شام میں جو فیصلا کر کے وہ کشمکش کا شکار تھے اب وہ بلکل ختم ہو گئی تھی وہ کشمش کیونکہ اب ان کا فیصلا اٹل تھا انشاء ہر صورت میں عیان کی بیوی ہی بنے گی۔۔

"تم اتنی بڑی بات کر رہے ہو حیدر, سوچو عیان مانے گا بھی کہ نہیں۔۔۔اتنا خوبرو ہے تمہارا بیٹا بلکل نہیں مانے گا اس بے جوڑ تعلق کے لیے۔۔۔

انہوں نے فخریہ لہجے میں کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"پرسوں ہی جمعے کے روز یہ نکاح ہو گا دیکھ لینا تم۔۔۔حیدر شاہ نے کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"ہمم دیکھ لیں گے۔۔دیکھتے ہیں آج کی اولاد کتنی فرمانبردار ہے اپنے باپ کی۔۔صلاح الدین غصے سے کہے کر اٹھ کھڑے ہوئے اور کمرے کی طرف بڑھے جوان کے لیئے سیٹ تھا...

@@@@@@@

حیدر شاہ کہنے پر آئے تو چیلینج کر لیا پر اب دونوں کو منانا تھا ان کو۔۔۔اور وہ بھی جلد ہی۔۔۔

کچھ سوچ کر وہ اٹھے اور عیان کے روم میں آئے۔۔۔

دروازہ کھول کر اندر آ گئے اور عیان نے فائل سے سر اٹھا کر دیکھا تو حیران ہوا بابا جان کو اپنے کمرے میں دیکھ کر ۔۔۔

"ارے بابا مجھے بلا لیتے میں آجاتا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

" بس بیٹا دل چاہا تو آ گیا سوچا شاید تم سو گئے ہو گے۔۔۔انہوں نے جو منہ میں کہے دیا۔۔ جبکہ اندر سے پریشان جو تھے۔۔۔

"آپ کو پتہ ہے بابا میں دیر سے سوتا ہوں۔۔۔ عیان نے مسکرا کر کہا۔۔

"ہمم مجھے پتا ہے۔۔۔انہوں نے کہا۔ وہ ان کے چہرے کے تاثرات دیکھ رہا تھا۔۔۔جو کچھ عجیب سے ہو رہے تھے۔ کہیں نہ کہیں والی کیفیت عجیب ہی ہوتی ہے ہمیشہ سے۔۔اس وقت یہی حال حیدر شاہ کا بھی تھا۔۔۔کیونکہ اگر عیان نے سختی سے انکار کیا اب کے تو وہ برداشت نہیں کر پائیں گے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"بیٹا تم سے کچھ مانگنا چاہتا ہوں, کیا مانگ سکتا ہوں۔۔۔ حیدر شاہ نے سوالیہ انداز میں پوچھا۔۔۔عیان شرمندہ ہوا ان کے انداز پر۔۔۔وہ باپ ہو کر اس سے اجازت طلب کر رہے تھے یہ افسوس کا مقام تھا ایک بیٹے کے لیے ۔۔۔عیان کی کیفیت کچھ ایسی ہی ہو رہی تھی۔۔۔اس لیے اس نے جلدی سے بابا جان سے کہا۔۔۔

"ہاں بابا جان, آپ پوچھ کیوں رہے ہیں آپ حکم کریں بابا۔۔

Posted On Kitab Nagri

"بس عیان میرے حج پر جانے سے پہلے شادی کرلو,مان جاؤ,میں فیصلا کرچکا ہوں۔۔۔

وہ بات کو زیادہ طول نہیں دے رہے تھے سید حامد ے کی بات پر اگ ئے۔۔اب شاک ہونے کی باری عیان کی تھی۔۔

وہ حیران ہی ہوا ابھی ایک جھٹکا وہ پہلے دے چکے تھے بنا اسے بتائے حج پر جانے کا۔۔اس سے ہی مشکل سے سنبھلا تھا عیان کہ اب دوسرا جھٹکا دے دیا تھا انہوں نے۔۔۔

" باباجان اتنا جلدی,ابھی ایمان کو گزرے وقت ہی کتنا ہوا ہے مجھ سے نہیں ہو گا۔۔۔عیان نے خود کو پر سکون کر کے کہا۔۔۔

"عیان میں نے تم سے پوچھا نہیں میں حکم دے رہا ہوں۔۔۔میں نے پرسوں تمہارے نکاح کا فیصلا کر لیا ہے ۔۔

Posted On Kitab Nagri

حیدر شاہ سخت دوٹوک لہجے میں کہا۔

" باباجان آپ ایسا کیسے کر سکتے ہیں, بغیر مجھ سے پوچھے اور لڑکی بھی اپ کو مل گئی اتنا جلدی۔۔۔

" تم سے پوچھتا ہی رہا تھا ابھی تک, تو اتنی دیر ہو گئی۔۔۔اب اور دیر نہیں کروں گا۔۔۔ تمہیں کوئی اعتراض تو نہیں۔۔

"حکم سنا کر پھر اعتراض کا کیسے اور کس طرح سے پوچھ سکتے ہیں آپ۔۔۔جب آپ نے فیصلہ کر ہی لیا ہے تو میں کیا کہہ سکتا ہوں۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اس کے اندر غضب کا اعتراض تھا پر بروقت اسے یاد ایا کہ باباجان کے ڈاکٹر نے کہا تھا ان کو اسٹریس سے دور رکھا جائے اور اب تو وہ حج پر جا رہے ہیں تو وہ کیسے ان کو کوئی دکھ تکلیف دے سکتا ہے۔۔اس لیئے خاموش ہو گیا۔۔

Posted On Kitab Nagri

ویسے تو عیان نے سوچا تھا وہ بابا کے ساتھ حج پر چلا جائے پھر انشاء کو یہاں اکیلا چھوڑنا مناسب نہ تھا اس لیے اس نے ارادہ کینسل کر دیا تھا۔۔اور ویسے بھی سعودی میں ان کے جاننے والے بہت تھے اسی لیے وہ بے فکر تھا۔۔

"تم نے ہو چھا نہیں لڑکی کا۔۔انہوں نے پوچھا۔کیونکہ وہ جلد اسے بتانا چاہتے تھے۔۔۔

"پوچھ کر کیا کروں مجھے اندازہ ہے اپ نے وحید انکل کی بیٹی کے لیے من بنا لیا ہو گا۔۔اپ کو ویسے بھی پچینا بہت پسند جو ہے۔۔۔عیان نے چڑ کر کہا اور دوبارہ فائل دیکھنے لگا۔۔۔

"عیان تم غلط سمجھ رہے ہو۔۔انہوں نے دھیمے لہجے میں کہا۔۔۔

"کیا مطلب۔۔

"میں نے تمہارا نکاح انشاء کے ساتھ کرنے کا فیصلا کر چکا ہوں مجھے تمہاری رضامندی۔۔۔وہ اپنی بات مکمل بھی نہ کر پائے تھے ایک دم عیان نے ان کی بات کاٹ کر جلدی سے کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

" نہیں بابا جان ایسا کچھ مجھ سے کرنے کو نہ کہیں جو میں کر نہ سکوں, یہ ممکن نہیں بابا جان, نہیں ہو گا مجھ سے, اتنا نہ ازمائیں مجھے۔۔۔میں نہیں کر سکتا بابا جان میں نہیں کروں گا۔۔۔

وہ بے چین ہو گیا تھا ان کا فیصلا سن کر پر ماننا اس کے بس سے باہر تھے۔۔۔

وہ ان کے ہاتھ تھام چکا تھا" پلیز بابا مجھے ایسے نہ آزمائیں۔۔۔عیان کے لہجے میں التجا تھی۔۔۔

" بابا وہ میرے بھائی کی۔۔۔حیدر شاہ نے اپنے ہاتھ چھڑائے ان سے اور اس کی بات کاٹ کر سرد لہجے میں کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"بس عیان ایک لفظ اور نہ کہنا, ایمان نہیں رہا وہ اس کی بیوی نہیں بیوہ ہے جس سے تمہارا نکاح جائز ہے۔۔

"پر بابا پھر بھی۔۔۔عیان نے کچھ کہنا چاہا اس کے ہر انداز میں انکار تھا اس رشتے کے لیئے۔۔۔پھر اس کی بات کاٹ کر حیدر شاہ نے کہا۔۔

Posted On Kitab Nagri

"بس عیان, اولاد بڑی ہو جائے تو پھر ماں باپ کے فیصلے کبھی نہیں مانتی صحیح کہا تھا صلاح الدین نے۔۔۔میرا بیٹا نہیں مانے گا میری بات۔۔۔بہت فخر تھا اس کے چہرے پر اپنی بات کا, وہ صحیح تھا میں ہی غلط تھا۔۔۔جو مجھے مان تم پر تھا وہ بھی غلط تھا۔۔آج کے بعد کبھی نہیں کہوں گا تم سے شادی کا۔۔۔

ان کے لہجے کی مایوسی پر وہ تڑپ ہی اٹھا تھا۔۔۔

"صلاح الدین نے فخر سے ولید شاہ کا رشتہ مانگا تھا, میں نے انکار دیا کیونکہ اپنی بیٹی ایسے بے قدروں میں دے کر رولنا نہیں چاہتا تم پر مان تھا سو فخر سے تمہارا نام لے بیٹھا, غلطی ہو گئی مجھ سے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اس سے زیادہ عیان کی برداشت سے باہر تھا ایک دم اچانک بولا۔۔

"بس کریں بابا جان, ایسے نہ کہیں, مجھے کوئی اعتراض نہیں, میں تیار ہوں, مجھے اپ کا ہر فیصلا منظور ہے۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

" واقعی تمہیں کوئی اعتراض نہیں۔۔۔انہوں نے یقین بے یقین سی کیفیت میں پوچھا۔۔

" بلکل نہیں باباجان,اپ کی خوشی میری خوشی ہے,اپ خوش ہو کر حج کرنے جائیں گے۔۔عیان نے یہ لفظ کس کرب سے کہے تھے یہ صرف وہی جانتا تھا۔۔۔

" عیان تم نے مجھے بہت بڑی خوشی دی ہے۔۔انہوں نے خوشی سے اسے گلے لگالیا۔۔۔وہ مسکرائے اور وہ پھیکی ہنسی ہونٹوں پر لایا۔

@@@@@

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

رات وہ انشاء سے بات نہ کر سکے کیونکہ بہت لیٹ ٹائم ہو گیا تھا۔۔۔ صبح ہوتے ہی سویرے عیان نکل گیا آفیس کے لیئے۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

اگلے دن سب کا انا جانا لگا تھا۔۔۔ کیونکہ سب مبارکباد کے لیے ارہے تھے جیسا کہ اج کل کا رواج تھا۔۔۔حج پر جانے سے پہلے سب ملنے والے اتے رہتے تھے۔۔۔

حویلی والے بھی پہنچ چکے تھے۔۔۔ بڑی بی بھی آئیں تھیں حویلی سے۔۔کافی کچھ لائیں تھیں فروٹس کے ٹوکرے وغیرہ۔۔

"بس حیدر تم نے جلد بازی کر دی عیان کے رشتے میں ہم نے بہت کچھ سوچ رکھا تھا پر کوئی بات نہیں۔۔۔ بڑی بی نے کہا۔۔۔

انشاءاور زینب بی حیران تھیں وہ کیا کہے رہی ہیں۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"بس بی جان اچانک خیال ایا تو سوچا نیک کام میں دیر کیسی۔۔۔ حیدر شاہ نے کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

صلاح الدین سخت تاثر لیے اپنی ماں کو دیکھ رہے تھے ان کو برا لگ رہا تھا وہ عیان کے لیے کیوں اتنا خوش ہو رہی ہیں جبکہ ان کا خیال تھا انشاء ولید کے لیے مانگ لیں پھر اپنی چھوٹی بیٹی کے لیے عیاں کا کہیں گے یوں دوہرا تعلق بنائیں گے پر یہاں تو قصہ ہی الٹ گیا تھا۔۔

صلاح الدین جذباتی تھا پر بڑی بی اب خاندان کی واحد بزرگ تھیں اس لیے انہوں نے سمجھداری سے ساری بات کو سنبھال گئیں۔۔ کیونکہ وہ اچھی طرح سمجھتی تھیں کہ حیدر شاہ اپنی سے ہٹے گا نہیں پہلے بھی ایمان کے وقت بھی اپنی مرضی سے فیصلا کر کے صرف انفارم کرنے کی فارمیلیٹی پوری کی تھی۔۔۔اب کے بھی اپنی مرضی کر چکا تھا تو کیا فائدہ اس بحث کا۔۔۔

جب بڑوں سے فیصلہ مانگا نہ جائے تو پھر بڑوں کا بھی فرض ہے کہ وہ چپ چاپ چھوٹوں کے مناسب فیصلے میں ان کا ساتھ دیں۔۔۔یہی بی جان نے کیا تھا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

" بلکل نیک کام میں دیر نہیں کرنی چاہیے۔۔۔ادھر آو انشاء۔۔۔بی جان نے بات کی تصدیق کرنے کے ساتھ ساتھ انشاء کو اپنے پاس بلایا پیار سے۔۔

Posted On Kitab Nagri

انشاء سادے سفید اور گلابی جوڑے میں ملبوس سر پر دوپٹا لیے گھر کے کام نبٹا رہی تھی۔۔ وہ ہر بات سے بے خبر ان کے بلاوے پر آئی اور انہوں نے اپنے پاس بیٹھنے کو جگہ دی۔۔۔ان کے انداز پر وہ حیران ہی ہو رہی تھی۔۔۔

"یہ میری عیان کی دلہن کے لیے خاص بنوایا ہے میں نے حیدر۔۔۔انہوں نے سونے کی بھاری چین میں بھاری پینڈنٹ تھا خوبصورت سا۔۔ وہ ہاتھ میں لے کر لہرایا یہ انشاء کے سامنے وہ نارمل انداز میں وہ دیکھتی رہی۔۔۔سب ان کی طرف متوجہ تھے اور حیدر شاہ پریشان ہوئے کیونکہ اب تک انشاء بے خبر جو تھی۔۔۔

اچانک سے انہوں نے وہ ہار اس کے گلے میں ڈالا اور کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"اللہ سلامت رکھے تم دونوں کی جوڑی کو۔۔۔ کل نکاح کا جوڑا بھی ہماری طرف ہو گا عیان کی دلہن کا۔۔۔۔

بڑی بی نے محبت سے اس کی پیشانی چومی وہ کا بکا ہو کر یہ سب دیکھ رہی تھی۔۔۔وہ ہار نہیں اسے کسی سانپ یا بچھو سا لگا جو اس کے گلے میں ڈالا گیا وہ ہکا بکا ہو کر سب کو دیکھ رہی تھی۔۔۔سب کے نارمل تاثرات اس بات کی گواہی دے رہے تھے کہ سب اس بات کو جانتے ہیں صرف وہی بے خبر تھی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

سوچنے سمجھنے کی صلاحیتیں مفلوج ہوتی محسوس ہو رہی تھیں انشاء کو اپنی۔۔

اس کا شاک ہونا تین لوگوں نے شدت سے محسوس کیا بابا جان زینب بی بی اور دروازے سے اندر داخل ہوتے عیان نے۔۔۔

وہ سرد نگاہ ڈالتا اس منظر پر, سب کو اگنور کرتا ہوا جانے لگا اپنے کمرے کی طرف, یہ سب اس کی برداشت سے باہر تھا۔۔۔پر بی جان کی نظر اس پر پڑ چکی تھی اور انہوں نے عیان کو آواز دی۔۔

وہ چاہ کر بھی ان کے بلاوے کو اگنور نہ کر سکا اسی لیے ان کے پاس آیا سلام کیا اور سر جھکایا۔ انہوں نے اس کے سلام کا جواب دے کر سر پر پیار دیا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اسے اور انشاء کو ساتھ بٹھایا۔۔۔دونوں خاموش ایک دوسرے کو اگنور کیے الگ سمت دیکھ رہے تھے۔۔

کچھ دیر بعد آخر انشاء اٹھ کر چلی گئی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

باقی سب نے اس کی شرم وحیا سمجھا جبکہ باباجان اس کا درد اچھی طرح سمجھ رہے تھے۔۔۔

@@@@@@@@

روتے روتے اس کی انکھ لگ گئی اچانک دروازہ کھلا۔۔۔ان قدموں کی آہٹ تو اچھی طرح پہچانتی تھی وہ۔۔اس نے انکھیں بند کر کے سونے کا تاثر دینا چاہا۔۔۔

"میں جانتا ہوں میری بیٹی جاگ رہی ہے۔وہ اس کے پاس اکر بیٹھے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ ایک دم اٹھی اور ان کے ہاتھ تھام لیئے اور کہا۔۔۔

"نہیں باباجان یہ ممکن نہیں میرے لیئے مجھے اس آزمائش میں نہ ڈالیں۔۔۔میں نہیں کرسکتی شادی ان سے میں ان کو بھائی سمجھتی ہوں۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ سسکی۔۔۔

"بیٹا اسلام میں منہ بولے رشتوں کی اہمیت نہیں۔۔مان جاؤ میری بات, یہ دیکھو میرے بوڑھے ہاتھ انہیں جوڑ کر التجا کرتا ہوں مان جاؤ میری بات, میں سکون سے اپنے رب کے روبرو ہونا چاہتا ہوں اور یہ سکون مجھے تب ملے گا جب میں اپنے فرض سے سبکدوش ہو جاؤں گا, میری ذمہ داری ہو تم مجھے پورا کرنے دو اپنا فرض ورنہ نہ یہاں سکون سے رہ پاؤں گا نہ وہاں, پلیز بیٹا مان جاؤ۔۔۔

وہ جو کبھی اتنے ہینڈسم لگتے تھے لوگ ماننے سے انکاری ہو جاتے تھے وہ دو بیٹوں کے باپ ہیں, اج وہ شخص ایک بوڑھا اور ضعیف لگ رہا تھا۔۔۔وقت نے بھی کیسا پلٹا کھایا تھا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"خدا کا واسطہ ہے بابا جان, میرے آگے ہاتھ جوڑ کر مجھے گناہ گار نہ کریں۔۔۔بیٹیوں کے آگے باپ ہاتھ جوڑا نہیں کرتے۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

انشاء نے تڑپ کر کہا۔۔۔

"تو انشاء میری بات مان جاؤ, کل نکاح کے لیۓ راضی ہو جاؤ۔۔۔

انشاء نے انکے جڑے ہاتھوں کو کھولا اور ان پر اپنا سر رکھا اور کہا۔۔۔

"مجھے کوئی اعتراض نہیں بابا جان, جیسا اپ چاہیں گے, ویسا ہی ہو گا۔۔۔

اس کی سسکیوں نے ان کو بہت تڑپایا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"انشاء وعدہ کرو اب رو و گی نہیں, تمہاری انکھوں میں ایک بھی آنسو مجھ سے برداشت نہیں ہوتا۔۔انہوں نے التجا کی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"بس باباجان اج کی رات مجھے رونے دیں, مجھے میرے ایمان کے لی ئے رونے دیں, بس اج کی ایک رات۔۔۔ اس سے اگے کے لفظ نہ وہ کہے سکی نہ وہ سننے کی ہمت ان میں تھی۔۔

وہ اپنے انسو پونچھ کر جانے لگے اسی وقت انشاء کے لفظوں نے ان کے قدم روکے۔۔۔

"پلیز باباجان ایک التجا ہے اپ سے۔۔۔

"ہاں کہو۔۔۔

"آج کی رات مجھے تنہائی میسر کر دیں, اج کی رات مجھے میرے ایمان کی سب یادوں کو اپنے اندر بسانا ہے اور ان کو اپنے دل کے قبرستان میں دفن کرنا ہے تاکہ ان کی راکھ میری انے والی زندگی میں نہ رہے۔۔۔

انشاء کے لفظوں نے نا صرف باباجان کو تکلیف دی پر باہر کھڑے عیان کے دل کو بھی تکلیف دی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"تم دروازہ لوک کر کے ارام کرو, میں باہر حویلی والوں کو سنبھال لوں گا۔۔۔

بابا جان اتنا کہے کر کمرے سے باہر چلے گ ئے اور عیاں جلدی سے وہاں سے ہٹ گیا۔۔۔

اج حیدر شاہ کے پاس کہنے کو کچھ نہ تھا نہ کوئ تسلی نہ کوئ تلقین انشاء کے لی ئے کیونکہ وہ اچھی طرح جانتے تھے کہ کوئ بھی لفظ انشاء کے درد کا مداوا نہیں کر سکتا۔۔۔

کبھی کبھی کچھ کہنا اور سننا رائیگان جاتا ہے اس لی ئے حیدر شاہ نے کچھ نہ کہا انشاء سے, کہتے بھی تو کیا کہتے اس کی محبت اس کا شوہر اس کے نام کا بھی احساس اس سے چھین جو رہے تھے۔۔۔ایمان کیا تھا اور وہ کیا تھی ایمان کے لی ئے کسی سے کچھ چھپا تو نہ تھا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اج انشاء کو سب اس کے دشمن لگ رہے تھے اور ظالم بھی لگ رہے تھے پر اسے احساس نہ تھا اس کے لی ئے وہ کیا کر رہے ہیں۔۔

Posted On Kitab Nagri

@@@@@@@

اگلی صبح گھر میں گہما گہمی کا عالم تھا۔۔۔حویلی والے سب تھے اس کے علاوہ عمر اور وحید صاحب کی فیملی اور کچھ پڑوسی گھر کے افراد کیونکہ اج عیان اور انشاء کا نکاح تھا۔۔۔

بی جان کا دیا لباس ہی انشاء کو پہننا تھا اور اس کے علاوہ کچھ زیورات مسز وحید لائیں تھیں حیدر شاہ کے کہنے پر۔۔۔ مغرب کے بعد نکاح کی رسم تھی۔۔۔

"ماما دیکھا پاپا کو میرا احساس نہیں جو عیان کے لیئے اس گنوار کو بیوی بنانے کا مشورہ دیا۔۔۔دیکھا انکل حیدر خود کتنے فخریہ لہجے میں اپ کو بتا رہے تھے۔چینا نے دکھ سے کہا۔۔۔جب سے اس نے عیان کی شادی کا سنا تھا کل رات سے رو رہی تھی۔۔۔اج بھی بڑی مشکل سے اسے سمجھا کر لائیں تھیں کیونکہ گہرے تعلقات تھے دونوں گھروں میں اس لیئے کوئی بدمزگی نہ ہو اس لیئے مسز وحید اسے سمجھا بجھا کر لائیں تھیں۔۔۔

مسز وحید کا دل چاہا کہ اپنا سر پیٹ لے اپنی بیٹی کی ایسی بیوقوفی پر۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"اپنی بکواس بند کرو کل سے تمہارا ماتم سن کر مجھے یقین نہیں آرہا کہ میری بیٹی آکسفورڈ یونی سے پڑھی ہوئی ہے ۔۔۔تمہارے بابا نے جو سہی سمجھا وہ کیا اور مجھے اپنے شوہر کا ہر بات میں ساتھ دینا ہے سمجھی ۔۔۔وہ غصے سے کہے کر چلیں گئیں ۔۔۔وہ اب بھی اکیلی سائیڈ میں کھڑی تھی ۔۔۔

چینا نے منہ بسورا اسی وقت اس کی بہن مینا نے اس کا کاندھا تھپتھپایا اور کہا ۔۔۔

"ویسے بھی آپی ۔۔۔عیان بھائی نے اپ کو کوئی امید نہیں دی جو اتنا رونا دھونا مچایا ہوا ہے اپ نے ۔۔۔اپ کی اطلاع کے لیئے بتادوں عیان بھائی کی شادی کا سوگ ایک اپ نہیں, شہر کی کئیں اور خوبصورت لڑکیاں منا رہیں ہیں اور اس یوسف ثانی کو پتا ہی نہیں لڑکیوں نے اپنا کیا حال بنایا ہوا اس خبر پر ۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

چینا اور مینا ان کے نک نیمز تھے اصل نام نتاشہ اور مناہل تھے ۔۔۔

"تم افسوس کر رہی ہوں یا میرے زخموں پر نمک چھڑک رہی ہو, صرف اتنا بتا دو ۔۔چینا نے پوچھا ۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"یہ باتیں چھوڑیں فی الحال انشاء بھابھی کے پاس چلتے ہیں۔۔۔مینا نے بات کو بدل کر اپنی بڑی بہن کا خیال دوسری طرف کروایا۔۔۔

" بھابھی ہو گی تمہاری, میری نہیں۔۔۔چینا نے چڑ کر کہا۔۔۔

@@@@@@

اندر تو قیامت برپا تھی پر بظاہر پر سکون کھڑی انشاء نے خود کو حالات پر چھوڑ دیا۔۔اس وقت وہ کچھ کہنے کی پوزیشن میں نہ تھی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نازیہ نے بی جان کا دیا جوڑا سامنے رکھا جو کافی ہیوی تھا جو انشاء جیسی نازک لڑکی کے لیۓ پہننا مشکل تھا بہت بھاری ورک تھا چولی اور شرارے پر اور دوپٹا تو بہت ہی زیادہ بھاری تھا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"اتنا بھاری جوڑا نازیہ بھابھی مجھ سے نہیں پہنا جائے گا۔۔۔انشاء نے فکر مندی سے کہا اور واقعی ایک شہری لڑکی کے لیئے پہننا مشکل ہی تھا ایسا لباس۔۔۔

"انشاء جی یہ اپ کی دوسری شادی ہے تو کیا پر عیان کی تو پہلی ہے اپ کو ایسی باتیں نہیں کرنی چاہیئے۔۔۔چینا نے جان بوجھ کر اس کا دل جلانے کے لیئے ایسی بات کہی تھی۔۔۔اپنی اگ کو بجھانے کے لیئے کسی اور جلانا چینا کی فطرت تھی۔۔۔

"چینا تم جاؤ یہاں سے۔۔۔ مسز وحید نے غصے سے گھورتے ہوئے اپنی بیٹی سے کہا۔۔اب ان کو صحیح معنوں میں افسوس ہو رہا تھا کہ وہ چینا کو کیوں لے کر آئیں یہاں۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نازیہ الگ شرمندہ ہو رہی تھی اور انشاء کی انکھیں پانیوں سے بھر گئیں۔۔۔

"انشاء بیٹا مجھے معاف کر دو میری بیٹی بیوقوف ہے اور تھوڑی منہ پھٹ۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"کوئی بات نہیں آنٹی۔۔۔انشاء نے ضبط سے کہا۔۔۔

"یہ تو ہونا ہی تھا اب تو مجھے عادت ڈال لینی چاہی ئے ایسی باتوں کی, کیونکہ ابھی تو ایسے کئی مراحل آئیں گے زندگی میں جہان مجھے ضبط سے کام لینا پڑے گا, بابا جان یہ کیسی آزمائش میں مجھے ڈال دیا ہے اپ نے۔۔۔

اس نے کرب سے سوچا۔۔۔

"انشاء چینج کر لو تو تمہیں ریڈی کر دوں۔۔۔نازیہ بھابھی نے کہا۔۔۔

وہ کپڑے بدل کر آگئی ریڈ میروں اور گولڈن کا نبینیشن میں وہ غضب لگ رہی تھی بغیر تیاری کے۔۔نازیہ دیکھتی رہ گئی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

دودھ جیسی رنگت اس پر سنہری بال اور ویسی انکھیں اس پر گلابی ہونٹ جسے وہ بار بار دانتوں سے کاٹ رہی تھی ضبط سے۔۔۔ایسا حسن سوگواریت لی ئے قیامت خیز لگ رہا تھا۔۔نازیہ اس کے حسن میں کھو گئی "میں کھو گئی ہوں, عیان بھائی کا کیا حال ہو گا یہ حسن دیکھ کر۔۔۔نازیہ نے سوچا اور کہا تو بس اتنا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"ماشاءاللہ۔۔۔بغیر میک اپ کے ہی قیامت ڈھا رہی ہو تم۔۔۔وہ کہے بنا رہ نہ سکیں۔۔۔جس پر انشاء نے نظر جھکا لی۔

اور ناز یہ اسے مینا کی مدد سے تیار کرنے لگی۔۔۔

@@@@@@

پہلے انشاء سے پوچھا گیا کہ اسے یہ نکاح قبول ہے اس نے اپنا سانس ہی روک لیا چند لمحوں کے لیئے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"دیکھ لو اب میرا نام مکمل لگ رہا ہے انشاء ایمان, سب سے خوبصورت احساس ہے یہ میری زندگی کا, حسین لمحہ ہے میری زندگی کا ہے, اج میں خود کو مکمل محسوس کر رہی ہوں۔۔۔نکاح والی رات اس نے یہ بات ایمان سے کہی تھی۔۔۔اج وہی حق اس سے چھیننے والا تھا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

کئی لمحے ساکت رہی وہ۔۔۔ایسا لگ رہا تھا جیسے اس کی انکھیں پتھرا ہی گئی ہوں۔ گھٹن سی ہونے لگی ہو جیسے۔۔ حیدر شاہ نے اس کے ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر کہا۔۔۔

"انشاء بیٹی بولو۔۔۔

وہ ہوش کی دنیا میں لوٹ آئی ان کے نرم گرم احساس پر اور وہ کانپتی اواز میں بولی۔۔۔"قبول ہے۔۔ تم کو پکارنے سے انکار۔۔۔ پھر پوچھا۔اس نے کہا۔"قبول ہے۔۔ تم پر اپنا حق جتانے سے انکار۔۔۔۔ پھر پوچھا۔۔"قبول ہے ۔۔اج کے بعد تمہارا نام خود کے ساتھ جوڑنے سے انکار۔اس نے کہا۔۔۔

ہر ایک قبول کے ساتھ ہر تعلق اس کا ٹوٹا ہی گیا ایمان سے۔۔۔۔

Kitab Nagri

ایسا لگا صدیوں کی مسافت طے کی ہو اس نے چند لفظ ادا کرنے میں۔۔۔۔

www.kitabnagri.com

" سب ختم ہو گیا ایمان, تمہیں پکارنے کے, تمہارے نام کے ساتھ پہچانے جانے سے سارے حق مجھ سے چھین لی ئے گ ئے ہیں۔۔۔ایسا لگتا ہے جیسے کسی نے سانس لینے کی وجہ ہی چھین لی ہو جیسے۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

نکاح کے وقت عیان کے پاس بیٹھا عمر بھی ایک لفظ کہنے کی خود میں ہمت نہیں محسوس کر رہا تھا۔۔اسے اندازہ تھا کہ وہ کس تکلیف میں ہے۔۔۔ عجیب سرد مہری اس کے چہرے پر تھی۔۔ قبول ہے تین دفعہ کس دل سے اس نے کہا بس وہی جانتا تھا۔۔۔جبڑے بھینچے وہ اب سب سے مبارکباد وصول کر رہا تھا۔۔۔

کوئی اور بھی تھی جو عیان کو ہی بس دیکھے جا رہی تھی اور اپنے جذبات کو دبانے کی کوشش کر رہی تھی وہ چینا تھی ۔۔۔جسے پہلی نظر میں اس شہزادے سے محبت ہو گئی تھی ۔۔۔اس وقت بھی عیان سفید کلر کے کرتے میں نظر لگنے کی حد تک ہینڈسم لگ رہا تھا چینا کو, اسے کتنا یقین تھا اس کے پاپا منا لیں گے حیدر انکل کو, پر اب اس کا انتظار اور امید نہ رہی تھی اسے۔۔۔ پھر بھی کچھ وقت لگنا تھا اس دل کو سنبھالنے میں, آنکھیں پانیوں سے بھرنے لگیں تھیں اس کی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

@@@@@@

بڑی بی نے دونوں کو ساتھ بٹھا کر ڈھیر ساری دعائیں دیں۔۔ حیدر شاہ دونوں کے تاثرات بغور دیکھ رہے تھے ۔۔دل میں عجیب سا درد محسوس ہوا ان کو۔۔۔ جانے گھر کو کیسی نظر لگ گئی تھی خوشیاں سب سے روٹھ گئیں

Posted On Kitab Nagri

ہیں۔۔۔کتنے سخت تاثرات تھے عیان کے۔۔۔کب بی جان اور صلاح الدین دعائیں دے کر اٹھے تھے ان دونوں کے پاس سے عیان نے محسوس نہیں کیا۔۔۔

ناچاہتے ہوئے بھی کافی رش ہو گیا تھا جبکہ عیان چاہتا تھا کم سے کم لوگ ہوں۔۔۔پر عیان کوئی عام انسان نہیں شہر کا جانا مانا بزنس مین تھا تو کافی لوگ بغیر دعوت کے مبارکباد دینے اگ ئے تھے۔۔۔کچھ تو ان کے اپنے جاننے والے تھے کھانے کا اچھا خاصا انتظام کرنا پڑا جسے خوش اسلوبی سے اس کے دوستوں نے سنبھالا۔۔۔دوستوں کو بلایا بھی عمر نے تھا ورنہ عیان سخت خلاف تھا کسی کو بلانے پر عمر نے اتنا کہے کر چپ کروا دیا۔۔"شادی کر رہے ہو کوئی چوری نہیں جو اتنا چھپانے کی فکر ہے۔۔۔سب کی دعوت اڑائی ہے تو سامنے دینی بھی پڑتی ہے۔۔۔

"حالات سامنے ہیں تمہارے اور بات ایسے کر رہے ہو جیسے میں بینڈ باجے برات کے ساتھ شادی کر رہا ہوں ۔۔۔

عیان نے چڑ کر کہا۔۔۔

"شادی جیسے بھی ہو شادی شادی ہوتی ہے سمجھے عیان صاحب سو زیادہ ایٹیٹیود دکھانے کی ضرورت نہیں۔۔۔

عمر بھی تھک گیا تھا صبح سے اس کا روڈ رویہ دیکھ کر اسلی ئے غصہ کرنا ضروری لگا اسے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

"اب چپ کر کے بیٹھو دلہے زیادہ بولتے اچھے نہیں لگتے۔۔ عمر کو کچھ نہ سوجھا یہ کہے کر جان چھڑائی اس سے

۔۔۔

"جہاں تک مجھے یاد ہے یہ کہاوت دلہن کے لیئے کہی جاتی ہے۔۔۔ عیان نے کچھ سوچ کر کہا تھا۔۔

"اچھا مجھے سہی سے یاد نہیں پڑتا۔۔۔ عمر نے انکھیں اوپر نیچے گھما کر کہا۔۔۔ان کی اس بحث کے بعد جا کر عیان کا موڈ کچھ بہتر ہوا اور نہ عمر کو لگا اس کو نارمل کرنا مشکل ہے پر زیادہ چھیڑ چھاڑ سے اوائیڈ کیا اس نے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تقریبً سب مہمان کھانا کھا کر جا چکے تھے اب گنے چنے لوگ ہی رہے تھے۔۔۔

"اب ہمیں چلنا چاہیئے۔۔۔ بڑی بی نے کہا حیدر شاہ سے۔۔۔

"آپ لوگ ٹھر جاتے ایک رات اور۔۔۔ حیدر شاہ نے کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"نہیں بیٹا, وہاں جانا ضروری ہے, بہت کام چھوڑ کر آئے ہیں بس اچانک جو یہ پروگرام بنا۔۔بی جان نے کہا ۔۔۔

"چلیں جیسے اپ کو ٹھیک لگے۔۔اگر ٹھرتے تو مجھے اچھا لگتا۔۔۔

"ہمم سہی کہے رہے ہو, اپنا گھر ہے اتے جاتے رہیں گے۔۔۔بی جان نے ان کے محبت بھرے انداز پر جواب میں کہا۔۔۔

" بلکل اپ کا اپنا گھر ہے جب چاہے ائیں۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"اللہ دونوں گھروں کی محبت سلامت رکھے آمین۔۔۔بی جان نے دل سے دعا دی۔۔

آمین۔۔حیدر شاہ نے کہا۔۔

Posted On Kitab Nagri

"یار کہا سنا معاف کرنا حج پر جا رہا ہوں کسی کا دل دکھا کر نہیں جانا چاہتا۔۔۔حیدر شاہ نے گلے لگتے ہوئے اپنے دوست صلاح الدین سے کہا۔۔

ان کے اس انداز پر روٹھے سے صلاح الدین صاحب ایک دم مسکرائے اور کس کے گلے لگا یا دوست کو۔۔۔

"یار مجھے معاف کرنا میں بہت کچھ غلط کہے گیا پر تیرا فیصلا درست ہے, اللہ دونوں بچوں کی جوڑی سلامت رکھے۔۔۔آمین۔۔۔

صلاح الدین کا موڈ بحال ہوتا دیکھ کر حیدر صاحب بہت خوش ہوئے اور خوشی سے کہا "آمین۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یوں حویلی والے رخصت ہوئے۔۔۔

@@@@@

Posted On Kitab Nagri

حویلی والوں کو روانہ کر کے اب صرف عمر اور مسٹر وحید کی فیملی رہ گئی تھی۔۔۔

مسز وحید نے چینا کو پہلے ہی گھر بھیج دیا کیونکہ ان کو لگا اب دوبارہ وہ کوئی بدمزگی نہ کر لے انشاء سے۔۔۔

کھانا سب کھا چکے تھے سوائے انشاء کے کیونکہ اس نے صرف چند لقمے ہی لیئے تھے نازیہ بھابھی کے کہنے پر۔۔۔

مجھے لگتا ہے بھائی صاحب انشاء کو عیان کے کمرے میں بٹھا کر ہمیں چلنا چاہیے۔۔۔ مسز وحید نے کہا اس بات کی تاعید نازیہ بھابھی نے بھی کی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہان کیوں نہیں۔۔۔ حیدر شاہ نے کہا۔۔۔اور ایک نظر عیان پر ڈالی جس نے ہونٹ بھینچ لیئے تھے ضبط سے ۔۔۔ عمر اس کے ضبط کی انتہا دیکھ رہا تھا ماتھے پر شکن اور آنکھیں سرخ ہونے لگیں واقعے یہ لمحہ کتنا اذیتناک تھا ایک بھائی کے لیئے۔۔۔ عمر اس کی کیفیت اچھی طرح سمجھ رہا تھا اس کے ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر اسے ریلکس کیا۔۔۔ جبکہ غصے سے اس نے ہاتھ جھٹکا عمر کا۔۔۔ شاید اس کا دل ابھی رخصتی کے لیئے تیار نہ تھا پر حیدر شاہ کی وجہ سے خاموش رہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"چلو لڑکیوں انشاء کو اس کے کمرے میں چھوڑنا ہے۔۔۔انہوں نے نازیہ اور مینا سے کہا۔۔

انشاء کے سر پر ہاتھ رکھ کر حیدر شاہ اور وحید صاحب نے دعائیں دیں۔۔۔

نازیہ اور مینا نے ایک ایک طرف سے اس کا بھاری لہنگا سنبھالا اور سیڑھیاں چڑھنے لگیں۔۔۔زینب بی اور مسز وحید ان کے ساتھ تھیں۔۔۔

اسے عیان کے کمرے میں روایتی انداز میں بٹھایا اور اسے ڈھیر ساری دعائیں دیں زینب بی اور مسز وحید نے۔۔۔

مسز وحید نے اس کی پیشانی چوم کر اسے اللہ حافظ کہا۔۔۔

مینا اور نازیہ اس سے ملیں اور کھانے کا پوچھا یا کچھ اور چاہیے پوچھا۔۔۔اس نے نفی میں سر ہلایا۔۔۔

یوں سب اسے اکیلا چھوڑ کر روانہ ہوئے۔۔۔

@@@@@@@

Posted On Kitab Nagri

آب صرف تین نفوس رہ گ ئے تھے لاؤنج میں حیدر شاہ عیان اور عمر۔۔۔۔

عمر نے بیوی بچوں کو ڈرائیور کے ساتھ گھر بھیج دیا اور خود دوست کے ساتھ تھا۔۔۔ پچھلے ایک گھنٹے سے خاموشی ہی خاموشی تھی سے حیدر شاہ اور عمر کی مبہم گفتگو نے کہیں بار توڑا اس خاموشی کو پر عمر کے سر دانداز پر دونوں نے اسے ایک دفعہ بھی مخاطب نہ کیا۔۔۔۔

حیدر شاہ کی ہمت نہ تھی اب کچھ کہنے کی عیان کو کہ کہیں وہ پھٹ ہی نہ پڑے اور جس طرح اس نے اب تک خود کو ضبط کیا ہوا تھا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"انکل آپ جا کر آرام کریں میں عیان کو کمرے میں چھوڑ کر چلتا ہوں پھر۔۔۔ آخر کار عمر نے باپ بیٹے کے بیچ کی خاموش احتجاج کو توڑا اور ان سے گلے لگا۔۔۔

"بہت شکریہ عمر بیٹے تم نے اپنوں سے بڑھ ساتھ دیا اس سب میں ,ہر موقع پر نا صرف تم نے اچھے دوست کا کردار نبھایا بلکہ مجھے بھی ایک بیٹے ہونے کا احساس دلایا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

اس کی پینٹھ تھپتھپاتے ہوئے حیدر شاہ نے کہا۔۔۔

"انکل پہلے بیٹا بول کر اپنا کہا اور پھر شکریہ ادا کر کے پرایا بھی کر دیا۔۔۔کمال کرتے ہیں اپ بھی۔۔۔عمر نے محبت سے بھرپور لہجے میں کہا۔۔۔

"کیا کروں بوڑھا جو ہو گیا ہوں۔۔ایسی باتوں کا خیال ہی نہیں کر پاتا۔۔۔

"ارے انکل اپ بلکل ینگ ہیں ابھی بھی کہیں تو اپ کے لیۓ ابھی کوئی آنٹی ڈھونڈ لاتا ہوں۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"چلو جاؤ اپنے گھر۔۔۔انہوں نے جھینپ کر کہا۔۔۔

"پہلے اپ جائیں کمرے میں ارام کریں۔۔پھر میں اس گھامڑ کو کمرے تک چھوڑ کر اندر بھیج کر پوری تسلی کروں گا یہ واپس نہ آئے باہر, پھر جاؤں گا اپنے گھر واپس۔۔۔

عمر نے ان کو تسلی دی جس پر عیان نے غصے سے گھور کر کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"عمر تم سدھر جاؤ۔۔۔آخر کار عیان نے اپنی چپ توڑ ہی دی اور عمر نے کہا۔۔۔

"بس انکل جائیں آرام کریں دوائی لینا مت بھولیے گا اور ریلکس ہو جائیں۔۔۔اور حیدر شاہ اپنے روم کی طرف بڑھ گئے۔۔۔

"او کے بیٹا اللہ حافظ, گھر پہنچ کر مجھے بتانا۔۔۔پلٹ کر انہوں نے کہا۔۔۔

"جی انکل اللہ حافظ۔۔۔عمر نے کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

@@@@@

"اب جاؤ تم اپنے گھر۔۔۔عیان نے کہا چڑ کر۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

" پہلے تمہیں کمرے میں تو چھوڑ کر آؤں پھر تسلی بھی تو۔۔۔۔

عیان نے اس کی بات کاٹ کر کہا۔۔۔

"بکواس بند کرو عمر اب تم جاؤ۔۔۔ تم جانتے ہو مجھے اپنے کمرے کے سوا کہیں نیند نہیں آتی اس لیے بے فکر ہو کر گھر جاؤ۔۔۔

"ہاں پھر ٹھیک ہے۔۔۔اوکے چلتا ہوں,انشاء بھابھی کا خیال کرنا۔۔۔ عمر نے اس کے گلے لگ کر کہا عیاں اسے گھورنا نہ بھولا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"اب بھابھی کو بھابھی ہی بولوں گا۔۔۔۔ عمر نے معصومیت کے سارے ریکارڈ توڑتے ہوئے کہا۔۔

"میں نے تم سے کچھ کہا۔۔۔ کل انے کی ضرورت نہیں تھوڑا نازیہ بھابھی کو ٹائم دینا اج پورا دن میرا سر بہت کھالیا تم نے۔عیان نے بھی بدلا لیتے ہوئے کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

" کہنے کو تو میرے پاس بھی بہت ساری باتیں ہیں مسٹر عیان پر چھوڑو پھر کبھی سہی۔۔۔عمر کہے کر اس سے ملا اور چلا گیا۔۔۔

ابھی چند منٹ ہی گزرے تھے جب وہ عمر کو باہر چھوڑ کر واپس ایا تھا لاؤنج کے صوفے پر بیٹھا تھا۔لائیٹ چلی گئی ۔۔۔

ویسے تو کبھی ایسا ہوا نہیں آٹو میٹک جنریٹر آن ہو جاتا تھا۔۔پر اج لگتا ہے کچھ مسئلا تھا جو گھر کی روشنی چلی گئی۔۔۔ پورا گھر اندھیرے میں ڈوب گیا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"رحیم رحیم کیا ہوا۔۔۔عیان نے تیز لہجے میں پوچھا۔

"سر دیکھ رہے ہیں جنریٹر کیوں نہیں کھلا۔۔رحیم کے بجائے حنیف نے کہا جو مکینک کا تھوڑا بہت کام جانتا تھا اور ڈرائیور تھا ان کا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"ہمم جلدی دیکھو۔۔۔

اسی لمحے اس کے سر میں جھماکے سے ایمان کی کہی بات آئی۔۔۔

"بھائی انشاء کو ڈر لگتا ہے اندھیرے سے,اپ سے بعد میں بات کرتا ہوں۔پہلے اسے دیکھ لوں۔۔۔ایمان کی کہی بات اسے یاد آئی۔

انشاء اس کے کمرے میں اکیلی تھی اور اوپر سے اندھیرا وہ موبائل کی روشنی میں سیڑھیوں کی طرف بھاگا۔۔۔وہ دو سیڑھیاں ایک ساتھ پھلانگتا ہوا اوپر پہنچا۔۔۔جیسے ہی اس نے اپنے کمرے کا دروازہ کھولا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ایک وجود جھٹکے سے اس کے سینے لگا۔۔۔عیان کو زور کا جھٹکا لگا وہ سسکتی ہوئی اس کے سینے سے آ لگی۔۔وہ تھوڑا اگے کو سرکا اسے الگ کرنا چاہا پر وہ اور زور سے اسے خود سے بھینچ لیا انشاء نے۔وہ رو رہی تھی آنسو اس کا سینا بھگونے لگے۔۔۔وہ ہلکا ہلکا کانپ رہی تھی۔۔۔موبائل کارپٹ پر گرا عیان کے ہاتھ سے,اس لیئے اس کی آواز ہی نہ پیدا ہوئی گرنے کی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"ایمان کے بچے اچھا ہوا تم اگ ئے, میں ڈر گئ تھی تم جانتے ہو مجھے کتنا ڈر لگتا ہے اندھیرے سے۔۔۔۔

انشاء کے لفظوں نے اسے جھنجھوڑ دیا۔۔۔

وہ جو اس کے گرد اپنے بازو پھیلاتا اس کے لفظ سن کر اس نے اپنے ہاتھ گرے رہنے دی ئے۔۔۔وہ تو تڑپ رہی تھی پر عیان کے سینے میں درد اٹھا اپنے بھائی کے لی ئے, جو اس لڑکی سے کتنی محبت کرتا تھا۔۔۔اج بھی انشاء اس کے محبت کے حصار سے نکلی ہی نہیں۔۔۔رو وہ رہی تھی پر انسو عیان کی انکھوں میں بھرنے لگے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"ایمان تم ہو میں جانتی ہوں, تمہاری خوشبو میں محسوس کر سکتی ہوں۔۔۔

وہ بے وقوف جانتی ہی نہیں تھی دونوں بھائی ایک ہی قسم کی پرفیوم کا استعمال کرتے ہیں۔۔۔وہ اس کے سینے سے اپنا چہرہ مسل رہی تھی ایسا لگ رہا تھا جیسے وہ اپنے انسو اس کی ہی قمیص سے صاف کر رہی تھی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"ایمان تم کچھ کہتے کیوں نہیں۔۔۔وہ سسکی اور اس کے سینے سے سر اٹھایا۔

وہ سسکتی ہوئی اپنا سر اس کے سینے سے اٹھایا اور اسی لمحے لائیٹ اگئی۔۔عیان کے نزدیک اس طرح کھڑا ہونا اور اس کا ضبط سے ہاتھ بھینچنا وہ دل و جان سے کانپ گئی۔۔۔شرمندگی ہوئی اسے اپنے لفظوں کے یاد انے پر,اسے افسوس ہوا,اندھیرے نے اس کے حواس گم کردی ۓ تھے جو ایسے لفظ بول بیٹھی۔۔۔اب حواس بحال ہوۓ تو شرمندگی نے جگہ گھیر لی۔۔۔

"آئی ایم سوری عیان بھا۔۔۔ایک دم اپنی زبان دانتوں کے بیچ دبائی انشاء نے۔۔۔وہ بوکھلاہٹ کا شکار ہو رہی تھی۔۔شاید پرانی عادتیں چند لمحوں میں کہاں چھوٹتی ہیں۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

رونے کی وجہ سے آواز بھاری ہوگئی تھی۔۔۔وہ شرمندہ سی کھڑی تھی۔۔۔ایک کڑی نظر اس پر ڈال کر عیان کمرے کے واحد صوفے پر جا بیٹھا۔۔۔کافی دیر اپنا سر مسلتا رہا سر درد سے پھٹنے کو تھا۔۔۔وہ اب تک وہیں کھڑی تھی اسی پوزیشن میں۔۔

Posted On Kitab Nagri

آخر کار عیان نے کہا۔۔۔

"کیا ساری رات یہیں کھڑے ہو کر گزارنے کا ارادہ ہے کیا, جاؤ جا کر کپڑے بدلو۔۔۔

اس کی سرد اواز پر وہ چونکی اور واشروم کی طرف بڑھی۔۔

"کیسے گزرے گی زندگی, باباجان کس مشکل میں ڈال دیا مجھے اپ نے۔۔۔وہ صوفے کی پشت سے سر ٹکا کر سوچ رہا تھا۔۔۔

"ایمان اتنا جلدی کیوں چھوڑ گئے ہمیں۔۔۔دیکھو کتنی مشکل ہو گئی ہے زندگی۔۔

ابھی وہ تھوڑی دیر اور کچھ سوچتا اس سے پہلے انشاء چیختی ہوئی واشروم سے نکلی اور سیدھا اس کے پاس آئی اور کہا

۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

"عیان بھائی۔۔وہ چھپکلی میری پینٹھ پر۔۔مجھے اپنے کمرے میں جانا ہے۔۔اس نے گھبرائی ہوئی آواز میں کہا۔۔۔

" شٹ اپ, شٹ اپ, کیا بکواس کر رہی ہو۔۔۔اٹھو, چھپکلی تم کو کیا کھائے گی تم چاہو تو اسے کھا سکتی ہو۔۔عیان نے شدید غصے سے کہا۔۔

"وہ عیان۔۔۔ابھی انشاء اگے سے وہی لفظ لگاتی عیان نے اس روکا۔

" بس صرف عیان کہنا اب, اب اس کے اگے کوئی لفظ میرے نام سے جوڑا تو مجھ سے برا کوئی نہیں ہو گا, عیان کہنے کی عادت ڈالو سمجھی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

انشاء نے منہ بسورا اور نظر جھکالی۔۔۔اسے اپنی بے وقوفی پر رونا انے لگا تھا۔۔۔

", اور اپنا حلیہ دیکھو ایک نظر, اس طرح کی بے وقوفی کی امید نہیں تھی تم سے مجھے۔۔اور لگتا ہے تم نے تو سارے بیو قوفی کے ریکارڈ توڑنے ہیں آج ایک رات میں۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

عیان نے اسے شیشے کے سامنے کھڑا کیا جو بغیر دوپٹے کے تھی بلاؤز کی ادھی زپ کھلی ادھی بند اس کے جسم کے ہر نشیب وفراز کو نمایاں کر رہی تھی۔۔۔اسی وقت عیان نے اس پر دوپٹا ڈالا اور کہا

"جاؤ چینج کرو اس لباس کو, اب کسی بات پر چیخنا مت, یہ بھی شکر ہے میرے کمرے کی والز ساؤنڈ پروف ہیں ورنہ تم نے تو پورے گھر کو جمع کرنا تھا یہاں ابھی اس وقت۔۔۔

عیان نے غصے سے ڈانٹتے ہوئے کہا۔۔۔

"ایمان بہت بچپنا ہے اس میں تم ہی کچھ سمجھاؤ انشاء کو۔۔۔عیان نے کہا تھا ایمان سے, ایمان اور انشاء کی شادی کے بعد۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"مجھے اس کے اسی بچپنے والے انداز سے پیار ہے اور مجھے وہ ایسی ہی پسند ہے بھائی, کسی کو بدل کے پیار کرو تو وہ پیار نہیں سودا ہوتا ہے بھائی اور پیار میں سودا نہیں ہوتا۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"تم دونوں ہی پاگل ہو, کسی ایک کو بھی سمجھانا مشکل ہے۔۔۔عیان نے چڑ کر کہا تھا ایمان سے۔۔۔

یادوں سے انکھوں میں مرچیں سی بھرنے لگیں۔۔۔عیان کو کچھ لمحے لگے خود کو سنبھالنے میں۔۔۔

"اب بت بن کے کیا کھڑی ہو جاؤ یہاں سے۔۔اسے ہنوز کھڑا دیکھ کر غصے سے عیان نے کہا تھا۔۔۔

" وہ پہلے چھپکلی دیکھ لیں واشروم میں پھر۔۔۔وہ بھی اپنے نام کی ایک تھی۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

" اف خدایا تم کبھی سدھر نہیں سکتی۔۔

اس کا دل چاہا اپنا سر پیٹ لے۔۔۔اتنا کہہ کر وہ واش روم کی طرف بڑھا اور اندر دیکھ کر واپس ایا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"دیکھ آیا ہوں اور کوئی چھپکلی نہیں,اب جاؤ کپڑے بدلو۔۔۔عیان نے کہا۔۔۔

اور وہ شرمندگی کے مارے سر نہیں اٹھا پا رہی تھی اور واشروم کی طرف بڑھی سختی سے دوپٹا خود پر لپیٹے ہوئے

۔۔۔

@@@@@@

کچھ دیر کے بعد سادے شلوار سوٹ پہنے باہر نکلی اور اب کے اس نے دوپٹا اچھی طرح خود پر لپیٹا ہوا تھا۔۔انشاء کو رہ رہ کر اس سے شرم محسوس ہو رہی تھی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

عیان اس پر سخت نگاہ ڈالتا واشروم کی طرف بڑھا کچھ دیر بعد وہ چینج کر کے فریش ہوتا شیشے کے سامنے کھڑا ہوا

۔۔۔

وہ صوفے پر سمٹی لیٹی تھی سونے کے لیئے۔۔۔ایک نظر شیشے میں اسے دیکھ کر عیان نے سخت لہجے میں کہا۔

Posted On Kitab Nagri

" شرافت سے بیڈ پر سو جاؤ اور مجھے اس قسم کے ڈرامے سخت ناپسند ہیں۔۔۔

"وہ۔۔۔انشاء نے کچھ کہنا چاہا پر اس کی زبان کی لڑکھڑاہٹ واضع تھی پر عیان نے اس کی بات کاٹ کر کہا۔

"میں نے اس بات کی صفائی نہیں مانگی, میں نے حکم دیا ہے جاؤ بیڈ پر سو جاؤ لیفٹ سائیڈ پر مجھے رائیٹ سائیڈ پر سونے کی عادت ہے۔۔۔وہ اس پر اپنی بات واضع کرتا خود پر اسپرے کرتا ہوا بیڈ پر ایا۔۔۔

" اٹھو اب کیا دعوت نامہ دینا پڑے گا۔۔۔اب کے عیان نے نا صرف سخت بلکہ طنزیہ لہجے میں کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"جی۔۔۔وہ خاموشی سے لیفٹ سائیڈ اکر لیٹ گئی سمٹ کر۔۔۔

کتنے لمحے خاموشی کے نظر ہوئے عیان نے اٹھ کر اس پر اپنا کمبل ڈالا اور لائیٹ آف کی وہ ڈر گئی۔۔۔اسی وقت عیان نے زیرو بلب کھولا تاکہ کچھ روشنی ہو اس کے دل کو کچھ سکون ایا۔۔

Posted On Kitab Nagri

کچھ دیر بعد عیان نے محسوس کیا وہ سسک رہی تھی۔۔۔عیان چاہ کر بھی اسے روکنے کی ہمت نہ کر سکا کیونکہ وہ جانتا وہ ایمان کے لیۓ رو رہی ہو گی۔

پھر کس وقت نیند کی دیوی دونوں پر مہربان ہوئی پتا ہی نہ چلا۔

@@@@@

اگلی صبح ہمیشہ کی طرح عیان اپنے وقت پر اٹھا اور فجر کی نماز پڑھ کے واک پر چلا گیا ٹریک سوٹ پہن کر۔۔ایک گھنٹہ واک کے بعد کمرے میں ایا۔۔۔انشاء بھی اٹھ چکی تھی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ اسے دیکھ کر کمرے سے باہر جانے لگی۔۔۔

"رکو۔۔۔عیان نے کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"جی۔۔۔وہ ٹھٹھک کررکی اور کہا۔۔۔

"ایک بات میری ذہن میں بٹھالو بابا کو اس ایک ہفتے میں کوئی تکلیف کوئی پریشانی نہیں دینا چاہتا, بہتر ہوگا میرا ساتھ دو, اچھا یہی ہوگا جب وہ سعودی جائیں خوش اور مطمئن ہو کر جائیں کوئی دکھ کوئی پریشانی ناہوان کے ساتھ ۔۔۔آئی سمجھ میری بات۔۔۔

"جی سمجھ گئی۔۔۔یہ کہہ کر وہ باہر جانے لگی۔۔۔

"رکو کیا سمجھی ہو تم۔۔۔عیان نے پوچھا۔۔۔

" کہ کہ۔۔۔اس کی زبان لڑکھڑائی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

"بس دیکھ لی تمہاری عقل, جاؤ پہلے یہ بدرنگ کپڑے بدلو اور اچھے کپڑے پہنو, اگے کیا کرنا ہے یہ مجھے بتانا نہ پڑے۔۔۔جاؤ بدلو یہ لباس۔۔۔عیان نے حکم دیا۔۔

اس کے چند جوڑے رکھے تھے عیان کی الماری میں زینب بی نے۔۔۔اتنا اچانک جو یہ سب ہوا تھا زیادہ تیاری کا موقع نہ ملا کسی کو۔۔۔پر مسز وحید کل دو تین بوتیک سے ڈریس لائیں تھیں اس کے لیے۔۔۔

کچھ سوچ کر اس نے ان میں سے ایک نکالا اور پہن لایا, ہلکہ پھلکہ میک اپ اس کے سوگوار حسن کو حسین تر بنا رہا تھا۔۔۔ایک لمحے کے لیے عیان کی نظر پڑی پر اس بلیک اور بلیو کامبینیشن کے ڈریس میں وہ خوبصورت لگی اسے ۔۔۔انشاء کا حسن کسی تعریف کا محتاج نہ تھا جو دیکھتا لمحے کے لیے مبہوت ہو جاتا۔۔۔عیان کا بھی کچھ ایسا حال ہوا ۔۔۔خود کو سنبھال کر اس نے ایک سیٹ اس کی طرف بڑھایا اور کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"یہ میری طرف سے تمہاری منہ دکھائی۔۔۔اسے پہن لو۔۔۔پھر ساتھ نیچے چلنا ہے۔۔

یہ منہ دکھائی کا تحفہ بھی عمر کی مرہوں منت تھا ورنہ اسے کہاں اتنی سمجھ تھی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

اتنا کہے کر وہ واشروم کی طرف چلا گیا۔۔۔انشاء وہ سیٹ پہننے لگی۔۔۔

@@@@@@@

حیدر شاہ دونوں کو ساتھ اترتا دیکھ کر خوش ہوئے۔۔۔کتنے مکمل لگ رہے تھے دونوں ایک ساتھ۔۔۔

دونوں ایک شخص کی خوشی کے لیئے سب کر رہے تھے کیونکہ وہی ایک شخص دونوں کی جان تھا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

دونوں ساتھ جھک کر بابا جان سے پیار لیا۔۔

"سدا خوش رہو دونوں ایک ساتھ,اللہ دونوں کی جوڑی سلامت رکھے۔۔۔حیدر شاہ نے کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

ایسے ہی کچھ لفظ زینب بی نے ادا کی ئے دونوں کے لی ئے۔۔۔

"چلیں بابا ناشتہ کرتے ہیں۔۔۔عیان نے کہا۔۔۔

"فریحہ بھابھی (مسز وحید) نے کہا وہ ناشتہ لائیں گی, وہ لوگ نکل چکے ہیں گھر سے پہنچنے والے ہوں گے پھر ساتھ میں کریں گے ناشتہ۔۔۔

حیدر شاہ نے بتایا۔۔۔

"بابا ان کو منع کرنا تھا الریڈی بہت کر چکے ہیں وہ ہمارے لی ئے۔۔بظاہر سرسری لہجے میں عیان نے کہا حقیقت میں اسے کوفت ہوئی یہ سوچ کر اب چینا کو برداش کرنا پڑے گا۔۔۔

انشاء کو بھی یہی سیم فیلنگ آئی چینا کی وجہ سے کیونکہ وہ کافی حد تک منہ پھٹ تھی۔۔۔

کچھ دیر میں وہ لوگ آگ ئے۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"ارے وحید، چینا بیٹی کو لائے نہیں۔۔۔حیدر شاہ نے کہا۔

" جانتے ہو اج کل کے بچے لیٹ اٹھتے ہیں, بس مینا اٹھی ہوئی تھی تو اسے ساتھ لائے ہیں۔۔۔

مینا خوشی سے گلے ملی انشاء سے۔۔۔

"بھابھی اپ بہت پیاری لگ رہیں اس ڈریس میں۔۔وہ مسکرائی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

انشاء مسکرائی اس کی تعریف پر۔۔۔

وہ کافی کچھ ناشتے میں لائے تھے۔۔۔انشاء اٹھنے لگی ناشتہ لگوانے کے لیے پر مسز وحید نے روکا اور کہا "چپ کر کے بیٹھو ساری زندگی پڑی ہے کام کرتی رہنا, اج خاص دن ہے تمہاری زندگی کا تو اسے انجوائے کرو۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

ان کے پیار سے ٹوکنے پر وہ خاموشی سے دوبارہ بیٹھ گئی۔۔۔

زندگی میں بہت سے لمحے اتے ہیں جب نا چاہتے ہوئے بھی سب کی خوشی کے لیئے وہ سب کرنا پڑتا ہے جو اپ بلکل کرنا نہیں چاہتے جیسا اج انشاء اور عیان کو کرنا پڑ رہا تھا جیسے سب نارمل ہو۔۔۔ حقیقت میں کچھ نارمل نہ تھا ۔۔۔

عیان کا ناشتے کے وقت اس کے ساتھ بیٹھنا پھر ہر چیز کے لیئے انشاء کو مخاطب کرنا, حیدر شاہ کو اس منظر سے کتنی خوشی ہو رہی تھی اس کا اندازہ تھا عیان کو۔۔اور یہی وہ چاہتا تھا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ناشتے کے بعد سب لاؤنج میں بیٹھے باتوں میں مصروف ہوئے جب مینا کے پوچھنے پر منہ دکھائی کا, انشاء نے دکھائی ۔۔۔تو بابا نے خوشی سے عیان کو دیکھا اور دل میں عیان نے عمر کا شکریہ ادا کیا جسے ایسی ساری فارمیلیٹز یاد تھیں ۔۔

اسی وقت موبائل پر رنگ ہوئی۔۔۔عیان اٹھا اور باہر جا کر کال ریسوو کی اور کہا۔

Posted On Kitab Nagri

"دیکھ لو شیطان کو یاد کیا تھا ابھی اور شیطان کا فون اگیا۔۔۔

اس کی بات پر عمر نے بے ساختہ قہقہ لگایا۔۔

"ویسے اتنی فرصت مل گئی کہ شیطان کو یاد کرنے کا موقعہ مل گیا۔۔ کیا کر رہے ہو۔۔۔ عمر نے اسے چھیڑا۔۔

"ناشتہ کر کے فری ہوا ہوں اور تم۔۔۔

"میں آفیس میں ہوں۔۔۔

"چلو اچھا ہے میرا انے کا کوئی پلان نہ تھا۔۔۔ عیان نے کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

" توتم کو انے کوں دے رہا تھا اج افیس۔۔۔دو دن سکوں سے گھر بیٹھو۔۔۔

"ہمم میں سوچ رہا تھا تم کہو گے ہفتہ پورا گھر بیٹھو۔۔اب کے عیان نے اسے چھیڑا۔۔۔

"اب اتنا بھی پھیلنے کی ضرورت نہیں۔۔اچھا یہ بتاؤ, میں اجاؤں تمہارے مورئل سپورٹ کے لی ئے۔۔۔

" کوئی ضرورت نہیں, میں ٹھیک ہوں, تم آفیس دیکھو۔۔عیان نے ہنستے ہوئے کہا۔۔۔

" سوچ لو۔۔۔عمر نے کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"عمر تمہارا کچھ نہیں ہونے والا, کیوں نازیہ بھابھی کو جیلس فیل کرواتے ہو مجھے اتنی امپورٹنس دے کر۔

"چلو کوئی بات نہیں اب تم بھی یہ کام بخوبی کر سکتے ہو انشاء بھابھی کے ہوتے۔۔۔عمر نے اس کی بات اس پر پلٹی

۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"میں رکھتا ہوں کال پھر بات کرتے ہیں۔۔۔عیان نے بات کو پلٹ کر کہا, عمر کو اچھا نہ لگا عیان کا اس طرح کرنا ۔۔

" اچھا سنو ضروری بات بتانا بھول گیا اصل جس بات کے لیے فون کیا تھا۔۔کچھ یاد آنے پر عمر نے جلدی سے کہا کیونکہ اسے ڈر تھا عیان کال نہ کاٹ دے۔۔۔

"تو کہو۔۔

"وہ علیزے ارہی ہے پاکستان۔۔۔عمر ایکسائیٹڈ تھا۔۔

"اچھا۔۔۔آفٹر لانگ ٹائم... عیان نے کہا۔۔۔

"وہ تو بہت ایکسائٹڈ ہے تم ایکسائیٹڈ ہو۔۔۔عمر نے پوچھا۔

Posted On Kitab Nagri

"اچھا وہ تو رہتی ہی ہر وقت ایکسائیٹڈ ہے۔۔۔ عیان نے کہا۔۔

" اور مسٹر عیان تم ٹھہرے مسٹر سڑو سدا کے, مزا آئے گا اس کے انے پر, یونی کا ٹائم یاد آئے گا۔۔۔

"ہاں یہ تو ہے, اب آفیس دیکھو, میں بابا کے پاس جا رہا ہوں اللہ حافظ۔۔۔

اچھا اللہ حافظ۔۔۔

@@@@@

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یوں پورا دن وہ بابا کے ساتھ ہی تھے, یہ عیان کی کوششوں کا نتیجہ تھا کہ بابا جان بے فکر ہو جائیں۔۔۔ وہ انشاء کے ساتھ زبردستی نہیں کر سکتا تھا وہ اچھی بیوی ہونا پرٹینڈ کرے اس لی ئے بجائے اس کے, عیان اچھا شوہر ہونے کی بھرپور کوشش کر رہا تھا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

ہر روز انشاء سج سنور کر بیٹھ جاتی, بابا جان جتنا دیکھتے اتنا خوش ہوتے اور اپنے فیصلے کو دل ہی دل میں سراہتے۔۔۔

رات کا کھانا ساتھ کھانا پھر قہوہ ساتھ بیٹھ کر پینا پھر باتیں کرنا, یہ روٹین تھا ان کا۔۔۔ عیان بہت باتیں کرتا بابا سے اور انشاء کو بھی باتوں میں گھسیٹ لیتا, ایک بیٹا اپنے باپ کے لیے جتنا کر سکتا تھا وہ کر رہا تھا۔۔۔

پھر عیان کے کہنے کی نوبت نہ آئی کہ انشاء کو بیڈ پر سونے کا کہے۔۔۔ انشاء خود ہی ہر رات بیڈ پر سوتی اور روتی رہتی اور عیان اسے کچھ کہنے کی اپنے اندر ہمت نہ جُٹا پاتا۔۔۔

عیان کو سمجھ بھی نہیں اتا اسے کہے تو کیا کہے کیونکہ کوئی لفظ اس کا دکھ کم نہیں کر سکتا تھا۔۔ وہ تو خود گواہ تھا ان کی محبت کا۔۔ اک ایسی الجھن میں خود کو پھستا محسوس کرتا تھا جسے سلجھانا اس کے بس سے باہر تھا۔۔۔ اگر ایسا کچھ کہا تو کیا سوچے گی کہ اب اسے اپنے بھائی سے جیلیسی ہے وہ اپنے بھائی سے بہت محبت کرتا تھا۔۔۔ اس وجہ سے خود کو بے بسی کی انتہا پر محسوس کر رہا تھا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اب اس کے سامنے ایمان کا نام نہ لیتی تھی انشاء۔۔۔ پر ہر رات اس کی یاد میں اپنا تکیہ بگھوتی رہتی۔۔۔ وہ چاہ کر بھی کچھ کرنا پاتا۔۔

Posted On Kitab Nagri

کیسے ایک ہفتہ گزر گیا پتہ ہی نہیں چلا اور بابا جان کی فلائٹ کا دن آگیا۔۔انشاء نے رو رو کر برا حال کر دیا تھا اپنا
۔۔

بابا اور عیان اسے سمجھا رہے تھے۔۔۔کچھ سوچ کر عیان نے اسے ایئرپوٹ لے جانا کینسل کیا۔وہ ضد کرنے لگی ائیرپورٹ جانے کے لئے پر اسے عیان نے سختی سے منع کر دیا۔۔ کہیں وہاں جا کر بابا جان کے لیے یہ واویلا نہ مچا دے پھر اسے سنبھالنا مشکل ہو جاتا۔۔۔اسے انشاء پر بلکل بھروسا نہ تھا۔۔۔اس لیے گھر سے ہی بابا جان اس سے مل کر گئے تھے۔۔۔

ائیرپورٹ پر عیان اور بابا جان تھے۔۔۔عمر کو بھی منع کر دیا تھا عیان نے۔۔۔اس وقت وہ دونوں اکیلے تھے
۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بابا جان نے اس کی پیشانی چوم کر پیار دیا اور کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"عیان تم نے ثابت کر دیا تم بہت اچھے بیٹے ہو پر سچ میں ایکٹر بھی کمال کے ہو۔۔۔اب تک جس طرح میرے سامنے اچھے شوہر ہونے کی ایکٹنگ کی ہے نہ وہ جاری رکھنا ایسا نہ ہو اس باپ کے جاتے ہی تم میری بیٹی کو ایک کونے میں رکھ کر بھول جاؤ۔۔۔بہت سوچ سمجھ کر تمہیں اپنی بیٹی کا ہاتھ دیا ہے عیان, مجھے مایوس مت کرنا۔۔

وہ دھک ہی رہ گیا بابا کے لفظوں پر یہ کیا کہے دیا بابا جان نے۔۔

"بابا اپ کیسے۔۔۔عیان کو سمجھ نہ ایا کیا کہے کر اب بابا کو تسلی دی۔۔۔پوچھنا تو یہ بھی چاہا رہا تھا وہ کیسے سمجھے یہ سب۔۔۔

"میں بھی تمہارا باپ ہوں عیان, اتنی لمبی لمبی باتیں تم کب کرتے تھے جو آج کل کرنے لگے تھے تم, جب بھی تم کچھ چھپانا چاہتے ہو تو ہمیشہ باتوں میں الجھانا چاہتے ہو سب کو۔۔۔یہ عادت تمہاری بہت پرانی ہے۔۔۔

www.kitabnagri.com

وہ باپ تھے سب سمجھ رہے تھے۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"آئی ایم سوری باباجان, اپ انشاء کی طرف سے بے فکر ہو جائیں میں اسے سنبھال لوں گا یقین کریں مجھ پر۔۔۔ اس سے غافل بلکل نہیں ہوں گا پلیز بھروسہ کریں مجھ پر۔۔۔۔

"عیان تم پر بھروسہ تھا اس لیے تو میں نے انشاء کی شادی تم سے کروائی, اس میں بچپنا بہت ہے اسے تم نے ہی سنبھالنا ہے۔۔۔

"جی باباجان, بس اپ بے فکر ہو جائیں۔۔۔ عیان نے ان کے گلے لگ کر انہیں تسلی دینا چاہی۔۔۔

"تم دونوں کی فکر ہی لگی رہے گی وہاں جا کر۔۔۔ تم دونوں کی فکر نے زندہ رکھا ہوا ورنہ ایمان کے جانے کے بعد ۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"بس باباجان اور کچھ نہ کہیں, اللہ اپ کا سایہ ہم دونوں پر سلامت رکھے۔۔۔ عیان نے کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"میں واپس آؤں تو انشاء کو تمہارے رنگ میں رنگا دیکھوں۔۔۔بس یہی خواہش ہے میری۔۔حیدر شاہ نے اپنے دل کی بات عیان سے کہی۔

"انشاءاللہ ایسا ہی ہو گا بابا جان۔۔۔میں اپنی زمیداریوں سے واقف ہوں۔۔۔عیان نے محبت سے لبریز لہجے میں کہا۔۔۔

فائنل اناؤسمینٹ ہوئی۔۔۔ایک بار پھر باپ بیٹا گلے لگے اور ایک دوسرے سے "اللہ حافظ کہا۔۔۔

@@@@@@@

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ گھر ایا۔۔۔گھر میں سناٹا سا تھا۔۔۔"کتنی خاموشی ہو گئی ہے بابا جان کے جانے سے۔عیان نے سوچا اور اعصاب پر تھکن سوار ہونے لگی تھی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ کمرے میں آیااور باتھ لے کر, واشروم سے باہر نکلا۔۔۔اب فریش خود کو محسوس کر رہا تھااور کچھ دیر بیڈ پر لیٹ گیا۔کافی دیر گزر گئی اور انشاء اب تک روم میں نہیں آئی تھی وہ حیران سا اٹھا۔۔رات کے بارہ بج گ ئے تھے۔۔۔

مجبورًا اسے اٹھنا پڑا کیونکہ نیچے تو وہ تھی نہیں۔۔۔

کچھ خیال انے پر وہ سیدھا ایمان کے کمرے کی طرف ایا ابھی وہ دروازے کے کھولتا اندر سے اتی آواز پر اسے رکنا پڑا ۔۔

"ایمان تم مجھے اپنے پاس بلا کیوں نہیں لیتے, میں تھکنے لگی ہوں, نا میری کوئی دوست ہے نہ کبھی تم نے مجھے بنا دی, میں بہت اکیلی ہوں, کسی کام میں مجھے سکوں نہیں ملتا۔۔۔دیکھو بابا جان نے مجھے کیسی ازمائش میں ڈال دیا ہے ۔۔۔

اس سے زیادہ اس کی برداش نہیں تھی وہ دروازہ کھول کر اندر اگیا انشاء ایک دم چونکی گھبرا گئی اور ایمان کی تصویر جلدی سے تکی ئے کے نیچے رکھ دی۔

Posted On Kitab Nagri

"چلو بیڈ روم میں۔۔۔عیان نے حکمیہ لہجے میں کہا وہ ضبط کی انتہا پر تھا۔۔

"بابا جان چلے گ ئے ہیں, میں یہیں رہوں گی اب۔۔انشاء نے نظریں چراتے ہوئے کہا۔۔۔

"میں نے تم سے پوچھا نہیں, چلو اپنے روم میں۔۔۔اس کے غصے کا ذرہ اثر نہ ہوا اس پر۔۔۔

"مجھے نہیں رہنا وہاں اپ کے ساتھ۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

انشاء نے ضدی لہجے میں کہا۔۔۔

"لگتا ہے تمہیں عزت سے بات سمجھ نہیں اتی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

عیان نے غصے سے اس کا ہاتھ تھاما اور کھینچتا ہوا اپنے روم میں لے گیا۔۔

روم میں آکر اس کا ہاتھ چھوڑا صوفے پر پٹخا اور کہا۔۔۔

"اپنا اور میرا تماشہ مت بناؤ نوکروں سے بھرا پڑا گھر ہے۔۔۔ تمہیں تو کسی بات کی پرواہ نہیں پر مجھے اپنی عزت کی پرواہ بہت ہے۔۔۔ نکاح ہوا ہے کوئی مذاق نہیں, جو تم یہ سب کر رہی ہو۔۔۔ تم میری بیوی ہو اور اس حثیت سے میرے کمرے میں میرے ساتھ رہو گی۔۔۔

وہ شاک ہو کر عیان کو دیکھ رہی تھی جو اتنا شدید غصے میں تھا۔۔۔اب تک جو اس سے نرمی برت رہا تھا اسے دیکھ کر ہی وہ اتنی من مانی کرنے لگی تھی۔۔۔پر آج اس کے اس طرح غصہ کرنے پر وہ سہم گئی۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"اور ہاں ایک اور بات ذہن نشین کر لو کمرے کے اندر ہمارا جو بھی تعلق ہو پر کمرے کے باہر تم اچھی بیوی کی طرح بہیو کرو گی۔۔ کچھ سمجھ ایا۔

Posted On Kitab Nagri

"جی۔۔۔اتنا کہہ کر انشاء چپ ہوئی پھر منہ کھولا بولی کچھ نہیں۔۔۔پھر اپنے ہونٹ سختی سے بھینچ لی ائے۔۔عیان کو اندازہ ہوا کہ وہ کچھ بولنا چاہتی ہے۔۔۔

پیمینٹ کر کے وہ دونوں شاپ سے باہر اگ ہٸے۔۔۔انشاء نے غور سے دیکھا عیان کو جو واقعی افسردہ لگا اسے "تو کیا واقعی وہ اتنا حساس دل رکھتا ہے جو چینا کا بھی دکھ محسوس کرتا ہے۔۔۔کیا اتنا اچھا شخص چاہنے کے قابل نہیں ۔۔۔انشاء کے دل سے آواز آئی۔۔۔وہ حیران تھی اپنے دل کی صدا پر۔۔۔

دونوں گھر اگ ہٸے بغیر ڈنر کے, نا عیان نے کہا, نا انشاء نے کہا۔۔۔

@@@@@@@@

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ویک اینڈ پر وہ دونوں عمر کی طرف ہو آٸے تھے۔۔۔انشاء کو کافی مزا آیا تھا نازیہ بھابھی کے ساتھ۔۔۔

اس کے دو دن بعد عیان نے کہا۔۔۔"میرے کچھ فرینڈس نے رکھا ہے پی سی پر ڈنر۔۔۔

"مجھے نہیں چلنا۔۔۔انشاء نے کہا اس کی بات مکمل ہونے سے پہلے۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"مجھے شو پیس سمجھ لیا ہے آپ نے۔۔۔مجھے نہیں بننا آپ کے دوستوں کی گیٹ ٹو گیدر کا حصہ۔۔۔انشاء کی طبیت عجیب ہو رہی تھی۔۔۔وہ بجائے اسے بتانے کے اپنی کہے جا رہی تھی۔۔۔

" کیا بکواس کر رہی ہو تم۔۔۔ تمہیں کیا لگتا ہے وہاں صرف میرے دوست ہوں گے, دماغ درست ہے تمہارا, وہاں پر ان کی مسز بھی ہو نگی۔۔۔عیان نے بھی اسی کے لہجے میں جواب دیا۔۔۔

"مجھے بیزاریت سی ہوتی ہے۔۔۔انشاء نے کہا۔۔

"کوئی ضرورت نہیں میرے ساتھ چلنے کی, میں خود چلا جاؤں گا, کچھ بھی بہانہ کر لوں گا۔۔۔عیان نے غصے سے کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اور آفیس کے لیئے نکل گیا۔۔۔وہ اسے جاتا دیکھتی رہی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

" انشاء بیٹی جو تم کر رہی وہ ٹھیک نہیں۔۔۔تم اسے مت اتنا آزماؤ وہ تمہیں چھوڑ ہی نہ دے یا تم سے بیزار ہو جائے
۔

زینب بی کی آواز پر وہ پلٹی۔۔۔

" عورت کی عزت اس کے شوہر سے ہوتی ہے, دنیا میں جو پہلا رشتہ بنا تھا وہ میاں بیوی کا تھا۔۔۔دنیا میں کوئی بھی مرد ہو یا عورت اکیلے تنہا نہیں رہ سکتے یہی رشتہ دونوں کو باندھتا ہے۔۔۔تم مسلسل اپنے شوہر کے احساسات کو پاؤں سے کچل رہی ہو۔۔۔تم زیادتی پر ہو انشاء۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ حیران ہوئی ان کی بات پر۔۔۔وہ خاموشی سے سن بھی رہی تھی سمجھنے کی کوشش بھی کر رہی تھی ان کی باتوں کو
۔۔۔

"تمہیں جانا چاہیے اس کے ساتھ۔۔۔زینب بی نے کہا۔۔

Posted On Kitab Nagri

" جی زینب بی۔۔۔انشاء نے کہا۔۔۔

زینب بی نے پیار سے اس کے سر پر ہاتھ پھیرا اور اسے ڈھیروں دعائیں دیں۔۔۔

شام کے بعد وہ تیار ہونا شروع ہوئی۔۔۔رات آٹھ بجے وہ ریڈی تھی۔۔۔ریڈ بلیک کا بہ مینیشن ڈریس میں۔۔۔

نو پھر دس بج گ ئے پر عیان نہ ایا۔۔۔اب فکر نے اسے گھیر لیا۔۔۔"کیا واقعی وہ سیدھا آفیس سے چلا گیا دعوت پر۔۔۔صدمے سے اس نے سوچا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"تم فون کرو اسے۔۔۔زینب بی نے کہا۔۔۔

انشاء نے ان کے کہنے پر کال ملائی پر نمبر بند جا رہا تھا۔۔

Posted On Kitab Nagri

گیارہ بجے تک وہ اس کا مسلسل انتظار کر رہی تھی زینب بی بی اس کے پاس بیٹھی تھی۔۔۔وہ بلڈ پریشر کی مریضہ تھیں اسی لیے انشاء نے ان کو آرام کرنے کے لیے بھیج دیا۔۔

اب فکر سے برا حال تھا انشاء کا۔۔۔رات کے بارہ بج گ ئے تھے۔۔۔

کئی دفعہ اس کے موبائل پر کال کر چکی تھی پر اب تک اس کا نمبر بند جا رہا تھا۔۔

"اس سے پہلے عیان نے کبھی ایسا نہیں کیا تھا میرے ساتھ۔۔

انشاء نے دکھ سے سوچا۔۔اب آنسو نکل آئے اس کی انکھوں سے۔۔۔اور یہ پہلی دفعہ تھا کہ انشاء ایمان کے بجائے عیان کے لئے رو رہی تھی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اب انشاء باقاعدہ آنسو بہا رہی تھی۔۔۔فکر اور پریشانی سے انشاء کا برا حال ہو رہا تھا۔۔

Posted On Kitab Nagri

دل میں برے برے خیال آنے لگے تھے۔۔۔رات کا ایک بج رہا تھا۔۔۔عیان کی کوئی خبر نہ تھی۔۔۔موبائل اب تک بند جا رہا تھا۔۔۔

"یااللہ عیان کی حفاظت کرنا۔۔۔انشاء نے روتے ہوئے دعا کی جانے کیوں اب دل کو خدشہ سا تھا کچھ غلط نہ ہوا ہو عیان کے ساتھ۔۔۔خود بخود دعا کے لیے ہاتھ اٹھ گئے تھے انشاء کے۔۔۔

چند پل گزرے ہی ہونگے بامشکل دروازہ پر رنگ بیل ہوئی وہ جلدی سے اٹھی صوفے سے اور لاؤنج کا دروازہ کھول کر باہر نکلی۔۔۔عیان کو پٹیوں میں جکڑے دیکھ کر انشاء کا حال برا ہوا۔۔۔اس نے بغیر کچھ خیال کے سیدھا عیان کے گلے لگ کر رونا شروع ہو گئی۔۔۔بغیر دھیان دیئے کے وہ خود کسی کے سہارے کھڑا ہے۔۔۔جو صحیح سلامت بازو تھا اس سے اس کی پیٹھ تھپتھپائی عیان نے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"ریلکس ہو جاؤ انشاء۔۔۔عیان نے ہلکی آواز میں کہا۔۔۔

وہ پہلے کب سنتی تھی جو اب سنتی زور و شور سے روئے جا رہی تھی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

عمر کو بے ساختہ ہنسی آئی وہ مکمل اس کے گلے لگ گئی۔۔

"بھابھی الریڈی اپ کا شوہر ہمارے رحم و کرم پر ہے۔۔۔بجائے اسے سہارے دینے کہ اپ بھی۔۔۔

عمر نے جان بوجھ کر جملہ ادھورا چھوڑ دیا۔۔۔

عمر کی آواز پر وہ ہوش میں آئی اور اپنی پوزیشن کا احساس کیا تو شرمندہ سی عیان سے الگ ہوئی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"میں ڈر گئی تھی عمر بھائی۔۔۔وہ ناک کو رگڑتی منمنائی۔۔۔

عیان تو ہنس بھی نہ سکا کیونکہ اس کے چہرے پر درد کے آثار تھے۔۔۔اب انشاء نے غور سے دیکھا اس کے ایک بازو پر بینڈج تھی شاید گہرا زخم تھا اور ایک ٹانگ پر پلستر تھا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

عمر ایک طرف تو دوسرے طرف فرقان (عیان کا دوست) نے تھاما ہوا تھا۔۔۔بہت اکورڈ فیل ہوا انشاء کو۔۔ ٹانگ کی چوٹ کی وجہ سہارا لینے پر مجبور تھا۔۔۔

سارا میک اپ اس کا خراب ہو چکا تھا۔۔۔اپنا دوپٹہ درست کرتی وہ ان کے ساتھ چلنے لگی۔۔۔

"میرا خیال ہے نیچے کا کمرہ سہی رہے گا۔۔۔ عمر نے کہا جس کی تائید فرقان نے بھی کی۔۔

"نہیں مجھے خود کے کمرے تک لے چلو مجھے کہیں اور آرام نہیں آئے گا۔۔۔ عیان نے کہا۔۔۔

" میں نیچے کا کمرہ کھلوا دیتی ہوں وہیں سہی رہے گا۔انشاء نے دھیمے لہجے میں کہا۔۔۔ گیسٹ روم کا دروازہ کھولنے لگی۔۔

" پلیز یار تھوڑا مشکل سہی ناممکن نہیں, اگر ہو سکے مجھے میرے کمرے تک لے چلو۔۔۔عیان نے عمر سے کہا ۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

رحیم بھی پریشان سا کھڑا تھا اس سے بھی اپنے صاحب کی یہ حالت دیکھی نہیں جا رہی تھی۔۔۔

"عیان اتنا کہے رہا ہے تو لے چلتے ہیں۔۔۔فرقان نے کہا۔۔

"چلو۔۔۔تم بھی آؤ۔۔۔عمر نے رحیم سے کہا۔۔

پھر ان لوگوں نے مل کر اسے بیڈ روم تک لے گ ئے۔۔

@@@@@@

مشکل سے سہی وہ اسے کمرے تک لانے میں کامیاب ہوئے۔۔۔اسے بیڈ سے ٹیک دے کر لٹایا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

عمر نے کچھ دوائیاں انشاء کی طرف بڑھائیں اور کہا۔۔۔

"ڈاکٹر نے ایک دن رہنے کا کہا پر عیان مانا ہی نہیں ڈسچارج کروالیا خود کو۔۔۔پر اپ پلیز اسے ایک ہفتہ بیڈ ریسٹ کروای ئے گا۔۔۔کم سے کم موو ہو یہ, سمجھ رہیں ہیں نا آپ۔۔

" جی بلکل سمجھ گئی ہوں۔۔۔انشاء غور سے اس کی ہدایت سن رہی تھی۔۔۔

"پرسوں سے فزیو تھراپسٹ اجائے گا۔۔۔ عمر نے کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"جی ٹھیک۔۔۔اپ کا شکریہ اتنا کچھ کیا اپ نے۔۔

انشاء نے کہا تشکر سے۔۔۔

"شکریہ کی ضرورت نہیں بھابھی, کچھ ہلکہ پھلکہ کھلا کے دوائی دی جی ئے گا۔۔

Posted On Kitab Nagri

"عمر بھائی آپ لوگ رک جائیں تھوڑی دیر میں چائے لاتی ہوں۔۔۔

انشاء کو احساس ہوا ان دونوں کا بھی جنہوں نے اپنے دوست کے لیے اتنا کچھ کیا۔۔۔

"نہیں بھابھی پھر کبھی ابھی ہم چلتے ہیں۔۔۔اپ اپنا اور عیان کا خیال رکھیں۔۔۔ہم کل آئیں گے۔۔۔اللہ حافظ ۔۔۔

عمر نے کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

فرقان سائیڈ پر ہی کھڑا رہا کیونکہ اس کی اتنی فرینکنیس نہ تھی عیان کی فیملی سے۔۔۔نا ہی ان کی فیملی فرینڈ شپ تھی۔۔۔اس لیے وہ لاتعلق ہی کھڑا تھا۔۔۔

کچھ دیر بعد عیان سے مل کے, عمر اور فرقان چلے گئے۔۔

Posted On Kitab Nagri

@@@@@@

"میں خود پی لوں گا۔۔۔ تم آرام کرو۔۔۔ عیان نے انشاء سے کہا جو پندرہ منٹ بعد سوپ لے آئی تھی۔۔۔

"میں پلا تو رہی ہوں۔۔انشاء نے آہستہ سے کہا۔۔۔

"تمہارے احسان کی ضرورت نہیں, میں خود کر لوں گا۔۔۔ عیان نے روڈ لہجے میں کہا۔۔ ویسے بھی ہاتھ اس کے سہی تھے ایک بازو پر زخم تھا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"مجھ سے بحث کی اپ کو ضرورت نہیں۔۔۔ میں خود پلا رہی ہوں بس۔۔۔ انشاء نے اسی روڈ انداز میں کہا۔۔۔

نیپکن سیٹ کر کے عیان کے شرٹ پر, چمچ سے پلانے لگی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

کئیں لمحے خاموشی کے نظر ہوگ ئے۔۔۔وہ اس کی پیشانی پر فکر دیکھ رہا تھا۔۔

پھر اس کے ہاتھ منہ بیڈ پر دھلا کر۔۔۔ٹاول سے اس کا چہرہ صاف کرنے لگی۔۔۔

"یہ میں خود کر سکتا ہوں۔۔۔انشاء اسے ان سنا کر کے خود کرنے لگی۔۔۔۔

پھر دوائی دی جسے عیان نے آرام سے کھالیا۔۔۔

" مجھے لیٹنے میں ہیلپ کر دو۔۔عیان نے دوائی کھانے کے بعد کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"ابھی نہیں۔۔پانچ منٹ رکیں۔۔۔

انشاء نے نارمل لہجے میں کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"کیا مطلب۔۔عیان نے سوالیہ انداز میں پوچھا۔۔۔

" ابھی پتہ چل جائے گا۔۔۔اتنا کہہ کر وہ کمرے سے باہر چلی گئی اور پانچ منٹ کے بعد واپس آئی۔۔۔

عیان اس کے انداز پر حیران ہی ہو رہا تھا۔۔

وہ واپس آئی اس کے ہاتھ میں دودھ کا گلاس جو ڈھکا ہوا تھا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"یہ کیا ہے۔۔۔عیان نے پوچھا۔۔۔

"ہلدی والا دودھ یہ پیئں گے تو جلدی زخم بھریں گے اور درد میں آرام بھی آئے گا۔۔۔انشاء نے کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"یہ لے جاؤ مجھے نہیں پینا۔۔۔عیان اس کی بات سن کر سخت بدمزہ ہوا۔۔۔اسے گھریلو ٹوٹکے بلکل پسند نہ تھے ۔۔۔اس لیے ایسا کہا اس نے۔۔۔۔

"پلیز پی لیں یہ واقعی اچھا ہے۔۔۔انشاء کا انداز سمجھانے والا تھا۔۔۔

"میں نے کیا کہا, وہ سنو, لے جاؤ مجھے نہیں پینا۔وہ بھی کہاں کسی کی سننے والا تھا سو چڑ کر کہا تھا۔۔۔

"اپ کو پینا پڑے گا یہ اپ کے لیے ضروری ہے۔۔۔اب انشاء کو بھی ضدی ہونا پڑا۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"میں کچھ کہے رہا ہوں۔۔عیان نے تیز لہجے میں کہا۔۔

"فی الحال میں اپ کی سننے کے موڈ میں نہیں۔۔۔اپ کو پینا ہی پڑے گا۔۔۔

"عجیب من مانی ہے۔۔۔عیان نے آنکھیں دکھا کر کہا۔۔

Posted On Kitab Nagri

"من مانی تو من مانی ہی سہی۔۔۔ جلدی پییئں۔۔۔انشاء نے انکھیں دکھائیں سامنے سے اور گلاس اس کے ہونٹوں سے لگایا۔۔۔

عیان حیران ہی ہوا اس کے انداز پر۔۔۔اس نے گلاس خود پکڑا ہوا تھا۔۔۔"جلدی پییئں انشاء نے پھر کہا۔۔۔

دکھانے کو تو انکھیں دکھائیں انشاء نے اسے پر اب چور نظروں سے اس کے تاثرات دیکھے۔۔۔کہیں غصہ نہ ہو عیان اس پر۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جلدی سے اس کے ہونٹ اور اس کے پاس جو دودھ لگا تھا اس نے انجانے میں اپنے پلو سے صاف کیا۔۔۔عیان اس کا اپنا پن دیکھ کر اندر ہی اندر دل میں مطمئن سا ہوا۔۔۔

وہ اسے لٹانے میں ہیلپ کرنے لگی۔۔۔وہ حیران ہی ہو رہا تھا اس کے اتنے پرواہ کرنے والے انداز پر۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ اس پر کمفرٹ ڈالتی اور کہا۔۔۔

" اب اپ آرام کریں۔۔۔انشاء نے کہا...

انشاء روم کے سامان سمیٹنے لگی اور عیان نے آنکھیں موندیں۔۔۔

عیان چند منٹ ہی آنکھیں بند کر پایا اور بے چین سا ہوا۔۔اس بدلتی کیفیت کو انشاء نے محسوس کیا۔۔۔

"کیا ہوا کوئی پرابلم ہے۔۔۔انشاء نے محسوس کیا تو پوچھ لیا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"کچھ نہیں۔۔۔عیان نے بے چینی سے کہا۔۔۔

"کیا ہوا ہے مجھے بتائیں۔۔۔انشاء نے فکر مندی سے کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"سر میں شدید درد ہو رہا ہے۔۔۔عیان نے بے بسی سے کہا۔۔۔درد کی ٹیسین اٹھنے لگیں تھیں سر میں۔۔۔

"ہممممممم۔۔

اسی وقت انشاء نے لائٹ آف کی اور زیرو بلب آن کیا۔۔۔

"تم اپنے کام تو کر لو۔۔۔عیان نے اس کا احساس کرتے ہوئے کہا۔۔۔

"وہ بعد میں کر لوں گی۔۔۔

انشاء نے جلدی سے کہا اور اس کے پاس بیٹھ کر اس کا سر دبانے لگی۔۔۔وہ مسلسل دبا رہی تھی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

عیان حیران تھا اس کا یوں اپنے پاس بیٹھنے پر۔۔۔اس کی خوشبو عیان کو بھی معطر کرنے لگی تھی۔۔۔وہ غور سے دیکھ رہا تھا اس کا چہرہ جس پر مٹے میک اپ کے اثرات ظاہر تھے اور اچھا جوڑا اس نے زیب کیا ہوا تھا۔۔۔

"کیا واقعی وہ دعوت پر چلنے کے لیے ریڈی ہوئی تھی یا وجہ کچھ اور ہے اس تیاری کی۔۔۔

عیان نے سوچا۔۔۔

"کیا ہوا درد کم نہیں ہو رہا۔۔۔آرام نہیں آ رہا۔۔۔انشاء نے سوالیہ انداز میں پوچھا۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"بس سہی ہے تم آرام کرو۔۔۔چھوڑو تھک جاؤ گی۔۔۔

"آپ میری فکر چھوڑیں اپنا خیال کریں۔۔۔انشاء نے ڈپٹ کر کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"کیا لڑکی ہے یہ, غیر پن دکھانے پر آئی تو بڑی ظالم لگی اور اب اس وقت ایسا لگتا ہے اس سے زیادہ کوئی میری اپنی نہیں ہے۔۔ یا بہت پریشان کرتی یا بے انتہا حیران کرتی رہتی ہے۔۔

عیان نے سوچا اور آنکھیں موند لیں۔۔اب دوائوں نے اپنا اثر شروع کر دیا تھا۔۔آنکھیں بھاری ہونے لگیں وہ کچھ کہنے کے لیے ہونٹ پھڑ پھڑا سکا پر کچھ کہہ نہ سکا۔۔اسے نیند آ گئی۔۔۔

پر انشاء اس کی فکر میں مسلسل سرد باتی رہی۔۔۔

@@@@@@@

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اگلی صبح عیان کی انکھ کھلی تو انشاء خود کے قریب سوتے پایا, اس کا ایک ہاتھ عیان کے سر پر اور دوسرا اس کے سینے پر رکھے سو رہی تھی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ کبھی اپنی مرضی سے نہیں اس کے پاس سوئی تھی جب بھی یہ نوبت آئی تو بھی اس کی زبردستی سے, جانے کیوں اسے اچھا لگا انشاء کا اس طرح اپنے نزدیک سونا اور اس کا یوں فکر کرنا۔۔۔

دل تھا کہ خوشفہم ہونے لگا تھا۔۔۔

اب عیان اسی کشمکش میں تھا اسے اٹھاؤں یا نہیں۔۔۔

"انشاء فجر کی نماز چلی جائے گی۔۔۔پلیز اٹھو۔۔۔وہ اس کے بازو پر ہاتھ پھیرتا ہوا بولا۔۔

اس کے چہرے پر آئی لٹوں کو ہٹایا اس نے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"انشاء اٹھو۔۔۔۔عیان نے دوبارہ کہا۔۔۔شاید تھکن کی وجہ سے گہری نیند میں تھی۔۔۔

عیان بچپن سے نماز کا پابند رہا تھا۔۔اس لیے اس کی انکھ ہمیشہ کھل جاتی تھی وقت پر۔۔۔لندن میں بھی اس کی اسی عادت پر عمر حیران ہوتا تھا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

کیساالارم لگاہے تیرے اندر چاہے جتنی گہری نیند نماز کاوقت ہواور تیری انکھ نہ کھلے ناممکن سی بات ہے۔۔۔

اور وہ ہنستے ہوئے کہتا تھا۔۔۔

"یہ تواللہ اوراس کے بندے کا معاملہ ہے۔۔۔ تم نہیں سمجھوگے۔۔۔

"یہ تو بے شک سچ ہے۔۔۔ جسے چاہے اللہ سجدے کی توفیق دے۔۔۔ عمر بھی کہتا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"انشاءاٹھو یار۔۔۔وہ کسمکسا کراٹھی۔۔۔۔اس کے کھلے بالوں کی لٹیں عیان کی شرٹ میں پھنسی۔۔۔وہ دوبارہ اس کے سینے پر گرپڑی۔۔۔

انشاء کی کیفیت عجیب ہوئی۔۔۔عیان نےاوراس نے مل کر بال نکالے اس کے۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

چند پل گزرے۔۔۔

"انشاء میری وضو میں ہیلپ کرو نماز ادا کر سکوں لیٹ کر ہی سہی۔۔۔۔عیان نے کہا فکر مندی سے۔۔۔

"پر اس حالت میں۔۔۔وہ حیران ہی ہوئی اس کی بات پر۔۔

"نماز ہر حالت میں ادا کرنی ہوتی ہے چاہے مرگ بستر پر ہو, جب تک ہوش میں ہو نماز ادا کرنی فرض ہے کوئی معافی نہیں۔۔۔پھر چاہے بیٹھ کر سہی, لیٹ کر, ورنہ آنکھ کے اشارے سے بھی نماز ادا کرنی فرض ہے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ حیرت سے اس کی بات سن رہی تھی۔۔۔

جتنا نزدیک اس کے رہی اس پر حیران ہوتی رہی ہے انشاء۔۔"کیا شخص ہے یہ۔۔۔یہ کون سا روپ ہے جو کبھی میں نے دیکھا ہی نہیں اس کا۔۔۔انشا نے سوچا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ جلدی پانی اور ٹب لائی اسے وضو کروایا تاکہ وہ نماز ادا کر سکے بستر پر سہی۔۔۔

عیان نے نماز شروع کی تو وہ بھی جلدی فریش ہو کر آئی نماز پڑھنے لگی۔۔۔

@@@@@@

زینب بی کو جیسے پتا چلا وہ عیان کے پاس آئی۔۔۔اس پر قران کی ایات پڑھ کر دم کیا۔۔۔صدقے اور خیرات کا کہا انشاء سے۔۔۔اسی وقت انشاء نے کیا۔۔۔

رحیم اور حنیف کی مدد سے واشروم جا سکا۔۔انشاء سے اس کی ایسی حالت دیکھی نہیں جارہی تھی۔۔۔اتنا شاندار مرد اور اتنی بے بسی پر۔۔۔وہ محسوس کر رہی تھی عیان کی تکلیف۔۔۔وہ دعا ہی کر سکتی تھی اس کے لیئے وہی کر رہی تھی۔۔۔چھپ کے سے اس پر قران کی ایات کا دم کیا۔۔۔

وہ ناشتہ کروا کر اسے فارغ ہوئی تھی دوائی دی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"اب اپ آرام کر لیں فجر کے وقت سے اٹھے ہوئے ہیں۔۔انشاء نے کہا

--

"سکون نہیں آئے گا۔۔۔عیان نے بے چین ہو کر کہا۔۔۔

"کیوں کیا ہوا۔۔۔

"کپڑے چینج کرنے ہیں حنیف اور رحیم آئے تھے تبھی ان سے کہے دیتا۔۔۔تب ذہن میں نہیں آیا,اب دوبارہ کیسے کہوں, بار بار اتنی تکلیف کسی کو کیسے دوں۔۔۔عیان نے فکر سے کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"کچھ نہیں ہوتا, میں بلاتی ہوں ان کو۔۔وہ جلدی کمرے سے باہر گئی تا کہ ان کو بلا سکے۔۔۔

نیچے اکر یاد ایا ان کو تو باہر بھیجا ہوا صدقہ اور خیرات کرنے کے لیۓ۔۔۔ان کو انے میں لیٹ ہونی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

سیڑھیاں چڑھتے ہوئے ملسل عیان کا احساس ہو رہا تھا جس کی شرٹ خراب ہو رہی تھی۔۔۔وہ اس کی نفیس طبیت سے اچھی طرح واقف تھی اب اسے سکون نہیں آنا جب تک چینج نہ کر لے۔۔۔ایسا شخص جو سوتے وقت بھی نہا کر خود کو اسپرے کر کے سوتا ہو اسے اس وقت کیسے آرام آئے گا کل کے حلیے میں۔۔۔

وہ کچھ سوچ کر روم میں آئی۔۔

"کیا ہوا بلا یا ان کو۔عیان نے اس کے روم میں آتے ہی اس سے پوچھا۔۔۔

جسے ان سنا کرتے وہ واش روم کی طرف چلی گئی۔چھوٹے ٹب میں پانی لائی ساتھ میں دو ٹاول اکر سائیڈ پر رکھے

۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"تم سے کچھ پوچھا ہے انشاء۔۔عیان نے دوبارہ کہا۔

وہ اس کی شرٹ الماری سے نکال کر بیڈ پر رکھی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"میں خود ہی اپ کی شرٹ چینج کرواتی ہوں کچھ فریش محسوس کریں گے اپ۔اب انشاء نے چپ توڑی اور کہا ۔۔۔۔

"تم تکلف نہ کرو۔۔۔وہ آئیں گے تو کروالیں گے۔۔۔عیان نے اس کا احساس کرتے ہوئے کہا۔۔۔کیونکہ وہ دیکھ رہا تھا صبح سے وہ اس کے کاموں میں لگی ہوئی تھی۔۔۔

"مجھ سے بحث نہیں ہوتا اپ سے۔۔۔مجھے میرا کام کرنے دیں بس۔۔۔انشاء نے چڑ کر کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

" پر۔۔۔عیان نے کہا۔۔

"پلیز عیان۔۔اپ اپنی فکر کریں, میں ٹھیک ہوں سب کرلوں گی۔۔۔انشاء نے اسٹریٹ فارورڈ کہا تھا۔۔۔اور دوبارہ بولی۔۔

Posted On Kitab Nagri

"پلیز شرٹ کے بٹن کھول دیں۔۔۔

اس کے کہنے ہر عیان کھولنے لگا پر شاید اس کے ایک ہاتھ میں درد تھا جس وجہ سے مشکل ہو رہی تھی۔۔۔انشاء نے اس کے ہاتھ پر ہاتھ رکھا اور کہا۔۔۔

"میں کر دیتی ہوں ,اپ رہنے دیں۔۔

اور خود اس کی شرٹ کے بٹن کھولنے لگی وہ مکمل اس پر جھکی تھی شرٹ اتار کر وہ اس کے سینے پر گیلے ٹاول سے صاف کرنے لگی۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بار بار جھکنے کی وجہ سے ڈوپٹا ڈسٹرب کر رہا تھا انشاء کو جو کبھی بازو پر اجاتا یا نیچے گرنے لگتا۔۔تنگ اکر اسے صوفے پر پھینک دیا انشاء نے۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

عیان کو یلو ڈریس میں وہ بہت پیاری لگ رہی تھی۔۔۔اتنا دل سے اس کا خیال کرتی وہ عیان کے دل کے تاروں چھیڑ رہی تھی۔۔۔

عیان کا دل چاہا اسے اپنے سینے لگا لے اور اس سے اتی بھینی خوشبو خود میں بسا لے پر انشاء برا نہ مان جائے اس لیۓ خود کو روک لیا اس نے۔۔۔

وہ اسے اب شرٹ پہنا رہی تھی وہ مکمل اس میں گم تھا پر انشاء اپنے کام میں مصروف سی تھی۔۔۔

عیان کبھی سوچ بھی نہیں سکتا تھا وہ اتنا کچھ اس کے لیۓ کر سکتی ہے۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"اب اپ کو آرام اجائے گا شاباش سو جائیں, دن کی نماز کے وقت اٹھا دوں گی۔۔۔

انشاء نے اپنے بالوں کو جوڑا جو ڈھیلا ہو گیا تھا اسے دوبارہ باندھتے ہوئے عیان سے کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ مکمل گھریلو بیوی کے حلیۓ میں اسے ایسا کہتی بہت اپنی سی لگی۔۔۔

وہ لائیٹ آف کرتی اس پر کمفرٹ ڈالتی روم سے باہر چلی گئی۔۔وہ اسے سوچتا سو گیا۔۔۔

@@@@@@

شام میں دوست اجاتے عیان کا اچھا وقت گزر جاتا۔۔۔

فزیو تھراپسٹ اس کی ایکسر سائز کرواتا جس سے وہ کافی بہتر محسوس کر رہا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ایک ہفتے بعد پلستر اتر گیا تھا اب آئل مساج کرنا تھا۔۔۔ایکسرے رپوٹ کلیئر تھی۔۔

ڈاکٹر نے ایک ہفتہ سیڑھیوں کے کیئر کا کہا تھا۔۔۔سیڑھیاں بار بار چڑھنا اترنا سہی نہیں تھا اس کے لیۓ۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ تو اپنا کیئر کرتا پر انشاء بھی مسلسل اس کا خیال کر رہی تھی۔۔

وہ خود آئل لگا سکتا تھا پر انشاء یہ بھی خود کرتی تھی تو عیان چپ ہو گیا۔۔۔

پر دل ہی دل میں خوش اور مطمئن تھا۔۔

انشاء کے ہر انداز سے ظاہر ہو رہا تھا وہ کتنی حساس ہے اس کے معاملے میں۔۔

واقعی ہر معاملے میں مصلحت ہوتی ہے اس کے ایکسیڈنٹ نے اسے احساس دلایا انشاء جتنی لاپرواہ دِکھتی اتنی ہے نہیں۔۔۔عیان کی نظر میں وہ بہترین بیوی تھی۔۔عیان اپنے رب کا شکر ادا کر رہا تھا۔۔۔

@@@@@@@@

Posted On Kitab Nagri

"بہت شکریہ تمہارا انشاء ان دنوں میرا بہت خیال رکھا تم نے۔۔۔۔عیان نے دل سے کہا۔۔۔

وہ اس کی ٹانگ پر آئل سے مالش کر رہی تھی اور وہ خود کو یہ سب کہنے سے روک نہیں پا رہا تھا۔۔۔

وہ مسکرائی ایک نظر اسے دیکھ کر اور دوبارہ مصروف ہو گئی مالش میں۔۔۔

"جو کہے رہا ہوں دل کی گہرائیوں سے کہے رہا ہوں۔۔۔سچ میں بہت کیا ہے تم نے میرے لی ئے۔۔۔

اس نے دوبارہ اس کی تعریف کی اور آخر میں اس سے پوچھ بیٹھا۔۔"تم کچھ نہیں کہو گی۔۔۔

جانے وہ کیا سننا چاہ رہا تھا۔۔شاید کچھ میٹھے الفاظ کوئی گُدگداتا سا احساس بھرا جملا انشاء سے جو اسکے وجود کو تو مہکائے اور دل کو بھی دھڑکا دے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

"میں کیا کہوں۔۔۔لمحے بھر کو سوچ کر چپ ہوئی۔۔۔آئل کو ڈھکن لگا کر بند کیا۔۔۔نیپکن سے ہاتھ صاف کرتی اس کے پاس سے اٹھی اور کہا۔۔

"میں آپ سے کیا کہوں۔۔۔شکریہ کہنے کی ضرورت نہیں۔۔۔جو بھی کیا انسانیت کے ناطے کیا میں نے۔۔

انشاء کا لہجہ نارمل سا تھا۔۔۔

"صرف انسانیت ناطے تم میرا اتنا خیال کر رہی تھی۔۔۔جانے کیوں وہ دوبارہ اس سے پوچھ بیٹھا۔۔

"جی بلکل۔۔۔انشاء نے کہا۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"کیا اور کوئی احساس نہیں تمہارے اندر میرے لیئے۔۔۔عیان جے ایک آس سے پوچھا۔۔

"اپ کے لیئے احساس ہے کیونکہ بابا جان اور اپ نے میرے لیئے بہت کچھ کیا ہے,اس لیئے میرا بھی فرض تھا بے غرض ہو کر اپ کا خیال کروں وہی کیا میں نے۔۔انشاء نے نارملی کہا۔۔

Posted On Kitab Nagri

انشاء کو بلکل سمجھ نہیں ارہا تھا عیان کو کیا ہوا ہے جو وہ اس طرح سوال کر رہا ہے اور اس کے جواب پر مطمئن بھی نہیں ہو رہا تھا۔۔۔

چند لمحے خاموشی کی نظر ہو گ ئے۔۔۔جب انشاء کو لگا وہ اور کچھ نہیں کہے رہا تو وہ جانے کے لی ئے مڑی۔۔۔

"سنو۔۔۔عیان کی آواز نے اسے روکا۔۔وہ دوبارہ اس کی طرف مڑی سوالیہ انداز میں دیکھنے لگی "جی کہے کر۔۔۔

کیا واقعی تم نے سب انسانیت کے ناطے کیا,اس سب میں ایک بیوی والی فیلنگز نا تھیں ایسا کوئی احساس نہ تھا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"مجھے نہیں پتا اپ کیا سننا چاہتے ہیں۔۔۔میرے جو احساسات ہیں وہ پہلے اپ کو بتا چکی ہوں۔۔۔انشاء نے کہا ۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

" مجھے صرف یہ بتاؤ, کیا یہ سب تم نے بیوی کی حیثیت سے نہیں کیا یہ بیوی کا پیار اور احساس نہ تھا اپنے شوہر کے لیئے۔۔۔وہ جو کبھی کوئی ایسا سوال کسی سے نہیں کرتا تھا آج جانے کیوں اس سے پوچھ رہا تھا جانے کیوں اس کے سچے جذبے اس کیئر کے پیچھے جو ہیں وہ سننا چاہ رہا تھا۔۔۔وہ ایسا شخص نہ تھا جو بال کی کھال نکالے۔۔۔

"بیوی ہمممم۔۔۔بیوی کے احساسات کی کب کی ہے اپ نے پرواہ, اپ نے صرف اپنے غرض کے لیئے مجھ سے ایک زبردستی تعلق بنا کر مجھے اذیت دی ہے۔۔۔جو میں کبھی نہیں بھول سکتی اور نا ہی معاف کر سکتی ہوں ۔۔

انشاء نے بغیر کسی پرواہ کے جو دل میں تھا وہ کہہ دیا۔۔۔عیان کی ساری خوشفہمیاں ختم ہو گئیں ایک پل میں۔۔۔ جس چہرے پر اس وقت رونق تھی اور آنکھوں میں چمک تھی وہ منٹوں میں غائب ہوئی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

چند منٹ لگے اسے خود کو کمپوز کرنے میں اور خود کو کمپوز کرتا وہ بیڈ سے اٹھا۔۔۔انشاء جلدی اس کے قریب ہوئی سہارا دینے کے لیئے عیان نے ہاتھ اٹھا کر اسے روکا اس کے قدم تھم گیئے۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"روکو۔۔۔مجھے کسی عارضی سہارے کی ضرورت نہیں بلکل ٹھیک ہوں تمہیں فکر کرنے کی ضرورت نہیں, بہت اچھی انسان ہو تم اور انسانیت بھی بہت ہے تم میں۔۔۔جانتا ہوں بیوی ہونے کی حیثیت سے بہت تکلیف ہوئی ہو گی تمہیں میرا خیال کرنے میں کیونکہ تمہاری نظر میں تمہارا مجرم ہوں پر تم نے انسانیت کا تعلق نبھا کر اعلیٰ ظرفی کی بہت اعلیٰ مثال قائم کی ہے۔۔۔

عیان کا لہجہ سرد سا تھا۔۔۔بے لچک انداز اور انکھون میں سرد مہری تھی۔۔۔

"پر عیان اپ ابھی مکمل صحت یاب نہیں۔۔۔انشاء نے جلدی سے کہا۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

عیان نے اس کی بات کاٹ کر کہا۔۔۔

" اپنے دل پر زیادہ جبر کرنے کی ضرورت نہیں, بہت نبھا لیا انسانیت کا تعلق, خود اذیتی سے نکل آؤ تم, ریلکس ہو کر لوٹ جاؤ اسی طرف جس طرح کی تم زندگی گزارنا چاہتی ہو۔۔۔جو کر چکا ہوں تمہارے ساتھ ہو سکے تو معاف کرنا پر آئندہ کی گیرینٹی دیتا ہوں ایسا ویسا کوئی تعلق نہیں رہے گا ہمارے بیچ۔۔۔جس طرح جینا چاہتی ہو ویسے جیو اپنی زندگی, مکمل آزاد ہو میری طرف سے تم۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

عیان تھوڑا لنگڑاتا ہوا اس کے پاس سے گزر گیا۔۔۔

وہ حیرت سے اسے جاتا دیکھتی رہی اور سمجھ نہیں پا رہی تھی وہ اس طرح کیوں ریکٹ کر گیا عیان۔۔

@@@@@@@@

اگلے دن اس نے آفیس کی تیاری میں ہیلپ کرنا چاہی تو عیان نے سختی سے منع کر دیا۔۔

رات بھی جب وہ اسے مالش کرنے آئی اس کی ٹانگ کی,اس کے ہاتھ سے شیشی لے لی اس نے۔۔۔

"میں کر دیتی ہوں۔۔۔انشاء نے کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

" بہت شکریہ۔۔۔اب میں ٹھیک ہوں۔عیان نے دوٹوک کہا۔۔

"پر۔۔۔انشاء نے کچھ کہنا چاہا۔۔

"اپنا کام جاکر کرو, میرے ہاتھ سلامت ہیں, میں خود کر سکتا ہوں۔۔۔عیان کے اس انداز کی وہ کب عادی تھی ہکابکا ہو کر اسے دیکھ رہی تھی۔۔

وہ خود مالش کرنے لگا اور وہ اس کے اجنبی روی ہے کو دیکھتی رہ گئی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اس وقت صبح کے وہ اسے مکمل اگنور کی ہے اس کا نکالا سوٹ سائیڈ کرتا دوسرا نکالنے لگا سوٹ۔۔۔

انشاء کو ایسا لگا جیسے عیان کے لی ہے تو وہ اس کمرے میں موجود ہی نہیں ہو جیسے۔۔۔وہ واشروم چلا گیا۔۔

پتا نہیں کیوں اس کی آنکھوں میں پانی سا جمع ہونے لگا۔۔

Posted On Kitab Nagri

انشاء کی انکھ سے کچھ آنسو گرے۔۔۔ جنہیں صاف کرتی وہ صوفے پر بیٹھ گئی کیونکہ دل بوجھل ہو رہا تھا۔۔۔

کچھ دیر میں وہ تیار ہونے لگا, وہ محسوس کر رہی تھی اسے چلنے میں دقت ہو رہی ہے۔۔۔

انشاء کو فکر ہو رہی تھی اس کی کہ وہ سیڑھیوں سے کیسے اترے گا۔۔۔

اسی وقت دروازے پر ناک ہوا۔۔۔ انشاء سے پہلے عیان نے کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"آجاؤ۔۔۔ بالوں میں برش پھیرتا پھر اسپرے کرتے ہوئے اس نے کہا تھا۔ وہ اسے دیکھے جا رہی تھی پر وہ لاپرواہ بنا رہا۔۔۔

اسی وقت رحیم اندر آیا اس کے ہاتھ میں اسٹک تھی, "سر یہ اسٹک اپنے منگوائی تھی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

" شکریہ رحیم۔۔۔عیان نے کہا۔۔۔

"سر اگر مناسب لگے تو میں اپ کو سہارا دے کر نیچے تک لے چلوں, سیڑھیوں سے اترنا خطرے سے خالی نہیں سر۔۔۔

رحیم کے لہجے میں اپنے مالک کے لیۓ فکر تھی۔۔۔انشاء حیران تھی کہ ایک ملازم بھی اس کے لیۓ اتنی فکر رکھتا ہے۔۔

"نہیں رحیم میں مینج کر لوں گا۔۔۔کیونکہ عارضی سہاروں کی عادت نہیں ڈالنی چاہیۓ انسان کو, اپنی مدد آپ کی کہاوت کو مانتا ہوں۔۔۔

"جی سر۔۔۔رحیم نے کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

کہار حیم کو تھاپر ایک سلگتی نظر انشاء پر ڈالنا وہ نہ بھولا تھا۔۔۔انشاء نے خود کو اک عجیب اگ میں جلتا ہوا محسوس کیا

۔۔

اب وہ خود اپنی کیفیت پر حیران تھی کہ اسے کیوں اتنی تکلیف ہو رہی ہے عیان کے اس روی ئے پر۔۔۔

وہ اسٹک کے سہارے جانے لگا رحیم نے بریف کیس لے لیا اس سے دو قدم پیچھے چل رہا تھا۔۔۔انشاء اسے جاتا دیکھتی رہی۔۔۔

@@@@@@

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

سارا دن بولائی پھرتی رہی گھر پر کسی کام میں اسے سکون نہیں مل رہا تھا۔۔۔

نیکسٹ ویک عید تھی۔۔۔پر کسی قسم کی تیاری نہیں کی تھی اس نے۔۔

Posted On Kitab Nagri

"کیا بات ہے انشاء کوئی پریشانی ہے۔۔۔زینب بی نے اسے دیکھا۔۔

"نہیں زینب بی کوئی بات نہیں۔۔۔انشاء نے ان کو ٹالا۔

"پر بیٹی, مسئلے بتانے سے حل ہوتے ہیں۔۔۔کچھ بتاؤ گی تو ہی کچھ حل نکلے گا۔۔۔

ان کے لہجے میں فکر تھی۔۔۔

"کچھ نہیں۔۔۔انشاء نے کہا۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"حیدر بھائی ہوتے تو خود ہی تم سے پوچھ لیتے۔۔۔زینب بی نے کہا۔وہ اس کے چہرے کے بدلتے تاثرات کو اچھی طرح محسوس کر رہی تھیں۔۔

Posted On Kitab Nagri

"سہی کہے رہیں ہیں اپ زینب بی بابا جان ہوتے تو اس طرح نہ ہوتا جواب تک ہو رہا تھا۔۔۔اتنی اکیلی نہ ہوتی میں ۔۔۔انشاء نے دکھ سے سوچا اور جلدی سے صوفے سے اٹھ کر سیڑھیوں کی طرف چلی گئی۔۔۔

زینب بی اسے جاتا دیکھتی رہیں اور کہا۔۔۔

" جانے کس کی نظر لگ گئی ہے اس گھر کی خوشیوں کو۔۔۔سارے گھر کو غم نے اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے۔

انہوں نے افسوس سے سوچا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

@@@@@@@

وہ کمرے میں اکر پھوٹ پھوٹ کر رو دی۔۔ سمجھ نہیں ارہا تھا کس بات پر اتنا رونا ارہا ہے۔۔کچھ دیر رونے کے بعد خود کو سنبھال کر کچھ سوچ کر اٹھی اور جلدی سے الماری سے اچھا سوٹ نکالا اور واشروم میں چلی گئی۔۔

Posted On Kitab Nagri

فریش ہو کرانے سے اعصاب ہر اچھا اثر پڑا تھا۔

جلدی سے خود کو بلیک سوٹ میں دیکھا جو اس کی گوری رنگت پر سج رہا تھا۔دل سے تیار ہونے لگی۔۔۔

ادھے گھنٹے بعد خود کو دیکھا بلیک سوٹ پر سلور جیولری پہنے اور ہلکہ میک اپ کر کے وہ انتہائی حسین لگ رہی تھی ۔۔۔

"ہممممممم اب سہی ہے۔۔۔وہ مطمئن ہوئی خود سے۔۔۔ سلور بینگل اور واچ پہن کر۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

@@@@@@

زینب بی حیران ہوئی انشاء کو سیڑھیوں سے اترتا دیکھ کر۔۔۔

"ماشاءاللہ۔۔۔اللہ نظر سے بچائے۔۔۔اب لگ رہی ہو عیان کی دلہن۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ ان کی اس بات پر شرما گئی۔۔۔

"آج تو تمہیں دیکھ کر عیان خوش ہو جائے گا۔۔۔

انشاء خود حیران تھی وہ یہ سب کیوں کر رہی ہے۔۔۔زینب بی کا عیان کی دلہن کہنا اسے برا بھی نہیں لگا تھا۔

"شکریہ زینب بی۔۔۔انشاء نے مسکرا کر کہا۔۔

"رکو نظر اتاروں تمہاری۔۔۔زینب بی جلدی سے مرچوں سے اس کی نظر اتارنے لگیں۔۔

" میں نماز پڑھ کے اتی ہوں۔۔۔زینب بی نے کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"جی ٹھیک ہے۔۔۔انشاء نے کہا۔۔۔

اب وہ بے صبری سے عیان کا ویٹ کرنے لگی۔

وہ کبھی ٹہلتی تو کبھی بیٹھ جاتی بے صبری سے۔۔۔شاید وہ عیان کے چہرے کے رنگ دیکھنا چاہ رہی تھی۔

آخر ادھے گھنٹے کے بعد عیان اگیا وہ بلکل دروازے کے سامنے کھڑی تھی۔۔۔

اسی وقت زینب بی بھی کمرے سے نکلیں۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"السلام علیکم زینب بی۔۔۔عیان نے کہا۔انشاء کو اگنور کرتا اس کے پاس سے گزر کر صوفے پر بیٹھ گیا, سامنے اتی زینب بی سے کہا۔۔۔

"وعلیکم سلام عیان بیٹے۔۔۔کیسا گزرا دن۔انہوں نے ہو چھا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"زبردست زینب بی, ایک کام کریں گی۔۔ عیان نے کہا اور پھر پوچھا۔۔۔

" ہاں کہو بیٹے۔۔۔انہوں نے اجازت دی۔۔۔

" میرا ایک شلوار سوٹ لائیں گی کمرے سے۔۔۔اوپر جاؤں گا پھر تکلیف ہو گی اترنے میں اس لیے یہیں بابا کے روم میں چینج کر لوں۔

عیان نے تفصیل سے اپنی بات کہی۔۔۔جو اس کی عادت کم ہی تھی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

انشاء حیران ہوئی اس کے اس طرح اگنور کرنے پر۔۔پر خود پر ضبط کرتے ہوئے انشاء نے جلدی سے کہا۔۔۔

" میں لا دیتی ہوں زینب بی کو تکلیف ہو گی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"تمہیں زیادہ تکلیف کرنے کی ضرورت نہیں ہے زینب بی لے کر آجائیں گی۔۔۔عیان نے کہا۔۔۔

وہ کچھ کہنے کے لئے لب کھولنے والی تھی عیان نے دوبارہ کہا۔۔۔

"وسیم (کک) جلدی چائے لاؤ, پھر مجھے نکلنا ہے۔۔۔

"جی سر۔۔کچن سے باہر اکر وسیم نے کہا۔۔۔

انشاء کو شدید بے عزتی محسوس ہوئی پر زینب بی کی ہمت نہ ہوئی کچھ کہنے کی عیان سے۔۔۔ان کو اندازہ ہو گیا عیان کسی بات پر شدید خفا ہے انشاء سے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اس طرح کی ناراضگی کے دوران میاں بیوی کے بیچ میں بولنا سہی نہیں ہے۔۔۔اس لی ئے ان کو اپنا خاموش رہنا مناسب لگا۔۔۔وہ سیڑھیاں چھڑتی اوپر جانے لگیں۔۔۔عیان کے کپڑے لینے کے لی ئے۔۔۔ویسے بھی یہ کام پہلے بھی وہ عیان کے لئے کرتی رہتی تھیں۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

@@@@@@

کچھ دیر میں ملازم نے چائے لا کر دونوں کے سامنے رکھی۔۔۔

زینب بی عیان کے کپڑے بابا کے کمرے میں رکھ چکی تھیں۔

یوں تو وہ اکثر ان کے ساتھ بیٹھ کر چائے پی لیتی تھیں۔۔پر آج ان کو مناسب نہ لگا اس لیے وہ عیان کے کپڑے رکھ کر اپنے کمرے میں واپس چلی گئیں۔۔۔تا کہ تنہائی میں وہ ایک دوسرے سے کچھ بات کر سکیں۔۔۔

عیان سکون سے چائے پی رہا تھا۔۔۔انشاء کی آنکھیں پانی سے بھرنے لگیں۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"ویسے پوچھنا تو مجھے نہیں چاہیے پھر بھی پوچھ لیتا ہوں کیا کوئی گیسٹ آنے والا ہے جو اتنی تیاری کی ہوئی ہے۔۔۔ اس کا اشارہ اس کی سج دھج کی طرف تھا۔۔۔

اس کی چپ کو دیکھتے ہوئے عیان نے ایک اور طنز کیا۔۔

"اور یقینا میرے لیے تو تم نے یہ تیاری کی نہیں ہو گی۔۔۔

اس سے پہلے کہ وہ کچھ کہتی اسی وقت عمر آ گیا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

دونوں کو سلام کیا اس نے بیک وقت۔۔

دونوں نے جواب بھی دیا۔۔

"کیا بات ہے عیان۔۔ کہیں بھابھی نے تمہارے ساتھ باہر جانے کے لیے تو نہیں پلان بنایا ہوا جو اتنا تیار ہو کر بیٹھی ہیں۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ اس کے ساتھ بیٹھتے ہوئے کہا۔۔

یعنی اس کی تیاری کو عمر بھی محسوس کر گیا۔انشاء کو شدید سبکی کا احساس ہوا۔۔۔

"ارے بھابھی مذاق نہیں کر رہا سچ کہہ رہا ہوں اگر ایسی کوئی بات ہے تو میں چلا جاتا ہوں۔۔۔ہم دوست پھر کبھی گیٹ ٹو گیدر کر لیں گے باہر فی الحال آپ لوگ انجوائے کریں۔۔۔

عمر جو سمجھا یا وہ کہے رہا تھا کیونکہ جو بھی انشاء کو اس طرح دیکھتا شاید یہی سمجھتا کہ وہ کہیں باہر جانے کے لیۓ تیار ہوئی ہو۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"ارے نہیں ایسی کوئی بات نہیں۔۔۔عیان نے جلدی سے کہا جبکہ انشاء سے کچھ بولا ہی نہیں جا رہا تھا شرمندگی کے مارے۔۔۔

خود کو سنبھال کر انشاء نے کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"ایسی کوئی بات نہیں عمر بھائی۔۔۔ بس ویسے ہی تیار ہوئی تھی۔۔ اپ بیٹھیں میں چائے لاتی ہوں۔۔ کچھ اور نہ سوجھا تو چائے کی بات بنالی۔۔۔

"ارے نہیں بھابھی اس کی ضرورت نہیں۔۔۔ ہمیں نکلنا ہے۔۔۔ عمر نے روکا اسے۔

"اب جا چینج کر کے جلدی آؤ چلنا ہے۔۔ عمر نے عیان سے کہا۔۔۔

" ہمم, تم بیٹھو میں ایا پانچ منٹ میں۔۔۔ عیان اتنا کہے کر اٹھنے لگا۔۔

" نازیہ بھابھی اور بچوں کو لاتے, تو اچھا ہوتا۔۔۔ انشاء نے کہا کچھ دیر بعد, شاید اپنی شرمندگی کا احساس ختم کرنے کے لیئے وہ بولی۔۔۔

"مجھے پتا ہوتا اپ یاد کر رہی ہیں تو ضرور لاتا۔۔۔ عمر نے احترام سے کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

" اگلی مرتبہ آئیں تو ضرور لے کر آئیے گا۔۔۔انشاء نے خلوص سے کہا۔۔۔

"ضرور بھابھی۔۔۔ عمر نے بھی اسی خلوص سے کہا۔۔۔

کچھ دیر میں عیان ایا اور وہ دونوں چلے گئے۔۔۔ بغیر سوچے سمجھے وہ دروازے تک آئی۔۔۔ عمر ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھا تھا اور اس کے ساتھ عیان اگے بیٹھا۔۔اور جب تک گاڑی نظر سے اوجھل نہیں ہوئی ان کو جاتا دیکھتی رہی انشاء۔۔۔

@@@@@@

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تھوڑا اگے جا کر عمر نے اسٹیئرنگ پر ہاتھ مارا اور کہا۔۔۔

" یہ کیا تھا عیان۔۔۔ عمر نے ضبط سے کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

" کیا کیا تھا۔۔ کس کی بات کر رہے ہو۔۔عیان دائیں بائیں دیکھتے ہوئے کہا۔۔

"تو اچھی طرح سمجھ رہا ہے نا میں کیا کہہ رہا ہوں۔۔ عمر نے انکھیں دکھائیں۔۔

وہ سامنے دیکھتا رہا آتی جاتی گاڑیوں کو۔۔

"جو ابھی گھر پر ہوا وہ کیا تھا۔۔ عمر نے دانت کچاۓ اس کی ڈھٹائی پر۔۔

" مجھے کیا پتا کیا ہوا تھا۔۔۔ کیونکہ میرے سامنے تو کچھ نہیں ہوا۔۔عیان نے شانے اچکاتے ہوئے کہا۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"آوہ تو میری بلی مجھ سے میاؤں۔۔۔ عمر نے چڑتے ہوئے کہا۔۔"کتنا ڈھیٹ ہو گیا تھا عیان۔۔اس نے سوچا۔۔

"کم آن یار میں بلی نہیں بلا ضرور ہو سکتا ہوں۔۔ عیان نے ہنستے ہوئے کہا۔۔

Posted On Kitab Nagri

"بہت فنی ہو گ ئے ہو۔۔۔بھابھی تمہارے لی ئے تیار ہو کر بیٹھی تھیں اور تم نے سراہا یا بھی نہیں ہو گا یقینن اہ کے تاثرات بتا رہے ہیں۔۔دروازے تک آئیں تم نے اللہ حافظ تک نہ کہا۔۔۔یہ کونسا طریقہ ہے۔۔۔اب بتاؤ تم نے کہا نہیں اب میں بھابھی کو اللہ حافظ کہتا اچھا لگتا۔۔۔

عمر نے غصے سے کہا۔۔۔اسے واقعی برا لگ رہا تھا انشاء کے لی ئے۔۔

"چھوڑ دو اسے اس کے حال پر, اس کا پتا نہیں چلتا کب کس بات کو کیا رنگ دے دے میں نے تو بس توبہ کر لی عورت ذات میری سمجھ سے باہر ہے۔۔۔عیان نے نارملی کہا تھا پر عمر اسے افسوس سے دیکھ رہا تھا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"تمہیں تو شاید یہ بھی اندازہ نہیں ہے کہ وہ دروازے پر کب تک کھڑی رہیں تھیں جب تک گاڑی ٹرن نہیں ہوئی وہیں تھیں وہ۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"ہاں مجھے پتا ہے میں نے دیکھا تھا۔۔۔پر عورت کے ان ڈراموں پر میں بھروسا نہیں کرتا اب۔۔۔عیان نے دوٹوک کہا۔۔

"ایک بات تم سے بھی کہ ہے رہا ہوں آئندہ کے بعد کبھی بھی تم میری اور انشاء کی زندگی پر تبصرہ نہیں کروگے ۔۔۔

اب کے عیان نے اسے وارن کیا۔۔

" یہ تم مجھ سے کہہ رہے ہو۔۔۔وہ شاک ہی ہوا تھا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

" ہاں تم سے ہی کہہ رہا ہوں پہلے ہی تمہارے ایک مشورے پر عمل کر کے کسی کا مجرم بن بیٹھا ہوں اب پلیز کوئی دوسرا فضول مشورہ مت دینا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

عمر تو حیران پر حیران ہوتا رہا اس کی باتوں پر۔۔۔ایسا لگتا تھا عیان کی باتوں نے اس کی زبان تاڑو سے لگا دی تھی

۔۔۔

"پلیز عمر یار شاک سے باہر نکل آؤ, گاڑی پر توجہ دو پہلے ہی ایک ایکسیڈنٹ سے ابھی مکمل سنبھلہ نہیں اور تم دوسرا کرنے کے چکر میں نہ پڑ جاؤ۔۔ پلیز ڈرائیونگ پر توجہ دو۔۔۔مجھے میرے حال پر چھوڑ دو۔۔۔

عمر واقعی شاک ہی ہوا تھا اور عیان نا کہتا تو شاید وہ اپنی توجہ ڈرائیونگ پر دوبارہ نہ کرتا۔۔۔

عیان نے ضبط سے ہونٹ بھینچے ہوئے تھے۔۔۔شاید واقعی وہ کسی گہرے درد سے گزر رہا تھا.."کتنا بے خبر رہا میں۔۔۔عمر نے سوچا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

" ہماری زندگی کبھی نارمل نہیں ہو سکتی عمر اور اب نہ ہی میں کرنا چاہتا ہوں۔۔۔اک ایسے رشتے میں بابا جان نے مجھے جکڑا ہے جو بے معنی سا ہے جو سوائے اذیت کے کچھ نہیں ہم دونوں کے لیے۔۔اور واقعی کوئی تعلق ایک طرفہ نہیں نبھایا جا سکتا اسے دونوں طرف سے ہی نبھانے کی جستجو ہونی چاہیے۔۔میں تھک گیا ہوں میرے یار

۔۔

Posted On Kitab Nagri

ایک لمحے کو رک کر سانس لے کر دوبارہ کہا عیان نے۔۔۔

"میں نے کبھی کوئی ایسا کام نہیں کیا جس نے مجھے شدید اذیت سے دوچار کیا ہو پر اب ایسی اذیت سے گزر رہا ہوں اج کل۔۔۔میرے لیے مشکلیں نہ بڑھاؤ۔۔۔ایسا نہ ہو میاں بیوی کے رشتے میں فیل ہونے بعد اب جان سے پیارا دوست کھو دوں پہلے ہی ایک بھائی جدا ہو چکا ہے میرا۔۔۔کاش میرے درد کو کوئی سمجھ سکے میں کس تکلیف میں ہوں مرد ہوں رو نہیں سکتا ورنہ میں نے بھی بھائی کھویا ہے جسے بیٹے کی طرح چاہتا تھا۔۔۔

"اور وہ سمجھتی ہے صرف وہی دکھی ہے دنیا میں سارے درد اسے ہی ہیں جیسے ہم تو بہت خوش ہیں نا۔۔۔بابا جان بھی تو اسی وجہ سے دور گئے ہیں کیونکہ اس درد سے نکلنے کا اس سے بہتر آپشن کوئی نہ لگا ان کو۔۔۔کاش وہ بھی ہمارے درد کو سمجھتی تو اج حالات الگ ہوتے۔۔۔میں نے اور بابا نے اپنا درد بھلا کر اس کا احساس کیا اور وہ بے وقوف ہمیں پتھر کا سمجھ ہی بیٹھی ہے۔۔۔اتنی بے خبر کیوں ہے وہ اتنا انجان کیوں بن رہی ہے۔۔۔

عمر کو اندازہ ہوا وہ کس اذیت سے گزر رہا ہے۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"سوری یار۔۔۔عمر نے کہا۔۔۔وہ اس وقت کچھ کہنے کی پوزیشن میں رہا ہی نہیں اسی لیے چپ چاپ ڈرائیونگ کرنے لگا۔۔۔

"اٹس اوکے۔۔۔بس اب اس ٹاپک پر بات نہیں ہو گی۔۔۔

"ہممم۔۔۔عمر نے کہا۔۔۔آج پہلی دفعہ عیان نے عمر کو لاجواب کر دیا تھا۔۔۔۔

"بس ٹھیک ہے اپنا موڈ درست کرو عمر۔۔۔عیان نے اس کے کندھے پر ہاتھ رکھ کے کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

عیان اچھی طرح سمجھ رہا تھا کتنا حساس تھا اس کے بارے میں اس لیئے عیان نے اسے ریلیکس کرنا چاہا۔۔

ایسے ہی تھے دونوں اور ایسی تھی ان کی دوستی۔۔۔ایک دوسرے کا درد اندر تک محسوس کرنا اور ایک دوسرے کے لئے کچھ نہ کچھ کرتے رہنا۔۔۔ابھی بھی عیان خود کو بھول کر عمر کی فکر میں ہلکان تھا کیونکہ وہ جانتا تھا اس کا دوست کتنا ریگریٹ کر رہا ہو گا اپنے دیئے مشورے پر۔۔۔اور وہ عمر کو اس ریگریشن سے نکالنا چاہ رہا تھا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

@@@@@@@@

پھر واقعی عیان کا عجیب رنگ دیکھا انشاء نے۔۔۔جو بلکل لاپرواہ اور بے فکر ہو گیا تھا اس کی طرف سے۔نا اسے اپنے کسی کام کے لئے کہتا تھا نہ اس سے بات کرتا تھا۔۔اک چپ اور خاموشی دونوں کے بیچ آگئی تھی۔۔۔۔

اس دیوار کو انشاء چاہ کر بھی گرا نہیں پا رہی تھی۔۔

آخر کار اسی کشمکش میں عید کا دن اگیا۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کل بابا جان نے عید منائی تھی سعودی میں۔۔کل خیر خیرات عیان نے بھی کروائی تھی اور غریبوں میں کھانا بانٹا گیا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

آج بے انتہا اداس تھی صرف سرد لہجے میں عیان نے اسے وش کیا جس کا جواب اس نے دیا۔۔اس سے زیادہ بات چیت کرنے کا عیان اس سے روادار نہ تھا۔۔۔وہ گھر سے باہر جا چکا تھا ناشتہ کر کے۔۔کیونکہ قربانی جو کروانی تھی۔

انہیں سوچوں میں گم تھی موبائل کی رنگ ہوئی۔۔

موبائل پر بابا جان کی کال اتے دیکھ کر بے انتہا خوش ہوئی۔۔

وڈیو کال ریسو کی۔۔۔سلام دعا اور عید وش کے بعد بابا جان نے کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"کیسی ہے میری بیٹی, کیوں اتنی اداس لگ رہی ہے۔۔ان کے لہجے میں بہت پیار تھا اس کے لی ئے۔۔

"آپ کی یاد ارہی ہے بابا جان۔۔انشاء نے اداس لہجے میں کہا۔

Posted On Kitab Nagri

"وہ تو ہے پر کمزور کیوں لگ رہی ہو۔۔کیوں عیان خیال نہیں کرتا تمہارا آنے دو پھر اس کی خبر لیتا۔ان کے انداز پر اس کی انکھیں نم ہونے لگیں۔۔ کتنی محبت تھی انہیں اس سے۔جو اپنے بیٹے سے زیادہ اس کا خیال تھا ان کو۔

"ایسی لازوال محبت تو نصیب سے ملتی ہے۔۔۔انشاء نے سوچا۔۔۔

"نہیں باباجان پلیز ان سے کچھ نہ کہیں۔۔بس اپ کب ارہے ہیں اتنا بتائیں۔۔انشاء نے جلدی سے کہا۔۔۔

"فی الحال یہیں ہوں, دوست کے ساتھ اگے گھومنے کا پلان بنا ہے۔۔۔کچھ ہسٹورک پلیسز گھومنے کا۔ترکی اٹلی اور روم۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"واٹ۔۔۔نہیں باباجان, اور دوری اپ کی کیسے برداش ہو گی۔۔۔انشاء بے ساختہ کہا۔۔۔وہ گم صم ہی ہو گئی ان کا پروگرام سن کر۔۔۔

"تم اور عیان ہونا ایک دوسرے ساتھ مجھے فکر نہیں اب۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

انہوں نے پیار سے کہا۔

"جی بابا جان۔۔۔انشاء نے مری مری آواز میں کہا۔۔۔

"آپ نے ان کو بتایا ہے اپنے پروگرام کا۔۔۔انشاء نے جھجھک کر پوچھا عیان کا۔۔

"وہ جانتا ہے انشاء۔۔۔ بابا جان کے بتانے پر وہ چونکی اور کہا۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"اچھا تو بس مجھ سے چھپایا اپ دونوں نے۔۔ورنہ یہ سب ڈیسائیڈڈ تھا۔۔۔

انشاہ نے شکوہ کیا نا چاہتے ہوئے بھی۔۔

" انشاء بیٹی تم اپنے شوہر کے ساتھ ہو اس لیے اب یہ بوڑھا باپ تھوڑا بے فکرا ہوا ہے۔۔۔سو دوستوں نے کہا پر و گرام بن گیا۔۔۔عیان نے بھی کوئی اعتراض نہیں کیا۔۔۔تو کیا تم کو کوئی اعتراض ہے میرے بچے۔۔

Posted On Kitab Nagri

انہوں نے محبت سے لبریز لہجے میں کہا۔۔۔

"نہیں بابا جان۔۔۔بس اپ کی یاد آئے گی۔۔۔ جلدی سے خود کو سنبھال انشاء نے کہا تھا۔۔

"تو تم بھی کوئی بہانہ کر و یہ بوڑھا دوڑتا پہنچنے پر مجبور ہو جائے۔۔۔

انہون نے مذاحیہ لہجے میں کہا۔۔۔

"بہانہ کیسا بہانہ بابا جان۔۔۔انشاء نے حیرت سے کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

" ایسی باتین اس سے نا کیا کریں بابا جان اور ویسے بھی اس کو ساری باتیں دیر سے سمجھ اتی ہیں۔۔اسی وقت عیان نے پیچھے سے اکر کہا۔انشاء کے پاس بیٹھ کر باتین کرنے لگاان سے کیونکہ عیدوش پہلے ہی کر چکے تھے دونوں۔

اب قربانی وغیرہ کے ریلیٹڈ دونوں بات کرنے لگے۔۔

Posted On Kitab Nagri

انشاء اٹھنے لگی عیان نے اس کا ہاتھ تھام لیا۔ وہ دوبارہ بیٹھ گئی۔۔۔

وہ اس کا ڈرامہ خوب سمجھ رہی تھی بابا کے سامنے سب اچھا ہے تاثر دینے کے لیے وہ یہ سب کر رہا تھا۔۔۔

شام کو فریحہ آنٹی آئیں اور انشاء کی لاپرواہی پر ٹوکا جو سادا لباس پہنے ہوئے تھی۔۔۔

کچھ دیر بیٹھیں اور دعوت دے کر چلیں گئیں۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اگلے دو دن دعوت وغیرہ میں گزر گئے۔۔۔انشاء جتنا بھی اچھا تیار ہوتی پر عیان ایک دفعہ بھی متوجہ نہ ہوا تھا

۔۔۔

@@@@@@@

Posted On Kitab Nagri

ایک دن پہلے ہی عیان نے کہہ دیا تھا زینب بی سے کے کل مہمان آئیں گے۔۔۔گیسٹ روم بھی صاف کروا دیں ۔۔

اس لیے صبح سے زور اور شور سے تیاریاں چل رہیں تھیں۔۔

"انشاء بیٹی تم کو پتا ہے کون ارہا ہے۔۔۔عیان کی اتنی انسٹرکشن کی وجہ سے پوچھا انہوں نے فکر سے۔۔۔

"نہیں زینب بی مجھے نہیں پتا۔۔۔

Kitab Nagri

جھوٹ بولنے سے بہتر سچ بولنا تھا اس لیے انشاء نے لاعلمی ظاہر کی۔۔۔

www.kitabnagri.com

"بیٹی۔۔میاں بیوی کی اتنی طویل ناراضگی ٹھیک نہیں اور عیان کا تم سے اتنا لاپرواہ ہونا بھی ٹھیک نہیں۔۔۔وہ نہیں کوشش کر رہا۔۔۔تم دور کر دو اس کی ناراضگی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

زینب بی نے سمجھایا وہ تھک گئیں تھیں دونوں کی اس انکھ مچولی سے۔۔۔پہلے انشاء بچپنا کر رہی تھی اور اب عیان ۔۔۔

"میں کیا کروں زینب بی۔۔۔پتا نہیں کیوں مجھ سے اتنے خفا ہو گ ئے ہیں۔۔۔میں نے تو بس اتنا کہا تھا ان کے پوچھنے پر۔۔۔

وہ ان کو ساری بات بتا گئی سوائے ان جملوں کے جو ان کی ازدواجی تعلق کے متعلق انشاء نے عیان سے کہے۔۔۔

"یہ تم نے بہت غلط کہا۔۔۔میاں بیوی کا تعلق محبت عزت احترام کا ہوتا ہے اس میں انسانیت لا کر تم نے تو غیر کر دیا اسے کیونکہ انسانیت تو ہم غیروں سے کرتے ہیں اپنوں کے لئے تو جو کرتے وہ محبت سے کرتے ہیں خلوص سے کرتے ہیں۔۔۔اور تم نے عیان بیٹے سے ایسا کہا کہ تم انسانیت کے ناطے یہ سب کچھ کر رہی ہو شاباش ہے تمہاری عقل گھاس چرنے گئی تھی جو شوہر کو اس طرح دکھی کر دیا تم نے۔۔۔تم جتنی بے وقوف سہی پر اتنی بے وقوف ہو گی میں نے سوچا نہیں تھا۔۔۔

وہ افسوس کرتیں رہ گئیں۔۔۔انشاء کو سمجھ نہ ایا اب کیا کہے۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

" جاؤ تیار ہو جاؤ مہمان آنے والے ہونگے۔۔۔اپنا حلیہ درست کرو۔۔۔اپنی زبان سے تو تم نے شوہر کے دل کا راستہ کاٹ دیا ہے اب کم از کم اپنے حسن سے ہی اس کے دل کا راستہ بناؤ۔۔۔

زینب بی نے تاسف سے کہا۔۔وہ کم ہی کچھ کہتی ہیں کسی سے۔۔۔پر ان کو وہ مقام حاصل تھا کہ کبھی کبھار وہ ان کو بری طرح ٹوکتی بھی تھیں انشاء ایمان اور عیان کو۔۔۔

ان میں سے کوئی برا نہیں مانتا تھا ان کی بات کو۔۔۔کیونکہ وہ ان کو پالنے والی ماں بھی تھیں۔۔۔

"پر زینب بی۔۔۔انشاء نے کچھ کہنا چاہا۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

" اس پر پھر کبھی بات کریں گے فی الحال تیار ہو کر آؤ عیان پہنچنے والا ہو گا۔۔۔

زینب بی نے کہا۔۔۔وہ جلدی اٹھی تیار ہونے کے لیے۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

@@@@@@

وہ سیڑھیوں سے اترتی آرہی تھی گولڈن کلر کے ڈریس میں وہ بہت خوبصورت لگ رہی تھی اس کے رنگ کے ساتھ میچ کررہا تھا۔۔اج اس کا انداز ہی الگ تھا۔۔۔

عیان صوفے پر بیٹھا ایک بازو سیدھا رکھے ہوئے تھا۔اس کی نظر بے ساختہ انشاء پر گئی وہ ٹھٹھکا۔۔۔لمحہ ہی گزرا لاؤنج کا دروازہ کھلا دونوں نے بیک وقت ادھر دیکھا۔۔جو جادو لمحے کے لیئے دونوں کے بیچ ہوا تھا وہ دروازے کی آواز نے ختم کردیا۔۔۔

فرقان کے ساتھ آئی ہوئی لڑکی ہائے ہیل پہنے ارہی تھی۔ عیان نے کہا۔۔۔

"علیزے۔۔۔وہ کھڑا ہوا اور اسی وقت علیزے نے کمر پر ہاتھ ٹکا کر کہا۔۔۔

" جی,لگتا ہے اپ بھول گیئے مسٹر عیان سڑو۔۔۔علیزے نے مزے سے کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

"امپاسیبل تم بھولنے والی چیز نہیں۔۔۔عیان نے کہا۔۔۔فرقان بھی مسکرایا۔۔۔جبکہ انشاء کے قدم تھمے اس کانفیڈنٹ لڑکی کو دیکھ کر۔۔۔

" ہمممم, تو مجھے لگتا تھا اب کے ملو گے تو میری منتیں کرو گے, گڑگڑاؤ گے میرے اگے, گھٹنوں کے بل جھکو گے میرے اگے, کیا پتا اس بار میں تمہیں ٹھکرادوں مسٹر سڑو۔۔۔

انشاء نے حیرت سے اس اکڑو لڑکی کو دیکھا جو جینس پر بلیک کُرتی پہنے گلے میں مفلر نما اسکارف پہنے کھڑی تھی آنکھوں میں شرارت, چنچل سی مسکراہٹ ہونٹوں پر اسے منفرد دکھا رہی تھی۔۔۔اس کی ہیزل گرین آنکھیں, بالوں میں گولڈن اور فیڈ کلر ڈائے اسٹائیلش سا ہیئر کٹ اس کی خوبصورتی میں اضافہ کر رہا تھا۔۔۔

www.kitabnagri.com

اس کے انداز پر عیان مسکرایا اور ہنستا ہی چلا گیا۔۔۔وہ ایسی ہی تھی ہمیشہ سے۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

پر انشاء کو اپنی دل کی دھڑکن تھمتی ہوئی محسوس ہوئی اس حسین پری کو دیکھ کر۔۔۔ایک تو حسن اور اس پر نزاکت اور ادائیں اور بولنے کا انداز وہ چلتی پھرتی قیامت لڑکی لگی انشاء کو۔۔۔۔

انشاء کبھی عیان کے لبوں کی ہنسی دیکھتی تو کبھی وہ اس لڑکی کے انداز۔۔۔اب اسے نازیہ بھابھی کے لفظ یاد آئے ۔۔۔اور اپنے کہے لفظ اس کا منہ چڑانے لگے۔۔۔

وہ دونوں کچھ کہے رہے تھے پر انشاء کے کان سائیں سائیں کرنے لگے اس لمحے۔۔۔

جانے کیوں انشاء کی انکھ میں مرچیں سی بھرنے لگیں اس منظر کو دیکھ کر۔۔عیان کا ہسنہ اور علیزے کا کھلکھلانا۔ یہ احساس یا اس طرح کا کوئی احساس کبھی اس کے اندر نہ جاگا تھا۔۔شاید وہ دونوں ایک دوسرے میں مگن تھے نہ انشاء نہ زینب بی اور نہ فرقان تھا ان کے بیچ۔۔۔وہ دونوں ان کی باتیں اور ان کے اپس کے گلے شکوے بس ۔۔۔

"دو سال سے آئے نہیں لندن, جب دیکھو عمر کو بھیج دیتے کسی بھی بزنس کے کام کے سلسلے میں, اسی بہانے بندہ دوستوں سے مل لیتا ہے۔۔۔شرم کرو تم۔۔۔ویسے ہو بڑے بے مروت بندے۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

علیزے نے ایک اور شکوہ کیا عیان سے۔۔۔

"ارے, حالات کچھ ایسے ہو گ ۓ کہ آ ۓ ہی نہ سکا کیونکہ۔۔۔عیان نے وضاحت دینا چاہی علیزے نے بات کاٹ کر کہا۔۔

" رہنے دو, بس بہانے بن والو تم سے۔۔۔دیکھ لو تم نہیں آ ئے میں چلی آئی۔۔۔

خود کو سنبھالتی انشاء سیڑھیوں سے اتر کر ان کے روبرو ہوئی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اب کے علیزے چونکی اور کہا۔۔۔

"یہ کون ہے عیان۔۔۔

انشاء عیان کا چہرہ دیکھنے لگی کہ وہ اپنی دوست کو کیا جواب دیتا ہے اس کے مطلق۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

پر عیان کے عجیب تاثرات دیکھ کر انشاء کو شدید مایوسی ہوئی کہ وہ اب اس کا انٹروڈکشن بھی کروانے کا روادار نہیں کیا اتنا بدظن ہو چکا ہے مجھ سے۔۔انشاء نے سوچا۔۔۔

"علیزے یہ انشاء بھابھی ہیں عیان کی بیٹر ہاف۔۔۔آخر فرقان نے کہا۔۔

"واٹ انبلیو وایبل عیان آئے ڈونٹ ایکسپیٹ دس فرام یو۔۔۔علیزے نے انکھیں دکھائیں۔۔۔

"علیزے بس کرو۔۔۔فرقان نے کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"اچھا اچھا سوری۔۔۔وہ جلدی سے انشاء کی طرف مڑی اور کہا۔۔۔

"میں علیزے گل، اپ کے شوہر کی بیسٹ فرینڈ سے بھی اوپر کی اوپر۔۔۔۔کیوں عیان۔۔۔اس نے انشاء سے کہا ۔۔۔وہ شوخ ہوئی پر انشاء بیچاری سی مسکراہٹ بھی نہ دے سکی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"ہاں کیوں نہیں۔۔۔عیان نے کہا۔۔۔

انشاء گم صم ہو کر دیکھنے لگی۔۔۔

اسی وقت زینب بی نے جوس سروو کیا۔۔۔سب بیٹھ گ ئے۔۔۔

@@@@@@

"عمر نہیں ایا اب تک۔۔۔عیان نے کہا کیونکہ وہ الریڈی اسے دعوت دے چکا تھا۔۔۔جوس سے فارغ ہو گ ئے تھے لنچ کا وقت ہونے لگا تھا۔

" تم نے یاد کیا لو اگیا۔۔۔عمر اسی وقت ایا اور بڑے جوش سے کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"ہمم شیطان کا نام لیا اور دیکھ لو حاضر ہو گیا۔۔۔علیزے نے منہ بنایا۔

"اور تم شیطان کی دوست ماہا شیطان۔۔۔ عمر نے بھی حساب بے باق کیا علیزے کو کہے کر۔۔۔

" لندن سے لے کراچ تک یہ سلسلہ یونہی چلتا رہا ہے,نہ علیزے پیچھے ہٹتی نہ عمر باز اتا ہے۔۔۔فرقان نے ہنستے ہوئے کہا۔۔۔

"مجھ سے پوچھو جس کے کان پک گئے دونوں کی لڑائی سن سن کر۔۔۔ عیان نے کانوں کو ہاتھ لگائے۔۔۔

"کھمبے جتنے ہو گ ئے ہو لڑکیوں کو شیطان کہتے حیا نہیں آتی تمہیں,کچھ تو شرم کرو۔۔۔

علیزے نے عمر کو شرمندہ کرنے کی بھرپور کوشش کی۔۔۔ عمر اکر صوفے پر بیٹھا اور کہا۔۔

Posted On Kitab Nagri

"شرم کا پتا نہیں, باقی حیا کل آئی تھی ٹھری نہیں زیادہ دیر وہ الگ بات ہے۔۔۔ عمر نے سوچنے کی ایکٹنگ کرتے ہوئے کہا علیزے سے۔۔۔

ان دونوں کی نوک جھونک سے سب محفوظ ہو رہے تھے۔

"تم کس حیا کی بات کر رہے ہو۔۔۔ علیزے حیران ہوئی اس کی بات پر۔۔۔

"ہماری پڑوسن حیا کی بات کر رہا ہوں میں تو۔۔ تو تم کس حیا کی بات کر رہی ہو۔۔ عمر نے مزے سے کہا اور سوچنے کی ایکٹنگ کرنے لگا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"تم سدھر نہیں سکتے۔۔۔ اب تو نا ممکن ہے۔۔۔ نازیہ بھابھی کو سلام ہے جو تم کو برداشت کر رہی ہے۔۔

علیزے نے کہا۔۔۔

"چلو مجھے تو نازیہ برداشت کر رہی ہے پر تمہیں تو اب تک برداشت کرنے والا ملا بھی نہیں ہے۔

Posted On Kitab Nagri

عمر کیا کم تھا جو حساب چھوڑتا علیزے پر۔

"تم فکر مت کرو مجھے مل ہی جائے گا۔۔۔تم اپنی خیر مناؤ۔علیزے نے اس کے طنز کو چٹکیوں میں اڑایا۔

"بس کرو قسم سے بچوں کو پیچھے چھوڑ دیا ہے تم دونوں۔عیان نے دونوں کو ہاتھ جوڑ کر کہا۔۔۔

" یہ تم نہ ہوتے تو ابھی کان سے پکڑ کر باہر نکالتی اسے۔۔علیزے نے عیان کو دیکھتے ہوئے عمر سے کہا۔۔۔

"اور میں نے کونسے تمہارے بال چھوڑنے تھے۔۔۔اس سے کھینچتا ہوا نکالتا۔۔یہ گل انکل کا ہی لحاظ کر لیتا ہوں
۔۔

عمر نے سامنے سے وار کیا۔

Posted On Kitab Nagri

انشاء منہ کھولے یہ سب سن رہی تھی۔۔۔اس طرح لڑتے اس نے پہلی دفعہ دیکھا تھا کسی کو۔

"یار بس کرو،اب یونی سے نکل آئیں ہیں۔۔دو سوتنوں کی طرح لڑتے ہو بلکہ ان کو پیچھے چھوڑ دیا ہے تم دونوں نے۔۔۔عیان نے دونوں کو کہا۔۔۔

"ہممننمم۔۔۔علیزے نے کہا۔۔۔

"ہممنننمم۔۔۔عمر نے کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"نازیہ بھابھی نہیں آئیں عمر بھائی۔۔۔انشاء نے پوچھا عمر سے۔۔۔

"وہ میکے گئی ہے بچوں کے ساتھ۔۔۔عمر نے بتایا۔۔

کچھ دیر کے بعد سب نے مل کر کھانا کھایا۔۔۔جس پر بھی نوک جھونک چلتی رہی عمر اور علیزے کی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

کھانے کے بعد سب سے پہلے فرقان روانہ ہوا۔۔انشاءان کے پاس بیٹھی تھی خاموش تماشائی کی طرح۔۔

@@@@@

شام ہو گئی تھی۔۔۔

"عیان میرے لیے کونسا روم ایٹ کروایا ہے۔۔علیزے نے پوچھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

""یار واقعی باتوں میں پتا ہی نہیں چلا اتنا وقت گزر گیا۔۔اب ارام کرنا چاہیے تمہیں۔۔عیان نے فکر سے کہا
۔۔۔

"آؤ گیسٹ روم دکھادوں تمہیں۔۔۔عیان نے خلوص سے کہا۔

Posted On Kitab Nagri

"میں گیسٹ ویسٹ نہیں ہوں مسٹر۔۔۔پہلے بتاؤ تمہارا روم کہاں ہے۔۔۔علیزے نے انکھیں دکھاتے ہوئے کہا ۔۔۔

" میرا روم تو اوپر ہے اور گیسٹ روم نیچے۔۔اوہ تو میڈم بتائیں کہاں رہنا پسند کریں گی۔۔۔عیان نے کہا, جانتا تھا اس کی فرینک نیچر کو۔۔۔۔

"تمہارے روم کے پاس والا کوئی روم ہو وہیں رہوں گی۔۔۔علیزے نے ایک ادا سے کہا۔۔

انشاء حیران ہی تھی اس لڑکی پر جو کتنے مزے سے عیان پر حق جتا رہی تھی۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"اوکے جو کمرہ تمہیں پسند آئے اوپر اسٹے کر سکتی ہو۔۔آؤ اوپر چلتے ہیں گھر دکھادوں تمہیں۔۔عیان نے خلوص سے کہا۔۔۔

"رحیم۔۔۔عیان نے دو آوازیں دیں اور وہ بوتل کے جن کی طرح حاضر ہوا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"جی سر۔۔۔مودب انداز میں کہا۔۔۔

" سامان اٹھاؤ علیزے کا اوپر لے کر چلنا ہے۔۔۔عیان نے حکم دیا۔۔

" جی سر۔۔

علیزے نے اپنی پسند سے اوپر والا گیسٹ روم پسند کیا جو ان کے بیڈ روم سے ایک کمرہ چھوڑ کے تھا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

سامان وہاں رحیم نے رکھا۔۔۔

"اب تم ارام کرو پھر ملتے ہیں۔۔۔عیان نے علیزے سے کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"ٹھیک ہے۔۔وہ ریلکس ہوئی۔۔۔اور وہ دونوں کمرے سے باہر آئے۔۔۔

انشاء عیان کے پیچھے کمرے میں آئی۔۔۔وہ اس سے بات کرنا چاہ رہی تھی اس سے پہلے وہ کچھ کہتی عیان اپنے کپڑے لے کر واشروم میں چلا گیا۔۔

وہ اسے جاتا دیکھتی رہی اور بیڈ پر بیٹھ کر اس کا انتظار کرنے لگی۔۔۔ تھکن اعصاب پر اتنی سوار تھی کہ اسے نیند کب آگئی پتا ہی نہیں چلا۔۔۔

@@@@@@

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ اچانک سے اٹھی۔۔۔اسے یاد آیا اسے تو عیان سے بات کرنی تھی۔۔۔چند لمحے لگے خود کے حواس بحال کرنے میں۔۔۔

ٹائم دیکھا رات کے آٹھ بج رہے تھے۔۔

Posted On Kitab Nagri

"اتنا کیسے میں سو گئی۔۔وہ حیران ہوئی۔۔۔

"شاید اس لیے کہ اتنی دیر ان کے بیچ بیٹھنا پڑا۔۔۔کتنا بولتی ہے علیزے, نہیں پر عیان کب سے اتنا بولنے لگے ہیں۔۔۔اس نے سوچا۔۔

بال سمیٹتی وہ اٹھی۔۔۔

نیچے آئی تو دور سے ہی علیزے کی کھنکتی آواز سنی جس کی بات پر عیان ہنس رہا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"اپنے شوہر کو قابو میں رکھنا کڑی نظر رکھنا۔۔۔علیزے اس کی دیوانی لگتی ہے۔۔۔

نازیہ بھابھی کے الفاظ کان میں بازگشت کرنے لگے اس کے۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

" بچ کے رہنا انشاء۔۔۔علیزے اور عیان کی بہت فرینکنیس ہے اور کنواری بھی ہے, یونی کے زمانے میں عیان کو پرپوز کر چکی ہے۔۔۔ عمر تو کہتا وہ مجھے بھی برداش عیان کی وجہ سے کرتی ہے, وہ ہر وقت عیان سے چپکی رہتی ہے ۔۔۔

نازیہ بھابھی کے کہے الفاظ گونجے جو اس نے عید کی دعوت پر اس سے کہے تھے۔۔

اپنے کہے الفاظ اب اس کے کان میں گونجے۔۔۔

"مجھے کوئی پرواہ نہیں عیان یا علیزے کی۔۔۔ میں نے خود اسے دوسری شادی کا کہہ رکھا ہے, کیا پتا اس بہانے ہی میری اس ان چاہے رشتے سے جان چھوٹ جائے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اپنے الفاظ اس کا مذاق اڑانے لگے تھے۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"تو کیا واقعی مجھے پرواہ نہیں, کیا اتنی بے پرواہ ہوں میں, اگر واقعی عیان دوسری شادی کر لے تو مجھے فرق نہیں پڑے گا۔۔۔

دماغ نے اس سے سوال کیا اور ایک لمحے میں اس کے اندر سے آواز آئی۔۔

"اللہ نہ کرے جو ایسا ہو, عیان ایسا نہیں کر سکتے, مجھے یقین ہے وہ میرے ساتھ ایسا نہیں کر سکتے۔۔۔

وہ اندر ہی اندر خود سے ہمکلام تھی۔۔

"انشاء وہاں کیا کھڑی ہو یہاں آؤ۔۔۔اچانک عیان کی آواز پر وہ چونکی۔۔

ایک ایک قدم اٹھاتی وہاں تک آئی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

" ویسے عیان اتنی خاموش بیوی تم نے کہاں سے دریافت کی ہے۔۔۔جو خود سے ہی باتیں کرتی رہتی ہے۔۔۔ ویسے تم بھی اتنے خاموش ہو کم از کم تمہیں اپنے ساتھی کے طور پر ایک باتونی لڑکی کا انتخاب کرنا چاہیے تھا۔۔۔

اس نے مشورہ دیا اور کہے ایسے رہی تھی جیسے خود بہت بڑی سمجھدار ہو۔۔۔

انشاء اسے دیکھ کر عیان کو دیکھنے لگی۔۔جانے کیوں اسے علیزے کی بات بری نہیں لگتی تب تک جب تک عیان جواب نہیں دیتا اور عیان کے جواب کے بعد اسے بہت بری لگنے لگتی تھی۔۔۔کیونکہ عیان کا جواب بے تاثر جو ہوتا تھا۔۔۔

" عیان آپ تو ایسے نہیں تھے انشاء نے دل ہی دل میں سوچا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"کیا کریں نصیب کی بات ہے۔۔۔عیان نے پھیکی ہنسی سے کہا۔۔۔

" ویسے جانتے ہو نا فزکس کا لاء اپوزٹ اٹریک اینڈ سیم سیم ریپیل اچھ ادھر۔۔۔ہے نا سچ کہے رہی ہوں کیوں انشاء۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

انشاء چونکی اس کے پکارنے پر۔اور جلدی سے کہا۔۔

"ہاں ہاں۔۔۔بغیر سوچے سمجھے انشاء نے اس کی بات کی تائید کی۔۔

"بس دیکھلو تمہاری بیوی بھی مان رہی ہے۔۔۔ کہیں واقعی تم دونوں ایک دوسرے کو ریپیل تو نہیں کرتے ۔۔۔

اس نے اپنی بڑی انکھیں میچ کر کنفرم کرنا چاہا عیان سے۔۔۔عیان کو بے ساختہ ہنسی آئی جبکہ انشاء کو شرمندگی ہونے لگی اس نے کیوں تائید کی علیزے کی بات سن کر۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"ہممممم اگر ایسا ہے بھی تو کیا۔۔۔شادی کے بعد یہ سب میٹر نہیں کرتا علیزے۔۔۔

عیان نے جواب تو علیزے کو دیا پر دیکھ انشاء کو رہا تھا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

انشاء نے شرمندگی افسوس سے نظر چرالی۔۔۔

"بہت میٹر کرتا عیان۔۔۔اگر ایسا ہو تو۔۔علیزے نے ہونٹوں پر انگلی رکھے پر سوچ انداز میں کہا۔۔۔

" اچھا چھوڑو, ایسا کچھ نہیں, جیسا تم سمجھ رہی ہے, بس انشاءن ئے لوگوں میں کم گھل ملتی ہے, کچھ دنوں میں تم دونوں کی دوستی ہو جائے گی۔۔۔کیوں انشاء۔۔

عیان نے اسے مخاطب کر کے اس کی جھجھک دور کرنا چاہی۔۔

"جی بلکل۔انشاء نے کہا۔

وہ دونوں کو غور سے دیکھ رہی تھی۔۔۔انشاء کا دل کسی انہونی کا الرام دے رہا تھا۔

@@@@@@@

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

رات کے کھانے کے بعد۔۔۔انشاء نے قہوا کو پوچھا دونوں سے۔۔۔تو عیان کے کہنے سے پہلے علیزے نے کہا۔

"میرے اور عیان کے لیئے کافی بنانا۔۔

انشاء سلگ اٹھی۔۔۔

"میرے شوہر کو بولنے کا موقع نہیں دیتی بس خود ہی بولے جاتی ہے۔۔۔

وہ جلتی کڑھتی کچن میں آئی اور خود سے بول رہی تھی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"اس کے حصے کے جواب خود دیتی ہے۔بہت تیز ہے یہ۔۔۔کتنے مزے سے کہے گئی ہم ریپیل تو نہیں کرتے ایک دوسرے کو۔۔۔

کلس کر رہ گئی انشاء۔۔

Posted On Kitab Nagri

ہر چیز پٹخنے کے انداز میں رکھ رہی تھی ایسا لگتا تھا علیزے نے اسے جلتے توے پر بٹھا دیا تو جو اتنا سلگ رہی تھی۔۔

"اف کس سے پوچھو اب کون مجھے بتائے گا میری تو کوئی سہیلی بھی نہیں ہے۔۔۔نازیہ بھابھی خود میکے گئیں ہیں ۔۔کیسے بیویاں اپنے شوہر کو ایسی عورتوں سے بچاتی ہیں۔۔

سر پر ہاتھ مارتے ہوئے اس نے سوچا۔

"اگر موڈ نہیں تھا تو پوچھنے کی کیا ضرورت تھی قہوا کا۔۔تم جاؤ ملازم سے کہے کر بنوا دوں گا کافی۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

عیان نے اس کو بڑبڑاتے دیکھ کر کہا۔۔

اچانک عیان کے کہنے پر انشاء نے جلدی سے کہا۔۔

"ایسی بات نہیں وہ اپ مجھے غلط سمجھ رہے ہیں۔۔

Posted On Kitab Nagri

انشاء نے اپنی صفائی دینا چاہی۔۔۔

"تو پھر کیا بات ہے، علیزے میری یونی فرینڈ ہے، اس کے سامنے تو کم از کم میری عزت رکھ لو، دن سے دیکھ رہا ہوں تم منہ بنا کر بیٹھی ہو۔۔پہلے مہمانوں کا لحاظ کرتی تھی اب وہ بھی نہیں رہا تم میں۔۔۔ میرا تماشہ بنا کر کیا مل رہا ہے تم کو۔۔۔

"عیان ایسی۔۔۔انشاء نے کچھ کہنا چاہا پر عیان نے اس کی بات کاٹ کر کہا۔

"بس۔۔۔ کسی صفائی کی ضرورت نہیں۔۔۔ایک بات میری ذہن میں بٹھا لو اگر تمہیں میرے دوستوں کا یہاں آنا ناگوار گزرتا ہے تو ان کے سامنے منہ بنانے سے بہتر ہے تم کمرے میں بیٹھی رہو، یوں منہ کے زاوی ئے بنا کر بیٹھنے سے اپنا اور میرا تماشہ نہ بنواؤ۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

واقعی جب ہم غلطی پر ہوتے ہیں تو ہمیں بولنے کے ہزاروں موقعے مل جاتے ہیں اور جب ہم صحیح بات کرنا چاہتے ہیں تو ایک موقع بھی میسر نہیں ہوتا۔۔۔ایسا ہی کچھ انشاء کے ساتھ ہو رہا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

"اب لے کر ارہی ہو یا نہیں۔۔عیان نے پوچھا انشاء سے۔

اس نے آنسو ضبط کرتے ہوئے کہا" ہاں بس لاتی ہوں دو منٹ۔۔۔

عیان وہاں سے چلا گیا۔۔۔

@@@@@@@

وہ کافی لے کر ارہی تھی۔۔عیان کو علیزے سے کہتے سنا۔۔

"میں شام تک آؤں گا تب تک انشاء ہو گی گھر پر۔اور پھر زینب بی بھی ہیں تمہیں بھی بوریت نہیں ہو گی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

''نا بابا نا بابا میری توبہ۔۔۔میں نہیں رکنے والی گھر, حیدر انکل ہوتے تو پھر بھی ٹھر جاتی, ہماری گپ شپ ہو جاتی پر تمہاری بیوی انتہا کی بور ہے, میں تو صبح آفیس چلوں گی تمہارے ساتھ, پورا دن اچھا گزر جائے گا عمر کی ٹانگ کھچائی میں۔۔۔

علیزے کانوں کو ہاتھ لگا کر توبہ کرتے ہوئے کہا تھا۔۔۔انشاء حیران تھی وہ کتنے مزے سے اس پر کمنٹس پاس کر رہی تھی عیان روک بھی نہیں رہا اس بد تمیز لڑکی کو۔۔

وہ ان کو کافی سرو کرنے لگی خاموشی سے۔۔۔اب تو انشاء ایک سمائیل بھی نہ دے سکی۔

ایک خاص بات قابل غور تھی کہ علیزے کو ذرہ شرمندگی نہ تھی جو اس نے ابھی کمینٹ کیا انشاء پر۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

''کیا واقعی اس ڈھیٹ لڑکی سے میں مقابلہ کر سکتی ہوں۔۔۔انشاء نے غور سے علیزے کو دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ کافی سرو کر کے جانے لگی۔۔ کئی دفعہ پلٹ کر انشاء نے دیکھا شاید اسے بیٹھنے کو کہے گا دونوں میں سے کوئی۔۔۔ پر کسی نے اسے نہ کہا۔۔۔اس لیئے وہ چپ چاپ کمرے میں اگئی۔۔۔

آج نیند بھی انکھوں سے کوسوں دور تھی جو انے کا نام نہیں لے رہی تھی۔۔۔

کتنی دیر وہ کروٹ پر کروٹ بدلتی رہی۔۔۔پر نیند آنے کا نام نہیں لے رہی تھی۔۔۔

"اپنی اس بے چینی کو کیا نام دوں۔۔۔ تھک کر انشاء نے خود سے کہا۔۔۔

"پسند یا محبت۔۔۔شاید عیان کو میں پسند کرنے لگی ہوں۔۔۔ نہیں شاید محبت۔۔۔اندر کی اس آواز پر وہ اٹھ بیٹھی ۔۔۔

"نہیں ایسا نہیں ہو سکتا, میں ایمان کے ساتھ بے وفائی نہیں کر سکتی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

انشاء نے اپنا سر دونوں ہاتھوں پر گرا لیا" کیوں ہو رہا ہے میرے ساتھ کیوں ہو رہا یہ سب۔۔ یااللہ علیزے چلی کیوں نہیں جاتی وہ چلی جائے عیان کسی اور کو دیکھے مجھ سے برداشت نہیں ہوتا۔۔

خود سے لڑتی لڑتی وہ سو گئی کب پتا ہی نہیں چلا اور صبح انکھ کھلتے ہی سب سے پہلے اس نے اپنے پہلو میں دیکھا عیان کو بے خبر سوتا دیکھ کر دل کو سکوں ایا۔۔شاید وہ ڈر گئی تھی کہیں کمرے میں ہی آئے نہ سونے کے لی ئے۔۔

"رات کو کب آئے کمرے میں مجھے محسوس ہی نہیں ہوا اور میں اتنی بے خبر سو رہی تھی کہ میں نے ان کا انا محسوس ہی نہیں کیا۔۔

Kitab Nagri

خود سے کہتی وہ بال سمیٹتی اٹھ بیٹھی۔۔وہ فریش ہونے کے لی ئے واشروم گئی۔۔

www.kitabnagri.com

@@@@@@@

وہ ڈائینگ پر ناشتہ لگوا رہی تھی۔۔اسی وقت عیان اور علیزے ساتھ ارہے تھے نیچے۔۔

Posted On Kitab Nagri

عیان نے اج بھی اس کا سلیکٹ کیا سوٹ نہیں پہنا تھا انشاء کے دل میں ہوک سی اٹھی۔۔۔

اب دونوں کا ساتھ میں انا اسے غور کرنے پر مجبور کر رہا تھا۔۔وہ دونوں ایک ساتھ بہت اچھے لگ رہے تھے۔۔ جانے کیوں وہ علیزے کو خود سے کمپیئر کر رہی تھی۔۔۔ہر بار انشاء کو خود سے زیادہ وہ بہترین لگی۔۔۔

"شاید میرا دماغ خراب ہو گیا ہے جو ایک لڑکی کو خود کے حواس پر سوار کر لیا ہے۔۔۔نازیہ بھابھی نا بتاتی علیزے عیان کو پسند کرتی ہے تو شاید میں اس مشکل میں نہ ہوتی۔۔واقعی بے خبری بڑی نعمت ہے۔۔۔انشاء نے خود سے کہا اور خود سرزش کی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

" اور شاید تم نے اپنی جگہ خالی نہ چھوڑی ہوتی تو یہ حال نہ ہوتا تمہارا۔۔۔اندر سے آواز آئی انشاء کو۔۔

"عیان تمہاری بیوی خود سے بہت بات کرتی ہے دیکھ لو۔۔۔علیزے نے اس کی توجہ انشاء پر کرائی۔۔۔انشاء شرمندہ ہوئی اپنی بیوقوفی پر۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"اچھا مجھے تو ایسا نہیں لگتا۔۔۔آؤ تم ناشتہ کرو۔۔۔وہ دونوں ڈائینگ پر آئے۔۔عیان نے اس کی بات کو چٹکی میں اڑا دیا۔۔

انشاء عیان کے ساتھ والی چیئر پر بیٹھ گئی اور اسے سرو کرنے لگی۔۔عیان حیران ہوا اس کی کایا پلٹنے پر۔

"انشاء ریلکس ہو جاؤ, میں خود لے لوں گا۔۔عیان نے نارمل لہجے میں کہا۔۔۔

"جی۔۔۔

اب سینڈوچ علیزے کی طرف کی ئے۔۔۔

"آپ لیں علیزے۔۔انشاء نے دل پر پتھر رکھ کے کہا۔۔۔کیونکہ عیان کی خوشی کے لی ئے وہ علیزے کو ویلیو دے رہی تھی۔۔

Posted On Kitab Nagri

"تھینکس۔۔۔کہہ کر۔۔۔ایک پیس لیا علیزے نے۔۔۔

ناشتے کے بعد عیان نے کہا۔۔۔"پھر کیا پرو گرام ہے تمہارا چلنا ہے آفیس۔۔۔عیان نے علیزے سے کہا۔۔۔

"علیزے گھر پر رہیں گی, سارا دن کل اپ کو کمپنی دی اج میرے ساتھ وقت گزاریں گی۔۔کیوں علیزے۔۔۔ انشاء نے مسکرا کر جلدی سے کہا۔۔علیزے کے جواب دینے سے پہلے۔۔۔

اب انشاء مسکرا رہی اس کی طرف دیکھ کر۔۔انشاء سمجھ رہی تھی علیزے کو تکلیف ہوئی ہو گی اس بات پر۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

عیان دونوں کو عجیب نظر سے دیکھ رہا تھا زیادہ حیرت انشاء پر تھی اسے۔۔"لگتا کل رات کی ڈانٹ کا اثر ہے۔۔ عیان نے سوچا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"ہاں, میں ٹھہر جاتی پر مجھے ضروری جانا ہے, کوئی بات نہیں ہم شام میں کمپنی کر لیں گے۔۔۔پر علیزے بھی کم نہ تھی اسے دل جلانے والی سمائل دے کر کہا۔۔۔

"پر علیزے انشاء اتنا دل سے کہے رہی ہے تم ٹھہر جاؤ۔۔عیان نے کچھ سوچ کر کہا۔۔۔

"ٹھیک ہے ٹھہر جاتی ہوں جلدی انا آفیس سے۔۔۔علیزے نے افسردہ لہجے میں کہا۔۔۔انشاء کو بے انتہا خوشی ہوئی کہ وہ روک پائی اسے جانے سے۔۔

"او کے اللہ حافظ... عیان کہے کر چلا گیا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

@@@@@@

نہ انشاء کو دلچسپی تھی علیزے میں اور نہ علیزے کو کوئی خاص انٹرسٹ تھا انشاء میں۔۔۔اس لیے چند ایک بات کے سوا کوئی بات نہ ہوئی ان کے بیچ۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

انشاء تو مجبور تھی اسے کمپنی دینے پر کیونکہ اس نے اسے روکا تھا آفیس جانے سے۔۔۔اسی لیے مسلسل دونوں ساتھ ہی بیٹھی تھیں۔۔۔اور شاید پہلی دفعہ ہو گا دو عورتیں ساتھ بیٹھیں ہوں اور وہ بھی خاموش۔۔

"کوئی مووی لگا دو انڈرین۔۔۔علیزے نے کہا۔۔

" میں نہیں دیکھتی۔۔۔انشاء نے کہا۔۔۔

"چلو ٹی وی پر کچھ لگا دو۔۔۔انشاء نے اٹھ کر ٹی وی آن کی۔۔۔اور دونوں خاموشی سے دیکھنے لگی۔۔۔علیزے مسلسل موبائل پر چیٹنگ میں بزی تھی۔۔۔انشاء کو سبکی سی محسوس ہو رہی تھی۔۔۔علیزے کے ایسے بیہیو پر ۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

علیزہ نے خود ہی ٹی وی کا کہا تھا خود ہی نہیں دیکھ رہی تھی۔۔۔کشن گود میں رکھے مزے سے ادھی لیٹی پوزیشن میں تھی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"ابھی عیان یہاں بیٹھا ہو تو اس کی زبان نہ رکے بول بول کر۔۔۔اور اب دیکھو کیسے بیٹھی ہے گونگی بہری ہو۔۔۔ انشا نے چڑ کر سوچا۔۔۔

"لاحول کیا بول رہی ہوں میں۔۔۔انشاء نے خود کو سرزنش کی۔۔۔

"کچھ سنیکس وغیرہ لاؤں۔۔۔انشاء نے مہمانوازی نبھاتے ہوئے پوچھا۔۔۔

"ہاں...کے ایف سی جیسے فرینچ فرائز بناناتے ہوں تو وہ کھانے کا موڈ ہے۔۔۔علیزے نے مزے سے کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"مہارانی ہو جیسے اور ہم جیسے اس کے غلام, بول تو کیسے رہی ہے۔۔۔انشاء نے سوچا۔۔۔

"دیکھتی ہوں ملازم سے کہہ کر بنواتی ہوں۔۔۔انشاء نے اٹھتے ہوئے کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"ہمممم ٹھیک ہے اور ذرہ نظر رکھا کرو ملازموں پر ٹھیک سے کام کرتے ہیں کہ نہیں۔۔علیزے نے اسے کہا۔۔۔

"ہمممم کہے کر وہ چلی گئی۔۔۔

@@@@@@@@

ابھی ملازم فرینچ فرائز لے کر ایا تھا اور ٹیبل پر رکھے۔۔۔اسی وقت لاؤنج کا دروازہ کھول کر عیان ایا۔۔۔

انشاء نے حیرت سے دیکھا اسے اس طرح اتے دیکھ کر۔۔۔وہ بھی اتنا جلدی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"کیا ہوا علیزے ایسے کیسے گر گئی دھیان سے نہیں چل سکتی۔۔۔عیان نے فکر سے کہا۔۔۔

اسی وقت علیزے اٹھی اور ہنستے ہوئے کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"دیکھا کیسے بلا لیا۔۔۔ ہمم آئے ہو تو چلو گھومنے چلتے ہیں۔۔۔

"''تمہارا دماغ درست ہے ایسے بھی کوئی مذاق کرتا ہے۔۔۔ عیان نے تھوڑا تیز لہجے میں کہا۔۔۔

"انشاء دیکھو تمہارا شوہر کیسے آگیا۔۔۔ لو میں شرط جیت گئی۔۔۔ علیزے نے ہنستے ہوئے اسے اپنے مذاق کا حصہ ظاہر کیا۔۔۔

" شرط۔۔۔ کیسی۔۔۔ انشاء حیران تھی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"ارے شرط۔۔۔ لو میں جیت گئی۔۔۔ علیزے نے اس کی بات کاٹ کر کہا۔۔۔

"عیان میں شدید بور ہو رہی تھی۔۔۔ علیزہ نے بے چارگی سے کہا۔۔۔ معصوم سے انداز میں منہ بنا کر بیٹھ گئی ۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

" علیزے تو ایسی ہے شرارتی تم تو سمجھدار ہو انشاء۔۔ کم از کم تم تو روک دیتی اسے۔۔۔ عیان نے انشاء سے کہا ۔۔۔۔

عیان نے ابھی انشاء سے کہا۔۔۔ پر علیزے نے انشاء کو موقع دیئے بغیر کہا۔۔۔

" ہاں انشاء تم مجھے روکتی تو رک جاتی شاید, میں یہ مذاق نہ کرتی عیان سے۔۔۔ علیزے نے انشاء کو انکھ ماری عیان کی نظر سے بچا کر اور کہا۔۔۔

انشاء اس جھوٹی لڑکی کی ڈھٹائی پر حیران ہوئی جو اسے بولنے کا موقع بلکل نہیں دے رہی تھی۔۔۔۔ اب خود مزے سے عیان کو سوری کر رہی تھی۔۔۔ انشاء ان دونوں کو حیرت سے دیکھ رہی تھی۔۔

"جاؤ عیان کے لیئے بھی فرائز لاؤ۔۔۔ علیزے نے انشاء سے کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ پلیٹ میں لے کر واپس آئی تو وہ ایک ہی پلیٹ سے کھا رہے تھے۔۔انشاءاچھی طرح سمجھ گئی علیزے اسے منظر سے ہٹانا چاہ رہی تھی۔۔۔

کسی بھی بیوی کے لیےیہ تکلیف کا مکان تھا اس کا شوہر کسی اور لڑکی کے اتنا قریب ہو۔۔۔

"تم جانتی ہو کتنی ضروری میٹنگ سے اٹھ کر آیا ہوں۔۔۔عیان اسے بتا رہا تھا۔۔۔

" ہاں جانتی ہوں اس عمر کھمبے نے سنبھال لیا ہو گا۔۔۔علیزے نے لاڈ سے کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"اف علیزے تمہارا اسد ھر نانا ممکن ہے۔۔۔

"جانتی ہوں۔۔۔علیزے نے مزے سے کہا۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

" منہ کھولو چپس کھاؤ, تمہارا اک کمال کا ہے بلکل کے ایف سی جیسے بنائے ہیں۔۔۔وہ مزے سے اس کے منہ میں چپس ڈالتی ہوئی بول رہی تھی۔۔۔

انشاء پر حیرتوں کے پہاڑ گر رہے تھے۔۔

انشاء سے برداش نہ ہوا اٹھ کر چلی گئی۔۔۔انکھوں میں پانی سا جمع ہونے لگا۔۔۔

"اکلوتے پن نے تم کو بگاڑ دیا ہے علیزے, سدھر جاؤ عمر دیکھو اور بچپنا دیکھو تمہارا۔۔۔عیان نے شرمندہ کرنا چاہا ۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

پر وہ علیزے کیا جس کے پروں پر پانی پڑا ہو۔۔۔وہ بغیر شرمندگی کے بولی۔۔۔

"ہمممم تو تم چاہتے ہو تمہاری بیوی کی طرح کم عمری میں خود میں بوڑھی روزح سالوں۔۔۔۔ہے نا۔۔۔علیزے نے کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"اب ایسا بھی نہیں کہا تم سے میں نے۔۔۔پر تم تو بلکل بچی بن جاتی ہو کبھی شرارتوں میں۔۔۔

"وہ تو ہے۔۔۔کیا کروں میں ایسی ہی ہوں۔۔۔علیزے نے شانے اچکاتے ہوئے کہا۔۔۔

"ویسے حد ہے انشاء پر شرط کا الزام لگا کر اسے صفائی کا موقع تک نہ دیا تم نے۔۔۔۔وہ لفظ چنتی رہے گئی اور تم نے اسے موقع بھی نہیں دیا بولنے کا۔۔۔اس کی معصومیت کا زیادہ فائدہ اٹھا رہی ہو تم۔۔۔۔

عیان نے ہنستے ہوئے کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"ہاہاہا۔۔۔ویسے ہی تم کو بے وقوف سمجھا میں نے, تم تو بڑے تیز نکلے عیان میاں۔۔۔شرارتی لہجے میں علیزے نے کہا۔۔۔

"سدھر جاؤ۔۔۔عیان نے ٹوکا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"اگلے جنم جناب۔۔۔علیزے نے کہا۔۔۔

"اچھا نہیں تنگ کرتی تمہاری معصوم بیوی کو۔۔۔اگر تم سمجھ ہی گ ئے تھے میرے مذاق کو, تو کیوں اس سے بازپرس کی تھی تم نے۔۔۔علیزے نے یاد انے پر پوچھا۔۔۔

" اس کے ایکسپریشن مزادے رہے تھے۔۔بس اس لی ئے میں نے بھی تھوڑی مستی مارلی۔۔۔عیان نے ہنستے ہوئے کہا۔۔۔

" کہا تھا نا میرے ساتھ رہو گے تو ایسے ہی لائف انجوائے کرو گے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

علیزے نے فخرایہ لہجے میں کہا۔۔۔اور دونوں باتین کرنے لگے۔۔۔

@@@@@@@

Posted On Kitab Nagri

انشا کمرے میں بیٹھ کر سڑتی رہی کڑھتی رہی۔۔۔کس طرح علیزے نے اس پر عیان کے سامنے الزام لگا دیا ۔۔۔

"کیا کروں کچھ سمجھ نہیں ارہا۔۔۔وہ پریشان ہی تھی۔۔۔

عیان کمرے میں ایا اور کہا۔۔۔

"شام میں ریڈی رہنا شاپنگ پر چلیں گے پھر باہر ہی ڈنر کریں گے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

الماری سے اپنے کپڑے نکالتا ہوا واشروم چلا گیا بغیر اس کا جواب سنے۔۔۔

وہ کلس کر رہ گئی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"میں نے خود اپنا مقام کھو دیا ہے۔۔۔کسی سے کیا شکایت کروں۔۔ بابا جان آپ جلدی آجائیں۔۔۔آپ نہیں ہیں تو سب کچھ بکھر رہا ہے۔۔۔میری ساری غلطیوں کو آپ اور ایمان ہی تو سنبھالتے تھے۔۔۔اب میں بالکل اکیلی اور تنہا ہو گئی ہوں۔۔۔

وہ خود سے ہی باتیں کرتی اپنے آنسو پوچھنے لگی۔۔۔

اسی وقت عیان واش روم سے باہر نکلا اور اسے آنسوں پوچھتا دیکھ کر بغیر طنز کے رہے نہ سکا۔۔۔

"اب کونسا دکھ تمہیں کھائے جا رہا ہے سب تمہاری مرضی مطابق ہو رہا ہے۔۔۔نہیں چلنا چاہتی شاپنگ پر تو بتا دو اس پر بھی تم پر کوئی زبردستی نہیں کی جائے گی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

عیان نے مٹھیاں بھینچ کر کہا۔۔۔

"کتنی دفعہ کہوں مجھ سے تمہارا رونا برداشت نہیں ہوتا میرے سامنے مت رویا کرو۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

عیان کے انداز پر وہ اور رونا شروع ہو گئی شدت سے۔۔

عیان کا دل چاہا وہ خود میں بھینچ لے جیسے ہمیشہ کرتا تھا۔۔پر خود پے ضبط کرتا وہ چلا گیا کمرے سے باہر۔۔

اور وہ اس سے جاتا دیکھتی رہی آنسو بھری انکھوں سے۔۔

@@@@@@

شام میں عیان کا موڈ آف تھا تو انشاء بھی چپ تھی۔۔پر علیزے نے اپنی شرارتوں سے عیان کا موڈ کافی بہتر کر دیا تھا۔۔

عیان کی کافی ہیلپ لے کر علیزے نے شاپنگ کی۔۔"تمہاری پسند بتاؤ عیان۔۔ہر چیز میں علیزے کہتی۔۔

عیان خوشی خوشی اسے اپنی چوائس بتا رہا تھا اور وہ سب لے رہی تھی۔۔جبکہ انشاء خاموش تھی۔۔

www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

"جو پسند ہو تم کو لے لو۔۔۔عیان نے انشاء کی طرف کارڈ بڑھا کر کہا۔۔۔

"مجھے کچھ نہیں لینا۔۔۔انشاء نے ضبط سے کہا۔۔۔

"دیکھ لو اسے کچھ نہیں لینا, چلو مجھے تو بہت سی شاپنگ کرنی ہے, چلو مجھے چوائس کرواؤ۔۔۔آؤ انشاء۔۔۔علیزے اس کی بات رد کرتے ہوئے عیان اور انشاء دونوں سے کہا۔۔۔

عیان اور کچھ نہ کہے سکا۔۔۔دونوں علیزے کے ساتھ دوسری شاپ میں آئے۔۔۔انشاء بور ہوتی رہی ادھر ادھر دیکھ رہی تھی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"آپ کچھ لیں نہ میم۔۔۔شاپ پر کھڑی لڑکی نے اس سے کہا۔۔۔

"نہیں مجھے کچھ نہیں لینا۔۔۔انشاء نے بیزاریت سے کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"میم وہ ہز بینڈ وائف اتنی کر رہے ہیں شاپنگ, اپ بھی کچھ لیں۔۔۔اپ کی بہن کی چوائس بہت اچھی ہے۔۔۔

اس لڑکی نے دوبارہ کہا۔۔۔

اس لڑکی نے انشاء سے کہا جس پر پلٹ کر اس نے دیکھا حیرت سے۔۔۔وہ دونوں اپس میں مگن شاپنگ کر رہے تھے۔۔۔علیزے پرس دکھاتی عیان سے پوچھ رہی تھی" کیسی ہے۔۔۔

"ماشاءاللہ, اللہ نظر سے بچائے اس کپل کو۔۔۔اس لڑکی نے ہر وفیشنلی مسکرا کر کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اب انشاء کی برداشت سے باہر ہوا تو اس نے کہا۔۔۔

"وہ میرے شوہر ہیں۔۔۔اس لڑکی کے جسٹ فرینڈ, مائینڈ یور لیگیوج۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"سوری میم آئی ایم ویری سوری۔۔۔ سیلس گرل شدید شرمندہ ہوئی اور چلی گئی اور دوسرے کسٹمرز کو ڈیل کرنے لگی۔۔۔انشاد یکھ رہی تھی کہ اس کے چہرے کے رنگ اڑ گئے تھے شرمندگی کے مارے۔۔۔

" غلطی اس کی نہیں ہے۔۔۔اس نے جو دیکھا وہی سمجھا اور واقعی دیکھا جائے تو اس وقت وہ اس طرح کھڑے ہیں کہ کوئی بھی دیکھے تو یہی سمجھے وہ دونوں میاں بیوی ہیں۔۔۔انشاء نے احتساب کیا تو وہ لڑکی اسے غلط نہ لگی۔۔۔

"تو کیا واقعی میں اتنا دور رہتی ہوں اپنے شوہر سے کہ لوگ بھی ایسا سوچنے لگے ہیں۔۔انشاء کو افسوس ہوا۔۔
"غلطی ساری میری ہے, مجھے اپنے شوہر کے پاس ہونا چاہیۓ۔۔انشاء نے سوچا ایک عزم سے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ عیان کے پاس آئی اس کے بازو پر ہاتھ رکھ کر کہا۔۔۔

" مجھے آئس کریم کھانی ہے چلیں۔۔۔انشاء کے انداز پر عیان شاک ہوا۔۔۔

"،ہمم چلتے ہیں۔۔۔عیان نے حیران ہوتے لہجے میں کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"پہلے میری شاپنگ ہو جائے پھر ساتھ چلتے ہیں انشاء۔۔۔علیزے نے دھیمے لہجے میں کہا۔۔۔

عیان نے بھی تائید کی علیزے کی۔۔۔پر انشاء جڑی رہی عیان کے ساتھ۔۔۔

"تم کچھ لو گی انشاء۔۔۔عیان نے ایک نظر اسے اور ایک نظر اس کے ہاتھ پر ڈالتے ہوئے کہا جو اس کے بازو پر تھا ۔۔۔

"یہ کچھ نہیں لے گی۔۔۔تم بتاؤ یہ شرٹ کیسی ہے عیان۔۔علیزے نے اس کے بولنے سے پہلے کہا۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"اچھی ہے علیزے۔۔۔بلیک کلرز بردست۔۔۔عیان نے کھلے دل سے تعریف کرتے ہوئے کہا۔۔۔

"ہمم تو بس ڈن یہ لے رہی ہوں۔۔۔علیزے نے کہا ایک ادا سے۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

نامحسوس طریقے سے انشاء نے اس کے بازو سے ہاتھ ہٹانا چاہا پر عیان نے اس کی کمر میں ہاتھ ڈال کر خود سے لگائے رکھا۔۔۔انشاء نے حیرت سے اس کی طرف دیکھا پر عیان کو تو علیزے نے خود کی طرف متوجہ کی ئے ہوئے تھی ۔۔۔

" یہ میں کیا کر رہی ہوں۔۔۔کیا ایسے مجھے میرا شوہر مل جائے گا۔۔۔انشاء نے دکھ سے سوچا۔

پھر ڈنر کر کے آئسکریم کھا کر گھر واپس اگ ئے وہ تینوں۔۔۔

@@@@@

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اگلے دن علیزے افیس چلی گئی۔۔۔انشاء اسے روک کر کرتی بھی کیا کیوں کہ علیزے اس سے بات کرنے میں انٹرسٹڈ نہ تھی۔۔۔

انشاء گھر میں بولائی پھر رہی تھی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"کیا بات ہے انشاء بیٹی۔۔۔زینب بی اس کے زرد چہرے کو دیکھ کر کہا۔۔۔

"زینب بی دعا کریں علیزے چلی جائے یہاں سے۔۔۔انشاء نے ان کے ہاتھ تھام کر کہا۔۔۔

"وہ عیان کی دوست ہے صرف۔۔۔زینب بی نے اسے سمجھاتے ہوئے کہا۔۔۔

"نہیں زینب بی, وہ کسی اور مقصد سے آئی ہے۔۔۔میرا دل کہتا ہے۔۔۔انشاء نے مبہم لہجے میں کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"تمہیں اس سے ڈرنے کی ضرورت نہیں ہے انشاء۔۔۔تم اپنے شوہر پر توجہ دو بس۔۔۔وہ کچھ دن کی مہمان ہے چلی ہی جائے گی۔۔۔۔زینب بی نے اسے پیار سے سمجھایا۔۔۔

"وہ مہمان نہیں کچھ اور کی نیت سے ائی ہے۔۔۔ایک بیوی کی نظر دھوکا نہیں کھا سکتی زینب بی۔۔

Posted On Kitab Nagri

"اوہ تو یاد اگیا کہ عیان کی بیوی ہو تم۔۔۔اگر یاد آگیا ہے تو اسے بھی یاد کر آؤ کہ اس کی بیوی کو عقل اگئی ہے۔۔۔

"کیا کروں زینب بی اب عیان کا دل نہیں صاف ہو رہا میری طرف سے کیا کروں۔۔۔آپ ھی بتائیں کچھ زینب بی۔۔۔

"اب تم خود سوچو,اسے پیار محبت دو,اس لیئے سج سنور کر رہو اس کے پسند کے کھانے بناؤ۔۔۔ہمارے وقت میں تو ایسے ہی شوہر کو قابو کیا جاتا تھا۔۔۔

زینب بی نے سمجھایا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

" زینب بھی علیزے منظر سے ہٹے گی تو میں نظر آؤں گی عیان کو۔۔۔انشا نے اپنی فکر بتائی۔۔۔

"پاغل ہو تم,علیزے کی فکر مت کرو,اپنی توجہ شوہر پر کرو,اسے کیوں اپنے سر پر سوار کر رہی ہو۔۔زینب بی بات پر انشاء نے سر پیٹ کر کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"اف زینب بی آپ کچھ نہیں سمجھتی۔۔۔علیزے کے ارادے اپ کو نہیں دکھ رہے اپ سادی ہو اپ نہیں سمجھو گی۔۔۔انشاء کھل کے کہے نہیں پا رہی تھی۔۔۔

کچھ دیر سوچنے کے بعد زینب بی نے کہا۔۔۔

"مجھے تو نہیں سمجھ ارہا اور میرا خیال ہے تم کھل کے علیزے سے بات کر لو وہ چاہتی کیا ہے۔۔۔شاید کھل کے بات کرنے سے تمہیں اس کے ارادے صحیح معنوں میں سمجھ آجائیں۔۔۔

"آپ ٹھیک کہے رہی ہیں, مجھے کھل کے بات کرنی چاہیے علیزے سے۔۔۔

انشا نے پھر سوچ انداز میں کہا۔۔۔

@@@@@@

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

انشاء تیار ہو کر بیٹھی تھی اور دونوں کا انتظار کرنے لگی۔۔۔

"اب تک آفس سے نہیں آئے دونوں۔۔۔انشاء نے گھڑی دیکھتے ہوئے سوچا۔۔۔گھڑی میں رات کے نو بج رہے تھے۔۔

اب انشاء کو فکر سی ہونے لگی۔۔۔اس نے موبائل دیکھا جس پر کوئی کال نہ تھی عیاں کی۔۔۔

"عمر بھائی سے پوچھ لوں۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اس نے سوچا۔۔۔

"نہیں نہیں یہ مناسب نہیں لگتا۔۔وہ کیا سوچیں گے میرے بارے میں۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

عیان کے ایکسیڈنٹ کے بعد سے انشاء نے عمر بھائی کا نمبر اپنے پاس سیو کر لیا تھا۔۔۔

موبائل کو دوبارہ بند کر دیا اس نے۔۔۔خود کی سوچ کی نفی کرتے ہوئے۔۔۔

دس بجے وہ دونوں آئے ایک ساتھ ہنستے ہوئے کسی بات پر۔۔"کتنے خوش اور مطمئن تھے وہ دونوں ایک ساتھ... انشاء نے سوچا۔۔۔

عیان کے سلام کا جواب انشاء نے دیا۔۔۔شاپنگ بیگز بتا رہے تھے وہ شاپنگ پر گ ئے تھے اس سے پوچھا تک نہیں دونوں نے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"میں فریش ہو کر آتا ہوں تب تک ملازم سے کہہ کر کافی بنوا دو۔۔۔عیان کا تھکن سے برا حال تھا۔۔اس لی ئے انشاء کو کہے کر اوپر چلا گیا۔۔۔

پر علیزے وہیں بیٹھی رہی اس کے سامنے۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"تو تم سج سنور کر ہمارا انتظار کر رہی تھی۔۔۔علیزے نے دل جلانے والی مسکراہٹ کے ساتھ اس سے پوچھا ۔۔۔

"تم چاہتی کیا ہو آخر۔۔انشاء نے کلس کر پوچھا۔

" کیوں تمہیں اب تک سمجھ میں نہیں آیا یا میرے منہ سے سننا چاہتی ہوں۔۔۔علیزے نے مسکرا کر کہا۔۔۔

" سمجھنے کی بات مت کرو۔۔۔کھل کے کہو کیا مقصد ہے تمہارا۔۔انشاء نے سارے لحاظ بالائے طاق رکھ کر اس سے پوچھا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

" جو تم سمجھ رہی ہو اسی مقصد سے آئی ہوں یہاں۔۔۔

علیزے کھل کے مسکرائی اور کہا تھا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"عیان صرف تمہیں اپنا دوست سمجھتا ہے اور تم غلط کر رہی ہو۔۔۔انشاء نے اسے روکنے کے لی ئے کہا۔۔۔۔

"تو میں نے کب کہا میں اس کی اچھی دوست نہیں۔۔۔میں تو اس کی بہت اچھی دوست ہوں۔۔۔اور تمہیں بھی تو یہی سمجھانے کی کوشش کر رہی ہوں کہ اچھی دوستی اچھی بیوی ثابت ہوتی ہے۔۔۔

"میرے سامنے, اس کی بیوی کے سامنے تمہیں ایسی بات کرتے شرم نہیں ار ہی۔۔۔انشاء نے حیرت سے اس ڈھیٹ لڑکی کو دیکھا۔۔۔

" شرم کیسی شرم۔۔۔اس میں شرم کی تو کوئی بات ہی نہیں۔۔۔ویسے بھی تم دونوں کا جو تعلق کے وہ تو صاف نظر آرہا ہے۔۔نا تمہیں شوہر کی پرواہ ہے اور نہ ضرورت۔۔۔

"کیا بکواس کر رہی ہو یہ سب, تم سے کس نے کہا۔۔۔انشاء کنگ لہجے میں کہا۔۔غصے میں جل رہی تھی وہ جبکہ علیزے بالکل پر سکون سی بیٹھی مسکرا رہی تھی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"تم نہیں بتاؤ گی تو کیا ہمیں پتہ نہیں چلے گا نظر تو آرہا ہے نہ سب کچھ بس دیکھنے والے کی قیامت خیز کی نظر ہونی چاہیے اور ویسے بھی علیزے تو اڑتی چڑیا کے پر گن لیتی ہے پھر تم دونوں کے رشتے کی سچائی کو سمجھنا اتنا مشکل بھی نہیں۔۔۔

"دیکھ لو کل تمہارے ساتھ تمہارا شوہر تھا اتنا خوش نہیں تھا جتنا آج میرے ساتھ گھوم کر ڈنر کر کے خوش ہو کر گھر آیا ہے۔۔۔

علیزے کے ایک اور وار پر وہ شاک ہوئی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"میں یہ سب کچھ عیان سے کہوں گی بھی اور پوچھوں گی بھی۔۔۔انشاء نے ایک عزم سے کہا۔۔۔

انشاء کی بات پر علیزے مسکرائی اور تھوڑا اور پھیل کر صوفے پر بیٹھی اور کہا۔۔۔

"کون روک رہا ہے تمہیں پوچھنے سے تمہارا شوہر ہے پوچھ لو۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

ایک لمحے کو رک کر دوبارہ بولی۔۔۔

"ہر شوہر بیوی سے سچ بولے ضروری نہیں ہے۔۔۔دوسری بات مجھ پر کوئی الزام لگاؤ گی کوئی فائدہ نہیں تمہارا شوہر تمہاری نہیں میری سنے گا۔۔۔ کہو تو کر کے دکھاؤں۔۔۔تم سے زیادہ مجھ پر اعتبار کرتا ہے عیان۔۔۔

وہ حیران ہوئی علیزے کے انداز پر۔۔۔اس کے کانفیڈنس کو دیکھ کر انشاء کو اپنے حوصلے ٹوٹتے ہوئے محسوس ہوئے۔۔۔

" سوچ لو تمہارا اپنا نقصان ہو گا مجھ پر انگلی اٹھا کر۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ایک لمحے میں بات بدل کر علیزے بولی۔۔

Posted On Kitab Nagri

"ارے انشاء تم غلط مت سمجھو اپنے شوہر کو۔۔۔عیان تو کہے رہا تھا تم سے پوچھنے کا میں نے ہی کہا کل بھی تم بور ہوتی رہی ہو ہمارے ساتھ کیوں نہ اج ہم اکیلے چلتے ہیں۔۔۔ہے نا عیان ایسا ہی ہے نا۔۔۔سیڑھیوں سے اترتے عیان کو دیکھ کر ہراس بھرے لہجے میں کہا علیزے نے۔۔۔

انشاء حیران ہوئی اس رنگ بدلتی لڑکی پر۔۔۔

"انشاء تمہیں علیزے کے بجائے مجھ سے بازپرس کرنی چاہیئے۔۔۔عیان نے انشاء کو کہا۔۔۔

"اچھا تم کافی بنواؤ انشاء شدید سر درد ہو رہا ہے یار۔۔۔علیزے نے جلدی سے ان کی بات کاٹ کر کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

انشاء جز بز سی عیان کو دیکھتی رہی۔۔۔"کیا واقعی عیان مجھ سے زیادہ علیزے پر بھروسہ کرتا ہے۔۔۔اس کا مطلب عنقریب علیزے اپنے مقصد میں کامیاب ہو ہی جائے گی۔۔۔انشاء نے دکھ سے سوچا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"اف میرا سر درد سے پھٹا جا رہا ہے عیان۔۔۔علیزے نے اپنا سر دونوں ہاتھوں میں تھام کر دونوں کی توجہ اپنی طرف مبذول کروائی دوبارہ۔۔۔

"میں ٹیبلیٹ لاتا ہوں تمہارے لیے عیان نے جلدی سے کہا۔۔۔ بابا جان کے روم کی طرف گیا میڈیسن باکس وہیں رکھا تھا۔۔۔

"تم یہاں کھڑی ہو کر کیا کر رہی ہو جاؤ جا کر کافی بناو ہمارے لیے۔۔۔علیزے نے مسکرا کر انشاء سے کہا۔۔۔۔

"دیکھ لیا نہ تمہارا شوہر تم سے زیادہ مجھ پر یقین رکھتا ہے اچھا یہی ہو گا جلدی سے کافی لاؤ میرے لیے ورنہ تم پر غصہ کرے گا۔۔۔۔علیزے نے انکھ دبا کر اسے کہا۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"ڈرامے باز کہیں کی۔۔۔دیکھ لوں گی تمہیں۔۔۔انشاء منہ ہی منہ میں بڑبڑائی۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

" علیزے اتنا موقع نہیں دیتی کسی کو۔۔علیزے نے اس سے کہا۔۔۔انشاء حیران ہوتی وہاں سے چلی گئی کچن کی طرف۔۔۔

عیان کا غصہ کم کرنے کے لی ئے جلدی کافی بنانے گئی۔۔۔

@@@@@@

اگلا دن سوچتی رہی وہ کس طرح عیان سے بات کرے کہ علیزے اس کی دوست ہمارے رشتے کو خراب کرنا چاہ رہی ہے۔۔پر موقع مل نہیں رہا تھا رات بھی دیر سے کمرے میں ایا تھا وہ سو چکی تھی۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

صبح بھی علیزے ساتھ ساتھ تھی اور شام میں دونوں جلدی گھر اگ ئے تھے۔۔۔اکیلے میں بات کرنے کا موقع دستیاب نہیں ہو رہا تھا انشاء کو۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

رات کے کھانے کے بعد وہ عیان کو کافی دینے اسٹڈی میں آئی۔۔۔اسے اکیلا دیکھ کر خوش ہوئی۔۔۔ابھی کچھ کہتی علیزے اگئی وہیں اور کہا۔۔۔

" میری کافی۔۔۔

"ابھی لاتی ہوں۔۔۔انشاء سمجھی وہ اپنے کمرے میں پی ئے گی۔۔۔اب یہاں لانے کے سوااور کوئی راستہ نہ تھا ۔۔۔

"آج رات جاگتی رہوں گی جب تک عیان روم میں آئے گا نہیں میں نہیں سونے والی۔۔۔اج تو بات کروں گی ضرور۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ بے صبری سے اس کا انتظار کر رہی تھی۔۔۔۔رہا نہ گیا تو اسے دیکھنے آئی۔۔۔۔

وہ ٹھر گئی ان کی بات سن کر۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"سنو کیا کسی کی دوسری بیوی بننا گناہ ہے جو یہ دنیا اسے گناہ بنا دیتی ہے۔۔

علیزے نے کرب سے کہا۔۔۔

"گناہ تو نہیں ہے۔۔۔پر کیا کریں دنیا نہیں مانتی اسے جائز۔۔ عیان نے کہا۔۔۔

انشاء جو وہاں عیان کو دیکھنے آئی تھی۔۔۔ان کی گفتگو سننے لگی۔۔ کسی کی چھپ کر باتیں سننا بری بات ہے یہ جانتے ہوئے بھی دل کی خواہش کو دبا نہ سکی اور خود کو سننے پر مجبور محسوس کر رہی تھی۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"اور اگر میری خوشی اسی میں ہے تو تم کیوں انکار کر رہے ہو اعتراض کا تو کوئی جواز نہیں, جب پہلی بیوی کی مرضی بھی شامل ہے۔۔۔ پھر کیوں انکار کر رہے ہو تم۔۔۔ پلیز مان جاؤ۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

علیزے دھیمے لہجے میں اپنی بات کہے رہی جب کہ باہر کھڑی انشاء کے پیروں کے نیچے سے زمین سرکتی ہوئی محسوس ہوئی۔۔۔

اب کچھ کہنے اور سننے کو رہا نہ تھا۔۔۔۔سب ختم ہوتا محسوس ہوا اسے۔۔۔۔

اپنے لفظ اپنا مذاق اڑاتے ہوئے محسوس ہوئے۔۔"کتنا فخریہ اسے کہتی تھی تم دوسری شادی کرلو اور اب سانس گھٹنے لگی تھی صرف سوچ کر ہی۔۔۔اور جب وہ کرلے گا دوسری شادی تو کیا حالت ہو گی تمہاری۔۔۔انشاء نے خود سے کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"اور واقعی جس دن میں نے دوسری شادی کرلی اس دن سب سے زیادہ تم پچھتاؤ گی۔۔۔

ایک ایک قدم قدم بھاری ہو رہا تھا۔۔۔دل تھا کہ گہرائیوں میں ڈوبتا جا رہا تھا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"تین دفعہ سے زیادہ تم مجھے دوسری شادی کا کہے چکی ہو انشاء, اب اگے تم سے اجازت لینے کا تو سوال ہی نہیں پیدا ہوتا۔۔ کیونکہ اجازت تم دے چکی ہو۔۔۔

کس طرح وہ کمرے تک پہنچی صرف وہی جانتی تھی۔۔۔قدم قدم پر لڑکھڑائی تھی وہ۔۔۔جو اپنے ہاتھوں سے اپنے سہارے کو ٹھوکر مارتے ہیں نا۔۔۔ پھر جب قدم لڑکھڑانے لگتے ہیں تو خود کو خود ہی سنبھالنا پڑتا ہے۔۔۔

"جب مجھے کرنی ہوگی دوسری شادی تو کرلوں گا۔۔ تمہیں فکر کرنے کی ضرورت نہیں۔۔۔

"چپ ہو جاؤ خدا کے لیئے۔۔۔۔اس نے اپنے کانوں پر ہاتھ رکھ لیئے جس میں عیان کے کہے لفظوں کی بازگشت ہونے لگی تھی۔۔۔جو لفظ دکھ سے عیان کہتا تھا جسے وہ خود مجبور کرتی تھی دوسری شادی کا کہے کر۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اصل اذیت کیا تھی۔۔۔اج پتا چلا تھا۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"تو تمہیں ایمان کی یادوں کے ساتھ جینا تھا۔۔۔اب تم آزاد ہو, جاؤ جی لو ان یادوں کو۔۔۔اندر سے ضمیر کی آواز کا آخری وار تھا وہ بے ہوش ہو چکی تھی خود اذیتی میں۔۔۔

انشاء کی انکھ کسی کی آواز سے کھلی۔۔۔کوئی اسے پیار سے پکار رہا تھا۔۔۔کوئی اس کے بالوں میں ہاتھ پھیر رہا تھا۔۔۔محبت بھرا انداز یہ لمس کسی اپنے کا تھا۔۔۔

"بابا جان۔۔۔بابا جان۔۔۔وہ سسک اٹھی۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

" انشاء۔۔انشاء۔۔۔وہ اسے پکار رہا تھا۔۔

اہستہ آہستہ انکھیں کھولی اس نے۔۔۔عیان کو اپنے پاس بیٹھا دیکھ کر حیران ہوئی۔۔ایک جھٹکے سے اٹھ بیٹھی۔۔۔

"کیا ہوا۔۔۔اس طرح کیوں بیڈ پر تم پڑی تھی, کیا ہوا تھا۔۔۔کچھ ہوا ہے۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ دھیمے لہجے فکر مندی سے اسے دیکھتا اس کی سماعتوں میں میٹھا رس گھول رہا تھا۔۔۔

وہ کئی لمحے نا سمجھی سے اسے دیکھتی رہی خالی نظروں کا احساس عیان کو بھی تڑپا گیا۔۔۔

" کیا ہوا انشاء۔۔۔وہ ایک دم اس کے سینے سے لگی اور شدت سے رو پڑی۔۔۔

اب وہ فکر مند اور پریشان ہو رہا تھا اس کے لی ئے۔۔۔اس کی پیٹھ پر ہاتھ پھیر تا ریلکس اسے کر رہا تھا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

" انشاء تم مجھ سے اپنے دل کی بات کر سکتی ہو۔۔۔میں جانتا ہوں اج ایمان کی سالگرہ کا دن ہے, تم مجھ سے اس کی بات کر سکتی ہو,اس طرح خود کو تکلیف نا دو, جانتا ہوں بابا جان یہاں ہوتے تم دل کھول کے ان سے اپنے دل کی بات کر سکتی تھی۔۔۔

اب کے ایک دم انشاء اس سے الگ ہوئی اور حیرت سے اسے دیکھنے لگی۔۔۔جو خود ضبط کر رہا تھا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

انشاء کو افسوس ہوا وہ واقعی بھول گئی تھی۔۔۔"کیا واقعی میں بھولنے لگی ہوں ایمان کو, جس نے ہمیشہ مان دیا تھا مجھے۔۔۔اپنے ہونے کا احساس دیتا رہا۔۔۔

وہ اور شدت سے رو پڑی اس کے گلے لگ کر۔۔۔

عیان یہی سوچ سکا کہ وہ ایمان کی یاد میں رو رہی تھی۔۔وہ اسے تسلی آمیز لہجے میں کہنے لگا کہ۔

"کل خیرات کروائی ہے, قرآن کا ختمہ بھی کروائیں گے گھر پر۔۔مدرسے کے بچے آئیں گے قرآن پڑھنے۔۔۔تم رو ومت اور کسی کے رونے سے وہ واپس نہیں آئے گا, جانے والوں کو دنیا کی فکر نہیں رہتی اور جوان کے اپنے چاہنے والے ہوتے ہیں وہ ان کے لیئے قرآن کا تحفہ بھیجتے ہیں یا کوئی ایسی نیکی کا کام کرتے ہیں ان کے نام سے جو ہمیشہ زندہ رہے۔۔۔

عیان اسے پیار سے سمجھا رہا تھا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ اس کے سینے سے لگی تھی۔۔۔کافی دیر بعد عیان نے اسے خود سے الگ کیا اور کہا۔۔۔

"انشاء تم سونے لگی ہو کیا۔۔۔جانے کیوں عیان کو لگ رہا تھا پہلے جس طرح وہ بیڈ پر اڑی ترچھی لیٹی تھی وہ شاید بے ہوش ہوئی ہو پر انشاء نے ایسا کوئی تاثر نہ دیا تھا اسے۔۔۔ابھی بھی اس لیے پوچھا تاکہ وہ اپنی تسلی کر سکے۔۔۔

"ہمم۔۔۔مجھے۔۔۔نیند آرہی ہے۔۔۔انشاء نے مدہوشی میں کہا وہ نیند کی وادی میں اتر چکی تھی ہر بات سے ہو کر بے فکر۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

عیان نے اس کے ماتھے پر اپنا لمس چھوڑا۔۔۔اسے بیڈ پر لٹانا چاہا خود سے الگ کر کے پر وہ اور مضبوطی سے اس سے جڑ گئی جیسے اسے خود سے جدا نہ کرنا چاہ رہی ہو۔۔۔

"کاش یہ سب نیند کے بجائے ہوش میں کرتی تو شاید میں ہواؤں میں اڑنے لگتا۔۔۔عیان نے اسے خود سے لگائے ہوئے سوچا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ اس کے سینے سے لگی سو رہی تھی وہ بھی اسے دیکھتا دیکھتا سو گیا۔

@@@@@@

اگلا دن بے انتہا مصروف رہا کیونکہ گھر میں بھی مہمان ارہے تھے اور باہر بھی عیان خیر خیرات میں مصروف رہا ۔۔عیان ایمان کے نام سے کئی جگہ پانی کے الیکٹرک کولر لگوائے اور کھانے تقسیم کی ئے۔۔۔کئی گھروں میں راشن دیا۔۔ جتنا یو سکا اس نے اپنے بھائی کے ایصال اور ثواب کے لی ئے کرتا رہا۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

گھر میں قرآن خوانی تھی اس لی ئے انشاء زینب بی اور علیزے بھی مصروف تھی۔۔۔

نازیہ بھابھی, مسز وحید اور ان کی دونوں بیٹیان بھی آئیں تھیں۔۔۔

شام تک سب مہمان چلے گ ئے۔۔ صرف نازیہ بھابھی اور مسز وحید تھیں۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"ٹھیک ہے بیٹا اب میں چلتی ہوں۔۔ مسز وحید نے کہا۔۔۔

"آنٹی ٹھہر جاتیں تھوڑی دیر اور۔۔۔انشاء نے کہا نازیہ بھی اس کے پاس ہی کھڑی تھی۔۔

" بیٹا گھر پر کچھ مہمانوں نے انا ہے۔۔۔ تم آؤ کبھی۔۔۔انہوں نے اسے پیار دیتے ہوئے کہا۔۔۔ان کا انداز ممتا لی ئے ہوئے تھا۔

"تم میری بیٹی جیسی ہو جب اکیلے پن اور تنہائی کا احساس ہوا جانا۔۔ان کے خلوص پر جانے کیوں انشاء کی انکھ نم ہوئی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"جی آنٹی ضرور آؤں گی۔۔۔انشاء نے کہا۔۔

مسز وحید انشاء اور نازیہ سے مل کر روانہ ہوئی۔۔

Posted On Kitab Nagri

"کیا بات ہے انشاء اج تم کچھ زیادہ ہی اداس ہو۔۔نازیہ نے تنہائی ملتے ہی پوچھا۔۔۔

"نہیں۔۔۔انشاء نے سنبھل کر کہا۔۔۔

" چلو تم کہتی ہو تو مان لیتی ہوں انشاء۔۔نازیہ نے کہا۔۔۔لمحے بھر کو رک کر دوبارہ کہا اس نے۔۔۔

"ہر مسئلے پر خاموشی اختیار کر لینا مسئلے کا حل نہیں ہوتا کبھی کبھی کہنا بھی چاہیے اور کسی کی سن بھی لینی چاہیے۔۔

وہ اسے کافی کچھ سمجھانا چاہتی تھیں۔۔۔پر موقع بھی تو ملے۔۔۔انشاء نے ان کی بات کے جواب میں کہا۔۔۔

" اور نازیہ بھابھی کبھی کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ کہنا اور سننا دونوں رائیگان چلا جاتا ہے۔۔۔جب کوئی کچھ سننا چاہتا ہے تو ہم کچھ کہتے ہی نہیں۔اور جب ہم کہنا چاہتے ہیں تو کوئی سننے والا نہیں ہوتا۔۔اور اس طرح لفظ اپنے معنی کھو دیتے ہیں احساس بھی مر جاتا ہے ان لفظوں کا پھر کہنے کا کیا فائدہ۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

انشاء کی بات پر نازیہ بھابھی اس کا چہرہ تکنے لگی۔۔۔سوچ میں پڑ گئی کس طرح اسے سمجھائے جو اپنی قدر و قیمت نہیں جانتی۔۔خود کو بے مول سمجھ بیٹھی ہے۔۔۔

"اور کچھ مجھ جیسے بھی بد نصیب ہوتے ہیں جو اپنے لیے خود ہی کھڈا کھود دیتے ہیں۔۔۔انشاء نے سوچا پر کہے نہ سکی ۔

احساس زیاں انشاء کا بھڑنے لگا تھا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"انشاء۔۔نازیہ بھابھی کی پکار پر وہ اپنی سوچ سے باہر نکلی۔۔۔اس سے پہلے نازیہ بھابھی کچھ اور کہتی اسی وقت ملازم نے آکر بتایا کہ "عمر صاحب بلا رہیں اپ کو۔۔۔

"ٹھیک ہے چلتی ہوں پھر کبھی تفصیل میں بات کریں گے۔۔۔اپنا خیال رکھنا انشاء۔۔۔نازیہ نے اس کی ہلدی جیسی پڑتی رنگت کو دیکھ کر کہا۔

Posted On Kitab Nagri

"جی بھابھی۔۔۔انشاء نے گلے لگتے ہوئے کہا۔۔۔

انشاءان کو دروازے تک چھوڑنے آئی جہان پہلے سے عمر عیان اور علیز ے کھڑے تھے۔

@@@@@@

کمرے میں گھٹن کا احساس ہوا تو گلاس وال کو ڈ کھیلتی روم سے اٹیچ ٹیرس پر اگئی یہ عیان کے کمرے کی خاصیت تھی یہاں سے گارڈن کا ویو بہت خوبصورت اتا تھا۔۔اب وہ گارڈن کا منظر دیکھنے لگی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بہت خوبصورت تھاان کے گھر کا گارڈن جس کا ویو دو کمروں سے باآسانی دیکھا جاسکتا ہے ایک عیان اور دوسرا ایمان کے بیڈروم سے۔۔۔فینسی لائیٹس نے گارڈن کو حسین تریں بنایا ہوا تھا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"جب تمہارا بے بی اجائے گا ناتو یہاں بہت سے پرندے وغیرہ رکھیں گے ایمان۔۔۔میں فارن سے منگواؤں گا ہر قسم کے برڈس۔بچے بہت خوش ہوتے ہیں پرندوں کو دیکھ کر۔۔۔

عیان نے یہ بات کہی تھی ایمان سے۔۔ایمان نے ہنستے ہوئے کہا۔۔۔

"پرندے ہی کیوں ہاتھی گھوڑا شیر سب رکھیں گے پورا زو وکھولیں گے بھائی۔۔۔پھر پانچ روپے ٹکٹ لگوائیں گے۔۔کمائی بھی ہو جائے گی مزے کے ساتھ ساتھ۔۔

اس کی بات پر بے ساختہ عیان نے اس کے پیٹھ پر دھموکا مارااور کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"سدھر جاؤ باپ بننے والے ہو۔۔

"میں سدھر گیا تو یہ گھر خاموش کی نظر ہو جائے گا بھائی۔۔ایمان نے عیان سے کہا۔۔

انشاءان کی گفتگو پر مسکرا رہی تھی۔۔

Posted On Kitab Nagri

انکھوں میں جلن سی ہوئی, کتنی یادیں تھیں ایمان کے دم سے۔۔۔

"شاید واقعی میں ایمان کی وجہ سے عیان کو وہ مقام نہیں دے پا رہی جو اس کا جائز حق ہے۔۔۔ حساب کرنے بیٹھوں گی تو ساری غلطیاں بھی میری ہونگی اور سب الزام بھی میرے ذمے ہونگے۔۔۔

ابھی اسی کشمکش میں تھی انشاء کہ علیزے اور عیان گارڈن میں آتے ہوئے نظر آئے اسے۔۔۔ وہ ان دونوں کو بغور دیکھنے لگی۔۔۔

"کتنے مکمل لگتے ہیں وہ دونوں ایک ساتھ, ہنستے مسکراتے۔۔۔ کیا یہ سب میں دے سکی ہوں عیان کو۔۔ میں نے تو سوائے غم تکلیف اور اذیت کے کچھ نہیں دیا عیان کو۔۔۔ پھر مجھے کونسا حق ہے جو اسے روکوں اگر وہ اپنی خوشی چاہتا ہے۔۔۔ اس کی خوشیوں میں مجھے رکاوٹ نہیں بننا چاہیئے۔۔۔۔

اس نے دکھ سے سوچا ان کو دیکھتے ہوئے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

"پھر تمہارا کیا ہوگا انشاء۔۔۔اندر سے آواز آئی۔۔۔اندر کی آواز کو دبا کر اس نے سوچا۔۔۔

" اس گھر سے مجھے بہت کچھ ملا ہے۔۔۔اب میرا بھی فرض میں بھی کچھ کر سکوں اس گھر کے لیئے۔۔۔

وہ خود ترسی کا شکار ہو کر جانے کیا سوچے جا رہی تھی۔۔۔اپنے دل کو جھوٹی تسلیاں دے رہی تھی۔۔۔خود سے کی ئے کئی اعتراف اب بھی باقی تھے جن کو وہ کر نہیں رہی تھی یا کرنے سے بھاگ رہی تھی۔۔۔

پر وقت ہی جانتا تھا وہ ان کہے اعترافات جو اس کے اور عیان کے بیچ تھے وہ ہونگے بھی یا نہیں۔۔۔یا ہر بار کی طرح انشاء اپنے سہی موقع ضائع کر دے گی۔۔۔یہ وقت ہی بتائے گا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

قسمت دور کھڑی اس لڑکی کی سادگی پے مسکرا اٹھی اور محبت اپنے ہونے پر, جھٹلانے پر, ناراض تھا اس لڑکی سے

۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

@@@@@@@@

اگلی صبح وہ تیار ہو رہی تھی۔۔۔عیان حیران ہوا۔۔۔

"کہیں جا رہی ہو انشاء۔۔عیان نے پوچھا۔۔

"فریحہ آنٹی کی طرف۔۔۔بالوں کو برش کرتے ہوئے اس نے کہا۔۔۔وہ پنک وائیٹ کلر کمبینیشن ڈریس میں بہت پیاری لگ رہی تھی۔۔۔

"خیریت۔۔۔عیان نے حیرت سے پوچھا کیونکہ گھر سے وہ کم ہی باہر نکلا کرتی تھی۔۔۔

"بس ویسے ہی دل چاہ رہا تھا۔۔انشاء نے لہجے کو سرسری بناتے ہوئے کہا۔۔

وہ خاموش ہو گیا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

جب دونوں ایک ساتھ کمرے سے باہر نکلے تو ایک دم وہ گرنے لگی اگر بروقت عیان نا تھامتا وہ زمیں بوس ہوتی ۔

"دھیان سے انشاء کیا ہوا۔۔۔عیان نے فکر سے کہا۔

" کچھ نہیں شاید دوپٹا پاؤں میں اگیا تھا۔انشاء نے اپنا سر مسلتے ہوئے کہا۔۔

"پر مجھے لگا تم کو چکر ایا تھا شاید۔عیان نے کہا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"نہیں تو۔۔انشاء نے نفی کرتے ہوئے کہا۔۔پھر سنبھل کر چلنے لگی۔۔وہ سہی تھا پر اس نے بتانا مناسب نہ سمجھا ورنہ وہ اسے جانے نہ دیتا۔۔۔

"تم شام میں چلو تو میں تمہیں خود آنٹی سے ملوانے لے چلوں۔۔عیان نے کچھ سوچ کر کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"نہیں مجھے ابھی جانا ہے۔۔۔انشاء نے ضدی لہجے میں کہا۔

"اوکے۔کس کے ساتھ جاؤ گی۔۔۔

"آپ کے ساتھ اور کس کے ساتھ۔۔اتنا کہے کر وہ ڈائینگ پر بیٹھ گئی۔۔۔

"کیسی ہو انشاء۔۔علیزے نے ہو چھا بیٹھتے ہوئے جو ابھی آئی تھی ڈائینگ پر۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"ٹھیک اور تم۔۔اپنے ناشتے کی طرف متوجہ ہو گئی انشاء۔

" میں بھی ٹھیک۔۔۔علیزے اسے ایک نظر دیکھ کر دوبارہ اپنے کھانے کی طرف متوجہ ہو گئی۔

Posted On Kitab Nagri

انشاء باہر نکلی اپنا پرس لے کر تو عیان کی گاڑی میں فرنٹ سیٹ پر علیزے بیٹھی تھی۔۔۔

"کہیں جا رہی ہو تم۔۔علیزے نے حیرت سے پوچھا۔انشاء نے اس کی بات کو اگنور کرتے ہوئے پوچھا۔۔

"عیان کہاں ہے۔۔۔

"اندر گیا ہے فائل لینے۔۔علیزے نے کہا۔۔

"شاید میں زینب بی کے پاس تھی اس لیئے دیکھا نہیں عیان کو اندر۔۔انشاء نے سوچا اور پیچھے کا دروازہ کھول کر بیٹھ گئی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"مجھے لگا تھا کہ تم کہو گی کہ تمہارا حق ہے آگے بیٹھنے کا عیان کے ساتھ۔۔

"میں نے خود اپنی جگہ چھوڑی ہے ورنہ تمہیں کہاں اتنا حق ہے کہ تم میری جگہ لے سکو۔انشاء نے بے لچک لہجے میں کہا۔۔

Posted On Kitab Nagri

"یہ تو بالکل ٹھیک کہا تم نے۔۔اگر آج کہتی بھی سہی تو اپنی جگہ میں چھوڑنے والی نہیں ہوں۔۔۔کیونکہ میں انشاء نہیں علیزے ہوں علیزے۔۔جو اپنا حق تو بالکل نہیں چھوڑتی۔۔۔

"فی الحال تم حق پر نہیں ہو۔۔۔انشاء نے اس ڈھیٹ لڑکی کو شرمندہ کرنا چاہا۔۔۔

علیزے ایک دم مسکرائی اور کہا۔۔۔

"سہی کہا تم نے۔۔فی الحال حق نہیں ہے پر بہت جلد سارے حق وصول کروں گی۔۔۔پورے حق سے فرنٹ سیٹ پر بیٹھوں گی عیان کے ساتھ , تم چاہا کر بھی کچھ نہیں کر پاؤ گی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اس نے کسی بھی لہجے میں کہا ہو پر انشاء کو اس کا لہجہ زہر خند لگا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"ویسے مجھے تم سے یہ امید نہ تھی انشاء,اس رات چھپ کر ہماری باتیں سن بھی رہی تھیں اور دبے پاؤں چلی بھی گئی افسوس تم تو حق پر ہوتے ہوئے اپنا حق نا استعمال کر پائی تف ہے تم پر افسوس۔۔۔

علیزے ذرہ بھی شرمندہ نہ ہوئی تھی الٹا ڈھٹائی سے ہنس رہی تھی۔۔۔

اب کے علیزے کی بات پر وہ شاک ہو کر اسے دیکھنے لگی۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"ویسے مجھے تم سے یہ امید نہ تھی انشاء,اس رات چھپ کر ہماری باتیں سن بھی رہی تھیں اور دبے پاؤں چلی بھی گئی افسوس تم تو حق پر ہوتے ہوئے اپنا حق نا استعمال کر پائی تف ہے تم پر افسوس۔۔۔

علیزے ذرہ بھی شرمندہ نہ ہوئی تھی الٹا ڈھٹائی سے ہنس رہی تھی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

اب کے علیزے کی بات پر وہ شاک ہو کر اسے دیکھنے لگی۔۔۔

"کچھ کہو گی نہیں اپنی صفائی میں۔۔۔کسی کی باتیں چھپ کر سننا بری بات ہے۔۔۔علیزے نے اسے چڑایا۔۔۔

علیزے کی بات پر وہ تلملا اٹھی اس سے پہلے کچھ کہتی عیان اسے اتاد کھائی دیا۔۔۔

"شکر ہے تم اگ ئے ورنہ میں تو بیزار ہو کر چلی جاتی۔۔۔علیزے نے ایک ادا سے بال جھٹکتے ہوئے کہا۔۔۔

"ہمم فائل مل نہیں رہی تھی۔۔۔عیان انشاء کو دیکھتا گاڑی اسٹارٹ کی۔۔۔جواب علیزے کو ضرور دیا اس نے پر نظر انشاء پر تھی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مرر انشاء پر فوکس کرتا وہ گاڑی چلا رہا تھا۔۔۔مسلسل وہ الجھن کا شکار تھا۔۔۔

انکل وحید کے گھر اندر تک چھوڑنے گیا۔۔۔اتفاق سے انکل بھی بیٹھے تھے ان سے مل کر واپس ایا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

اس وقت وہ دونوں اکیلے تھے۔۔۔

"علیزے۔۔۔عیان نے پکارا۔۔۔

" ہمم۔۔۔علیزے نے اس کے ماتھے پر شکن دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔

" انشاء اور تمہارے بیچ کوئی بات ہوئی۔۔۔عیان نے پوچھا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"نہیں۔۔۔اس نے نظر چراتے ہوئے کہا۔۔۔

"وہ تو خاموش ہی رہتی ہے۔۔۔ تمہیں پتا ہے۔۔۔علیزے نے سرسری لہجے میں کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"اس نے کچھ کہا کیا۔۔۔دوبارہ علیزے نے پوچھا۔۔۔

" یہی تو مسئلہ ہے وہ کچھ کہتی ہی نہیں۔۔۔اب تک اس کے لب چپ ہوتے تھے اور انکھیں خاموش تھیں پر اج اس کی انکھوں میں شور اور لب خاموش تھے۔۔۔

علیزے اسے دیکھتی ہی رہ گئی اتنی گہری بات کہنے پر۔۔۔

@@@@@@

"اج باہر ڈنر کا پلان ہے چلو گی۔۔۔شام میں عیان نے انشاء سے کہا جو اپنا چہرہ ٹاول سے صاف کرتی واشروم سے نکل رہی تھی۔۔۔

"نہیں۔۔۔انشاء نے بیزاریت سے کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"اچھا فیل کرو گی تم۔۔۔ عیان نے اس سے پوچھا۔۔۔۔

"طبیت ٹھیک نہیں میری, فریحہ انٹی کے گھر جو کھایا سب وومٹ کر کے نکل گیا۔۔۔

انشاء نے اسے بتایا۔۔۔

"انشاء چلو ابھی ڈاکٹر کو تمہاری طبیت دکھاتے ہیں۔۔۔اٹھو ریڈی ہو جاؤ۔۔۔ویسے بھی تم کمزور لگ رہی ہو اج کل۔۔۔ عیان نے فکر سے اس کے ماتھے پر ہاتھ رکھتے ہوئے کہا۔۔۔

وہ عجیب نظروں سے اس کا چہرہ تکنے لگی کتنی بے اعتباری تھی اس کی ایک نظر میں, جس نے عیان کا دل چیر کے رکھ دیا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"کیسا شخص ہے یہ جس کی سمجھ نہیں اتی مجھے, ایسا لگتا ہے جیسے صرف اسے میری پرواہ ہے اور مجھ سے بڑھ کر اس کے لیئے کچھ نہیں اور دوسری طرف میری بے وقوفی میں کہی بات پر اب عمل کر رہا ہے دوسری شادی کر رہا ہے , پر صرف اپنی انا میں اب مجھے بتا بھی نہیں رہا, کاش پوچھ ہی لیتا میں کونسا انکار کرنے کا اختیار یا حق رکھتی ہوں, میں

Posted On Kitab Nagri

نے خود ہی سارے حق اور اختیار کھو دی ئے اپنے زعم میں, میں خالی ہاتھ خالی دامن رہ گئی ہوں عیان, کاش تم دیکھ سکو میرے بے خبر!!!۔۔۔انشاء نے سوچا اور عیان کی نظریں اس کے چہرے کا طواف کرنے لگیں جو رنگ بدل رہا تھا۔۔۔

چند لمحے بعد سنبھل کر عیان نے کہا۔۔۔

"اٹھو ریڈی ہو جاؤ۔۔۔

اسی وقت دروازہ ناک ہوا اور علیزے اندر آگئی بغیر اجازت کے انتظار کے۔۔۔اسے دیکھ کر انشاء سنبھل گئی اور چہرے کا رخ پھیر لیا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

" چلیں عیان, کچھ شاپنگ بھی کرنی ہے۔۔۔دو دن بعد مجھے جانا بھی تو ہے ایک ہفتے کے لی ئے فیصل آباد۔۔۔

علیزے نے تفصیلی بات کہی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

اس سے پہلے عیان کچھ کہتا انشاء نے جلدی سے کہا۔۔۔

"ہمم عیان اپ جائیں۔۔۔

"پر پہلے۔۔۔عیان نے کچھ کہنا چاہا پر علیزے نے اس کی بات کاٹی۔۔۔

"کیوں تم نہیں چل رہی۔۔۔علیزے نے بے ساختہ پوچھا۔۔

"نہیں, میرا موڈ نہیں۔۔۔انشاء نے دوٹوک کہا۔۔۔

"اوکے عیان جلدی کرو۔۔پھر چلتے ہیں۔۔۔علیزے کہے کر جلدی سے چلی گئی روم سے باہر۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

" انشاء یہ لاپرواہی اچھی نہیں, پہلے تمہاری صحت ضروری ہے۔۔۔عیان نے انشاء سے کہا۔

"پلیز میری پرواہ کرنا چھوڑ دیں اپ۔۔۔فی الحال علیزے زیادہ امپورنٹیٹ ہے اپ کے لی ئے۔۔۔اسے اپ کی ضرورت ہے۔۔۔جانے کیوں انشاء کے طنزیہ لہجے پر عیان نے غصہ ضبط کرتا ہوا اشروم چلا گیا کہتا ہوا۔۔"جو تمہاری مرضی۔۔۔۔

وہ بیڈ پر نڈھال سی بیٹھی تھی وہ تیار ہو رہا تھا۔۔دونوں کی نظر ملی۔۔

"اگر ہو سکے زینب بی کے ساتھ جا کر دکھا آؤ طبیت اگر میرے ساتھ جانا تمہیں اتنا نا گوار گزرتا جو ہے۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

عیان کی بات پر چونکی اور اسے گھوری نوازتے ہوئے کہا۔۔

"ایک تو چوری اوپر سے سینازوری, حد ہوتی ہے ہر۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ کھڑی ہوئی تھی ایک دم عیان نے اسے کمر سے پکڑا اس کے الفاظ منہ میں ہی رہ گئے۔۔۔بغیر سوچے سمجھے وہ اس کے ہونٹوں کو اپنے ہونٹوں میں قید کر چکا تھا۔۔

"تمہاری زبان پر لاک لگانے کا یہی ایک طریقہ ہے۔۔۔آئندہ سوچ سمجھ کے بولنا۔۔۔مجھے نہیں پتا کس بات پر اتنا غصہ ہو پر جو بھی ہے آئندہ بولنے سے پہلے سوچو گی ضرور۔۔۔

اس کے ہونٹوں کو آزادی بخش کر عیان نے کہا۔۔۔وہ منہ کھولے اسے دیکھ رہی تھی یہ امید تو وہ عیان سے کر ہی نہیں سکتی تھی۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

خود پر پرفیوم اسپرے کرنے لگا پھر انشاء پر کرنے لگا۔۔۔

"یہ کیا کر رہے ہیں۔۔۔وہ جو حیران کھڑی تھی چونک کر بولی۔۔۔

"شاک سے باہر نکلنے کا انتظام کر رہا ہوں تمہارا۔۔۔عیان نے لاپرواہی سے کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ باہر جانے لگا اسی وقت انشاء اس کا بازو پکڑا اور اس کا رخ اپنی طرف کر کے بولی۔۔۔

"یہ سب اپ نے کیوں کیا, کتنے بڑے دعوے کیے تھے کہاں گئے وہ سب۔۔۔وہ غصے کی انتہا پر تھی اور اس کی ڈھٹائی پر چڑ ہی گئی تھی۔۔

" یاد ہے سب, بس کبھی کبھی ایسا بولنے لگتی ہو جو میری برداش سے باہر ہو جاتا ہے تو یہی بہتر طریقہ لگا چپ کروانے کا۔۔۔اب اگر تم کو برا لگا ہے تو میں کیا کر سکتا ہوں آئندہ خیال کرنا, ایسی نوبت مت آنے دینا۔۔۔ اب یہ تم پہ ڈپینڈ کرتا ہے تم ایسے کتنے موقع آنے دیتی ہو۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

عیان نے سکوں سے اسے تفصیلی جواب دیا اس کے سوال کا۔۔۔اس کے ہاتھ ارام سے ہٹائے اپنے بازؤں سے۔ اور آخر میں کندھے اچکاتا ہوا کمرے سے باہر چلا گیا۔۔۔

ہمیشہ کی طرح انشاء اسے جاتا دیکھتی رہی۔۔

Posted On Kitab Nagri

@@@@@@@

"اج جا کر اپنی طبیت دکھا آؤ۔۔۔ صبح کو ہی عیان نے انشاء سے کہا۔۔۔

کل رات وہ ایا تو وہ سکوں سے سو رہی تھی۔۔۔پر وہ ہاسپٹل سے اپائیمنٹ لے چکا تھا۔۔۔

"پر۔۔۔انشاء نے کچھ کہنا چاہا۔۔۔پر عیان اس کی بات کاٹتا ہوا بولا۔۔۔

"پلیز جا کر دکھا آؤ,اج ضروری میٹنگ نہ ہوتی خود لے جاتا۔۔۔عیان نے گھڑی دیکھتے ہوئے کہا تھا۔۔

"زینب بی تیں بجے کی اپائیمنٹ ہے۔۔۔پلیز علیزے سے کھانے کا پوچھ لجی ئے گا۔۔۔انشاء غور سے دیکھ رہی تھی وہ واقعی مصروف لگا اسے۔۔۔اس لی ئے دونوں کو ساتھ ہدایت کر رہا تھا۔۔۔زینب بی جو صوفے پر بیٹھی تھی اس کی سن کر انہوں نے جلدی سے کہا"ٹھیک ہے بیٹا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

عیان کا یوں علیزے کے لیۓ فکر مند ہونا جانے کیوں برا لگا اسے۔۔۔

اب انشاء نے کچھ کہنا چاہا پر عیان ڈائینگ سے اٹھا نیپکن سے ہاتھ صاف کرتا اس کے روبرو ہوا اور کہا۔۔۔

"پلیز انشاء بحث مت کیا کرو کبھی میری بھی مان لیا کرو اس لیے ڈاکٹر کے پاس ضرور جانا اوکے..اس کا چہرہ تھپ تھپاتا ہوا چلا گیا" اللہ حافظ کہتا۔۔۔

@@@@@@@

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"کتنا خوش ہو گا عیان یہ سب سن کر۔۔۔اف کب آئے گا یہ لڑکا گھر۔۔۔زینب بی نے خوشی اور ایکسائٹمنٹ سے کہا۔۔

Posted On Kitab Nagri

انشاء کے خاموش تاثرات انہیں حیران کر رہے تھے اور انہیں یقین تھا عیان جب سنے گا تو وہ خوشی سے جھوم اٹھے گا۔۔۔انشاء گہری سوچ میں تھی ان کی بات پر چونکی۔۔۔

"پلیز زینب بی اپ کچھ نہیں کہیں گی عیان سے۔میں خود بتاؤں گی۔۔ایک دم سے انشاء نے کہا۔۔۔

"ٹھیک ہے جلدی بتانا۔۔انے والا ہو گا عیان آفیس سے۔۔۔زینب بی نے کہا۔۔۔

" شکریہ زینب بی میری بات رکھنے کا۔۔۔انشاء نے کہا۔۔۔

"اب آرام کرو جا کر۔۔۔زینب بی نے اسے ماتھے پر پیار کرتے ہوئے کہا۔۔۔

"جی زینب بی۔۔۔انشاء نے کہا۔۔۔زینب بی اس کے چہرے کے تاثرات بغور دیکھ رہی تھی اور سمجھنے کی کوشش کر رہی تھیں آخر کون سی بات نے اسے اتنا پریشان کیا ہوا تھا جو اسے اتنی بڑی خوشخبری پر خوش ہونے نہیں دے رہی تھی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"کاش حیدر بھائی یہاں ہوتے۔۔۔زینب بی نے سوچا۔۔۔

وہ کئی بار پوچھ چکی تھیں پر انشاء ہر بار ان کو ٹال رہی تھی۔۔۔اب تو پوچھ پوچھ کر خاموش ہو گئی تھیں زینب بی۔۔

وہ مرے قدموں سے سیڑھیاں چڑھتی ہوئی اپنے کمرے کی طرف چلی گئی۔۔۔

@@@@@@@

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کتنی دیر وہ لیٹی عیان کا انتظار کر رہی تھی۔۔۔

"کتنا خوش ہو گا عیان یہ سن کر۔۔۔وہ میری ساری غلطیاں معاف کر دے گا۔۔۔اب سب ٹھیک ہو جائے گا۔۔۔علیزے کی کوئی سازش کامیاب نہیں ہو گی۔۔۔میرا شوہر صرف میرا ہو گا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ سوچ کر خوش ہوتی بیڈ سے اٹھی۔۔۔ ہونٹ خود بخود مسکرا اٹھے قدم خوشی سے من بھر کے لگنے لگے تھے ۔۔۔وہ ٹہلتی رہی اور انے والے وقت کا سوچ کر مسکرا اٹھی۔۔۔

اب شدت سے وہ انتظار کرنے لگی تھی عیان کا۔۔۔

ایک دم اندر کی اواز پر وہ چونکی۔۔۔

"بہت خود غرض عورت ہو تم انشاء۔۔۔۔ بہت ہی زیادہ خود غرض۔۔۔ تمہیں اپنے سوا کبھی کسی کی پرواہ نہیں رہی۔۔۔ عیان کو تم نے کس طرح دھتکارا تھا بھول گئی۔۔ لمحے لمحے اس کے سچے جذبوں کی توہین کرتی آئی ہو تم اس کے ہونٹوں کی ہنسی تک تم چھین چکی ہو۔۔۔اب جب وہ علیزے کے ساتھ خوش اور مطمئن رہنے لگا ہے اس کے ہونٹوں کی ہنسی لوٹ آئی ہے تو تم خود غرض بن کر اپنے بچے کا استعمال کر رہی ہو اور اسے روکنا چاہتی ہوں دوسری شادی سے جب کہ تم خود کھلے دل سے اجازت دے چکی ہو اسے دوسری شادی کی اور کئی بار اسے یہ کہہ چکی ہو۔۔۔نہ تم اچھی بیوی بن سکی ہو اور نہ اب اچھی ماں کہلاؤ گی اگر اپنے بچے کا استعمال کرو گی اس کی خوشیوں میں رکاوٹ بن کر۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

اندر کی اواز پر وہ سسک اٹھی۔۔۔اندر کی عدالت سب سے بڑی عدالت ہوتی ہے اور اگر اس نے اسے مجرم قرار دے دیا تو پھر کسی اور کے کہنے نہ کہنے سے کیا فرق پڑتا ہے۔۔۔

"واقعی میں ایک اچھی بیوی کبھی نہیں بن پائی پر اچھی ماں ضروری بنو گی۔۔۔میں خود غرض بالکل نہیں ہوں۔۔۔

ایک عزم سے اس نے سوچا اور اپنے پیٹ پر ہاتھ پھیرنے لگی۔۔۔

"بے بی تمہاری ماں تم سے بہت پیار کرتی ہے اور پاپا بھی بہت کریں گے جب ان کو پتا چلے گا۔۔۔اب ہم تمہارے پاپا کی خوشیوں میں رکاوٹ بالکل نہیں بنیں گے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

انشاء کو اس ننھے وجود نے دوبارہ مسکرانے پر مجبور کیا ممتا کا انوکھا احساس اس کے اندر جاگا تھا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

کمرے کے اندر داخل ہوتا عیان حیران ہوا اتنے دنوں بعد انشاء کو یوں مسکراتا دیکھ کر۔۔۔"خدا کرے کبھی ہنسی تمہارے ہونٹوں سے جدا نہ ہوں اور یونہی تم مسکراتی رہو۔۔۔عیان کے دل سے دعا نکلی انشاء کے لیئے۔۔۔

خود پر نظروں کی تپش محسوس کرتے ہوئے انشاء نے آنکھیں کھولیں جیسے ہی عیان پر نظر پڑی اس کے ہونٹ خود بخود سکڑ گئے۔۔۔دونوں کی نظر مل چکی تھی اور اس کا یوں ہنسی کو سمیٹ لینا عیان کے دل کو گھائل کر گیا ۔۔۔

"کتنا بد نصیب شوہر ہے وہ جس کی بیوی کے ہونٹوں کی مسکراہٹ اسے دیکھ کر غائب ہو جائے اور عیان تم سے زیادہ کوئی بد نصیب اس زمین پر ہو سکتا ہے جو اپنی بیوی کے لئے دکھ کا باعث ہو۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

خود پر افسوس کرتا بریف کیس سائیڈ پر رکھا اور وہ الماری کی طرف بڑھا اور اپنے کپڑے نکالنے لگا۔۔۔

"فی الحال یہ سب بتانا مناسب نہیں عیان کو۔۔انشاء نے سوچا اور کمرے سے باہر جانے لگی اسی وقت عیان نے اسے آواز دی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"انشاء...

"جی۔۔۔اس کے قدم تھمے۔۔

"ڈاکٹر نے کیا کہا۔۔۔عیان نے پوچھا۔۔۔

"بس کھانے پینے کا خیال کہا ہے اور کچھ طاقت کی دوائیان۔۔۔انشاء نے سوچے سمجھے منصوبے کے تحت کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اور وہ کمرے سے باہر چلی گئی عیان اسے جاتا دیکھتا رہا۔۔جانے کیوں دل بو جھل ہو رہا تھا۔۔۔

@@@@@@@

Posted On Kitab Nagri

زینب بی انتظار کرتی رہ گئیں پر عیان کی خوشی سے چہکنے کی آواز سننے کو کان ترستے رہ گئے اور رات کے کھانے کا وقت ہو گیا۔۔

وہ آس سے دونوں کو دیکھ رہیں تھیں اور دونوں بے پرواہ لگے ایک دوسرے سے۔۔۔

کھانا سب خاموشی سے کھا رہے تھے۔۔۔

"میرا پرسوں اسلام اباد کا پروگرام ہے۔۔۔ ضروری کام ہے ایک دو دن لگ جائیں گے زینب بی۔۔۔ زینب بی اور انشاء دونوں کو سنایا عیان نے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

" ٹھیک ہے بیٹا۔۔۔ زینب بی نے کہا۔۔۔

عیان کی ہمیشہ سے عادت تھی وہ اپنے گھر سے باہر جانے کے پلان جیسے ڈیسائیڈ ہوتے گھر پر بتا دیتا تھا۔۔

Posted On Kitab Nagri

آج زینب بی بھی ساتھ تھیں اور علیزے بھی خاموش تھی۔۔۔

کھانے کے بعد علیزے باتیں کر رہی تھی جن کا عیان مختصر جواب دیتا رہا۔۔انشاء نے اکر پوچھا۔۔۔

"کافی یا قہوہ, کیا بنا دوں۔۔۔انشاء نے بغور عیان کو دیکھتے ہوئے پوچھا۔۔۔

"کافی بنا دو ہمارے لیۓ۔۔۔ہمیشہ کی طرح علیزے نے کہا۔۔۔

"میرا موڈ نہیں, اج بہت تھکن ہے, علیزے صبح ملتے ہیں پھر۔۔۔عیان نے کہا اور اٹھ کھڑا ہوا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"انشاء علیزے کو کافی ضرور دینا اگر ہو سکے اس کو کمپنی بھی دینا اسے اکیلے پینے میں مزا نہیں اتا۔۔۔

عیان کے کہنے پر انشاء تو جل گئ پر علیزے کھل کے مسکرائی اور انشاء اچھی طرح سمجھ رہی تھی اس کی اس مسکراہٹ کا مقصد۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"جی۔۔۔انشا نے مختصر جواب دیا عیان کو۔۔

عیان اٹھ کے جا چکا تھا۔۔۔

@@@@@@

کچھ دیر بعد انشاء کافی لے کر آئی علیزے کے روم میں۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کیوں کہ عیان کے جانے کے بعد علیزے اٹھ کر اپنے روم میں آچکی تھی اس لئے انشاء کو اس کے کمرے میں آنا پڑا کافی لے کر۔۔۔

"بیٹھو تمہارے شوہر نے کہا تھا نہ مجھے کمپنی دو۔۔دیکھ لو اسے کتنی پرواہ ہے میری۔۔۔علیزے نے آنکھیں گھما کر کہا۔۔اس کا نخرے کرنے کا انداز ہمیشہ مختلف ہوتا تھا یا پھر انشاء کو ہی ایسا محسوس ہوتا تھا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ بیٹھ گئی۔۔۔کچھ دیر خاموشی رہی دونوں کے بیچ علیزے نے کافی کا گھونٹ بھرتے ہوئے کہا۔۔۔

"جانتی ہو اسلام آباد میں کیا ضروری کام ہے عیان کو۔۔

انشاء ہنوز خاموش رہی۔۔۔اس کی خاموشی پر طنز کرتے ہوئے علیزے نے کہا۔۔۔

"جانتی ہوں اتنی انڈرسٹینڈنگ کہاں ہے تم دونوں کی جو تمہیں پتا ہو وہ کیوں جا رہا ہے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کچھ اور دیر علیزے خاموش رہی اور اس کے چہرے کے تاثرات کو جانچتی رہی۔۔

"اتنا سسپینس کیوں پھیلا رہی ہو جو بتانا ہے وہ بتا دو۔۔۔اگر کچھ نہیں بتانا چاہتی تو مت بتاؤ۔۔۔

انشاء نے سلگ کر کہا۔۔

Posted On Kitab Nagri

"ارے نہیں نہیں بالکل بتانا چاہتی ہوں۔۔۔علیزے ہنسی اور اسکی ہنسی نے انشاء کو سلگا یا۔۔۔

انشاء تنگ ہوئی تھی اس کے اس رویئے سے سو اٹھ کر جانے لگی۔۔۔

"ارے بیٹھو۔۔علیزے نے اسے کہا تو وہ دوبارہ بیٹھ گئی۔۔۔

"جو کہنا جلدی کہو مجھے نیند آرہی ہے۔۔۔انشاء نے بیزاریت سے کہا۔۔۔

"شاید اب جو میں تمہیں بتاؤں اس کے بعد تمہاری نیند توا ڑنے والی ہے۔۔۔

"کیا مطلب۔۔۔انشاء نے حیرت سے پوچھا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

"اسلام آباد میں, میں اور عیان نکاح کرنے والے ہیں۔۔۔علیزے نے اس پر دھماکا کیا۔۔۔

" پر تم تو فیصل آباد جانے والی تھی۔۔۔انشاء نے شاک لہجے میں کہا۔۔

"بس کیا کریں عیان نے کہا تھا ایسا کہنے کو ورنہ ہمارے بیچ یہی ڈیسائیڈ ہوا ہے۔۔۔اب تم سے کتنی دن عیان چھپانے کا ارادہ رکھتا ہے مجھے سہی سے معلوم نہیں۔۔۔علیزے نے کندھے اچکائے۔۔۔

"پر ایک بات تم پر واضح کرنا چاہتی ہوں ایک دفعہ یہ نکاح ہو جائے پھر عیان کی نہیں میری مرضی چلے گی۔۔ دیکھ لینا۔۔۔علیزے نے عجیب لہجے میں کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اور کچھ لمحوں میں انشاء خود کو سنبھال چکی تھی اور اٹھ گئی اور کہا۔۔۔

"جو کرنا ہے کر لو اب مجھے کوئی پروا نہیں۔۔۔مجھے کوئی اعتراض نہیں۔۔ جس بات پر میرا شوہر خوش ہے میں بھی اس میں راضی ہوں۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

اب سہی معنی میں علیزے کو جھٹکا لگا۔۔۔

"اتنا جلدی تم نے ہار مان لی بغیر کسی مقابلے کے۔۔ میری جیت بھی تسلیم کرلی۔۔۔علیزے نے افسوس سے کہا ۔۔۔

"جو تم سمجھنا چاہو سمجھو اگر تمہاری خوشی یہ سننے میں ہے کہ تم جیت گئی ہو تو ٹھیک ہے میں اعتراف کرتی ہوں تم جیت گئی ہو اور میں ہار گئی۔۔۔بس ہو گئی خوش اور جاؤ اپنی جیت کا جشن اسلام آباد جا کر منانا عیان کے ساتھ۔۔۔ انشاء نے تھک کر کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"ایسی جیت کا کیا فائدہ مقابل میدان میں بھی نہ اترا اور ہار تسلیم کر کے سائیڈ پر ہو گیا۔۔۔مزا تو تب آئے جب مقابل میدان میں روبرو ہو اور علیزے اسے چاروں شانے چت کرے۔۔۔

انشاء حیران ہوئی علیزے کے مغرور انداز میں کہی بات پر۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"مجھے کسی کے ساتھ مقابلہ نہیں کرنا جو تم چاہتی ہو کر لو اور اگے میرا جو نصیب اسے میں دیکھ لوں گی۔۔۔

انشاء نے خود کو سنبھال کر کہا اج کوئی انسو نہیں بھانا چاہتی تھی وہ۔۔۔اس لئے ضبط کی انتہا پر تھی انشاء۔۔۔

"افسوس مزا نہیں ایا۔۔۔

"تمہارے مزے کے لی ئے میں اپنی ذات ریزہ ریزہ نہیں کر سکتی علیزے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"تو پھر ٹھیک ہے مجھے نظر مت انا اس گھر میں, ہفتے کے روز عیان کے ساتھ میں اس گھر میں قدم رکھوں گی تمہارا وجود نظر نہ آئے یہاں۔۔۔اپنا بوریا بستر سمیٹو اور نکل جاؤ اس گھر سے۔۔۔کیونکہ مجھے تمہارا وجود گوارا نہیں۔۔۔
علیزے شاید واقعی اس کے ضبط کی انتہا کو آزما رہی تھی۔۔۔

"تم اس طرح نہیں کر سکتی میرے ساتھ۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"میں اس سے برا بھی کر سکتی ہوں۔۔۔کیونکہ تمہاری جتنی میری برداشت نہیں۔۔۔

"میں کہاں جاؤں گی۔۔۔

"وہ مسئلا تمہارا ہے۔۔۔

انشاء بے بسی سے اس کو دیکھتی رہی جبکہ علیزے نے کہا۔۔۔

"اب تم جا سکتی ہو۔۔۔

اور وہ شکستہ قدموں سے اس کے روم سے نکلی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

"مجھے عیان کو سب بتادینا چاہیئے میرا تو اور کوئی ٹھکانہ بھی نہیں۔۔۔پر کیسے کہوں, کیا وہ میرا یقین کرے گا بھی یا نہیں۔۔۔

وہ سوچتی کمرے میں آئی اور عیان کو گہری نیند میں سوتے دیکھ کر اسے اپنے حوصلے پست ہوتے نظر آئے۔۔۔

"یہ کیا ہے انشاء۔۔۔زینب بی نے حیرت سے دیکھا لفافے کو۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"ہفتے کے روز آجائیں گے عیان ان کو دے دیجیئے گا۔۔انشاء نے کہا۔۔

"اور تم کہاں جارہی ہو آج۔۔۔انہوں نے تشویش سے پوچھا۔۔۔

"خط میں سب لکھا ہے۔۔۔انشاء نے دھیمے لہجے میں کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"انشاء ایسی بے وقوفی مت کرو۔۔۔زینب بی نے کہا۔۔۔

"بیٹھو اور میری بات سنو۔۔۔وہ جو کھڑے کھڑے واپس جانا چاہ رہی تھی زینب بی نے اسے ہاتھ پکڑ کر بیٹھانا چاہا۔۔۔

"پلیز زینب بی جو بھی کر رہی ہوں سب سوچ سمجھ کر رہی ہوں۔۔۔

وہ بیٹھ تو گئی پہلو بدل کر بولی تھی زینب بی سے۔۔۔زینب بی بغور اور اسکا چہرہ دیکھ رہی تھیں جس کا چہرہ ضبط سے لال ہو رہا تھا۔۔۔

"انشاء میں عیان کو فون کر کے سب بتا رہی ہوں۔۔اس کے سخت انداز پر زینب بی نے فیصلہ کن لہجے میں کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

"آپ کو میری قسم زینب بی اپ کچھ نہیں کہیں گی عیان سے۔۔۔اور اگر ایک لفظ کہا تو میں کچھ کر بیٹھوں گی۔۔۔
انشاء کے لہجے میں سخت دھمکی تھی۔۔۔

"عیان نے پوچھی فوں پر تمہاری خریت تو۔۔

اب کے زینب بی نے ذرا نرم لہجے میں اس سے کہا۔۔۔

"کوئی بھی بہانہ کر لجیے گا۔۔۔اور ویسے بھی ان کے پاس وقت نہیں ہو گا جو فون پر کسی کی خیریت پوچھیں گے
بھی...انشاء کے لہجے کی بے اعتباری نے زینب بی کو صدمہ ہی پہنچایا تھا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"اتنی بد ظن کیوں ہو رہی ہو عیان سے۔۔۔جانتی ہو کتنی فکر کرتا ہے تمہاری۔۔۔انہوں نے دکھ سے کہا۔۔۔

"آپ کچھ نہیں جانتی زینب بی۔۔۔انشاء اتنا کہے کر چپ ہوئی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"آپ کچھ نہیں جانتی زینب بی غلطی ساری میری ہے اور جب کوئی غلطی کرتا ہے تو اس کا ازالہ بھی کرنا پڑتا ہے اور وہی کر رہی ہوں میں۔۔۔عیان کی تو اس میں غلطی بھی نہیں۔۔۔پر اپ کو بتا کر ایک اور اذیت سے گزرنے کی ہمت نہیں مجھ میں۔۔

انشاء نے اندر ہی اندر خود سے کہا اور زینب بی اس کے چہرے کے اتار چڑھاؤ کو دیکھ رہی تھیں غور سے۔۔

"مانتی ہوں میں کچھ نہیں جانتی پر اتنا سمجھتی ہوں کہ میاں بیوی کی لڑائی میں کوئی بیوی گھر تھوڑی چھوڑتی ہے ۔۔۔زینب بی نے دوبارہ سمجھانا چاہا۔۔۔

"پلیز زینب بی۔۔۔مجھے پیکنگ کرنی ہے پھر نکلنا ہے یہاں سے۔۔۔

وہ جو کبھی ایک قدم اکیلے باہر نہیں نکلتی تھی اج اس طرح اپنا گھر چھوڑ رہی ہے وہ چاہ کر بھی کچھ نہیں کر پا رہی تھیں۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ پیکنگ کرنے جا چکی تھی وہ سر پکڑ کر بیٹھ گئیں۔۔

کل دن کو علیزے چلی گئی تھی سب سے مل کر۔۔۔جبکہ اس کی روانگی کے وقت انشاء نہ تھی گھر پر,وہ فریحہ آنٹی کا کہے کر گئی تھی۔۔۔جبکہ آئی بھی رات کو تھی وہاں سے اور جب وہ آئی تھی اس وقت عیان اسٹڈی میں تھا اور وہ زینب بی سے مل کر چلی گئی تھی اپنے روم میں۔۔۔

اج صبح عیان سب کو خدا حافظ کہہ کر گیا تھا کیونکہ اسے افیس سے روانہ ہونا تھا۔۔۔کتنا دل چاہ رہا تھا زینب بی کا کہ ایک دفعہ اسے بتا دے کہ وہ باپ بننے والا ہے مگر انشاء کا خیال نہ ہوتا تو وہ خود ہی بتا دیتیں۔۔۔اور اب وہ سخت پچھتا رہیں تھیں۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

@@@@@@

"عیان بیٹا تم۔۔۔زینب بی سخت حیران تھیں اس وقت عیان کو دیکھ کر گھر میں۔۔۔کچھ دیر پہلے ہی تو انشاء گھر سے نکلی تھی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"وہ ایک ضروری ڈاکومینٹ رہ گیا تھا گھر پر سوچا اپ کو مشکل ہو گی ڈھونڈنے میں,اس لیۓ خود لینے اگیا۔۔۔

عیان نے جلدی سے بتا کر روم کی طرف گیا۔۔

اس نے جلدی میں زینب بی کی طرف غور نہیں کیا پر اب واپسی میں انہیں اسی طرح بے حال لاؤنج میں بیٹھا دیکھ کر پوچھنے بنا رہ نہ سکا" کیا ہوا زینب بی اور انشاء کہاں ہے۔۔۔

اس نے ادھر ادھر نظر گھما کر کہا۔۔۔

"بیٹا انشاء چلی گئی ہے یہ خط دے کر۔۔۔ زینب بی کی بات پر وہ شاک ہوا اور ان سے خط لیا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ فائل جس میں ڈاکومینٹ تھا وہ ہاتھ سے چھوٹ گیا اور صدمے کی کیفیت میں اس نے خط تھاما زینب بی کے ہاتھ سے۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"وہ چلی گئی اس طرح بنا بتائے کیسے۔۔۔شاک لہجے میں خود سے کہا عیان نے۔۔۔

اس کی دکھ اور صدمے کی کیفیت کو سمجھ رہیں تھیں زینب بی۔۔۔عیان بلکل ان کو معصوم اور بے خبر لگا۔۔کتنی بے تابی سے اس نے خط کھولا تھا۔۔۔زینب بی کو اس کے درد کا احساس ہوا۔۔۔

زینب بی نے فائل کو ٹیبل پر رکھا اور وہاں سے چلی گئیں جانتی تھی اس وقت اسے تنہائی کی ضرورت ہو گی۔۔

عیان نے خط کھولا جس میں انشاء نے لکھا تھا۔۔۔۔

Kitab Nagri

"جانتی ہو جب یہ خط پڑھیں گے تو آپ سے میں بہت دور ہوں گے۔۔۔پر یقین رکھیں اپ کا احساس اپنے ساتھ لے کر جا رہی ہوں۔۔۔سمجھ نہیں اتا کہاں سے شروع کروں۔۔۔وہاں سے جہان سے میں نے بیو قوفیوں کا آغاز کیا تھا یا پھر وہاں سے جہان اپ نے مجھے اگنور کرنا شروع کیا تھا۔۔۔اس سب میں کہیں اپ غلط نہیں تھے ہر جگہ میں ہی غلط اور خود غرض رہی ہوں۔۔۔جس درد سے میں گزر رہی تھی اسی درد سے اپ بھی دوچار تھے پر میں نے یہ سمجھنے کی کوشش نہ کی کبھی۔۔۔اپ نے اپنا درد چھپا کر میرے درد کو کم کرنا چاہا پر میں اپ کو اذیت پر اذیت دیتی رہی۔۔۔بغیر کسی احساس کے اپ کو غلط اور خود کو سہی سمجھتی رہی۔۔۔اپ نے مجھے بیوی کا مقام دیا اور محبت

Posted On Kitab Nagri

دی اور میں اسے ہوس کا نام دیتی رہی, اپ کے سچے جذبے کو محسوس نہ کیا اور اپ کو دوسری شادی کا کہتی رہی ہر بار۔۔آپ سہی تھے عیان, مجھ سے غلطی ہوئی اپ کو سمجھنے میں۔۔۔پر شاید مجھ سے ہی دیر ہو گئی واپسی میں۔۔ جب میں پلٹی تو آپ نے ہی راستہ بدل لیا۔۔۔

عیان نے ایک لمحے کو رکا اور سوچا" میں نے راستہ بدلا۔۔۔اور دوبارہ خط کو پڑھنے لگا۔۔۔اس وقت وہ بھول چکا تھا اسے روانہ ہونا تھا۔۔۔

اس نے دوبارہ خط پڑھنا شروع کیا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"اتنا بدظن ہو گئے مجھ سے کہ علیزے نے پوچھا میں کون ہوں اپ نے جواب تک نہ دیا اگر فرقان بھائی نہ بتاتے تو شاید گوارا نہ کرتے میرے انٹروڈکشن کا۔۔کتنے اور گلے کروں سمجھ نہیں ارہا علیزے کے اتے ہی میرا وجود تو اپ کی نظر میں رہا ہی نہیں۔۔۔پھر سب بدلنے لگا اپ نے مجھ سے بولنا چھوڑ دیا۔۔۔یہاں تک علیزے سے دوسری شادی تک کا فیصلہ کر لیا مجھے بتایا تک نہیں۔۔۔افسوس پر میں جانتی ہوں کہ اپ اس سے اسلام آباد میں شادی کرنے ہی جا رہے ہیں۔۔۔پر میں آپ کو چاہ کر بھی نہیں روک سکتی جبکہ میرے پاس وجہ بھی ہے آپ

Posted On Kitab Nagri

کو روکنے کی۔۔۔کیونکہ میں اتنی خود غرض نہیں بننا چاہتی اس لیئے اپ کو نہیں بتا رہی ہماری آنے والی اولاد کا, میں ہماری اولاد کا استعمال نہیں کرنا چاہتی ہمارے رشتے کو بچانے کے لیئے۔۔۔

"پر اب جب اپ کو یہ خط ملے گا اپ اور علیزے ایک تعلق میں بندھ چکے ہونگے۔۔۔میں کراچی جا رہی ہوں کیونکہ اپ کے ساتھ کسی اور کو دیکھنا میرے بس میں نہیں۔۔جب سنبھل جاؤں گی یا پھر بابا جان آئیں گے تب واپس اجاؤں گی۔۔۔فریحہ آنٹی کے میکے جا رہی ہوں ان کے بڑے بھائی کے ساتھ۔۔۔امید ہے اپ ہمیشہ خوش رہیں گے علیزے کے ساتھ جیسے ان دنوں اپ کو خوش دیکھا تھا اس کے ساتھ اس گھر میں۔۔۔

"اور میں اپ کی بدنصیب انشاء جو کبھی کوئی خوشی نہ دے سکی اپ کو۔۔۔یہ آخری نشانی ہی ہمارے تعلق کی, جینے کی وجہ ہے میرے لیئے۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

عیان کئی لمحے بے یقینی سے دیکھتا رہا خط کو, خط تو ختم ہو چکا تھا پر وہ ایک دفعہ اور پڑھا اس نے اور یقین کرنے کی کوشش کرنے لگا جو اس نے پڑھا کیا واقعی وہ سچ تھا اور انشاء یہ سب کر سکتی ہے۔۔۔کئی لمحے بے بسی کے نظر ہو گیئے پھر خود کو سنبھالا اس نے۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

اس نے فون کر کے سب سے پہلے میٹنگ کینسل کی ایمر جنسی کا کہے کر۔۔

پھر وہ پلٹا زینب بی کے کمرے کی طرف اس سے پہلے کے وہ دروازہ کھول کر اندر جاتا زینب بی خود باہر آرہی تھیں۔۔۔وہ ٹھر گئیں دروازے کے پاس۔۔۔پھر عیان نے کہا۔۔

"اپ کو پتا ہے زینب بی, میں باپ بننے والا ہوں۔۔

خوشی اور دکھ دونوں اس کے لہجے میں تھے۔۔۔۔

"جانتی ہوں بیٹے, پر پہلے انشاء کو واپس لاؤ۔۔۔

زینب بی نے کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

"اس کا مطلب آپ کو پتا تھا اور آپ نے مجھے بتانا بھی ضروری نہ سمجھا۔۔۔پہلے انشاء کو لے کر آؤں پھر آپ سے بھی حساب لوں گا۔۔۔

عیان کے لہجے میں ناراضگی تھی اس لیے تھوڑا چڑ کر کہا جس پر زینب بی نے کہا۔۔۔

"لیتے رہنا مجھ سے حساب میں کہیں نہیں بھاگی جا رہی بس پہلے اس بیوقوف کو واپس لاؤ عیان بیٹے۔۔۔

عیان کے انداز سے زینب بی کو اچھی طرح اندازہ ہو چکا تھا انشاء ہمیشہ کی طرح کوئی بے وقوفی کر بیٹھی ہے اور اپنی غلطی سے کسی شدید غلط فہمی کا بھی شکار ہوئی ہے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"اسے تو لے ہی آؤں گا زینب بی۔۔۔بس بے وقوف بیوی میرے نصیب میں ہے کیا کروں۔۔۔

اور وہ جلدی سے چلا گیا موبائل پر کسی سے کال ملاتا ہوا۔۔

Posted On Kitab Nagri

@@@@@@

داؤد صاحب نے بغور اس لڑکی کو دیکھا جو سر دونوں ہاتھوں میں گرائے بیٹھی تھی۔۔ جس کے انداز سے صاف اندازہ ہو رہا تھا کہ کسی شدید خسارے میں ہے۔۔۔ گم صم اداس سی اس معصوم لڑکی پر رحم ایا ان کو۔۔۔ دل چاہا رہا تھا اس سے پوچھ لیں کس درد سے گزر رہی ہے یہ لڑکی۔۔۔ ائیر پوٹ پر گزرتا ہر شخص ایک نظر اس پر ڈالتا اگے بڑھ جاتا افسوس کرتا وہ اس طرح مایوسی سے جو بیٹھی تھی۔۔۔

کچھ دیر میں ان کی فلائیٹ تھی کراچی کی۔۔۔ ابھی فلائیٹ کی اناؤنسمینٹ کا انتظار تھا اس لیے رش تھا ائیر پوٹ پر ۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اچانک انشاء کو لگا کوئی اس کے پاس بیٹھا ہے چونک کر سر اٹھایا اس نے۔۔۔ کئی لمحے حیرت سے دیکھتی رہی۔۔۔ شاید دل کی خواہش تھی عیان اسے روک لے اور وہ خواب تھا اس کا۔۔۔ اسے لگا شاید وہ نیند میں ہے اس نے ہاتھ بڑھا کر اس کے کندھے پر ہاتھ رکھا اور احساس ہوا خواب نہیں ہوش و حواس میں ہے عیان اس کے سامنے۔۔۔ وہ شرمندہ ہوئی اپنی بے وقوفی پر اور جلدی سے کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"آپ گ ئے نہیں اسلام آباد۔۔دل کی عجیب کیفیت ہو رہی تھی انشاء کی۔۔۔عیان نے اسے ایک گھوری سے نوازا اور اٹھا, جا کر داؤد صاحب کے روبرو ہوا اور کہا۔۔۔

"انکل میرا جانا کینسل ہو گیا ہے اس لی ئے میں خود لاؤں گا اپنی بیوی کو کراچی پھر کبھی۔۔۔معذرت چاہتا ہوں اپ کو تکلیف ہوئی۔۔۔وہ اور بھی کچھ کہتا پر داؤد انکل نے اس کے کندھے پر ہاتھ رکھا اور کہا۔

"کوئی بات نہیں۔۔۔یہ زیادہ بہتر ہو گا تم خود آؤ کراچی اپنی بیوی کو لے کر اور ہمیں مہمانوازی کا موقع دو۔۔۔

داؤد صاحب کوئی ینگ تو تھے نہیں ایک بزرگ تھے جنہوں نے ایک دنیا دیکھی ہوئی تھی چاہ ئے ان کو ان کی بہن نے کچھ نہ بتایا تھا پر انشاء کے روی ئے سے وہ کافی کچھ سمجھ گ ئے تھے اس لی ئے اب اس کا شوہر اگر آ ہی گیا تھا تو وہ کیوں اسے شرمندہ کرتے یا اسے شرمندہ ہونے دیتے۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"جی انکل پر پھر بھی معذرت چاہتا ہوں اپ کو تکلیف ہوئی ہماری وجہ سے۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

انشاءدونوں کو دیکھ رہی تھی اور سن بھی رہی تھی۔۔۔اسے اچھی طرح سمجھ آ رہی تھی اب عیان نے اس سے ناراض ہونا ہے۔۔۔

"کوئی بات نہیں اچھا چلو اللہ حافظ۔۔۔لاسٹ اناؤنسمینٹ ہو رہی ہے فلائیٹ کی۔۔۔دونوں نے ہاتھ ملا کر ایک دوسرے سے الوداع لی اور انشاء کے سر پر ہاتھ رکھ کر دعا دے کر آگے بڑھ گ ئے۔۔انشاءان کو جاتا دیکھتی رہی ۔۔۔

"اب انکل کو دیکھتی ہی رہو گی یا گھر چلو گی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

عیان نے غصے سے بھرپور لہجے میں کہا۔۔۔کچھ کہنے کے لی ئے لب کھولتی پھر سکوڑ لی ئے انشاء نے۔۔۔

"چلو۔۔۔عیان نے حکم دیا اور وہ سر جھکائے اس کے ساتھ جانے لگی۔۔

@@@@@@@

Posted On Kitab Nagri

اس وقت وہ صوفے پر بیٹھی تھی سر جھکائے۔۔۔جبکہ لاؤنج میں ٹہل رہا تھا دونوں ہاتھوں کی مُٹھیاں بھینچے ایسا لگ رہا وہ اپنا غصہ ضبط کر رہا تھا۔۔

اسی وقت زینب بی آئی اور انشاء کی طرف بڑھیں۔۔۔

"رک جائیں زینب بی پہلے میں اس سے بات کرلوں پھر اور کوئی بولے گا اپ اندر جائیں فی الحال۔۔۔

عیان نے دوٹوک کہا۔۔۔زینب بی کے قدم وہیں تھمے اور انہوں نے کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"پہلے مجھے ملنے تو دو اپنی بیٹی سے۔۔۔

"کوئی ضرورت نہیں پہلے میرے سوالوں کے جواب دے گی پھر کسی اور سے بات کرے گی یہ۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

عیان کے سرد انداز پر انشاء اندر سے کانپ گئی۔۔۔مدد طلب نظروں سے زینب بی کو دیکھا۔۔۔جو آخری امید لگی انشاء کو اپنے بچاؤ کی۔۔۔

"آپ اندر جائیں زینب بی۔۔۔انشاء نے نہیں کا اشارہ کیا نظروں جسے اگنور کر کے زینب بی چلیں گئیں اندر۔۔۔اب شدید گھبراہٹ ہوئی انشاء کو۔۔۔ہمت نہیں ہو رہی تھی عیان سے بات کرنے کی۔۔۔

"ادھر دیکھو میری طرف زینب بی جا چکی ہیں۔۔۔عیان کے کہنے پر اس نے اپنی نظر اس کی طرف کی اور اس کی سرخ شعلہ بنی آنکھوں میں زیادہ نہ دیکھ سکی انشاء اور نظرین جھکا لیں۔۔

غصے سے اس کی طرف بڑھا اور اسے بازو سے تھام کر اپنے روبرو کھڑا کیا اور اس کا لکھا خط اس کی انکھوں کے سامنے لہراتے ہوئے کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

" ادھر دیکھو اور مجھے بتاؤ اس خط کا کیا مقصد ہے۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ خاموش رہی۔۔۔اور اپنا رخ پھیر کر کھڑی رہی۔۔۔

"میں کچھ پوچھ رہا ہوں بولو۔۔۔

عیان نے اس کا بازو دبوچ کے دوبارہ اپنی طرف کر کے پوچھا۔۔۔

"لگتا زبان گروی دے دی ہے نا جواب لفظ نہیں نکل رہے۔۔ ہمممم۔۔۔وہ ڈھیٹ بن کے کھڑی تھی اب انشاء کی انکھیں نم ہونے لگیں۔۔وہ جو اپنی گرفت سخت کر رہا تھا اس کے بازو پر غصے سے۔۔۔اب اس کی نم ہوتی پلکیں دیکھ کر ڈھیلا پڑ گیا اور کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"کیا لکھا تھا خط میں تم نے, مجھے تمہارا انٹروڈکشن کروانا گوارا نہیں تھا علیزے سے۔۔۔افسوس تم نے دیکھا تک نہیں جب اس نے تمہارا پوچھا یہ کوں تو میں اسے گھور کر دیکھ رہا تھا کیونکہ وہ تمہیں یونیورسٹی کے زمانے سے دیکھتی ارہی ہے جب ایمان تم سب کی پکس مجھے بھیجا کرتا تھا تم ہماری فیملی کا حصہ ہو بابا جان کی بیٹی ہو ایون اس نے ہماری نکاح کی پکس تک دیکھی ہوئیں تھیں پھر اس کا اس طرح پوچھنا بلکل انجان لہجے میں اور میرا اسے گھورنا اس کی ڈھٹائی پر, کچھ نہ نظر ایا تمہیں اور تم نے اتنی غلط فہمیاں پال لیں اور جو دماغ میں ایا سوچ لیا۔۔۔ایک بات

Posted On Kitab Nagri

یادر کھنا اگر مجھے علیزے سے شادی کرنی ہوتی تو بہت پہلے کر چکا ہوتا وہ دور نہ تھی میری پہنچ سے۔۔۔پر دوستی میں ملاوٹ کا قائل نہ میں ہوں اور نہ علیزے۔۔۔

اب شاک ہو کر انشاء اسے دیکھنے لگی سمجھ نہیں ارہا تھا اب کیسے اپنی صفائی دے جیسا عیان سوچ رہا ہے سب کچھ ویسا بھی نہیں۔۔

"مجھ سے ایک بیوی نہیں سنبھلتی اور تم نے کیسے سوچ لیا میں علیزے سے دوسری شادی کر رہا ہوں۔۔۔

چند لمحے رک کر دوبارہ بولا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"بتاؤ مجھے تمہاری ہمت کیسے ہوئی اس طرح گھر چھوڑنے کی اور مجھ سے چھپانے کی اتنی بڑی خوشخبری, بولو مجھے جواب دو کیوں کیا ایسا تم نے, بولو۔۔

"عیان وہ۔۔انشاء کا لہجہ لڑکھڑایا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"میں بتاتی ہوں عیان, اس میں انشاء کی غلطی نہیں, یہ سب ہمارا پھیلایا سارا فساد ہے۔۔۔

اسی وقت علیزے نے کہا جس کے پیچھے عمر کھڑا تھا۔۔۔اب عیان اور انشاء نے حیرت سے دونوں کو دیکھا۔۔۔

@@@@@@@

کچھ دن پہلے۔۔

اس وقت علیزے اور عمر دونوں وڈیو کال پر بات کر رہے تھے اور ابھی اس کے پاکستان انے میں چند دن تھے اور اب جو عمر نے اسے بتایا وہ سن کر چند لمحے کے لیے ساکت ہو گئی۔۔۔

"اف شرم تو اتی نہیں تمہیں جو نازیہ بھابھی کی نظر میں میرا امیج خراب کر دیا۔۔۔علیزے نے چڑ کر انکھیں دکھائیں عمر جو جس کا اس نے ذرہ برا نہ منایا اور مزے سے کہا۔

Posted On Kitab Nagri

"کیا کریں دوست ہی دوست کے کام اتے ہیں, بس عیان کے لی ئے کر رہے ہیں۔۔۔

عمر نے شانے اچکائے۔۔۔جس پر دانت پیس کر علیزے نے کہا۔۔

"بیڑا غرق ہو تمہارا, میرے انے سے پہلے, میری نکالے جانے کا سامان کر دیا تم نے۔۔۔واہ!!کی دوستی نبھائی تم نے, دیکھ لیا دوستی کا عظیم جذبہ تم میں, پرچا میرے نام کا کٹوا کر شہیدوں میں نام تمہارا ہو گا واہ واہ۔۔۔سلام ہے ایسی دوستی پر۔۔۔

"بس کرو علیزے, کتنا شرمندہ کرو گی۔۔۔عمر نے ڈھٹائی سے کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"شرمندہ اور تم یہ ناممکن ہے, بہت ڈھیٹ ہو تم۔۔۔دل چاہتا ہے مار مار کر گنجا کر دوں تمہیں۔۔۔آنے دو پاکستان پھر دیکھنا کیا کرتی ہوں۔۔۔

علیزے نے وارنگ دیتے ہوئے کہا۔۔پر سامنے بھی عمر تھا جس نے اس کے غصے کو انجوائے کرتے ہوئے کہا۔۔

Posted On Kitab Nagri

"میں نے بھی چوڑیاں نہیں پہن رکھیں, تم جیسی بلیک بیلٹ سے ٹکر کا مقابلہ کروں گا۔۔۔میں بھی تمہارے بالوں کو بخشنے والا نہیں سمجھی۔۔۔ عمر کو بہت پیار تھا اپنے بالوں سے جب بھی کوئی اس کے بالوں پر بات کرتا وہ بھی سامنے ایسے جواب دیتا تھا۔۔اس لیۓ اکثر عیان اور علیزے اسے مذاق میں گنجا کرنے کو کہتے تو وہ بھی چڑ کر جو منہ میں آتا کہتا۔۔۔

اس سے پہلے لڑائی بڑھتی عمر سیریس ہوا اور کہا۔۔۔

"اچھا یار بعد میں سکوں سے لڑلیں گے پہلے انکل کو کہو عیان سے بات کرے تاکہ ہمارا پلان کچھ کام کرے۔۔۔ اگر تم نے ویسے ہی کہا عیان سمجھ جائے گا سب۔۔۔وہ الریڈی مجھے سختی سے منع کر چکا ہے اس کی لائف میں انوالو نہ ہوں پر کیا کروں اس کا درد بھی نہیں دیکھا جاتا مجھ سے۔۔۔

پھر عمر کے سمجھانے پر وہ اچھی طرح سمجھ گئی کیا کرنا ہے اور کیسے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

"بس ہمیں اب انشاء بھابھی کے جذبات جگانے ہیں بیوی والے اور ان کو یہ احساس تم ہی دلا سکتی ہو کیونکہ تم سے زیادہ نزدیک کوئی لڑکی نہیں عیان کے۔۔۔ تم سے بہتر کوئی نہیں کر سکتا یہ کام۔۔۔

"ہممممممم ٹھیک کہے رہے ہو۔۔۔آخر کار علیزے مان گئی اس کی بات۔۔۔پھر کافی دیر دونوں ڈسکس کرتے رہے ۔۔۔

@@@@@@@@

"پاپا عیان کو فون کریں جو کہا ہے اپ سے کہنے کو۔۔۔علیزے اپنے باپ سے کہے رہی تھی جو عمر نے کہا تھا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"کیا مطلب اس بات کا, کیا واقعی تم۔۔۔ گل صاحب نے حیرت سے پوچھا۔۔۔

"اف پاپا ایسا کچھ نہیں بس عیان کو ایسا کہنا ہے۔۔۔ سمجھنے کی کوشش کریں۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

علیزے نے سر پیٹ کر کہا۔۔۔

"تو اور کیا وجہ سمجھوں اب تک تمہاری شادی نہ کرنے کی۔۔ ہر باپ کی طرح ان کی بھی خواہش تھی بیٹی کی شادی کی پر کیا کرتے جو کبھی مانتی نہ تھی چاہے جتنا سمجھاتے۔۔۔

"اچھا پاپا اب کر لوں گی شادی, جس سے کہیں گے۔۔۔ علیزے نے نظر چرا کر کہا۔۔۔

"بس ایک دفعہ پاکستان سے ہو کر اجاؤں۔۔۔ پھر جس سے چاہیں کروالیں۔۔۔ علیزے نے کہا۔۔۔

"سچ میری جان۔۔۔ گل صاحب نے حیرت سے پوچھا۔۔۔

"سچ پاپا پکا کر لوں گی شادی اپ کے پسند کے لڑکے سے۔۔۔

علیزے نے ان کے ہاتھ پر ہاتھ رکھ کے کہا۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

اور کچھ دیر بعد انہوں نے عیان کو کال لگائی اور علیزے نے ان کو کہتے سنا کس طرح وہ عیان کو کہہ رہے تھے وہ سمجھائے علیزے کو ایک شادی شدہ مرد سے شادی نہیں کرنی چاہیے اور یہ کسی طرح مناسب نہیں لگتا جبکہ اس کی ایک بیوی الریڈی زندہ سلامت بیٹھی ہے۔۔۔علیزے کو روکے اس کو سمجھائے کتنی بڑی غلطی کر رہی ہے جبکہ اس تعلق میں صرف نقصان ہی نقصان آئیں گے اس کے حصے میں۔۔۔عیان کیسے نہ ہامی بھرتا اسے روکنے کی آخر وہ اس کی بیسٹ فرینڈ جو ہے۔۔۔یہی وجہ تھی عیان نے اسے اپنے گھر ٹھرایا تھا کہ اسے اچھی طرح سمجھا سکے ۔۔۔

@@@@@@@

عیان حیرت سے سن رہا تھا علیزے کی زبانی یہ سب۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"میں سوچ بھی نہیں سکتا تھا یہ تم دونوں کی کارستانی ہے۔۔۔عیان نے حیرت بھرپور لہجے میں کہا۔۔۔

دونوں نے شرمندگی سے نظر جھکالی,انشاء بھی حیران ہوئی ساری سچائی جان کر۔۔

Posted On Kitab Nagri

"علیزے اپ نے اس طرح کیوں کیا میرے ساتھ کیا اپ کو احساس سے میرے اوپر کیا گزری ان دنوں کتنی اذیت میں رہی ہوں میں۔۔۔

"مجھے احساس ہے انشاء, پر دوست بن کر سمجھاتی تمہیں کبھی احساس نہ ہوتا اس لیے دشمن بن کر تمہارے احساس جگانا چاہے اور اس رشتے کی اہمیت واضح کرنا چاہی, پر یقین کروا گر ہمیں پتا ہوتا تم مان بننے والی ہو تو یہ ذہنی اذیت کبھی نہ دیتے تمہیں۔۔۔ ہو سکے تو مجھے معاف کر دو میں نے بہت کچھ کہا تم سے انشاء۔۔۔

علیزے نے شرمندگی سے ہاتھ جوڑے اس کے سامنے۔۔انشاء نے ایک دم اس کے ہاتھ تھام کر ان کو کھولا اور کہا۔۔۔

"تم جیسا دشمن ہو تو اسے دوست کی کیا ضرورت ہو گی علیزے۔۔۔ عیان بہت خوش قسمت ہے جسے اس قدر چاہنے والے دوست ملے ہیں, کیا اپ میری دوست بنیں گیں علیزے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

انشاء کی بات پر سب ہی حیران ہوئے علیزے جو اس سے ڈھیر ساری ڈانٹ کی امید کر رہی تھی اس کی بات پر حیران ہوئی اور اس سے گلے لگ گئی۔۔۔اور کہا۔۔۔

"بلکل بنو گی دوست بس مجھے معاف کر دو میرے لفظوں کے لیے۔۔علیزے نے شدید شرمندگی سے کہا ۔۔۔

"میں نے اپ کو معاف کیا علیزے اپ ریلکس ہو جائیں۔۔۔انشاء تو اسی بات پر خوش تھی کہ عیان صرف اسی کا ہی ہے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"تم نے تو معاف کر دیا انشاء پر مجھے شدید افسوس ہے انہوں نے اتنی تکلیف سے دو چار کیا تمہیں۔۔۔میں کسی کو اجازت نہیں دیتا تمہیں کوئی تکلیف دے جانتا ہوں تم معصوم اور سادہ دل ہو, تمہیں لوگوں کی پہچان کرنا نہیں اتی اس کا مطلب یہ نہیں کوئی تمہارے جذبات کے ساتھ کھیلے اور مجھے گوارا نہیں کسی کا یوں تمہیں ذہنی اذیت دینا کس اذیت اور کرب سے گزری ہو تم اس خط کو پڑھ کے مجھے اندازہ ہے۔۔۔تم اگر تھوڑی بے وقوف ہو تو کیا اس مطلب اس طرح کوئی تمہیں راہ راست پر لائے مجھے نہیں ہے گوارا۔۔

Posted On Kitab Nagri

انشاء دکھ اور خوشی سے ملی جلی کیفیت سے دیکھ رہی تھی اس شخص کو جو شوہر ہونے کا ہر فرائض کو نبھا رہا تھا وہ خوش تھی اس کے محبت کے انداز پر, دکھ تھا تو اس بات کا کہ وہ کبھی اچھی بیوی ہونے کا ثبوت نہ دے سکی ہمیشہ اس کا دل دکھاتی رہی۔۔۔

"اور ایک بات واضع کر دوں تم دونوں پر۔۔۔انشاء کو ایسا بنانے میں زیادہ ہاتھ ہمارا ہے ہم سب کا ہے, پلیز تم لوگ فی الحال یہاں سے جاؤ مجھے کچھ وقت لگے گا تم لوگوں کی اس حرکت کو بھولنے میں۔۔ عیان نے سرد لہجے میں کہا۔۔۔

"پر عیان ہم جانتے ہیں ہمارا انداز غلط تھا پر ہماری نیت صاف تھی اور بے شک ہمارا رب ہماری نیت جانتا ہے۔۔۔ انشاء بھابھی کو اتنی تکلیف دینی کی ہماری نیت نہ تھی پر کرنا پڑا۔۔۔ عمر نے شرمندگی سے کہا جبکہ علیزے سے تو کچھ بولا ہی نہیں گیا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"یہ سب کر کے کیا ملا تمہیں, تم جانتے ہو, انشاء کو کچھ ہو جاتا میں بابا کو کیا جواب دیتا, میرا احساس کرتے ہو تم دونوں اور انشاء کا تم دونوں کو ذرہ احساس نہیں ہوا اس کے دل پے کیا گزری ہو گی جب اسے اس کے گھر سے نکالے جانے کی بات کی ہو گی۔۔۔ یہ ٹھیک نہیں کیا تم نے علیزے۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

عیان کے اس طرح کہنے پر علیزے نے کہا۔۔۔

"تم سہی ہو عیان, تم نے عمر کو روکا تھا کہ تمہارے معاملے نہ بولا جائے پر کیا کریں دوستی چیز ہی ایسی ہے کہ ہم خود کو تمہارے درد سے بے خبر نہیں رکھ سکے اور تمہیں اس سے نکالنے کے لیئے کوشش کی۔۔۔اب اگر ہماری غلطی ہے تو سزا دو جو دل چاہے پر ہماری نیت پر شک مت کرو۔۔۔

اس سے پہلے عیان کچھ کہتا انشاء نے کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"پلیز عیان اتنے اچھے دوست نصیب سے ملتے ہیں, ایسے قیمتی رشتوں کی اپ بے قدری نہ کریں پلیز سب بھول جائیں جب میں نے دل سے معاف کر دیا اور اب تو علیزے کو میں نے دوست بنا لیا ہے۔۔۔

علیزے اس کی سادگی پر مسکرا اٹھی اور عیان کے سرد تاثرات کچھ نرم ہوئے تو عمر نے اسے گلے لگا لیا۔۔۔وہ بھی مسکرا اٹھا اور علیزے نے انشاء کو گلے لگا لیا اور دونوں مسکرا اٹھیں۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

@@@@@@@@

وہ گیلری میں کھڑی چاند کو دیکھ رہی تھی۔۔۔اسے کچھ دیر پہلے کہی اپنی بات یاد آئی جو اس نے اکیلے میں علیزے سے کہی۔۔۔

" میں جانتی ہوں اپ عیان کو بہت چاہتی ہیں۔۔اس کے یقین کو علیزے جھٹلا نا سکی اور انکھین نم ہوئیں اس کی ۔۔۔

"ہمممم پر عیان صرف تمہیں چاہتا ہے,وہ دوستی میں محبت کی ملاوٹ کا قائل نہیں اور میں اس کے جذبات کا احترام کرتی ہوں۔۔۔علیزے نے انکھوں کی نمی کو پونچھ کر کہا۔۔۔

انشاء کو اج وہ بہت معصوم لگی۔۔۔جس نے کبھی احساس نہ ہونے دیا عیان کو اپنے جذبات کا۔۔۔صرف دوستی نبھاتی رہی۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

"تم خوشنصیب ہو انشاء جو ایسا چاہنے والا تمہیں شوہر ملا ہے۔۔۔اب اس کے جذبات کی کبھی بے قدری مت کرنا۔۔۔علیزے نے پیار سے کہا۔۔۔

"جی۔۔۔انشاء نے یقین دہائی کروائی۔۔۔

کچھ لمحے خاموشی کے نظر ہوئے اور پھر انشاء نے ہی اس خاموشی کو توڑا۔۔۔

"پر ایک بات پوچھوں اپ کو کیسے پتا چلا ہم گھر اگ ئے ہیں۔۔۔انشاء حیران تھی کتنی برداش تھی اس لڑکی میں ۔۔

"چینا نے بتایا تھا عمر کو اور مجھے لگتا ہے عیان کو بھی اسی سے پتا چلا ہو گا۔۔۔

کچھ دیر کے بعد وہ چلی گئی اپنے ننھیال اور ساتھ میں یہ بتایا بہت جلد وہ شادی کرنے والی ہے جس میں ان دونوں کو بھرپور شرکت کرنی ہے۔۔۔ان دونوں نے انے کی ہامی بھر لی تھی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"کیا سوچ رہی ہو انشاء۔۔۔عیان نے پیچھے سے آکر کہا۔۔

"سوچ رہی ہوں کبھی کبھی جو سب کو غلط لگتا ہے حقیقت میں اس میں بھی کچھ اچھا ہوتا ہے۔۔۔

"ٹھیک کہے رہی ہو تم۔۔۔عیان نے اس کے ہاتھ تھام لئے اور خود سے لگالیا انشاء کو۔۔۔ان دونوں کا اشارہ علیزے کی طرف تھا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

"مجھے معاف کر دیں عیان اپ نے اس رشتے کو دل سے نبھایا اور میں نے اپ کے ساتھ اچھا نہیں کیا۔۔۔آپ ٹھیک کہتے ہیں میں بیو قوف ہوں۔۔۔وہ اس کے سینے میں منہ چھپائے اعتراف کر رہی تھی۔۔۔

"میں نے تو تمہیں معاف کر دیا انشاء اور تم بھول جاؤ سب۔ تم بے وقوف نہیں بس معصوم ہو اور یقین رکھو ہمیں ایسی ہی پسند ہو۔۔

عیان کے کہنے پر اس نے اس کے سینے سے سر اٹھایا اور اس کی آنکھوں میں دیکھا جس میں بے پناہ محبت تھی اس کے لئے۔۔

"عیان۔۔۔ باباجان کب آئیں گے۔۔انشاء نے پوچھا۔۔۔

"باباجان تو آجائیں گے نہ تم نے بہانہ جو کر دیا ہے۔۔۔

"بہانہ۔۔۔انشاء نے زیر لب کہا۔۔

"ہاں بہانہ۔۔۔خوشخبری کا سن کر جو پہلی فلائیٹ مل رہی ہے ارہے ہیں۔۔۔عیان نے ہنس کر کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

"پھر واقعی میں بے وقوف ہوں جو ان کا اشارہ نا سمجھی اس دن۔۔۔انشاء نے منہ بنا کر کہا جس پر بے ساختہ عیان ہنستا چلا گیا اور عیان کو ہنستا دیکھ کر وہ بھی ہسنے لگی۔۔۔درد کے بادل چھٹ گ ئے اور چاند ان کی مسکراہٹ پر کھل اٹھا۔۔۔

ختم شد۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

samiyach02@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Page/Social Media Digest

www.kitabnagri.com

Fb/Pg/Kitab Nagri

samiyach02@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595